اب لاہور میں پہنچ۔ مسودے کو پھر سے پڑھا تو معلوم ہوا کہ گلگت کے حالات، تاریخ لسانیات اور گرامر کی بعض خصوصیات کے لحاظ سے مسودہ نظرِ ثانی کا محتاج ہے۔ وہی پنجاب یونیورسٹی لائبریری اور وہی ہم۔ دو مہینے پھر اس پر صرف کئے۔ اس کتاب کی ابتدائیات کے حصہ یعنی دیباچہ، تعارف۔ معذرت۔ تشکرات کو گلگت میں زیادہ تفصیل کے ساتھ نہیں لکھا گیا تھا۔ البتہ اس حصے کے متعلق نوٹ ہوتے لکھے جاتے رہے لاہور میں ان کو وسعت دی۔ قاعدہ یہی ہے کہ جب تک کتاب مکمل ہو کر پریس میں نہ چلی جائے نہ آدمی مندرجات لکھ سکتا ہے نہ دیباچہ۔ نہ تشکرات۔ میں کتاب کے ان صفحات کو اب (جون ۱۹۶۱ء) بھکّر میں بیٹھا لکھ رہا ہوں۔

اس طویل محنت اور صرفِ دقت کے بعد کتاب "گلگت اور شنا زبان" تکمیل پذیر ہوئی ہے۔ قادرِ مطلق اسے شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔ آمین

تعارف

یہ سب سے پہلی کتاب ہے جو اردو زبان میں شِنا پر یا شِنا کے متعلق آفرینشِ عالم کے بعد وجود میں آئی ہے۔ گلگت کے متعلق بھی معلومات بہت کم ہیں۔ اور جو ہیں وہ ناقابلِ اعتبار۔ یہ کتاب ذاتی واقفیت، چشم دید حالات۔ اور خود کردہ واقعات پر مبنی ہے۔ "از ہمہ سابق" ہونے کی حیثیت سے سند بھی ہے۔ اور قابلِ احترام بھی۔ آپ خوب سمجھتے ہیں کہ نئے میدان میں تحقیق کرنے والوں کو صحیح اطلاعات کے جمع کرنے میں کتنی دقتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس وقت تک ایسی کتاب کے معرضِ وجود میں نہ آنے کے کئی اسباب ہوئے۔ جن میں سے چند کی تشریح ذیل میں کر دی گئی ہے

گلگت کے علاقے میں جو زبان بولی جاتی ہے۔ اس کو "شِنا" کہتے ہیں۔ شِنا زبان کے وطن کا رقبہ ۱۲و ۳۵۲ - (بارہ ہزار تین سو باون) مربع میل ہے، اور اس کو تقریباً ڈیڑھ لاکھ آدمی بولتے ہیں۔ اس لیئے یہ زبان' رقبہ زیرِ اقتدار اور بولنے والوں کی تعداد' دونوں کے لحاظ سے وسیع ہے۔ شِنا زبان کے وطن میں ذیل کے علاقے شامل ہیں جو یا تو گلگت ایجنسی کے ماتحت علاقے کہلاتے ہیں۔ یا ان کے ساتھ باہر ملحقہ خطے ہیں۔ جن میں شِنا نے لسانی حسن و جمال کے سبب اپنا تسلط جما لیا ہے ،۔ گلگت کی تحصیل مرکزی علاقہ ہے۔ ریاست نگر کا نیچے کا حصہ۔ پنیال۔ داریل تانگیر سندھ کوہستان۔ چلاس۔ گریز وادی۔ تیلیل وادی۔ دراس شہر تک کا ٹکڑا۔ استور کی تحصیل۔ رونددتک سندھ کی وادی

شِنا وطن کے باہر ساتھ ساتھ کئی زبانوں کی حکومت ہے۔ چونکہ اس کے چاروں طرف مختلف قوموں اور نسلوں کے لوگ آباد ہیں۔ شمال مشرق میں نگر اور ہنزا ہے۔ وہاں بروشسکی بولی جاتی ہے۔ شِنا وطن کے شمال میں گوہجال ہے۔ وہاں گوہجالی مادری زبان ہے۔ اشکومن، ساتھ مغرب کی طرف ہے وہاں فارسی اور کھوار (چترال کی زبان) بولی جاتی ہے۔ یاسین میں بلتشم اور کھوار اور شِنا بولتے ہیں۔ مغرب کی طرف آیئے تو تحصیل گوپس کے مغربی نصف حصے میں کھوار اور قدیم فلوری مروّج ہے مشرقی نصف میں شِنا۔ شِنا وطن کے مغرب میں کلام کوہستان کا علاقہ ہے۔ اس کے مغربی حصے میں کھوار، فارسی اور بشکاری بولی جاتی ہے مشرقی حصہ میں شِنا اور تنیتوپو۔ سوات ریاست میں پشتو کا رواج ہے۔ شِنا وطن کے جنوبی پہلو کو لیں تو کاغان وادی کے لوگ اور مظفرآباد وادی کے لوگ پنجابی بولتے ہیں۔ کشمیر خطے کا جو حصہ یہاں ٹکر کھاتا ہے اس میں کشمیری بولی جاتی ہے۔ دراس شِنا وطن کے جنوب مشرقی کونے میں واقع ہے۔ یہاں کے لوگ تین زبانیں بولتے ہیں:۔ کشمیری۔ بورگی۔ شِنا۔ ساتھ باہر مشرق کی طرف بورگی بولی جاتی ہے۔ شِنا وطن کے مشرق میں تمام

بلتستان ہے اور یہاں سارے علاقے کے لوگ بلتستانی زبان بولتے ہیں۔

ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ شنا زبان کئی لحاظ سے منفرد اور وسیع زبان ہے :۔ اس کا وسیع رقبہ۔ اس کے بولنے والوں کی کثیر تعداد۔ اس کا جغرافیائی محلِ وقوع۔ اس کی سیاسی اہمیت۔ اس کی عسکری ضرورت۔ اس کی لسانی خوبیاں۔ اس کے ہمسایہ زبانوں سے تعلقات۔ پاکستان کی صوبائی زبانوں میں شنا کو بھی وہی مقام حاصل ہے جو پنجابی، پشتو، ملتانی، سندھی، اور بنگالی کو حاصل ہے۔

شنا اس سارے وسیع علاقے (۲۵۲، ۱۲ مربع میل) میں قابل فہم ہے۔ ایک تحصیل کی زبان کا تفاوت دوسری تحصیل کی زبان سے اتنا کم ہے کہ ایک کونے کا بولنے والا دوسرے کونے کے باشندے کو آسانی سے سمجھ لیتا ہے۔ معیاری شنا اس سارے وطن کے مرکزی حصے کی زبان کو مانا گیا ہے۔ جو گلگت قصبے اور اس کے گرد و نواح میں واقع ہے۔ اور سچ یہ ہے کہ یہی ٹکڑا ہے جو شنا وطن کا دل ہونے کے سبب بیرونی لسانی اثرات سے محفوظ ہے شنا وطن کے باہر باہر جتنی ہمسایہ زبانوں کا دور دورہ ہے، یہ ظاہر ہے کہ وہ شنا وطن کے ملحقہ حصے پر اپنا لسانی اثر ڈالتی رہتی ہیں۔ اس لئے یہاں کے لوگ اکثر دو زبانیں بول سکتے ہیں۔ اندرونی زبان یعنی شنا اور بیرونی زبان یعنی ہمسایہ زبان۔

شنا زبان اگرچہ سارے وطن میں سمجھی جاتی ہے۔ مگر چونکہ رقبہ وسیع ہے اور وادیوں وادیوں میں آمد و رفت کم ہے اس لئے قدرتی امر ہے کہ اس کے زبانچے ہونے چاہئیں۔ یعنی علاقے علاقے کی زبان میں کچھ نہ کچھ مقامی تفاوت پیدا ہو جانا چاہیے۔ شنا کے چار زبانچے ہیں (۱) گلگتی زبانچہ جو معیاری شنا کہلاتا ہے۔ پنیال کی زبان بھی اس سے ملتی جلتی ہے (۲) استوری زبانچہ جو استور، گریز اور دراس میں بولا جاتا ہے (۳) چلاسی زبانچہ۔ جو چلاس اور داریل تانگیر میں مروّج ہے۔ چہارم زبانچہ 'بروک پا' کہلاتا ہے۔ ان دارد لوگوں کو بھی "بروک پا" ہی کہتے ہیں جو اس زبانچے کو بولتے ہیں۔ یہ دارد لوگ وادی سندھ میں اوپر کی طرف چلے گئے۔ اور سکردو، پرکوتہ۔ طولتی سے گزر کر پوریگ میں جاکر آباد ہو گئے۔ پوریگ کے دارد لوگوں کی "بروک پا" زبان جو شنا کا ایک زبانچہ ہے گلگتی معیاری زبان سے اس درجہ مختلف ہو گئی ہے کہ شنا بولنے والے اس کو نہیں سمجھ سکتے۔

گلگت کا علاقہ اتنا دور افتادہ اور بلند پہاڑوں میں بند ہے کہ باقی دنیا کا تعلق اس سے بہت کم ہے۔ خطۂ گلگت کے چاروں گرد بلند و بالا پہاڑوں کا سلسلہ ہے۔ ان میں چند مقام نیچے ہیں۔ جن کے اوپر سے آدمی گزر کر دوسرے پار

یعنی ہمسایہ ملک میں چلا جاتا ہے۔ ان کو درّے کہتے ہیں۔ کاغان کی وادی میں جانے کے لئے درّہ بابوسر۔ کشمیر کی وادی میں جانے کے لئے درّہ برزل۔ چینی ترکستان میں جانے کے لئے درّہ منتکہ۔ اور چترال کی وادی میں داخل ہونے کے لئے درّہ شندور۔ ان سب کی بلندی سطح سمندر سے بارہ ہزار فٹ سے زائد ہے۔ سال کا بیشتر حصّہ یہ درّے برف سے ڈھکے رہتے ہیں۔ درّہ بابوسر سال میں صرف تین مہینے کھلتا ہے اور مسافر آر پار جا سکتا ہے۔ برزل چار مہینے۔ منتکہ دو مہینے اور شندور تین مہینے۔ سال کے باقی مہینے گلگت کا علاقہ، زمین کے راستوں سے باقی دنیا سے منقطع ہو جاتا ہے۔ یوں کہئے کہ اس کو برف کا تالا لگ گیا۔ اور یہ ایک صندوق میں بند ہو گیا

آج کل تو انسان نے ہوا میں اڑنا سیکھ لیا ہے۔ ہوائی جہاز راولپنڈی کے پاس جو چک لالہ کا ہوائی اڈہ ہے۔ وہاں سے چلتا ہے۔ تو کوئی ڈیڑھ گھنٹے میں وادیوں کے بیچ بیچ میں سے ہوتا ہوا گلگت جا پہنچتا ہے۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب فضا صاف ہو اور آسمان میں دور دور تک دیکھنا ممکن ہو۔ اگر بادل موجود ہوں یا ہوا تیز ہو۔ یا بارش ہو تو ہوائی جہاز نہیں چلتا۔ سال میں نصف کے قریب ایسے دن آتے ہیں جب کہ ہوائی جہاز کے لئے گلگت جانا ناممکن ہو جاتا ہے۔ کئی بار ایسا بھی ہوا کہ چک لالہ سے ہوائی جہاز نکلا۔ کچھ راستہ طے کیا تو معلوم ہوا کہ فضا مکدر ہے۔ آگے جانے کی اجازت نہیں دیتی۔ جہاز ران اس کو لوٹا کے واپس چک لالہ لے آتا ہے۔ اور زمین پر اتار دیتا ہے مسافر اسی فکر میں ہوتے ہیں کہ اب گلگت پہنچے اور اب پہنچے۔ جہاز سے باہر نکلتے ہیں تو پھر چک لالہ کھڑے ہیں۔

پھر ایسے عالم کو گلگت میں جانے کا کہاں موقع ملتا ہے۔ جو اتنی فضیلت کا مالک ہو کہ ایک زبان کی تحصیل کرے۔ اس کی آوازوں کا مطالعہ کرے۔ اس کی خوبیوں اور کمزوریوں کو دیکھے اور اس تمام کاوش کے بعد ایک زبان کو تحریر کے زیور سے آراستہ کرے۔ اس کام کے لئے عمیق نگاہ، وسیع معارف، بسیط مطالعہ، محنت شاقہ کی عادت اور سب سے بڑھ کر ریسرچ کے امور میں تعمیری فراست کی ضرورت ہے۔

اب آپ لسان کی طرف آئیے تو شنا زبان اپنی خصوصیات میں سب سے الگ ہے۔ ہے تو یہ آریائی زبانوں کے قبیلہ کی ایک شاخ۔ آریائی آرین زبانوں کا خاندان تو یورپ میں مروّج ہے۔ وہ تو الگ یورپ میں رہا۔ ایشیا میں ایران کی سرزمین میں ایرانی آریائی زبانوں کا رواج ہے۔ برصغیر ہندو پاکستان میں ہند آریائی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ مگر زبانوں کا وہ خاندان جس سے شنا کا تعلق ہے۔ ایک چھوٹا سا الگ لسانی گروپ ہے۔ یہ نسل کے لحاظ سے آریائی ہے۔ اس کو پشاچا گروپ یا درد گروپ کہتے ہیں۔ اس میں چار زبانیں شامل ہیں۔ شنا جو گلگت کے علاقے میں بولی جاتی ہے۔ کشمیری جو خطّہ کشمیر کی زبان ہے۔ کھوار جو چترال کے علاقے میں مروج ہے اور کافر زبان

جو چترال کے قریب رہنے والے کافرستان کے لوگ بولتے ہیں۔ یہ سب زبانیں ایک دوسرے کے پہلو بہ پہلو ایک ہی خطۂ کرۂ ارض میں موجود ہیں۔ یہ سارا پہاڑی علاقہ ہے۔ اور اس سارے علاقے کا تعلق باقی دنیا سے کم ہے

جب علم اللسان کے عالموں نے دارد گروپ کو جس میں شنا شامل ہے ایک الگ گروپ قرار دیا ہے تو اس میں لسانی نکتۂ نگاہ سے چند خصوصیات کا موجود ہونا لازمی ہے۔ جو اس کو باقی آریائی زبانوں سے ممیز کرتی ہیں حقیقت میں اس تمام علاقے میں جہاں آج دارد گروپ کی زبانوں کا دور دورہ ہے۔ ایک قوم رہتی تھی جس کو پساچا کہتے ہیں۔ یہ آریا قافلوں کے ہندوستان میں وارد ہونے سے پہلے کی بات ہے۔ جدید تحقیق کے مطابق پساچا لوگ گلگت سے لے کر کراچی تک کے تمام علاقے میں آباد تھے۔ آریاؤں نے آکر بیچ میں پنجاب کے میدانوں میں پہلے آبادی کی اور اس کے بعد وہ نیچے گنگا کے دو آب کی طرف چلے گئے۔ اس لیے مشرقی پنجابی میں جو ایک ہزار عیسوی (بعد میلاد مسیح) کے قریب وجود میں آئی۔ یہ خصوصیات موجود نہیں۔ مگر ملتانی اور سندھی زبان میں موجود ہیں۔ یہ دونوں مشرقی پنجابی کی نسبت زیادہ قدیم زبانیں ہیں اور ان کے علاقوں میں پساچا قوم کے اثرات دیر تک قائم رہے۔

دارد گروپ کو پساچا گروپ بھی کہتے ہیں۔ چونکہ اس میں وہ مخصوص لسانی صفات موجود ہیں جو پساچا لسانیات سے تعلق رکھتی ہیں۔ مگر ہم اس کو دارد گروپ کہیں گے۔ چونکہ یہ دارد زبانوں کے آریائی قبیلے سے تعلق رکھتا ہے جو قدیم آریا شین گروہ کی زبان ہے۔ اس میں آریائی اثر حجم کے لحاظ سے زیادہ ہے پساچا لسان اور دارد زبان دونوں کے امتزاج سے دارد گروپ وجود میں آیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ پساچا لوگ نسل کے لحاظ سے تورانی تھے۔ ان کی خالص زبان کا کوئی نمائندہ اس وقت دنیا میں موجود نہیں۔ ایک ہنزا کی زبان باقی ہے۔ جس میں پساچا عنصر نمایاں ہے۔ اس کو بروشسکی کہتے ہیں۔ ہنزا چونکہ بلند پہاڑوں کے وسط میں بند وادی ہے۔ جہاں غیر کا گزر محال ہے۔ اس لیے زبان کو اپنی قدیم روش پر قائم رہنے کا موقع مل گیا۔ کہا جاتا ہے کہ آسٹریلیا میں چند قدیم قبیلے ہیں جن کی زبان میں یہی پساچا زبان کی خصوصیات موجود ہیں۔

اس لیے شنا زبان اپنی اصلیت اور فطرت کے لحاظ سے بڑی دلچسپ واقع ہوئی ہے۔ یہ اپنے خاندان کے لحاظ سے آریائی یعنی سنسکرت زبان کے گرانمایہ درخت کی بڑی شاخ کی ایک ٹہنی یا سنسکرت ماں کی بیٹی کی بیٹی۔ مگر اس پر پساچا لسانی عناصر نے اتنا اثر ڈالا ہے کہ اپنی ظاہری صورت اور ہیئت میں باقی آریائی زبانوں سے مختلف ہو گئی ہے۔ اسی لیے ماہرانِ علم اللسانیات نے زبانوں کے اس خاندان (شنا۔ کھوار۔ کشمیری۔ کافری) کو ایک الگ آریائی زبانوں کا خاندان قرار دیا ہے۔

گرامر کے لحاظ سے بھی دارد خاندان کی زبانیں اپنی مثال آپ ہیں۔ ان زبانوں کی بعض گرامائی صورتیں جیسے اور تصریف زبانوں کے ہند آریائی گروہ سے تعلق رکھتی ہیں بعض ایرانی آریائی گروہ سے۔ بعض ایسی ہیں جو ان دونوں سے تعلق نہیں رکھتیں اور پساچا زبانوں سے لی گئی ہیں۔ یہ خصوصیات دارد زبانوں کے لیے مخصوص ہیں۔ اب ذخیرۂ الفاظ پر غور کریں تو نصف کے قریب الفاظ ہند آریائی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور نصف کے قریب ایرانی آریائی گروہ سے۔ کچھ الفاظ دارد زبانوں میں ایسے بھی ہیں جو نہ ایرانی ہیں نہ ہندوستانی۔ ان الفاظ کا تعلق غور سے مطالعہ کیا جائے تو بروشسکی کے ساتھ جا کر نکلتا ہے۔ اور اس لیے ہم کہتے ہیں کہ ذخیرۂ الفاظ کے اس حصے کا تعلق پساچہ زبانوں کے ساتھ ہے۔

حقیقت میں دارد زبانوں کا ماخذ وہ ابتدائی آریائی زبان ہے، جس میں سے نکل کر ہند آریائی زبانیں اور ایرانی آریائی زبانیں مرورِ زمانہ کے ساتھ مخصوص ہو کر الگ الگ ہو گئیں۔ اور انہوں نے اپنی اپنی ممیز حیثیت اختیار کر لی۔ اس لیے دارد زبانوں میں ایرانی اور ہندوستانی دونوں خاندانوں کی صفات موجود ہیں۔ آریا شین لوگ اپنی اصلی زبان کو ساتھ لے کر کوئی ایک ہزار سال قبل از مسیح ان پہاڑوں میں داخل ہوئے۔ اس آریائی زبان پر پساچا زبان کا اثر ہوا جو اس علاقے میں مروّج تھی۔ دونوں زبانوں کے عناصر گھل مل گئے۔ ان تیس صدیوں میں (ایک ہزار سال قبل مسیح سے لے کر بیسویں صدی تک) کئی تاریخی ہنگامے اس وطن میں کار فرما ہوئے۔ ان سب اثرات کے ماتحت موجودہ شنا نے پرورش پائی۔ اور اس نے آخری شکل اختیار کر لی۔ جس میں اسے اب ہم دیکھتے ہیں۔

ہر قوم کا گلا یعنی آلاتِ صوت چند مخصوص آوازوں کو ہی ادا کر سکتا ہے۔ یہ کیفیت منحصر ہے اس قوم کی نسل پر۔ اس ملک کی آب و ہوا پر۔ جہاں وہ رہتے ہیں۔ ان کی خوراک پر اور اس قوم کی متعلقہ لسانی خصوصیات پر۔ آریا قوم کے شین فاتح جو ایک ہزار سال قبل از مسیح شنا وطن میں داخل ہوئے۔ وہ اپنی آریائی زبان کی اصوات ساتھ لائے مگر یہاں شنا وطن کے لوگوں کے گلے سے صرف پساچا زبانوں کی اصوات ادا ہو سکتی تھیں۔ اس لیے انہوں نے آریائی الفاظ کو اپنے لہجے میں ادا کرنا شروع کیا۔ یعنی الفاظ تو اپنی فطرت کے لحاظ سے آریائی ہیں، مگر ان کی اصوات پساچہ ہیں۔ چ ہے تو اس کو تخ بنا لیا۔ ز ہے تو اس کو تہ بنا لیا۔ لفظ کی صورت عجیب سی بن جاتی ہے۔ اور غور کے بعد ہی انسان اس کے اصل حلیہ کو پہچان سکتا ہے۔ مقامی زبان کے الفاظ بھی آریا لوگوں کی دارد زبان میں داخل ہو گئے اس کا مطلب یہ ہوا کہ شنا زبان میں آریائی الفاظ کے ساتھ پساچا کے الفاظ بھی موجود ہیں۔ اس سے بڑھ کر نمایاں تبدیلی یہ ہوئی کہ تمام زبان نے بیرونی پساچہ لباس اوڑھ لیا۔ تمام اصوات پساچا کی اختیار کر لیں اور آریائی الفاظ پساچہ صوت

کے لباس میں نئی صورت میں نظر آنے لگے۔ اب اگر شنا کا مطالعہ کرو تو اس میں آٹھ ایسے کانسونٹ ہیں جو نہ تو ہند آریائی زبانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ نہ ایرانی آریائی زبانوں سے۔ اردو کے واول ۱۱ ہیں تو شنا میں ۲۲ واول ہیں۔ یہ سب پساچا زبانوں سے متاثر ہونے کا نتیجہ ہے۔ شنا کی ابجد تعمیر کرتے وقت مجھے ان مخصوص کانسونٹ اور واول آوازوں کے لئے حروف ایجاد کرنے پڑے۔

میں گلگت میں ۳ اگست ۱۹۵۳ء کو ساڑھے بارہ بجے بذریعہ ہوائی جہاز پہنچا۔ اور ۴ اگست کو میں نے اپنے عہدے: ایجوکیشن آفیسر گلگت ایجنسی اینڈ بلتستان کا قبل از دوپہر چارج لیا۔ ہیڈکوارٹر قصبہ گلگت میں۔ پہنچنے کے ساتھ با اطمینان قلب اور با ہمتِ بلند شنا کے مطالعہ کا آغاز کردیا۔ جب شنا کے الفاظ کو کاغذ پر لکھا گیا تو معلوم ہوا کہ چند آوازیں ایسی ہیں جو اردو میں موجود نہیں انگریزی زبان میں شنا پر جو ایک آدھ کتاب ہے ان سے امداد لی گئی۔ تحقیق کے بعد ایسے الفاظ کی الگ الگ فہرستیں تیار کی گئیں۔ جن میں شنا کے خاص حروف واقع ہوتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ شنا زبان میں آٹھ مخصوص اپنی آوازیں ہیں۔ ان کے لئے میں نے آٹھ نئے حروف تہجی تجویز کئے اور ان کے نام رکھے۔

شنا کے خاص حروف

	(۱)	(۲)	(۳)	(۴)	(۵)	(۶)	(۷)	(۸)
	څ	څھ	ڑ	ݜ	ڈ	ڙ	ڑ	ݨ
نام -	چ دنا	چھ دنا	ژُدُرہ	ش دنا	ذال شنا کی	ژے گلگتی	رمز نقش	نون غنم
شنا کی مثال -	څکائی	څھیلیو	ژَکُن	ݜِپینو	ڈَنگو	ڙگو	کھُرتہ	گھنگشر
معنی -	ترازو	قمیض	گدھا	دایاں	پاجامہ	باغ	خراٹے بھرنا	تلوار

عربی فارسی اردو ہندی، سب زبانوں کے الفاظ شنا میں مروّج ہیں۔ اس لئے بحث میں عربی فارسی اردو ہندی تمام زبانوں کی ابجد کو لانا پڑا اور ان کے مخارج پر بحث کرنی پڑی۔ عربی ابجد کے حروف ہیں ۲۹۔ ان میں شامل کئے ۴ مخصوص فارسی کے حروف، ۴ مخصوص ہندی کے حروف ۱۱ ہائے مخلوط والے ہندی حروف۔ اور ۸ شنا کے خاص حروف تو کل ۵۶ عدد ابجد کے حروف بن گئے۔ (یہ حروفِ تام یا کانسونٹ ہیں)

اب خیال آیا کہ شنا کے خاص حروف میں نے کاغذ پر لکھ تو دیئے ہیں۔ اردو بولنے والا کس طرح سے معلوم کرے گا کہ ان کا مخرج کیا ہے۔ یعنی میں نے ان خاص حروف کو گلے سے کس جگہ سے نکالنا ہے۔ فکر کیا تو معلوم ہوا کہ جب تک تم پہلے عربی فارسی ہندی کے مخارج پر بحث نہیں کرو گے شنا مخارج کا سمجھنا ممکن نہیں ہوگا۔ چنانچہ کتاب میں ایسا ہی کیا گیا۔ پھر شنا کے ۸ حروف کے مخارج اور ان کے بولنے کا طریقہ وضاحت کے ساتھ بیان کردیا گیا۔ اس بحث کی تکمیل کے لئے انگریزی میں لکھی ہوئی خوشکس

(PHONETICS) کی کتابوں سے استفادہ کیا گیا۔ چند رسالے لسانِ انگریزی کی علم الاصوات پر ہیں۔ یہ رسالے اس امر کی وضاحت کرتے ہیں کہ انگریزی حروف اور الفاظ کا صحیح تلفظ کیا ہے ان کا مطالعہ کیا گیا۔ اس علم کے رموز و اسرار سمجھے۔ پھر علم الاصوات کے قواعد کے مطابق شنا کی مخصوص اصوات کی تشریح اس کتاب میں کردی گئی۔ اس خیال سے کہ بولنے والے کے دل میں کوئی شبہ باقی نہ رہے۔ شنا میں جتنے الفاظ ان خاص حروف کے حامل تھے ان کی الگ الگ فہرستیں کتاب میں شامل کردی گئیں۔

اب اعراب (یعنی واولات) کی باری آئی۔ تو دیکھا کہ شنا کی دُنیا ہی اور ہے۔ اردو کے واول (زیر زبر پیش وغیرہ) کل ۹ عدد مفرد ہیں اور دو عدد مرکب۔ کل میزان ۱۱ عدد۔ مگر شنا میں ۱۰ عدد مفرد واول ہیں اور دو عدد مرکب واول۔

شنا کے مفرد واولات کا جدول

نام	نسبتی طول	الف		یائے مجہول		یائے معروف		واؤ مجہول		واؤ معروف	
		آخر میں	بیچ میں	آخر میں	بیچ میں	آخر میں	بیچ میں	آخر میں	بیچ میں	آخر میں	بیچ میں
خفیف	⅓	؎	یہی شکل ہے	ـےٖ	ـیٖـ	یٖ	ـیٖـ	وٖ	[illegible]	ـُـ وٖ	ـُٖـ
کوتاہ	½	ـَـ	یہی شکل ہے	ـِـے	ـِیـ	یِ	ـِـ	وِ	[illegible]	ـُـ وُ	ـُـ
معیاری	۱	ا	[illegible]	ـے	ـیـ	ی	ـِـ ـیـ	و	[illegible]	ـُـ و	[illegible]
طویل	۱½	آ	[illegible]	ـےٓ	ـیٓـ	یٓ	ـِـ ـیٓـ	وٓ	[illegible]	ـُـ وٓ	[illegible]

ان میں مفرد واولات (یعنی اعراب) کے علاوہ شنا میں دو عدد مرکب واول بھی ہیں۔ وہی دو جو اردو میں مروج ہیں

واول	اردو مثال	شنا مثال
ـَے یٖ	بَیل (جانور)۔ ہَیلو	شِیٖو = سفید
ـَے وٖ	عَورت ۔ چَوڑا	دَوڑک = جہنم

اب آپ انصاف فرمائیے۔ جس دماغ نے پہلے یہ سمجھا کہ شنا میں ۵۶ کانسوننٹ ہیں اور ۲۲ واول ہیں۔ ان کی اصوات کو واضح طور پر ذہن نشین کیا۔ آلاتِ صوت سے ان کو خارج کرنے کا طریقہ بیان کیا۔ پھر ان کے لئے کاغذ پر شکلیں تجویز کیں۔ اور اس کے بعد ساری شنا زبان کو ان نئے حروفِ قائم اور اعراب کے مطابق لکھ دیا۔ اس شخص کو کتنی ذہنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہوگا۔

شنا تحریر جب اس نئی ابجد کے مطابق لکھی جاتی ہے۔ جو میں نے تجویز کی ہے تو پڑھنے میں ۹۵ فیصدی اس کا تلفظ صحیح ہوتا ہے۔ ہم نے کئی دفعہ تجربہ کیا ہے۔ پہلے نامحرم کو اس ابجد کے راز اور طریق کار سے آشنا کر دیا جاتا ہے۔ پھر وہ شنا کے فقرات کو جو اس کتاب میں درج ہیں۔ کسی اہلِ زبان کے سامنے پڑھتا ہے۔ تو اہلِ زبان اس کے معنی فوراً بتا دیتا ہے۔

شنا عبارت کا ترجمہ کرتے وقت میں نے ضروری سمجھا کہ جہاں تک ممکن ہو شنا کے ہر لفظ کا ترجمہ اس کے نیچے اردو میں لکھ دیا جائے۔ کاتب نے اپنی جدت سے کئی مقامات پر آگے پیچھے کر دیا ہے۔ مگر مسودے میں اس امر کا میں نے خاص طور پر اہتمام کیا تھا۔ مطلب یہ کہ لفظی ترجمہ بھی قاری کے ذہن میں آتا جائے۔ چونکہ ہر زبان کی اپنی اپنی خصوصیات ہوتی ہیں۔ اس لئے ظاہر ہے کہ ایسا اردو ترجمہ بامحاورہ نہیں ہو سکتا۔

پشتو۔ فارسی۔ عربی۔ اردو ہینڈ بکس اور مینوئلات کا مطالعہ کیا گیا۔ تو معلوم ہوا کہ ان کے ہر باب کے آخر میں ایک مشق جملوں کی دی ہوئی ہے۔ جو کسی خاص عنوان کے متعلق ہے۔ چنانچہ ساری کتاب میں مشقوں کا اضافہ کر دیا گیا۔ گرامر کے لحاظ سے اردو کا تتبع کیا گیا۔ اور یہی مناسب تھا۔ شنا کا اردو سے ایک خاندان کے افراد ہونے کے سبب گہرا تعلق ہے اور اردو دانوں کے لیے اس زبان کا سیکھنا آسان ہے۔ گرامر کی ترکیب بھی وہی ہے۔ جب کوئی شخص کسی غیر زبان کو سیکھنا چاہتا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ پہلے ذخیرۂ الفاظ کو حفظ کرے تاکہ اسے اسم فعل حروف تو یاد ہو جائیں۔ اس غرض کے لئے کتاب کے حصہ چہارم میں شنا کے الفاظ مختلف عنوانات کے ماتحت جمع کر دیئے گئے۔ ہر زبان میں الفاظ کا ایک اساسی ذخیرہ ہے۔ جو زندگی کی ضروریات اور کاروبار سے گہرا تعلق رکھتا ہے۔ مثلاً جسم کے اعضا رشتہ دار۔ گھر کی ضروریات۔ لباس۔ دنوں کے نام۔ گنتی۔ کھانے پینے کے الفاظ وغیرہ۔ یہ الفاظ تعداد میں کوئی بارہ سو کے قریب ہیں۔ بیسک انگلش (BASIC ENGLISH) کی کتابوں میں یہ ذخیرۂ الفاظ دیا ہوا ہے۔ فوجی محکمہ نے بھی اپنے سپاہیوں کو تعلیم دینے کے لئے اس طرح کی درجہ وار کتابیں شائع کی ہوئی ہیں۔ ان کتابوں کو حاصل کر کے شنا زبان کے اساسی الفاظ کی فہرست تیار کی گئی۔

ضرب الامثال کسی قوم کے لئے غیر مطبوعہ نظام نامہ کا کام دیتی ہیں۔ ان کا جمع کرنا بھی میں نے ضروری سمجھا۔ اور حصہ پنجم میں ان کو درج کر دیا گیا۔ ضروری ضرب الامثال کی مفصل تشریح کر دی گئی۔ بعض لوگ شاید اپنی شنا کی استعداد کو بلند درجہ تک پہنچانا چاہیں۔ اس غرض کے لئے اردو کے مستند مصنفین کی تحریرات کے ٹکڑے مع ترجمہ شامل کتاب کر دیئے گئے۔ اب صرف ایک امر باقی رہ گیا اور وہ تھا شنا میں سرکاری امتحانات۔ آج کل یہ امتحان ترک کر دیئے گئے ہیں۔ انگریز کے دور میں ہوا کرتے تھے۔ اس خیال سے کہ ان امتحانات کا معیار کیا ہے اور ان میں کیا کیا سوال پوچھے جاتے ہیں۔ میں نے امتحانات کے دو پرچے حاصل کر کے مع جوابات کتاب میں شامل کر دئے ہیں۔

میں نے حتی الوسع یہی کوشش کی کہ کتاب ہر طرح سے مکمل بھی ہو اور صحیح بھی۔ اس میں کوئی سقم یا کمی باقی نہ رہ جائے۔ قیام گلگت کے آخری تین مہینے۔ جب سرکاری فرائض سے فراغت ہو گئی میں خاص طور پر گلگت میں ٹھہرا رہا تاکہ اس مسودے کی ایک سرے سے دوسرے سرے تک پوری طرح تکمیل ہو جائے۔ میں نے نئے سرے سے اپنے ہاتھ سے سارے مسودے کو صاف لکھ دیا۔ تاکہ لاہور میں پہنچ کر کوئی استفادہ باقی نہ رہے گویا یہ ساری کتاب گلگت کی سرزمین میں مکمل ہوئی جہاں پر شنا بولی جاتی ہے۔ البتہ لاہور میں پہنچ کر معلوم ہوا کہ تاریخ لسانیت ابجد کی نظری بحث اور چند دیگر مقامات پر مسودہ میرے حسب منشا نہیں ہے۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں بیٹھ کر اس پر نظر ثانی کی گئی۔ اور اس کو مکمل کر دیا گیا۔

گویا یہ پیشکش جو آپ کے سامنے حاضر ہے، تین سال کی محنت شاقہ کا ثمر ہے۔

معذرت

ادھر انسان، ضعیف البیان اور ممزوجِ خطا و نسیان۔ اُدھر معارف کا محیطِ بے پایان۔ حکمت، خَلّاقُ العظیم کا دوسرا نام ہے اور تکمیل پروردگارِ علیم کی حکمت کا کام۔ جہاں فرزندِ آدم نے اپنی حکمت چلائی۔ سہو و خطا نے شمولیت کی راہ بنائی۔ ہمارے جدِ امجد جنابِ رسالت مآب حضرتِ آدم نے ایّامِ ازل ہی میں کچھ ایسی میٹھی غلطی کا ارتکاب کیا کہ بنی آدم کا یہ فخر اس کے خمیر میں شامل ہو گیا۔ البتہ انسان کی فطرت میں سبقِ معلم الملکوت کے ساتھ سرشتِ عالمِ ناسوت بھی شامل ہے۔ اس نے اپنی جبلّی کمزوری کو ایسے قالب میں ڈھالا کہ خطا سے تعمیر کا راستہ نکالا۔ اپنی تدبیر سے، نومیدی اور قنوطیت کی بیماری کو تعمیر اور تکمیل کی کیمیائے اعتباری میں تبدیل کر دیا۔ یعنی نظرِ ثانی میں اغلاط خارج۔ صحت کے مدارج طے کئے اور تکمیل کی منزلت کے عرشِ معلّےٰ پر پہنچ گئے۔ یوں تو وادیِ فضیلت میں بندۂ طریقت کو ہر لفظ پر خبردار رہنا پڑتا ہے۔ خدا (اللہ) کا نقطہ اوپر سے نیچے آجائے تو جُدا (الگ) بن جاتا ہے۔ سفر (مسافرت) میں ایک نقطہ بڑھ جائے تو سقر (دوزخ) میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ باری (نوبت) سے بازی (کھیل)۔ درد (دکھ۔ تکالیف) سے دُزْدْ (چور)۔ فریب (دھوکہ) سے قریب (نزدیک) سب ایک نقطے کے اضافے کا کھیل ہے۔ شاہدِ مستورِ فضیلت کی بے نیازی حد سے گزر جاتی ہے۔ یعنی ایاز کی زلفِ گرہ گیر، درازی میں محمود کی چارہ سازی سے بڑھ جاتی ہے۔

جب اعراب کے رستم اور نریمان، الفاظ سازی کے میدان میں اترتے ہیں تو فتوحات و کرامات کے نئے دروازے کھول دیتے ہیں۔ سَر۔ بہ فتح (بدن کا اوپر کا حصہ)۔ سِر۔ بہ کسرہ (راز)۔ گِل۔ بہ کسرہ (مٹی) اور گُل۔ بہ ضمہ (پھول)۔ بَیر۔ بہ فتح (دشمنی) اور بیر۔ بہ یائے مجہول (بیری کا پھل)۔ دُور۔ بہ ضمہ (فاصلہ پر)۔ اور دَور۔ بہ فتح (نوبت۔ زمانہ)۔

اس سے بھی آگے بڑھیں تو راہروِ کوئے محبت کی ایک اور منزل ہے۔ جہاں بتِ طنّاز کا رُخ ایک ہے۔ مگر جلوے بیک وقت دو ہیں۔ دو پہلوؤں کے نظارۂ پُر کیف سے فرداً فرداً مخمور ہونا بھی ضروری نہیں۔ یوں تو استادوں نے کہا ہے ۔

مارو بھی جلاؤ بھی آسان ہے سب تم کو   آنکھوں میں ہلاہل ہے ہونٹوں پہ مسیحائی

مگر یہاں تو سوال ہی اور ہے۔ بس گھونگٹ کا ایک پٹ کھول کر دیکھو تو اسی ایک دم نظارہ میں نرم اور گرم۔ وفا اور جفا نارِ ہلاہل اور نورِ مسیحائی۔ دونوں بیک وقت نظر آتے ہیں۔ مشترک، ممزوج یا پیوستہ نہیں بلکہ حسن کی کرامات سے دونوں جدا۔ دونوں نمایاں اور دونوں اپنے پورے جلال میں۔ دلِ عاشق فیصلے سے قاصر اور نازِ حسن بے نیازی کے سلسلے میں ماہر۔

خاور کے معنی مشرق بھی ہے۔ اور مغرب بھی۔ حُرمت کے معنی عزیز ہوتا بھی ہے اور حرام ہونا بھی۔ رُتبا کے معنی تھوڑا بھی ہے اور بہت بھی۔ شوہا کے معنی خوبصورت بھی ہے اور بدصورت بھی خواجہ کے معنی سردار اور آقا بھی ہے اور مُخنث خدمتگار بھی۔ فرمایئے اب کیا رائے ہے۔ ایسے بتِ حیلہ گر سے وفا کا پیمان باندھنا، اپنی جان اور ایمان کو خطرے میں ڈالنا ہے کہ نہیں؟

یہ صحیفہ جو ہمارے پیشِ نظر ہے، شنا زبان میں ہے اور شنا زبان کی اوّلین کتاب ہے۔ اس میں بے حساب نہ سہی، با حساب غلطیوں کا موجود ہونا لازمی امر ہے۔ اسقام یا اغلاط۔ حقیقی یا فرضی کے موجود ہونے کے اور بھی کئی اسباب ہو سکتے ہیں۔

جب ذاتِ مسافرِ بہشت کی سرشت میں، خوب و زشت کا امتزاج ہو۔ اور مسجد کے پہلو میں کنیسہ و کنشت بھی موجود ہوں تو سہو و خطا کا پہلو از خود پھول کے ساتھ خار کی طرح پرورش پاتا رہتا ہے۔ معترض کے ذہن میں مسئلہ زیرِ بحث سے وابستہ کئی عناصر، موافق اور مخالف، حقیقی یا خیالی از خود پرورش پانے لگتے ہیں۔ بعض دفعہ قاری کے ذہن میں اغلاط کو اچھالنے کی تحریک کئی اسباب سے پیدا ہوتی ہے۔ کچھ حقیقتاً بو در گلاب۔ کچھ جوشِ شباب۔ کچھ نمائشِ ہمہ دانی کی شراب۔ کچھ نفس پر آب آیئے فرداً فرداً ان عوارض اور اسقام کے اسباب کی تلاش کی کوشش کریں۔

(۱) پہلی بات یہ کہ فقیر کی یہ حقیر کوشش، جب شعری نقشِ اوّلین تو مکمل ہونے کا دعویٰ باطل۔ اگرچہ غیر معیّن کو معیّن کیا۔ اور اصواتِ لسان کے غیر مرئی ہیولیٰ کو صفحۂ قرطاس پہ حروف۔ الفاظ کے قالب میں مزیّن کیا۔ مگر ابھی تجربہ و امتحان سے اس کی صحت کا اطمینان باقی۔ اس صحیفے کا دعوےٰ اوّلین ہونے کا ہے، مکمل ہونے کا نہیں۔

(۲) گفتگو میں حروف کی غیر مرئی آوازیں، پردۂ گوش پہ ارتعاش پیدا کرنے کے بعد ہمیشہ کے لیے ملک عدم میں غائب ہو جاتی ہیں۔ جب ان کی شکل کو سواد و مداد کی امداد سے سفید صفحہ پر رقم کیا جاتا ہے۔ تو ان کی صورت اپنے نقش و نگار میں قائم ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد سقم اور صحت پر کھنے کا موقع میسر آتا ہے۔ زبان تجربہ شدہ نہ ہو تو جس طرح سے کسی کا وہم خیالات کا سمندر بن کر اٹھتا ہے، الفاظ کی موج وہی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ یہ شنا کی پہلی تحریر ہے۔ زبان کے میدان میں بولی کو اور تصریف کے میدان میں اصوات کو مقید کرے گی۔ اس طرح سے گویائی کی آوازوں کے عوض میں نقش نقش کو جنہیں ہم کاغذ پر حروف، اور الفاظ کے نام سے پکارتے ہیں ظاہر کرے گی۔ اور آوازوں کی قدریں معین ہو جائیں گی۔ باہمی مفاہمت کے فقدان کی علت، چونکہ یہ نقشِ اوّلین ہے۔ بعض اصحاب کو مختلف ماحول میں پرورش پانے کے سبب، ان اساسی آوازوں سے اختلاف ہو سکتا ہے۔ مگر ان کو اغلاط میں شمار کرنا۔ شام کو صبح اور صبح کو شام کہنا ہے۔ اگرچہ دونوں ہنگام شبِ سوادی میں شام کا مقام افق کے قریب ہوتا ہے اور آسمان کا جادوگر دم بدم رنگوں کے غیر متوقع چمارے بکھیرتا رہتا ہے

(۳) بادِ مراد، پنجاب نژاد کو، لاہور کے نخاس آباد سے گلگت کے گل گشت میں لے آئی۔ امید وار کے تلازم ذخائر میں۔ کوشش

کی کشتی میں سوار، شنا زبان کی موجوں سے پار ہوتے۔ شنا میری مادری زبان نہیں۔ یہ سوزِ ناتمام جو سازِ کلام و زبانِ وادیٔ گلگت بن کر، کتمِ عدم سے وجود میں آیا، میرے سوز و سازِ زندگی کا نغمہ ہے۔ ہمہ دانی کا ظہور نہیں۔ در بارِ دُر بارِ عالم الغیب میں اپنی کوتاہیوں کے احساس کے باوجود ایک نو وارد مسافر نے گلِ تازہ کا تحفہ پیش کیا ہے۔ یہ ناچیز کمیدانِ معارف میں محنت اور چمنِ وطن کو آباد و شاد کرنے کی محبت کا نشان ہے۔ مگر اجازت پاؤں تو عرض کروں۔ جو کام صدیوں سے اہلِ زبان کی حکمت اور محبت سے باہر تھا وہ اس غریب الوطن کے ہاتھوں سر انجام پایا۔ اب دیکھیں ہمارے وطن کے معارف پژوہ اور علم پرور سرزمینِ گلگت کے صاحبِ دل اور صاحبِ نظر کیا صلہ عنایت فرماتے ہیں۔

(۴) لسان کی شان اپنی خلقت کے دستور سے مجبور۔ ہر بارہ کوس پر اپنا بہروپ بدل لیتی ہے۔ یہاں کوہ و دریا کی قیود ان حدود کو بشدّت نمایاں کر دیتی ہیں۔ علاقے علاقے کی زبان میں تفاوت، اور وادی وادی کے الفاظ و طرزِ ادا میں فرق۔ ہم نے گلگت کی شیریں دہن شاہد زبن کو رونقِ محفلِ صاحبانِ وطن، کرنے کی کوشش کی ہے۔ محلّات اور مضافات کے نارس اور نا آشنائے کبے دوست، امکان ہے دل میں خیال کریں۔ ہماری مادری زبان تو اس مہ پارہ کی رطب اللسانی سے مطابقت نہیں رکھتی۔ ایسا ہونا بھی چاہیئے۔ یہ چمن میں اغلاط کے خار نہیں۔ بلکہ دیدۂ بیدار کے سامنے ایک ہی خورشیدِ عالمتاب کی لمعاتِ گونا گوں الوان ہیں۔ جیسے شفق کے حریرِ صد رنگ میں سورج کی کرنوں کی پریاں فلکِ مغرب پر مصروفِ رقص ہوتی ہیں۔

(۵) واژگوں قدحِ لاجوردی کے زیرِ سایہ بصیرت معدوم اور محنت کی عادت سے اکثر اہلِ خرد محروم۔ بصارت کے بہرہ سے پر بصیرت کی وادی میں راہبری کا دعوےٰ کرنا قافلے کو گمراہ اور اپنے تئیں ستم دیدہ درد کو آگاہ کرنا ہے۔ کام کی تعمیر مشکل اور نام کی تشہیر کے لئے نکتہ چینی آسان۔ بات بات پر حرفِ بیلوعار کے ثمال بات نکالنا، منصف طلب بات نہیں۔ مگر تخریب کی آیات میں سے ایک ہے۔ سستی کے ساتھی اور سستی شہرت کے متلاشی۔ یا کوچۂ معارف کے بے ربط گو اور وادی فضیلت کے ہرزہ رو، ممکن ہے، اگر نکتہ چینی کی آڑ میں اپنا نام اچھالنا چاہیں تو بعید از فہم بات نہیں۔

(۶) ان سے کم بہرہ ور گر شہرت کے شوق میں نزولِ تر ایک اور دماغ ہے۔ جو،

آنکس کہ نہ داند و بداند کہ بداند در جہلِ مرکب ابد الدہر بماند

نااہل اور بے بصارت مگر عیب جوئی کی مہارت کو اتنا فروغ دیا ہے کہ اسی کو پیشہ بنا لیا ہے۔ لاہور سے تابغہ رادو دمشق، عشق کی راہِ راز دالہ و دراز سے ڈر کر اپنے سیاہ خانے میں اسی کو تیشۂ فرہاد بنا لیا ہے۔ ان کی بحث کر اصول و دستور کے حسن و قبح سے پرکھنا، ہوا میں گرہ لگانا اور ریت سے رسے بنانا ہے۔

(۷) ایک نقطۂ پرکار جو نکتۂ پہلو دار بن کر ہر مصنف کی بہ جلوت امداد اور بہ خلوت تخریب بیکر بستہ ہو جاتا ہے۔ آخر میں قابلِ ذکر ہے۔

مرے جنوں نے کئی فتنے حشر و نشر آشوب سنبھال رکھے ہیں ... تخلیقِ کبریا کے لئے (ناموس)

حضرتِ کاتب "مدظلہ"۔ ایک نو آموز مدیرِ جریدہ نے ہار کر، نعرۂ دلدوز مارا اور کاتب کے خلاف فلک شگاف مضمون زیبِ قرطاس کیا۔ عنوان کا پاس ملحوظ۔ "کاتب کی کاٹ چھانٹ"۔ کتابت کے بعد مصنف کی قلم کے حکمران اور الفاظ کے راز دان پھر وہی سواد نگار کاتب۔ جو ممزوجِ اقرار و انکار ہیں۔ عنوان کے آخری لفظ کے نیچے سے دو نقطے کم لکھ دینے چھ کو جھ بنا دیا۔ نمبر لے گئے صاحب۔ ہم ہارے تم جیتے۔ اعتراض وارد ہوا تو بصد احترام عرض کیا۔ "مکھی چاٹ گئی ہے۔ صاحب!" ایک اور بزرگوار اسم بامسمیٰ نجم الغنی نے کاتب کی رنگ رلیوں پر بار بار اعتراضات کا طومار باندھ دیا۔ کاتب کو موقع ہاتھ آیا تو مضمون کی سرخی کے ساتھ مصنف کا اسمِ گرامی "نخم الغبی" مرقوم فرما دیا۔

زیرِ نظر مسودہ شاہدانِ معارف کے نگار خانے میں حرفِ نو ہے۔ اور پاکستان کے میدانی علاقوں کا کاتب شنا کی آشنائی سے محروم۔ اسے اس کوہستانی نوخیز کی ادائیں کیا معلوم۔ جواب باثواب اور با اصول۔ عذر معقول۔ اور اغلاط کا معمول قابلِ قبول۔ تحریری شنا میں پنجابی کاتب کے ہاتھ سے غلطیوں کا شامل ہو جانا جائز اور مناسب بلکہ ضروری معلوم ہوتا ہے۔

میں نے سات عناصر پیش کیے جو اس کتاب میں غلطیوں کے داخل ہو جانے کے ذمہ دار ہو سکتے ہیں۔ ان تمام مخالف عناصر کو بحث کے میدان سے خارج کرنے کے بعد اگر کتاب کے مضمون میں غلطی موجود ہو تو ازراہِ کرم مطلع فرمائیں۔ نسیان و خطاء انسان کی ہر نوا میں شامل ہے۔ آئندہ اشاعت میں ان کی تصحیح کر دی جائے گی۔

تشکّرات

بدل کر فقیروں کا ہم بھیس غالبؔ ۔ تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

عالمِ دلائل و علل میں تکمیلِ کار کے لئے اسباب کی تلاش لازم ہے۔ مناسب تجویزات اور صحیح طرزِ عمل کا انتظام ہو۔

تو اہتمام کا انجام سے دستِ رومی پردۂ محمل گرفت۔

کسی عمل میں شریک قوتوں میں باہمی امداد اور باہمی مفاہمت کامیابی کی چابی بن کر رازِ درونِ پردہ کا روحانی فرض ادا کرتی رہتی ہے

جب گردشِ جام سے مقصود، ذوقِ ہوشیاری اور مستیٔ محنت سے مطلوب شوق بیداری ہو تو کام کے نیک انجام کو پیش نظر رکھنا لازم۔ ورودِ دارستان کے بعد شنا زبان کے متعلق تحقیق کے عمیق قلزم میں غواص کو غوطہ زن ہونے کا موقع میسر آیا۔ تو اسباب کے گرداب اور موادِ استقصا میں نمی کی کمی کے سبب ارباب علم کے بیچ و تاب کو موجزن پایا۔ پھر بھی گلگشتِ گلگت کے گلستان معارف میں لالہ و گل کے جو بیج دبے اور خوابیدہ تخم نرگس و نسترن میسر آسکتے تھے۔ ان کو نئی مٹی اور نئی کیاریوں میں بو کر ان سے نونہال پیدا کرنا میرے لئے فرض ہو گیا۔

تلاش کا پہلا قدم، بیش و کم کے نرم و گرم سے مستغنی ثابت ہوا۔ اب تک کوئی کتاب اردو میں شنا کے متعلق یا شنا زبان میں کسی نے تحریر نہیں کی۔ اس لئے شنا کی ابجد ہی موجود نہیں۔ کارِ اولین جو نئین وطن کے نئے مکین کے لئے ضروری ہوا۔ وہ تھی اس زبان کی ابجد کی تعمیر۔

اُردو میں مواد کا ملاً مفقود۔ انگریزی میں دو ایک کتابیں موجود۔ ان کی طرف رجوع کیا۔ تو ڈاکٹر ٹی گراہم بیلی کی کتاب "گرامر آف دی شنا لینگویج" کے دیارِ معارف کی گلیوں کے اینچ پیچ میں کچھ انوارِ پُر اسرار نے رہبری کی۔ یہ کتاب سلوکِ نیاز کے طے کرنے میں میری ہمراز رہی۔ بیلی نے اس محنت سے معارف کی مٹھاس کو محدود اور مرتکز کر دیا ہے کہ اس کے سمجھنے کے لئے شارح کی ضرورت ہے۔ اور وہ غالباً معمولی شائقِ لسانِ داردستان کی دسترس سے باہر ہے۔ اس نے گرامر کو انگریزی زبان کی گرامر کے سانچے میں ڈھالا ہوا ہے۔ جس سے شنا زبان کا چہرہ مہرہ اور حلیہ اس درجہ بدل گیا ہے کہ یہ قراقرم کے پہاڑوں کی ساکن نہیں۔ الپس کے کسی خطہ کی باسی معلوم دیتی ہے۔

اُردو میں شنا کی ابجد کی تعمیر کا کام شروع کیا۔ یہ پہلا قدم تھا۔ اس کے بغیر وادیٔ عشق کی مستور آبادی سے مراسم کی ابتدا محال تھی۔ بہت سے حضرات نے ابتدائی مراحل طے کرنے میں امداد کا ہاتھ بڑھایا اور بعد میں بھی مفید مشوروں

سے مستفید کرتے رہے۔ فدا علی صاحب موجودہ ہیڈ کلرک دفتر اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ گلگت۔ جوہر علی صاحب بی اے۔ جو اس وقت ایل ایل بی کلاس میں پشاور میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں (یہ ۱۹۵۳ء کی بات میں کر رہا ہوں) اور کبھی آزاد کشمیر ریڈیو میں شنا کے اناؤنسر (ANNOUNCER) تھے۔ راجا شاہ رئیس خان صاحب۔ رئیس اعظم گلگت جن کی زبان سند مانی جاتی ہے۔ صدر بورڈ آف ایگزیمنرز۔ سرکاری امتحانات شنا۔ یہ مرحوم راجا آف گلگت، راجا علی دلو خان کے فرزند ارجمند ہیں اور موجودہ راجا آف گلگت راجہ جعفر خان کے عم بزرگوار۔ مولوی ابوالفرح صاحب۔ یہ بزرگوار دین مبین کے عالم ہیں اور لوگوں کے روحانی پیشوا۔ سید محمد عباس صاحب اورینٹل ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول گلگت، منشی فاضل۔ آپ بھی سرکاری امتحانات شنا کے ممتحن ہیں۔ اور گلگت کی ایک اہم ہستی، ہمایوں بیگ صاحب ہیڈ کلرک، ایجنسی دفتر گلگت۔ مقامی باشندوں میں سرکردہ سرکاری ملازم۔

ان تمام بزرگوں کی عنائیات و کرامات کے علاوہ بعض حضرات کی اصلاحی توجہ قابلِ تحسین و آفرین ہے۔ فدا علی صاحب سے بھی پیشتر ایک صاحب جو ایجنسی دفتر میں ڈائری کلرک تھے انہوں نے رضاکارانہ اپنی خدمات اس کام کے لئے پیش کیں۔ ایک اور صاحب جٹیال کے بیچے جو گاؤں واقع ہے۔ وہاں سے آیا کرتے تھے۔ ان کے علاوہ اور بہت سے حضرات کے اسمائے گرامی اب مجھے یاد نہیں۔ بھولنا تقصیر نہیں چونکہ نسیان انسان کی ضمیر کے خمیر کی تدبیر میں شامل کر دیا گیا ہے۔ مگر ہدیۂ امتنان و تشکر پیش نہ کرنا۔ قابل گرفت ہے۔ میں ان کے احسانات نہیں بھولا۔ چونکہ ؎

بے طلب دیں تو مزا اس میں سوا ملتا ہے ۔ وہ گدا جس کو نہ ہو خوئے سوال اچھا ہے (غالب)

راستہ ملا اور باغ امید میں پھول کھلا۔ اجتماعی رائے نے معاملے کا جو رخ نکالا۔ اس کو سند مان کر درجاتِ ادب طے ہونے شروع ہوئے۔ مگر اربابِ بصیرت اور طالبانِ طریقت، اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ:

سرمدِ غمِ عشق بوالہوس را ندہند ۔ سوزِ غمِ پروانہ مگس را ندہند

عمرے باید کہ یار آید بکنار ۔ ایں دولت سرمد ہمہ کس را ندہند

(سرمد شہید)

زلفِ پُرپیچ کو سنوارنے اور رنگِ عارضِ گلگوں کو نکھارنے میں ایک عرصہ درکار ہے۔ عاشقِ صادق سرمدِ احد کے الفاظ میں: "عمرے باید کہ یار آید بکنار"۔ تین سال کی بیوسط محنت اور کئی دماغوں کے فرطِ محبت کے امتزاج سے یہ چند اوراق، اپنی موجودہ صورت اختیار کر سکے۔ ابتداء جو کی تو انتہا تک پہنچنے سے پہلے لسانی

اور ذہنی ترقی کے کئی مدارج طے کئے۔ قائم حروف اور اعراب کی اشکال میں کئی تبدیلیاں کیں۔ الفاظ کے املا کی تصحیح کی۔ غرض کئی مقامات پر فتوحات کے علَم، قلم نے بلند کئے۔ خورشید فضیلت نے تحقیق کی کرنوں کی فوج ظفر موج سے جہالت کی تاریکی کے غنیم پر فتح پائی۔ کسی نئی مملکت میں تسلّط کی حکمت کو عمل شکل دینے سے پہلے، کئی مخالف قوتوں کو مفید مطلب سانچے میں ڈھالنا۔ یا حدِ عمل سے باہر نکالنا۔ یا نئے روپ میں اُتارنا پڑتا ہے۔

اس عرصے میں جو مواد گرد و نواح سے دستیاب ہو سکا۔ سب کا استعمال کامیاب طریقے سے کیا گیا۔ ادارۂ مرکزی عساکرِ دولتِ علیۂ پاکستان در گلگت نے کچھ شنا زبان کے امتحان کے سلسلے میں مصالحہ اکٹھا کیا ہوا تھا۔ مستعار لے کر اس کی بصارت اور بصیرت کو فضیلت کے اعتبار سے پرکھ کر شامل کر لیا۔ چند کتابچے رومن اردو میں اساسی الفاظ کے حامل سپاہیوں کی تعلیم کے لئے طبع شدہ ہیں۔ ایک اور سلسلہ انگریزی میں بچوں کی تعلیم کے لئے ہے۔ ان سب کا استعمال کیا گیا۔ ڈاکٹر جی ڈبلیو لائٹنر کی کتاب "ہُنزا۔ نگر ہینڈ بک" چند مشوروں میں مفید ثابت ہوئی۔ شنا زبان اور داردستان کے متعلق جتنے احباب و اصحاب کی شہرت سنی۔ سب سے سرکاری یا ذاتی رسوخ کے واسطے سے راستہ نکالا اور استفادہ کیا۔

کتاب کے ابواب میں تقسیم اور اس کی شکل میں ترتیب کرنے کے سلسلے میں انگریزی۔ عربی۔ فارسی۔ پشتو کی کئی ہینڈ بکس سے استفادہ کیا گیا۔ مثلاً "اریبک مینوئل"۔ مصنفہ ایف۔ای۔کرو۔ "کولوکیئل پشتو" مُصنّفہ ایل پی اَیُوُل سَلطَن "مینوئل آف پشتو" مصنفہ جی روس کیپل۔ اس کے علاوہ عربی۔ فارسی۔ اردو کی متعدد گرامروں کو ہر قدم پر پیش نظر رکھا۔ لغات کی کئی کتابیں ہر وقت سامنے موجود رہیں۔ "کتاب نامچہ شامل کر دیا گیا ہے۔ جس میں کتابوں کے نام درج ہیں۔

کارِ منصبی کے فشار میں فرصت کا انتظار ایک مرحلہ بن گیا۔ ایک مناسب مُعاون کا تعاون ضروری ہُوا جو شنا میں ماہر ہو اور مسودات کو بار بار صفائی کے بعد تحریر کرتا رہے۔ ابتداء میں موضع برمس مضافاتِ گلگت کے ساکن، عادل خان نے اس کام کے انتظام میں ہاتھ بٹایا۔ زمانے نے کروٹ لی۔ کتابِ ایّام تے صبح و شام کے کئی اوراق اُلٹے۔ شکل معین ہوئی۔ نقش و نگار مُرتّب۔ سرمہ و غازہ کا استعمال۔ پروازِ خیال کے انداز اور شاہدِ نوخیز کی بحث انگیز ترقی کے راز و نیاز، کے مطابق ہوتا رہا۔ عادل خان کی محنت آرائی کے بعد سید حیدر شاہ کی باری آئی ساکن ڈمیال۔ شنا زبان کے آسمان کی شفق و فلق سے آشنا۔ دریائے دین کی شناوری میں مشاق۔ سچ پوچھو

تو ہر مسئلے کا بیشتر حصہ جو لسانِ شنا کی اصوات اور ترتیب سے تعلق رکھتا ہے۔ حیدر شاہ سے مشورے کے بعد ہوتا رہا ہے۔ ان دو حضرات کو برابر ماہوار میری جیب سے ملتا رہا اور وہ ہر شام باقاعدگی سے کام کرتے رہے۔ دیگر احباب اور اصحاب کے مشورے برابر بات بات میں ڈال پات نکالتے رہے۔ صحت اور سقم کو پرکھنا۔ اور نظرِ ثانی کے بعد تحریر کرنا جاری رہا۔

قدرت کے کارخانے میں خدا نے علت کی پیدائش اور معلول کی افزائش کو دلیل اور منطق سے بے نیاز رکھا ہے۔ کبھی برسوں کی فرسودہ رات کی بات سے حکایات کا سلسلہ چل نکلتا ہے۔ کبھی اپنے پرائے کے سامنے، عشوہ گر کے ایک بوسیدہ بہانے سے ہزار فسانے ناٹک بن کر سامنے آجاتے ہیں۔ ابتداء کا اختیار کہیں۔ انجامِ کار کا اعتبار کہیں۔

ناموس کا رختِ سفر، لاہور کے دیوار و در، غور سے دیکھ رہے تھے۔ مگر انہیں اطمینان نہ تھا کہ شنا زبان کے گلستان کا پہلا پھول اس مالی کے ہاتھ سے کھلے گا۔ تخمِ آرزو اور غنچۂ جستجو، داغ داغ۔ دل کے باغ میں نمو پذیر ہوتے ہیں، اور صاحب دل کے ہاتھوں میں کلی سے غنچہ، غنچہ سے پھول، اور پھول سے چمن چمن بہارستان بن جاتے ہیں۔ قدرت کی ندرت اور محنت کی حقیقت نے اسباب و مال کا استعمال کیا۔ نہالِ ریاضت کا ثمر، اہلِ ہنر کی طبعِ سلیم کے دربار میں تقدیم ہے۔ اور اب :

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر　　مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر (اقبال)

یہ اسباب کی محفل اور مجمعِ صاحبِ دل، اس وطن کے چمن میں موجود تو تھا۔ اور معلوم نہیں کب تک ہجومِ کار، فکار میں منتشر اور بے نتیجہ رہتا۔ ناموس کے نام پر قسمت کے کارندوں نے اس افتخار کو تحریر کر دیا تھا۔

تشکرات کی دنیا جذبات کے لوٹے لالہ اور الماس ہائے بے قیاس کے خزانوں سے شبِ پُر انجم کا نقشہ نظر آتی ہے۔ قلم کش خادم ایک ہزار شکریوں کے مستحق مخدوم بیشمار۔ ناموس ان تمام مصنفین کے دربار میں، بہ صد افتخار ہدیۂ تشکر نذر کرتا ہے۔ جن کے نام صدر میں درج ہیں۔ یا میں نے ان سے استفادہ کیا اور ان کے نام اتفاق سے درج نہیں ہو سکے

خورشیدِ امید نے سفرِ شب طے کر لیا۔ شاہدِ صبح کا سہانا رخ گھونگٹ کی اوٹ سے نمودار ہوا۔ لاہور میں وارد ہونے کے بعد، نظرِ ثانی اور تکمیل کا انحصار صحبتِ جمیل پر تھا۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور سے بہتر ادارہ اس کام کے لئے شاید ہی پاکستان میں کہیں اور موجود ہو۔ اہلکارانِ کتاب خانہ کی باطنی و داد اور ظاہری امداد کا شکریہ۔ کتاب کا وجود ابھی ہیولیٰ کی شکل میں تھا جب، اس کی تجویز اور ترتیب پنجاب یونیورسٹی لائبریری کی فضا سے شروع ہوئی۔ اور اب تکمیل کی نوبت آئی تو پھر وہی پنجاب یونیورسٹی لائبریری، وہی فاضلوں کا مجمع جو کتابوں

کی شکل میں حیاتِ جاوداں کے دربار میں ہم سے ہمکلام ہوتا ہے۔ وہی یہاں کے کتابی چہرے جن میں دو گلابی لکیریں جو بند ہوں تو غنچہ اور بات کریں تو پھول۔ دوستوں میں دو نام ہدیۂ احسان کے حقدار ہیں۔ چودھری غلام محمد خان، لائبریری کے حافظ۔ اور سید علی حقانی سنسکریت سیکشن کے محافظ۔

کتاب مکمل ہوئی تو اشاعت کی نوبت آئی۔ ہمارا دیس ناشرین نے اپنی خود غرضی سے علم و فن کا پردیس بنا رکھا ہے ایسی کتاب کو شائع کون کرے۔ فوج کے اربابِ بست و کشاد سے امداد طلب کی۔ خیال یہ تھا کہ فوج کے غیر گلگتی افسر اور سپاہی جو سرزمین گلگت کی نواحی میں تعینات ہیں۔ حکم احکام اور فرائض منصبی کے سرانجام میں اس کتاب سے استفادہ کرنے کے بعد بہتر ہو جائیں گے۔ مگر فوج کا بڑا فرض دشمن کو مارنا اور جواب میں خود مرنا۔ علم کا نشر کرنا اور شبِ دیجور کو نور سے معمور کرنا نہیں۔

ادھر سے مایوس ہوئے تو ناموس نے روئے سخن کشمیر منسٹری شاہزادہ کوٹھی راولپنڈی کے حکام کی طرف منعطف کیا۔ یہ فوج ظفر موج ہے۔ تو وزارت جس کا نام اور ہدایت جس کا کام ہے۔ وہ تو اپنے ادج کے قیام گلگ کے متعلق اکتسابِ معلوماتِ عوام، اور میدانِ معارف میں نیک نام کی خاطر امداد کا ہاتھ بڑھائے گی۔ میں خود راولپنڈی پہنچا اور مسودہ میز پر رکھ کر بحث ہوتی رہی۔ امید کی مدت اور انتظار کی شدت طویل ہوتی گئی۔ آخر جواب ملا تو وہی جو ہر فصل میں نوابِ والاجاہ بے وسیلہ بے نوا کو کسی خواجہ سرا کے ہاتھ بھجوا دیتا ہے ؎

اگر جاں طلبی مضائقہ نیست گر زر طلبی سخن در ینست۔

بجٹ میں اس کام کے لئے کوئی مد موجود نہیں۔ وہ تو آپ کو ڈیڑھ سال پہلے بھی خبر تھی۔

بھلا ہو چند علم پرور صاحبدل بزرگوں کا۔ انہوں نے چند ادارے اپنے دیس کی مجبوریوں کو دیکھ کر پیدا کر لئے ہیں۔ انہیں میں سے ایک اردو اکیڈمی، بہاولپور ہے۔ صاحب بصارت و بصیرت، عارف طریقت و فضیلت سید مسرت حسین زبیری۔ سرکاری کتابوں میں ان کے نام کے بعد کمشنر لکھا ہوا ہے۔ مگر اصل میں حکمت پژدہ اور معارف پرور ہونا چاہیئے۔ ان کی علمی اور ثقافتی قدر دانی کا نتیجہ ہے کہ بہاولپور میں اردو اکادمی نے جنم لیا۔

"گلگت اور شنا زبان" کو زبیری صاحب اور ارکان مجلس عاملہ اردو اکادمی نے اچھی طرح سے پڑھنے اور اس کی اہمیت کو سمجھنے کے بعد، قابلِ اشاعت سمجھا۔ اس کے صرف پہلے ایڈیشن کے چھاپنے کی منظوری انہوں نے مجھ سے خرید لی، جس میں گیارہ سو کاپیوں کا چھپنا قرار پایا۔ دوسرے اور بعد کے ایڈیشنوں کو مصنف جس طرح چاہے چھاپے

اور شائع کرے۔

اردو اکادمی بہاولپور کے سرگرم معتمدِ عمومی جناب شبیر بخاری اس علمی کارواں کی روح رواں ہیں۔ آسمان کے ستاروں کا قافلہ قطب کے گرد گھومتا ہے۔ تو اکادمی کے گلستاں کے لالہ زاروں کی گردش شبیر کے گرد ہوتی ہے اب کاتب کی تلاش ہوئی جو اپنے فن میں کامل اور نکاتِ علوم کا ماہر ہو۔ نگاہ شیخ محمد عبداللہ، خوشنویس ملتانی پر پڑی اور انہوں نے اس کام کو کافی کاوش سے سرانجام دیا۔ کتابت شروع کی۔ تو بھکر، چکر لگانے کو آگئے شناسا زبان کی مشکلات اور اس طرزِ تحریر کے پیچیدہ نکات کو ازبر کیا۔ یعنی نئے سرے سے آکر سبق پڑھا۔ ڈاک میں کاپیاں بھیجیں۔ ابھی میں نے ان کی غلطیاں پورے طور پر نکالی بھی نہ تھیں کہ پھر پہنچ گئے۔ مہینہ بھر بھکر میں قیام کیا۔ ہم دونوں نے اس نئی زبان اور اس نئے طرزِ تحریر کی غلطیاں، آمنے سامنے بیٹھ کر ہر شام کو درست کیں۔ رسم الخط بھی نیا اور لسان کی شان بھی نئی۔ مشکل نہ ہو تو اور کیا ہو۔ کئی بار غلطیوں کی تصیح کی گئی۔ اس محنت کا ثمر اور محبت کا اثر نتیجہ کی شکل میں آپ کے سامنے ہے۔

دارالسرور بہاولپور کے ادبی حال اور روحانی جلال کا ذکر خیر ہوا، جہاں قلندر ناموس نے زندگی کے ۲۳ سال (۱۹۲۷ - ۱۹۵۰) گذارے ہیں تو علم اور علم پرور کے ضمن میں کتب خانوں اور کتاب داروں کا ذکر بھی لازم ہے بہاولپور کی سنٹرل لائبریری کے مہتمم ہیں ملک نذیر احمد۔ پیر در حکمت اور جواں در ہمت۔ جب بھی تحقیق کے طالب کو پایا تو انہوں نے امداد کا ہاتھ بڑھایا۔

میں ان سب حضرات کی خدمت میں ہدیۂ امتنان و تشکر پیش کرتا ہوں۔ جنہوں نے کسی نہ کسی مرحلے پر میری امداد کی۔ بات کرنا آسان ہے، کام کرنا مشکل۔ امداد مانگنا آسان ہے، امداد کرنا مشکل۔ نشہ پلا کے گرانا آسان ہے۔ مخمور کو سہارا دینا مشکل۔ جتنے بزرگوں نے ہاتھ بٹایا۔ میں ان سب کا شکر گذار ہوں۔

بھکر
یکم جون ۱۹۶۱ء

فریدونِ زماں محمد شجاع ناموس
پرنسپل اسماعیل کالج
بھکر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حصہ اوّل

گلگت ایجنسی - باب ۱ اور ۲

صفحات

باب ۱۔ گلگت کا علاقہ

مندرجات۔ (صفحات کے نمبر بریکٹ میں درج ہیں)

باب پہلا

گلگت کا علاقہ

نام کی وجہ

جتنے منہ اتنی باتیں۔ دل میں ظن موجزن۔ مگر زبان کے بیان سے یقین کا اظہار۔ آج کل اس شہر اور وادی کا نام گلگت ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ سنسکرت میں گری کے معنی ہیں پہاڑ اور گرت کے معنی ہیں گھرا ہوا اس شہر کے چاروں گرد چونکہ اونچے پہاڑ ہیں اس لئے قدیم عہد میں اس کا نام "گری گرت" رکھا گیا جو بگڑ کر گلگت بن گیا ہے ایک اور روائت کے مطابق گلگت سنسکرت کے لفظ گلگوت کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ گلگوت کے معنی ہیں "قبرستان" قدیم زمانے میں یہاں بہت سی لڑائیاں ہوئیں۔ بہت آدمی قتل ہوئے اور یہاں ان کو دفن کیا گیا۔ اس لئے چاروں طرف قبرستان بن گیا۔ مرورِ زمانہ کے ساتھ کھیتیاں قبرستان بنتی رہتی ہیں اور قبرستان کھیتیاں۔ مگر آریہ لوگ جو عہد قدیم میں یہاں آئے اپنے مذہبی عقائد کے مطابق مُردوں کو دفن نہیں کرتے تھے بلکہ جلاتے تھے۔ البتہ قدیم کافر مذہب کے پیرو اپنے مُردوں کو صحیح سالم صندوق میں بند کر کے رکھ دیتے تھے۔

ایک مقامی بزرگوار یہ فرماتے تھے کہ گلگت اصل میں گلگشت ہے۔ کوئی دو سو سال پہلے گلگت شہر کی وادی کی سطح آج سے کوئی ۸۰ اور ۱۰۰ فٹ کے درمیان بلند تر تھی اور مسطح تھی۔ پانی ڈھال زیادہ نشیبی سے نیچے کی طرف تھا۔ میں اس کی اپنے تجربے اور تحقیق کی بنا پر تصدیق کرتا ہوں۔ سیلاب بیچ کی مٹی کو بہا کر لے گیا اور اس کی زرخیزی جاتی رہی۔ موجودہ درخت۔ کھیتیاں اور آبادی سب اس سیلاب کے بعد کی ہیں یہ روائت سینہ بسینہ چلی آتی ہے۔ وہ کہتے تھے کہ اس زمانے میں گلگت کی خاک میں اتنی زرخیزی تھی کہ ہر طرف پھول ہی پھول نظر آتے تھے۔ اس لئے گلگشت نام دیا گیا جو بگڑ کر گلگت بن گیا۔

ایک کاشغر کے ترکمان یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ "گھل" ترکی لفظ ہے۔ اس کے معنی ہیں "جانا"۔ "کھت" ترکی لفظ ہے اس کے معنی ہیں "آنا"۔ ہمارے بزرگ یہاں فتوحات کے لئے آئے۔ یہ اُن کی چھاؤنی تھی۔ مرکزی مقام۔ آنے جانے کی جگہ یعنی پڑاؤ۔ انہوں نے اپنی زبان میں اس کا نام "گِھل کِھت" رکھا جو بگڑ کر گلگت ہو گیا۔

مگر سچ پوچھو تو اس قصبے کا نام گلگت ہی نہیں۔ اس کا اصل نام "گِلِیت" ہے۔ قدیم سے اس کا یہی نام چلا آیا ہے۔ اور یہاں کے لوگ اب بھی اسے گِلِیت کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ جب سِکھ حملہ آور اس وطن میں داخل ہوئے۔ تو ان کی زبان پر گِلِت نے زیب نہ دیا۔ انہوں نے اس کا نام گلگت رکھ دیا۔ جیسے ڈوگروں نے یہاں شہروں وغیرہ کے کئی نام بدلے۔ استور کا نام اپنے کاغذات میں حصورا رکھ دیا۔ سکھوں کی آمد (۱۸۴۲) کے بعد اس شہر اور علاقے کو گلگت کہنا شروع کیا۔ یعنی جب سے گلگت کی تحریری تاریخ وجود میں آئی ہے۔ اس مقام اور خطہ کا نام گِلگِت لکھا جاتا رہا۔

محلِ وقوع گلگت کا علاقہ کشمیر کے شمال میں واقع ہے (نقشہ ملاحظہ ہو) شمالی کوہستان ہمالیہ کا بلند گاؤ پشت کنارہ جو کشمیر اور گلگت کے علاقوں کے لئے پانی ڈھال کا کام دیتا ہے۔ گلگت کی جنوبی سرحد ہے۔ مشرق اور شمال مشرق میں کوہستان قراقرم کی مغربی شاخیں اس کی سرحد بناتی ہیں۔ مشرق میں قراقرم کے کوہستان کی رفیع گاؤ پشت پانی ڈھال کا کام دیتی ہے۔ جس خط سے پانی دائیں طرف بلتستان کو جاتا ہے وہ علاقہ بلتستان میں شامل ہے۔ اور جس علاقے کا پانی مغرب کی طرف گلگت میں جاتا ہے وہ گلگت میں شامل ہے۔ شمال مشرق میں ہنزا۔ نگر کی وادی ہے۔ اس کا پانی گلگت کی طرف آتا ہے اور دریا ہنزا اس کا پانی اکٹھا کر کے، دریائے گلگت میں شامل کر دیتا ہے۔

گلگت ضلع کے شمال مغرب اور مغرب میں کوہ ہندوکش واقع ہے۔ یہاں بھی پانی ڈھال کا جتنا علاقہ دریائے گلگت کی طرف واقع ہے وہ ضلع گلگت میں شامل ہے۔ یعنی اشکومن اور یاسین کی وادیاں۔ ان کے نیچے کوہ غذر کی وادی ہے۔ جو ضلع گلگت کے مغرب میں واقع ہے۔ کوہ غذر کے نیچے وادیل تانگیر کا علاقہ ہے۔ اس کا مغربی پہلو گلگت ضلع کے مغرب میں ہے۔ وادیل تانگیر سندھ دریا کے شمال میں ہے۔ اور بلاس سندھ کے جنوب میں۔ دونوں علاقوں کا پانی بماہ راست نالوں کے ذریعہ سندھ میں آ کر

گرتا ہے۔

اب غور سے دیکھو تو ضلع گلگت کا بیشتر رقبہ ۷۳ اور ۷۵ طول بلد، ۳۵ اور ۳۷ عرض بلد کے درمیان واقع ہے۔ اس رقبے میں صرف وہ وادیاں شامل ہیں جن کی پانی ڈھال دریائے سندھ کی طرف ہے۔ اس کے چاروں گرد بلند و بالا پہاڑ واقع ہیں۔ ان بلند پہاڑوں کی ماہی پشت گلگت ضلع کو دوسرے علاقوں سے جدا کرتی ہے۔ گلگت ضلع کے چاروں طرف پانی ڈھال ایسی ہے کہ غیر علاقوں کا پانی گلگت ضلع کے اندر کی طرف نہیں آتا بلکہ باہر کی طرف جاتا ہے۔ اس لئے علاقۂ گلگت جغرافیائی لحاظ سے ایک الگ اور مخصوص اکائی ہے۔

حدود اربعہ مشرق میں بلتستان۔ شمال میں چینی ترکستان اور روس۔ مغرب میں افغانستان اور چترال۔ جنوب میں کلام کوہستان۔ سندھ کوہستان۔ کاغان وادی۔ مظفرآباد وادی اور شمالی کشمیر کی وادی واقع ہیں۔

قدرتی تقسیم یہ تمام علاقہ پہاڑی ہے۔ کوئی چار ہزار فٹ سے لے کر آٹھ ہزار فٹ تک آبادیاں موجود ہیں۔ دریا گہری وادیوں میں بہتے ہیں۔ ان کے کنارے کنارے بلند و بالا پہاڑ دیواروں کی طرح کھڑے ہیں۔ جہاں کہیں پہلو سے نالے نیچے کو آتے ہیں اور زمین کچھ ہموار ہے اور مٹی موجود ہے وہاں پر کھیتیاں اور گاؤں آباد ہیں۔ باقی تمام زمین پہاڑ۔ ٹیلے۔ پتھر اور ریت ہے۔

اس علاقے میں مندرجہ ذیل وادیاں شامل ہیں

مرکز میں (۱) گلگت کی وادی۔ اس کے شمال مشرق میں (۲) نگر اور (۳) ہنزا کی وادیاں۔ گلگت وادی کے شمال مغرب میں (۴) اشکومن۔ گلگت کے مغرب میں (۵) پنیال اور اس سے پرے (۶) یاسین اور (۷) گوپس۔ گلگت کے جنوب مغربی کونے میں (۸) داریل تانگیر کا علاقہ ہے۔ جنوب میں (۹) چلاس۔ اور جنوب مشرقی کونے میں (۱۰) استور دور تک نیچے چلا جاتا ہے۔ عین مشرق میں بلتستان ہے جس کا تعلق گلگت علاقہ سے نہیں۔ ان تمام وادیوں کے دریاؤں کا پانی جو گلگت علاقہ میں شامل ہیں مرکز کی طرف

آتا ہے اور دریائے سندھ میں شامل ہو جاتا ہے۔

ہر وادی اپنی جغرافیائی کیفیت میں علیحدہ اور نمایاں ہے۔ ہر ایک کی اپنی اپنی پانی ڈھال ہے۔ ان پہاڑوں کی بلند ماہی پشت سیاسی حد کا کام دیتی ہے۔ ہر وادی کے اندر اپنا سیاسی انتظام ہے۔

ہر دریا اور نالے کے ساتھ راستہ چلتا ہے۔ بس یہی سمجھ لیں کہ جہاں نقشے میں دریا اور نالہ ہے وہاں اسی کے ساتھ راستہ بھی ہے۔ راستہ دریا کے دائیں یا بائیں پہلو پر کبھی بدلتا ہے تو اس کیلئے دریا پر پل بنے ہوتے ہیں، چار مشکیں جنمیں ہوا بھری ہوتی ہے بانس کے فریم کے کونوں پر باندھ دیتے ہیں ان سے بعض مقامات پر دریا عبور کرتے ہیں "جالہ"

سیاسی انتظام | گلگت ایجنسی کا سب سے بڑا سیاسی حاکم پولیٹیکل ایجنٹ کہلاتا ہے۔ جس کا عہدہ ضلع کے ڈپٹی کمشنر کے برابر ہے۔ گلگت ایجنسی کو سیاسی انتظام کے لئے کئی تحصیلوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر تحصیل اپنی وادی کے اندر محدود ہے۔ گلگت ایجنسی کا صدر مقام گلگت ہے۔ اس کے گرد و نواح کا علاقہ سیاسی انتظام کے لئے ایک اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ کے ماتحت ہے۔ یہ گلگت سب ڈویژن کہلاتا ہے

پولیٹیکل ایجنٹ گلگت کے ماتحت تین ریاستیں ہیں (١) ہنزا - (٢) نگر - (٣) پنیال - یہ خاندانی رئیس ہیں اور نسل بعد نسل بیٹے پوتے راجگی کی گدی پر بیٹھتے ہیں۔ سب سے بڑا بیٹا جو کسی اور راجہ کی بیٹی کے بطن سے ہو ریاست کا ولیعہد ہوتا ہے۔ ہنزا اور نگر کے فرمانروا میر صاحب نگر۔ میر صاحب ہنزا کہلاتے ہیں اور پُنیال کے فرمانروا راجہ صاحب پُنیال۔ ان میں پُنیال کی آمدنی سب سے زیادہ ہے۔

پولیٹیکل ایجنٹ گلگت کے ماتحت تین پولیٹیکل علاقہ جات ہیں (١) گوپس (٢) یاسین (٣) اشکومن - ان کے حاکم گورنر کہلاتے ہیں۔ ان کو سرکار مقرر کرتی ہے اور جب تک وہ سرکار کی نظروں میں قابل اعتماد ہوتے ہیں وہ گورنری کے عہدہ پر قائم رہتے ہیں۔ ان حاکموں کو اپنے اپنے علاقہ میں کچھ مالیہ جمع کرنے کے حقوق بھی ہیں۔ سال میں پانچ دس ہزار روپے جمع ہو جاتے ہیں۔ اور سرکار کی طرف سے گورنر کو سو اور دوسو روپے کے درمیان ماہوار تنخواہ ملتی ہے۔ آٹھ سپاہی ملکی انتظام کے لئے ملتے ہیں۔ گوپس گورنر کے ماتحت، کوہ اور غذر کے علاقے ہیں۔ یعنی یہ ایک گورنری ہے۔

(۴) میر آف نگر (میر شوکت علی خاں)

آنریری بریگیڈیر میر شوکت علی خاں - ھلال قائد اعظم - میر آف نگر -

گلگت میں اپنے بنگلے کے سامنے کھڑے ھیں - یہ پتھر کا بنا ھوا بنگلہ تمام گلگت کی غیر سرکاری عمارتوں میں سب سے وقیع ھے - نگر کے تمام لوگ شیعہ ھیں اور ھنزا کے مولائی - نگر کے لوگوں کے چہرے مہرے ھنزا سے الگ ھیں - نگری دراز قامت ، ان کی ناک طویل اور اس کے بیچ میں ایک نمایاں ابھار - ناک فوراً آپ کو بتاتی ھے کہ یہ نگر کا رھنے والا ھے -

ھنزا کے لوگوں کا تعلق منگولائڈ گروپ سے ھے - اونچے مضبوط شانے ، قد نسبتاً چھوٹا ، گول چہرہ ، ناک پستہ - فوٹو صفحہ 7 - مقابل P. 28/29 - تصویر نمبر ۱ ۲ کا پولو کا کھلاڑی (سبز علی) جو گھوڑا لئے کھڑا ھے ، ھنزا کے چہروں کا نمائندہ ھے -

(۵) راجہ آف پنیال (راجہ محمد انور خاں)

پنیال کی ریاست خاندان میں نسل بعد نسل چلی آتی ھے - اس حاکم خاندان کا تعلق چترال کے شاھی خاندان سے ھے - دراز قامت ، دبلا اندام ، ھڈیاں سخت ، حرکت میں تیز ، آنکھیں نیلگوں اور آن میں عمق -

(٦) گورنر آف یاسین (خاں صاحب محبوب علی خاں)

گورنر یاسین ، ایک عہدہ ھے - کسی آدمی کو سرکار اس عہدہ پر سر فراز کر سکتی ھے اور جب تک گورنمنٹ کی منشا ھو اس عہدے پر اسے برقرار رکھے - کبھی ان کو راجہ صاحب بھی کہہ دیتے ھیں -

(۷) مرحوم راجہ علی داد خاں

راجہ علی داد خاں راجہ آف گلگت کا یہ روغنی نقش (Oil Painting) ھے - جب انگریزوں نے گلگت پر تسلط جمایا تو راجہ علی داد خاں کو بالقب مگر بے اختیار راجہ آف گلگت مقرر کیا - جشن سالانہ کے موقع پر راجہ صاحب سرینگر گئے تو ایک انگریز مصور نے ان کا یہ روغنی تابلو سامنے بٹھا کر تیار کر دیا - یہ تابلو اس وقت ان کے پوتے راجہ جعفر علی خاں کے قبضے میں ھے - جو گلگت کا موجودہ نام نہاد راجہ ھے -

(۸) شاہ رئیس خاں صاحب

مرحوم راجہ علی داد خاں کے فرزند اور موجودہ بے اختیار راجہ آف گلگت کے عم بزرگوار -



میر آف نگر ۔ (میر شوکت علی خان)



راجہ آف پنیال ۔ (راجہ محمد انور خان)



مرحوم راجہ علی داد خان



گورنر آف یاسین ۔ (راجہ محبوب علی خان)



شاہ رئیس خان صاحب

پولیٹیکل ایجنٹ گلگت کے ماتحت تین سب ڈویژن ہیں (۱) سب ڈویژن استور۔ یہاں کا انتظام ایک اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ کے ماتحت ہے اس کے عملے میں تحصیلدار ایک اور ایک نائب تحصیلدار۔ پولیس آفیسر وغیرہ ہیں یعنی یہ علاقہ اپنی شخصیت میں الگ ہے۔

اسی طرح سے دوسرا سب ڈویژن چلاس کا ہے۔ یہ ایک اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ کے ماتحت ہے۔ یہ بھی اپنی شخصیت میں الگ سیاسی اکائی ہے۔ اس اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ کے ماتحت وادی تانگیر کا علاقہ ہے جس کا انتظام اسسٹنٹ پولیٹیکل آفیسر کرتا ہے۔ جس کا عہدہ تحصیلدار سے بڑا اور اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ سے چھوٹا ہے۔

تیسرا سب ڈویژن گلگت کا ہے۔ جس کا ذکر صدر میں ہو چکا ہے۔

دنیا سے علیحدگی گلگت کا خطہ اس لحاظ سے بہت عجیب ہے کہ اس کا تعلق جغرافیائی طور پر باقی دنیا سے بہت کم ہے۔ اس کے چاروں طرف بلند و بالا پہاڑوں کے سلسلے ہیں۔ ان کوہستان کی دیواروں میں جہاں کہیں کم اونچا راستہ نکل آتا ہے اس کو درہ کہتے ہیں۔ گلگت کے علاقے کو وادی کاغان کے ساتھ بابوسر کا درہ ملاتا ہے۔ یہ راستہ آگے ایبٹ آباد کو چلا جاتا ہے۔ گلگت سے سری نگر جانا ہو تو راستے میں برزل کا درہ پڑتا ہے اور بانڈی پور اس راستے کا سب سے ضروری شہر ہے۔ شمال کی طرف چینی ترکستان میں یعنی کاشغر جانا ہو تو پہلے ہنزا۔ نگر کی وادی میں جاتے ہیں۔ ہنزا کے دارالخلافہ بلتت سے آگے مسگر تک جا پہنچتے ہیں جو اونچے پہاڑ کی جڑ میں واقع ہے۔ یہاں سے دو راستے نکلتے ہیں۔ ایک درہ کلک کو جاتا ہے۔ دوسرا درہ منتکہ کو۔ یہاں سے شمال کی طرف بلند پہاڑوں کے پار کاشغر واقع ہے۔ چترال جانا ہو تو مغرب کی طرف پہلے گوپس کو جائیے۔ اور وہاں سے آگے درہ شندور ہے۔ جس کو عبور کر کے چترال کی وادی میں پہنچتے ہیں۔

بیرونی ممالک کے ساتھ تعلقات قائم کرنے کے راستے یعنی درہ جات جن کا میں نے صدر میں ذکر کیا ہے۔ تمام، سطح سمندر سے بارہ ہزار فٹ سے زیادہ بلند ہیں۔ اس لئے سال کا زیادہ حصہ برف سے اٹے رہتے ہیں اور آمد و رفت ممکن نہیں ہوتی۔ درہ بابوسر سرکاری طور پر ۱۵ جولائی کو کھلتا ہے۔ اور ۱۵ اکتوبر کو بند کر دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد جیپ کو جانے کی اجازت نہیں۔ گھوڑے، خچر اور گدھے اپنی موت سے پہلے مرنا چاہیں تو ان کو کون روکتا ہے۔ گویا سال میں صرف تین مہینے کی اجازت۔ برزل درہ کوئی چار مہینے سال میں کھلا رہتا ہے۔ کلک درہ یا منتکہ درہ کو دو مہینے اور شندور تین مہینے۔ گویا سال کے نو مہینے گلگت کے باشندے باقی دنیا سے منقطع ہو جاتے ہیں۔ وہ اپنی دنیا آپ بنا لیتے ہیں اور اسی میں مست رہتے ہیں۔ آج کل البتہ ہوائی جہاز راولپنڈی سے گلگت شہر میں تمام سال آتا جاتا ہے۔ اگر موسم اچھا ہو اور فضا اتنی صاف ہو کہ دور تک آدمی دیکھ سکے۔

رقبہ آبادی اور آمدنی

{ الحاج حشمت اللہ خاں کی کتاب۔ تاریخ جموں و فتوحات مہاراجہ گلاب سنگھ بہادر
مانک بی۔ پتھ والا کی کتاب ایں انٹروڈکشن ٹو کشمیر۔ اور گورنمنٹ آف انڈیا سنسر رپورٹوں سے اخذ کیا گیا۔ }

علاقہ	رقبہ مربع میل	آبادی 1911	آبادی 1921	1931	1931 میں آبادی فی مربع میل	1941	1951	بذریعہ مالیہ و فوائد آمدنی 1955
(وزارت) سب ڈویژن گلگت	۱۴۶۸۰	۱۵۶۷۵				مسلم ۲۲۴۹۵ غیر مسلم ۱۰۰ ۲۲۵۹۵		۲۵ ہزار
استور		۸۲۰۴ / ۲۳۸۷۹	۲۸۷۰۶	۳۱۹۰۲	۱۰			۲۰ ہزار
سب ڈویژن چلاس		۱۲۵۰۸	۱۳۱۳۵	۱۳۵۳۳	۵			۱۵ ہزار
ریاست ہنزا		۱۰۱۲۶	۱۲۱۱۷	۱۳۲۴۱	۳			۲۰ ہزار
ریاست نگر		۱۳۳۴۷	۱۴۱۸۸	۱۳۶۷۲	۹			۲۵ ہزار
ریاست پونیال		۴۴۲۳	۵۴۹۲	۶۱۰۸	۴	۸۱۶۴		۸۰ ہزار
پولیٹیکل گورنر اشکومن		۲۰۲۰	۲۷۵۳	۲۹۸۶	۲			۸ ہزار
پولیٹیکل گورنر یاسین		۶۳۱۰	۷۰۶۵	۸۰۸۳	۷			۱۲ ہزار
پولیٹیکل گورنر کوہ		۲۰۶۴	۲۲۸۸	۲۸۸۸	۶			۶ ہزار
پولیٹیکل گورنر غذر		۳۶۳۷	۳۹۵۳	۴۱۱۲ / ۶۴۵۴۴	۳ (الف)			۸ ہزار
داریل و تانگیر چلاس سب ڈویژن کے ماتحت		اب داریل تانگیر پر حکومتِ پاکستان نے اپنا تسلط جما لیا ہے (۱۹۵۵ میں) اور اس کو چلاس سب ڈویژن کے ماتحت رکھا ہے۔ اس سے پہلے یہ آزاد علاقہ تھا اور حکومت جموں و کشمیر سے براہِ راست اس کا تعلق نہیں تھا اس لئے اس علاقے میں مردم شماری نہیں کی گئی۔						۵ ہزار
میزان	۱۹۴۱ میں ساری گلگت ایجنسی کا رقبہ	۷۸۳۱۴	۸۹۶۹۷	۹۶۴۴۶	۵			کوئی سوا دو لاکھ کے قریب

سب ڈویژن گلگت کے علاوہ (الف)، ۵ گلگت وزارت کی آبادی فی مربع میل۔ افسوس اور فرنٹیر علاقہ جات کی فی مربع میل اوسط ہم نکوس۔
انفرادی علاقوں کی فی مربع میل آبادی صدر میں درج ہے۔

کل رقبہ | ۱۴،۶۸۰
۱۶،۱۶۰ |

ڈوگرہ راج میں موجودہ سب ڈویژن گلگت اور موجودہ سب ڈویژن استور کو ملاکر ایک سیاسی اکائی بنایا ہُوا تھا۔ اس کو گلگت وزارت یعنی ضلع گلگت کہتے تھے۔ دریا کو پھر بھی حد فاصل مانا ہوا تھا۔ اوپر کا ٹکڑا گلگت تحصیل کہلاتا تھا اور نیچے کا استور تحصیل۔ اس وقت گلگت تحصیل کا رقبہ ۱۴۸۰ مربع میل تھا۔ پاکستان بننے کے بعد بھی کچھ عرصہ تک یہی حدود قائم رہیں اور اس کا نام گلگت سب ڈویژن رکھا گیا۔ کچھ عرصے کے بعد گلگت سب ڈویژن میں سئی کا علاقہ شامل کیا گیا جو اس کے مشرق میں ہے اور بالکل پہاڑی ہے۔ اس لئے گلگت سب ڈویژن کا کل رقبہ بڑھ گیا اور اب یہ ۲۱۸۷ مربع میل ہے۔ قدیم نقشہ اور موجودہ نقشہ دیکھا جائے تو یہ نکتہ صاف ہو جاتا ہے۔

آمدنی اور خرچ

۱۹۴۱ء میں گلگت سب ڈویژن کا سالانہ مالیہ ۲،۵۷،۰۵۴ (دو لاکھ ستاون ہزار ۵۴) روپے تھا۔ اور کہتے ہیں خرچ بارہ لاکھ سے زیادہ نہ تھا۔ آج کل یہ افواہ ہے کہ گلگت ایجنسی اور بلتستان کی کل آمدنی جو پاکستان گورنمنٹ کو ہوتی ہے ڈھائی لاکھ کے قریب ہے اس میں گلگت سب ڈویژن اور بلتستان کا علاقہ شامل ہے۔ جن کا انتظام سرکار کے حکام براہ راست کرتے ہیں۔ تین ریاستیں (ہنزا۔ نگر۔ پونیال) اور تین پولیٹیکل گورنری علاقے (اشکومن۔ یاسین اور کوہ غذر) اس میں شامل نہیں۔ چونکہ ان کی آمدنی براہِ راست سرکاری خزانے میں نہیں آتی۔ گلگت سب ڈویژن کی نقدی میں آمدنی کوئی ۲۵ ہزار روپیہ ہوتی ہے مالیہ کا ½ حصہ غلہ میں وصول کیا جاتا ہے۔ آج کل چونکہ غلے کا بھاؤ گراں ہے اس لیے اس ½ کی قیمت ½ کے برابر ہو جاتی ہے اور اس کو بیچ کر سرکار کے خزانے میں تقریباً ۲۵ ہزار کی اور رقم داخل کی جاتی ہے۔ کچھ جنگلات اور لائسنس۔ چونگی وغیرہ کی آمدنی ہے۔ یہ سب پچاس ہزار۔ یعنی کل ایک لاکھ روپیہ۔ گلگت سب ڈویژن سے سال میں حاصل ہوتا ہے۔ استور۔ چیلاس داریل تانگیر کی آمدنی کوئی پچاس ہزار اور سمجھ لیجئے۔ بلتستان سے اسی طرح سے ایک لاکھ روپے کے قریب حاصل ہوتا ہے۔ یعنی سارے گلگت ایجنسی اور بلتستان کی آمدنی جو سرکار کے خزانے میں جاتی ہے ڈھائی لاکھ کے قریب ہے۔ اب خرچ کی پوچھیں تو سول افسران کی تنخواہیں الاؤنس وغیرہ ۷۵ لاکھ روپیہ اور فوج کی تنخواہیں۔ راشن خرچ وغیرہ ۵۰ ہزار روپیہ یعنی کل ایک کروڑ اور ۲۵ ہزار

کا سالانہ خرچ ہے۔ ترقی کی تجاویز پر جو روپیہ خرچ ہوتا ہے یا ہوگا مثلاً بجلی کا کارخانہ لگانا۔ نئی عمارتیں نئی نہریں یہ اس بجٹ اسٹیمیٹ کے علاوہ ہے۔

گلگت سب ڈویژن میں رقبہ زیر کاشت ۱۹۴۱ میں ایک گرداور تھا جس کے ماتحت مندرجہ ذیل پٹواریوں کے حلقے تھے۔

(۱) حلقہ شکیوٹ شروٹ۔ بارگو بالا۔ بارگو پائین۔ ہنزل۔ جاگیر بسین۔ کارگاہ۔ نوپورہ
کل رقبہ ۲۳۲۷۱ کنال

(۲) حلقہ نومل۔ نومل۔ نلتر۔ جگلوٹ۔ پرتاب پورہ۔ جوتل۔ گوجر داس۔ رقبہ ۴۴۰۶۱ کنال۔

(۳) حلقہ گلگت۔ نائیکوئی۔ برمس۔ پرتاب پورہ دینور۔ رقبہ ۹۶۱۶۹ کنال

(۴) حلقہ منادر۔ منادر۔ سکوار۔ جٹیال۔ خومر۔ سوئیکوٹ۔ رقبہ ۲۶۵۲۱ کنال

(۵) حلقہ خرخوح۔ بلچھار۔ سنکر۔ دتوچی۔ بلچی۔ خرخوح۔ بغیوٹ۔ بلچھار۔ اوتھکن داس۔ ہرانگ داس۔
رقبہ ۲۷۳۹۶ کنال۔

(۶) حلقہ چھموگڑھ۔ نوشایا۔ ہنوچل۔ ساسی۔ داسو۔ کھلتارو۔ رقبہ ۲۱۱۲۰ کنال

(۷) حلقہ چکرکوٹ۔ سبیل۔ شمروٹ۔ جگوٹ۔ پہوٹے۔ گاشو۔ میدان چکرکوٹ۔ رقبہ ۲۳۶۹۲ کنال

(۸) حلقہ ڈموٹ۔ ڈموٹ۔ ڈروٹ۔ جگلوٹ۔ پیڑی بنگلہ۔ رقبہ ۳۸۰۲۳ کنال

کل رقبہ زیر کاشت ۳۰۰۲۶۳ کنال۔ ایک کنال ہوتا ہے ۲۰ مرلے اور ایک مرلہ ہوتا ہے ۵ گز × ۵ گز رقبہ = ۲۵ مربع گز۔ کنال ہوا ۵۰۰ مربع گز یعنی تقریباً ۲۲.۳ گز × ۲۲.۳ گز مربع زمین کا ٹکڑا۔ ۴ کنال ہوتا ہے ایک بیگھہ۔ اور ۲ بیگھے = ۱ ایکڑ۔ یعنی گلگت ایجنسی میں کل رقبہ زیر کاشت ہوا ۳۷۵۳۳ ایکڑ = ۴۸.۴۴ مربع میل۔ سب ڈویژن کا کل رقبہ ہے ۱۴۸۰ مربع میل یعنی کل رقبے کا صرف ۳.۲۷ فیصدی زیر کاشت ہے (سوا تین فیصدی تقریباً)

یہ رقوم میں نے "جغرافیہ علاقہ گلگت ایجنسی" سے حاصل کیں جو یہاں سکولوں میں پڑھایا جاتا ہے۔ یہ جغرافیہ ۱۹۴۴ میں چھپا۔ اس کے مصنف ماسٹر حمید اللہ خان اور ماسٹر عجب خان ہیں۔ مگر معلوم ہوتا ہے

کہ پٹواری صاحبان نے ماسٹران صاحبان کو صحیح حالات سے آگاہ نہیں کیا۔ رپورٹ مردم شماری ۱۹۳۱ (صفحہ ۶۱ جلد ۲۴) میں گلگت ضلع کا حقیقی رقبہ زیر کاشت ۲۸۹،۱۳ ایکڑ لکھا ہے۔ اس طرح سے حقیقی مزروعہ رقبہ پر جتنے نفوس فی مربع میل پرورش پاتے ہیں ۵۹۵،۱ ہوتی ہے۔

ڈوگرہ راج کی مردم شماری کے اعداد

ڈوگرہ راج میں ملکی تقسیم مختلف طریق پر تھی۔ اس حکومت نے ضلعے اور ان کے ماتحت تحصیلیں اپنی منشا کے مطابق بنائے ہوئے تھے تاکہ ملکی انتظام درست چلتا رہے گلگت سب ڈویژن اور استور کو یکجا کر کے ایک سیاسی اکائی بنایا ہوا تھا۔ اس کا نام گلگت تحصیل تھا۔ بعض جگہ اسی کا نام گلگت ضلع لکھا ہے اور نقشوں پر اس کو گلگت وزارت کا نام دیا ہے۔ اس تحصیل کو ضلع کی منزلت حاصل تھی اور یہاں ایک وزیر وزارت مقرر تھا جو ضلع کا حاکم ہوتا ہے۔ یعنی ڈوگروں کے کاغذات میں جہاں گلگت لکھا ہوا ہو گا اس کے معنی ہیں گلگت کا موجودہ سب ڈویژن جمع موجودہ استور سب ڈویژن۔ استور کو ڈوگرے حصورہ کہتے تھے اس کا نام ہم گلگت وزارت رکھ لیتے ہیں۔ باقی سارے علاقہ کو وہ فرنٹیر علاقہ (FRONTIER ILLAQAS) (فرنٹیر علاقہ جات) کہتے تھے۔ اس نام میں یہ وادیاں شامل تھیں۔ چلاس۔ ہنزا۔ نگر۔ پونیال۔ اشکومن۔ یاسین۔ کوہ۔ غذر۔ کل آٹھ وادیاں یا علاقے۔ فرنٹیر علاقوں سے وہ زیادہ دست اندازی نہیں کرتے تھے۔ فرنٹیر علاقہ جات سیاسی انتظام کے لئے وزیر وزارت گلگت اور انگریز پولیٹیکل ایجنٹ بہادر دونوں کے ماتحت تھے۔ ملکی انتظام۔ فوج۔ مالیہ وغیرہ کا تصفیہ وزیر وزارت کے سپرد تھا۔ جو ڈوگرہ حکومت کا افسر ہوتا تھا۔ اور پولیٹیکل جوڑ توڑ انگریز پولیٹیکل ایجنٹ کے سپرد تھی۔ پولیٹیکل ایجنٹ کا کام بیرونی حکومتوں سے تعلقات کی نگہداشت تھا۔ روس۔ افغانستان۔ چترال۔ ترکستان۔ چین وغیرہ میں کیا ہو رہا ہے۔ وہ ان پولیٹیکل علاقوں کے حکمرانوں سے کوئی تعلق پیدا کر رہے ہیں یا نہیں اور وہ کس طرح کا ہے۔ غیر ممالک سے اگر لوگ آتے ہیں تو ان کے مقاصد کیا ہیں۔ اور وہ کس کس سے ملاقات کرتے ہیں۔

۱۹۳۱ کی مردم شماری جو ڈوگروں نے کی تھی اسی ملکی تقسیم کے مطابق تھی۔

ان تحصیلوں کی جغرافیائی حدود آج بھی وہی ہیں جو ڈوگروں کے دور حکومت میں تھیں۔ چونکہ یہ تو قدرتی ثغور ہیں جو بلند و بالا پہاڑوں کے سلسلوں نے خود بخود قدرتی طور پر بنا دی ہیں۔

۱۹۳۱ کی مردم شماری کی رپورٹ کے مطابق (باب XI) ڈوگرہ دور حکومت

	کل رقبے میں سے نسبتی رقبہ جو حقیقتاً زیر کاشت ہے	جو زیر کاشت نہیں مگر قابل کاشت بنایا جا سکتا ہے	زیر کاشت رقبہ جس میں دو فصلیں ہوتی ہیں	سالانہ بارش نارمل
گلگت وزارت	آٹھ / ہزار	چھ / ہزار	۲۷ر۱ / ۱۰۰	۵ر۷۷ انچ
فرنٹیئر علاقہ جات	تین / ہزار	دو / ہزار	۲۱ر۲ / ۱۰۰	۴ر۷۷ انچ

پیداوار - فیصد مقدار ٹوٹل پیداوار کی

	چاول	گندم	جو	مکئی ۔ دالیں ۔ دیگر اجناس خوردنی	مصالحہ جات ۔ تیل کے بیج دوائیاں ۔ خرابہ
گلگت وزارت	۱ر۱	۳۵ر۶	۹ر۷	۳۶ر۷	۱۷ر۹
فرنٹیئر علاقہ جات	۱ر۰	۲۰ر۴	۱۰ر۸	۴۵ر۴	۲۲ر۹

آبادی

	فی مربع میل آبادی			آبادی میں فیصدی اضافہ		مہاجر جو اس علاقے میں آکر آباد ہوئے
	۱۹۱۱	۱۹۲۱	۱۹۳۱	۱۹۱۱ سے ۱۹۲۱	۱۹۲۱ سے ۱۹۳۱	۱۹۲۱ سے ۱۹۳۱ تک نفوس کی تعداد
گلگت وزارت	۸	۹	۱۰	+۱۹ر۸	+۱۱ر۱	۱،۰۸۲
فرنٹیئر علاقہ جات	۴	۴	۴	+۱۲ر۲	+۵ر۸	۹۵۳

فی گھر نفوس کی تعداد اور فی مربع میل گھر

	فی گھر نفوس کی تعداد			فی مربع میل گھروں کی تعداد		
	۱۹۱۱	۱۹۲۱	۱۹۳۱	۱۹۱۱	۱۹۲۱	۱۹۳۱
گلگت وزارت	۷	۷	۶	۱	۱	۲
فرنٹیر علاقہ جات	۶	۷	۶	۱	۱	۱

خوراک کی مقدار اور اس کا حصول

گلگت سب ڈویژن کی آبادی ۱۹۵۱ کی مردم شماری کے مطابق ۲۲۵۹۵ نفوس ہے۔ اور رقبہ زیر کاشت ۴۸٫۴ مربع میل ہے۔ اس طرح سے فی مربع میل آبادی ۴۶۷٫۰ نفوس ہوتی ہے۔ زمین سے اکثر صرف ایک فصل نکلتی ہے۔ یعنی گلگت وزارت میں ۷۲٫۹ فیصدی رقبہ ایسا ہے کہ اس میں صرف ایک فصل پیدا ہوتی ہے اور فرنٹیر علاقہ جات میں ۷۸٫۸ فیصدی رقبہ ایسا ہے جس میں صرف ایک فصل پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے زمین پر نفوس کی خوراک کا بوجھ بہت زیادہ ہے۔ آدمی زیادہ اور پیداوار کم۔ اور یہ مشکل ہر سال بڑھتی جاتی ہے چونکہ آبادی میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اور زمین کا رقبہ اتنا ہی ہے۔ ایک کہنہ سال بزرگوار گلگت میں مجھے کہہ رہے تھے کہ جب میں (یعنی وہ بزرگوار) چھوٹے لڑکے تھے تو ان کو کھیلنے کے لئے گلیوں میں ساتھی کوئی نہیں ملتا تھا۔ آج یہ حالت ہے کہ جدھر جاؤ گلیوں میں بچے ہی بچے نظر آتے ہیں۔ آبادی بسرعت بڑھ رہی ہے۔ عہد قدیم میں اگر کبھی آبادی بڑھتی تھی تو اس کے کم کرنے کے سامان بھی قدرت مہیّا کر دیتی تھی۔ کبھی وبا آجاتی تھی اور انسان غول در غول موت کے گھاٹ اُتر جاتے تھے یا لڑائی شروع ہو جاتی تھی اور مخالفین کے افراد تھوڑے ہی عرصے میں لڑ بھڑ کر ایک دوسرے کو کم کر دیتے تھے۔ کھیتوں کا رقبہ وہی رہتا تھا۔ آدمیوں کی تعداد بھی پھر نارمل پر آجاتی تھی۔ مگر آج یہ حالت ہے کہ اموات کی تعداد بہتر طبی امداد نے کم دی ہے۔ وبا اور پلیگ کو ہونے نہیں دیتے اور لڑائی کے امکانات اچھے شہری اصولوں، اقوام، قبائل اور فرقوں کی بہتر

باہمی مفاہمت سے بہت کم ہو گئے ہیں۔ تعداد میں اضافہ نہ ہو تو اور کیا ہو۔ اس کا نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ گلگت کے علاقہ میں فی گھر کھیتوں کی ملکیت کا رقبہ کم ہوتا جاتا ہے۔ یعنی پیداوار کی مقدار اور آمدنی کی صورت دن بدن کم ہوتی جا رہی ہے۔

جب کھانے والے بہت اور سامانِ خوراکی کی مقدار کم ہو تو لوگ بھوکے رہیں گے۔ اگر ان کے پاس اتنی استطاعت ہو تو وہ غلہ باہر سے درآمد کرنے کی کوشش کریں گے۔ موجودہ صورت میں علاقہ کی ذمہ دار حکومت پاکستان ہے۔ اور یہ نہیں چاہتی کہ غلہ کی کمی کے سبب لوگوں میں شورش برپا ہو۔ اس لئے غلہ پاکستان کے میدانوں سے درآمد کیا جاتا ہے۔ آنے جانے کا ذریعہ صرف ایک ہے یعنی ہوائی جہاز جو چیز اس میں سوار ہو کر آتی ہے وہ جب بے جان ہو تو اس پر تقریباً ایک روپیہ فی سیر بار برداری کا خرچ پڑتا ہے یعنی چالیس روپیہ من تو یہی بار برداری کا خرچ ہو گیا اصل قیمت الگ رہی جو پاکستان کے میدانوں میں فی من غلہ خریدنے کے لئے ادا کرنی پڑی۔ اس طرح سے خوراکی سامان گلگت میں اکثر کمیاب بھی ہو جاتا ہے اور نسبتاً بہت مہنگا بھی ملتا ہے۔ سردی اور برف کے دنوں میں جب ہوائی جہاز کم آتا ہے تو یہ دقت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ کچھ کھانے کو ملتا ہی نہیں۔ چنا وہاں پیدا نہیں ہوتا۔ میدانوں سے لے جاؤ جب چنا نہیں تو بیسن کہاں سے آئے۔ لوگ پکوڑی سے اس لئے ناآشنا ہیں۔ گھی اتنا خراب۔ پرانا اور بدبودار ہوتا ہے کہ اس کے کھانے کے لئے خاص ناک اور خاص تربیت کی ضرورت ہے۔ یہ بھی یا تو میدانوں سے جاتا ہے یا باغستان سے آتا ہے اور سردی میں جب راستے بند ہو جاتے ہیں تو ناپید۔ لوگ تین مہینے کے لئے کھانے کا سارا سامان گھروں میں محفوظ رکھ لیتے ہیں۔

غلے کو سستا کرنے کے لئے سرکار دولتمدار سب سی ڈائز (SUBSIDIZE) کرتی ہے یعنی اپنی طرف سے کچھ رقم غلے کی خرید اور برداشت کے لئے دے دیتی ہے۔ اس طرح سے غلے کا نرخ کچھ مناسب بھاؤ پر رہتا ہے۔ مثلاً ۱۹۵۵ میں جب میں وہاں تھا تو پنجاب کے میدانوں میں گندم ۱۵ روپے من تھی اور گلگت میں سرکاری ریٹ ۲۵ روپے من تھا۔ مگر آٹا بازار میں ایک روپے کا سیر ہی ملتا تھا اور پن چکی جو اس کو پیستی ہے اس کا پتھر کچھ ایسا نرم ہوتا ہے کہ کچھ نہ کچھ رِس گھس کر

آٹے میں شامل ہو جاتا ہے کرکل ۔ منّہ میں ½ ریت ۔ اس لئے پنجاب کے پسے ہوئے آٹے کو ترجیح دی جاتی ہے ۔ مرغی ساڑھے تین روپے میں ایک ۔ یہی پنجاب کا بھاؤ ہے ۔ انڈا ڈھائی تین آنے ۔ میدان کا بھاؤ ۔ گھی چھ روپے سیر ۔ کپڑا کم از کم ڈیوڑھے نرخ پر ۔ غرض ہر ضرورت کی چیز دوگنے بھاؤ پر دستیاب ہوتی ہے ۔ یوں بھی دیکھا جائے تو گلگت علاقے میں نہ کپڑا بنایا جاتا ہے ۔ نہ جوتے نہ کاغذ ۔ نہ کتابیں ۔ نہ سٹیشنری ۔ غرض ہر چیز باہر سے درآمد کی جاتی ہے ۔ اس لئے ہر چیز کی قیمت یہاں آتے آتے دوگنی ہو جاتی ہے ۔

گلگت ایجنسی

فرقے اور مذہب

علاقہ	فرقہ	مذہب
گلگت کا نواحی علاقہ	چند رونو۔ چند شین۔ زیادہ یشکن	آدھے سُنی۔ آدھے شیعہ
سئی	شین۔ یشکن	زیادہ سُنی۔ چند شیعہ
حراموش	شین اور یشکن	شیعہ
بگروٹ	شین اور یشکن	شیعہ
استور	شین اور یشکن	سُنی۔ ایک بٹا تین شیعہ
پنیال	یشکن۔ بورش۔ قلیل رونو	مولائی۔ حنفی ایک بٹا چار
نگر	شین۔ یشکن۔ قلیل رونو	تمام شیعہ
ہنزا	یشکن	تمام مولائی۔ چند شیعہ
اشکومن	یشکن	مولائی۔ چند سُنی
یاسین	یشکن۔ کچھ رونو	مولائی۔ صرف چند سُنی
واخان	واخی	سب مولائی
چلاس	شین اور یشکن	سُنی
تھلیچی۔ گور	شین اور یشکن	سُنی
داریل۔ تانگیر	شین اور یشکن	سُنی
کولی۔ پالوس	شین اور یشکن	سُنی
چترال	تمام یشکن	سُنی

زبانیں گلگت ایجنسی میں جو زبان عام مروج ہے۔ اس کا نام شنا ہے۔ ہر شخص اس زبان سے واقف ہے۔ اس کی مادری زبان اگرچہ کچھ اور بھی ہو مگر شنا بولنا وہ جانتا ہوگا۔

ہنزا والے بروشسکی بولتے ہیں۔ یاسین۔ گوپس۔ اشکومن میں چترالی (کھوار) بولی جاتی ہے گوجر لوگ گوجری بولتے ہیں جو پنجابی زبان سے ملتی جلتی ہے۔ پٹھان، پشتو بولتے ہیں۔ پنجابی پنجابی زبان۔ کاشغری لوگ کاشغری یعنی ترکی میں گفتگو کرتے ہیں۔ پڑھے لکھے اور حاکم لوگ اردو میں گفتگو کرتے ہیں۔ یہاں کے اکثر لوگ جو شہروں کے قریب رہتے ہیں اردو میں کم و بیش گفتگو کرنا جانتے ہیں اور آپ جہاں جائیں اردو سے کام چل جاتا ہے۔

محکمہ جات مال۔ پولیس۔ تعلیم۔ سلوتری۔ جنگلات۔ ڈاکخانہ۔ ہسپتالات۔ پی۔ ڈبلیو۔ ڈی۔ ایجنسی دفتر

جہاں جہاں سکول ہیں۔ وہیں ڈاکخانہ بھی موجود ہے۔ اگر وہ قصبہ بڑا ہے

ہسپتال گلگت۔ چلاس۔ ہنزا۔ نگر۔ سنگل (پنیال) گوپس۔ اشکومن۔ یاسین۔ مسگر میں ہسپتال واقع ہیں۔

آب و ہوا علاقہ پہاڑی ہے اور سطح سمندر سے ۴ ہزار فٹ سے لے کر ۲۵ ہزار فٹ تک بلند اس لئے آب و ہوا پنجاب کے میدانوں کی نسبت سرد ہے۔ وادیاں کچھ گرم ہیں۔ جہاں گرمی میں درجہ حرارت پندرہ بیس دن کے لئے زیادہ سے زیادہ ۱۰۸ فارن ہیٹ تک ہو جاتا ہے۔ سردی میں پانی جم جاتا ہے۔ گلگت شہر میں سارے زمستان میں صرف دو دفعہ ایک ایک انچ برف پڑتی ہے جو سورج نکلنے پر دو چار گھنٹے میں گھل جاتی ہے۔

پہاڑوں پر تقریباً تین مہینے برف جمی رہتی ہے اور لوگ کوئی کاروبار سردی کے ایام میں نہیں کرتے۔ کھیتی باڑی بالکل نہیں ہوتی۔ ساری گلگت ایجنسی میں لوگ سردی کے پانچ مہینے بیکار رہتے ہیں۔ اون کات لیتے ہیں یا کپڑا بنتے ہیں۔

گلگت قصبہ
آب و ہوا کی معیاری رقوم

گورنمنٹ آف پاکستان - محکمہ آب و ہوا کے سرکاری ریکارڈ سے تیار ہوا - ذیل کی نارمل رقوم کا انحصار ان تمام مشاہدات پر ہے جو محکمہ نے ۱۹۴۰ تک حاصل کئے۔

طول بلد : ۷۴ درجے - ۲۲ منٹ مشرق

عرض بلد : ۳۵ درجے - ۳۵ منٹ شمال

ارتفاع : اوسط سطح سمندر سے بلندی = ۴۸۹۰ فٹ ڈاکخانہ گلگت کا مقام جو بازار میں واقع ہے۔

عنصر	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر	سال بھر میں
اوسط روزانہ اعظم درجۂ حرارت	۴۶٫۳	۵۲٫۵	۶۲٫۴	۷۲٫۲	۸۲٫۳	۹۱٫۳	۹۵٫۶	۹۳٫۵	۸۵٫۲	۷۳٫۷	۶۲٫۲	۴۹٫۹	۷۲٫۲ اوسط سالانہ
اوسط روزانہ کا اقل درجۂ حرارت	۳۲٫۰	۳۶٫۹	۴۵٫۱	۵۲٫۷	۵۹٫۴	۶۶٫۳	۷۱٫۷	۷۱٫۵	۹۳٫۵	۵۲٫۲	۴۱٫۳	۳۳٫۸	۵۲٫۱ اوسط سالانہ
فیصد نسبتی رطوبت صبح ۸ بجے مغربی پاکستان کا سٹینڈرڈ وقت	۷۳	۶۱	۵۲	۵۹	۵۸	۵۷	۵۷	۶۴	۶۳	۶۱	۵۶	۶۹	۶۱ اوسط سالانہ
بادل کی مقدار صبح ۸ بجے مغربی پاکستان کا سٹینڈرڈ وقت	۶٫۹	۶٫۷	۶٫۵	۵٫۶	۴٫۳	۳٫۰	۳٫۳	۳٫۶	۳٫۲	۳٫۲	۳٫۴	۶٫۵	۷٫۴ اوسط سالانہ
بخارات آب کا فشار صبح ۸ بجے مغربی پاکستان کا سٹینڈرڈ وقت	۴٫۱۸	۴٫۷۳	۵٫۷۹	۸٫۹۶	۱۱٫۹۵	۱۴٫۴۳	۱۶٫۸۳	۱۴٫۹۱	۱۴٫۶۸	۸٫۷۴	۵٫۲۱	۴٫۷۱	۹٫۸۱ اوسط سالانہ
مہینے بھر میں ساری بارش انچوں میں	۰٫۲۵	۰٫۲۶	۰٫۸۰	۰٫۹۶	۰٫۸۰	۰٫۳۷	۰٫۳۹	۰٫۵۵	۰٫۴۰	۰٫۲۴	۰٫۰۵	۰٫۱۱	۵٫۱۸ سال میں تمام بارش
اوسط بارانی ایام کی تعداد مہینے میں	۰٫۸	۰٫۹	۱٫۸	۲٫۶	۲٫۵	۱٫۳	۱٫۲	۱٫۷	۱٫۱	۰٫۷	۰٫۲	۰٫۳	۱۵٫۱ سال بھر میں

کل بارانی ایام

ملک بی پتھ والا کی کتاب "این انٹروڈکشن ٹو کشمیر" سے لیا گیا۔ صفحہ ۱۲۴ AN INTRODUCTION TO KASHMIR.

اس جدول کی مدد سے آپ گلگت ایجنسی کے دیگر مقامات کی آب و ہوا کا اندازہ کر سکتے ہیں گلگت کا ارتفاع ۴۸۹۰ فٹ ہے۔ گلگت سے مشرق اور جنوب کی طرف ارتفاع کم ہوتا جاتا ہے۔ شمال اور مغرب کی طرف ارتفاع بڑھتا ہے۔ یہ سمجھ لیں کہ جیسا ہم دریاؤں کے ساتھ ساتھ اوپر کو چڑھتے ہیں سطح سمندر سے ارتفاع بڑھتا جاتا ہے جب ارتفاع بڑھتا ہے تو روزانہ تپش کم ہو جاتی ہے۔ زمستان میں برف زیادہ پڑتی ہے۔ رطوبت اور بادل کی مقدار ذرا سی بڑھتی ہے۔ مگر بارش کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔

آب و ہوا کی تکالیف

ہوا کا رقیق ہونا جب ہم بارہ ہزار فٹ کے ارتفاع سے اوپر جاتے ہیں تو کرۂ ہوائی کا فشار بہت کم ہو جاتا ہے اور ہوا کی رقّت میں نمایاں کمی ہو جاتی ہے۔ آکسیجن اور رطوبت کم ہو جاتی ہے۔ اس میں سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے خاص طور پر وہ لوگ جنہوں نے اپنی تمام عمر میدانوں میں گزاری ہو جب بہت بلندی پر آتے ہیں تو دم کشی کا عارضہ ہو جاتا ہے۔ یعنی سانس مشکل سے آتا ہے۔ نیند غائب ہو جاتی ہے اور تکلیف ہوتی ہے زیادہ بلندی پر آدمی بے ہوش ہو جاتا ہے۔ ناک سے خون آنے لگتا ہے۔ اگر وہیں اسی حالت میں پڑا رہے تو مرنے کا خطرہ ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ اس آدمی کو فوراً اس مقام سے نیچے لایا جائے جہاں فشار زیادہ ہو۔ اس نئے مقام کا ارتفاع دس ہزار فٹ سے کم ہو۔ طبیعت ایک دو روز میں از خود درست ہو جاتی ہے

ہوا کا فشار

(پونڈ فی مربع انچ سطح پر)

اوسط ارتفاعِ بحر پر فشار = ۱۷ پونڈ فی مربع انچ سطح پر۔

ارتفاع فٹ	فشار پونڈ	ارتفاع فٹ	فشار پونڈ
۵٬۰۰۰	۱۵٫۲۲	۱۳٬۰۰۰	۹٫۲۹
۶٬۰۰۰	۱۲٫۱۲	۱۴٬۰۰۰	۸٫۹۴
۷٬۰۰۰	۱۱٫۶۷	۱۵٬۰۰۰	۸٫۶۰
۸٬۰۰۰	۱۱٫۲۳	۱۶٬۰۰۰	۸٫۲۸
۹٬۰۰۰	۱۰٫۸۱	۱۷٬۰۰۰	۷٫۹۶
۱۰٬۰۰۰	۱۰٫۴۱	۱۸٬۰۰۰	۷٫۶۶
۱۱٬۰۰۰	۱۰٫۰۲	۱۹٬۰۰۰	۷٫۳۶
۱۲٬۰۰۰	۹٫۶۵	۲۰٬۰۰۰	۷٫۰۷

(از کتاب "این انٹروڈکشن ٹو کشمیر" صفحہ ۱۱۴) AN INTRODUCTION TO KASHMIR MANAK B. PITHWALA.

اس لئے کوشش یہ ہونی چاہیئے کہ وہ آدمی جو میدانوں میں رہنے کا عادی ہے وہ ۱۲ ہزار فٹ سے اوپر نہ جائے۔ جب اس بلندی پر بھی جائے تو راستے میں چند روز ٹھہرتا جائے تاکہ جسم کو اس نئی آب و ہوا میں رہنے کی عادت ہو جائے۔

جب ہوا کا فشار ۱۰ پونڈ سے کم ہو جاتا ہے تو شریانیں پھیل جاتی ہیں۔ سردرد اور دوران سر پیدا ہو جاتا ہے۔ جب فشار اس سے بھی قلیل ہوتا ہے تو خون کی عروق شعریہ پھیل جاتی ہیں۔ ناک اور کانوں سے خون بہنے لگتا ہے۔ آکسیجن کی مقدار ہوا میں کم ہو جاتی ہے۔ بیس ہزار فٹ کی بلندی پر آکسیجن کی مقدار سمندر کی سطح کے مقابلے میں ½ سے بھی کم ہے۔

برف کوری | برف بہت سفید اور چمکدار ہوتی ہے۔ اس پر بلند پہاڑوں کی روشنی میں جب سورج کی تیز کرنیں پڑتی ہیں تو قلیل طولِ موج کی نفوذ کرنے والی عامل کرنیں نکلتی ہیں جو آنکھ کے اندر داخل ہوتی ہیں آدمی اس کو دیر تک غور سے دیکھتا ہے یا متواتر چند روز برف کے ماحول میں رہے تو منعکس شدہ تیز روشنی آنکھ میں داخل ہوتی ہے۔ آنکھوں پر بڑا بُرا اثر پڑتا ہے اور آنکھیں بیمار ہو جاتی ہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ آنکھوں میں گرم ریت بھر دی گئی ہے۔ بعض دفعہ آدمی کی بینائی بالکل جاتی رہتی ہے اور وہ کور یعنی اندھا ہو جاتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ ایسے ماحول میں اور ایسے حالات کے تحت آدمی سیاہ شیشوں والے ٹھنڈے چشمے ہر وقت استعمال کرے جنہیں سے قلیل طول موج کی عامل کرنیں گزر نہ سکیں۔

سورج کی گرمی | اگرچہ یہ پہاڑ بلندی پر واقع ہے۔ مگر تمام بے آب و گیاہ اور سیاہ خشک ہیں۔ اس لئے سورج کی کرنیں منعکس ہو کر وادیوں میں آتی ہیں۔ مئی، جون، جولائی میں رطوبت کی مقدار کم ہوتی ہے تو گرمی کی حدت ہوا میں جذب نہیں ہوتی۔ دھوپ تیز محسوس ہوتی ہے۔ بہت بلندی پر (۱۲ ہزار فٹ) اتنی تیز کہ اگر دو چار گھنٹے دھوپ میں پھرو تو جلد کو جھلس کر سیاہ کر دیتی ہے۔ بعض دفعہ چمڑا اسکڑی بن کر اوپر سے اُتر جاتا ہے۔ ویزلین کا لگانا مفید ثابت ہوتا ہے۔ موٹی موٹی تہ جلد پر چڑھا لی جائے تو اثر کم ہوتا ہے۔ وہ وادیاں جن کا ارتفاع کم ہے۔ مثلاً گلگت۔ چلاس اور اس سے نیچے دریا کے ساتھ ساتھ، گرمی کے موسم میں (جون، جولائی) اتنی ہی گرم ہو جاتی ہیں جتنی کہ پنجاب اور پشاور کی

مقابل صفحہ ۲۰ (۴)

(۹) زمستان میں بازار کا منظر

یہ گلگت قصبہ کے بازار کا وہ حصہ ہے جہاں ڈاک خانہ واقع ہے ۔ اس کے سامنے سکول ہے ۔ فوٹو میں گورنمنٹ ھائی سکول گلگت بورڈ کے اوپر لکھا ھوا ہے ۔ یہ دسمبر کی ابتدا ہے اور ابھی کچھ پتے درختوں پر باقی ھیں ۔ پتے سب گر جائیں گے ۔

کوٹ چھوٹے بھی ھیں لمبے بھی ۔ اوپر فرغل یا چوغہ پہن لیا جاتا ہے جو ٹخنوں تک لمبا ہے ۔ نیچے سے سلوار کے پائنچے بند کر دئے جاتے ھیں ۔ سب کے سر پر وھی گلگتی ٹوپی ہے ۔ کوٹ، سلوار، فرغل دیسی پٹو کے بنے ھوئے ھیں جو یہاں بھیڑ ، بکری کے بالوں سے دستی تیار کیا جاتا ہے ۔

(۱۰) زمستان میں پانی جم جاتا ہے

گلگت میں میری کوٹھی میں لگا ھوا پانی کا نل ۔ گلگت کا قصبہ سمندر سے تقریباً ۵ هزار فٹ بلند ہے ۔ باقی مقامات اس سے بلند تر ھیں ۔ اس لئے گلگت میں سردی نسبتاً کم ھوتی ہے ۔ ارد گرد کی بستیوں میں سردی کے دو تین مہینے زمین پر برف پڑی رھتی ہے ۔

تصویر میں دیکھئے نل کا پانی تو چلتا ہے ۔ مگر اس کے ارد گرد تمام برف جم گئی ہے ۔ نل سے رات یا دن کو جو پانی گرا وہ آھستہ آھستہ جمتا گیا اور پھر پگھلا نہیں ۔ فوٹو میں پیچھے تو دیوار کھڑی ہے ۔ بائیں طرف اوپر کے کونے تک تمام جما ھوا پانی لہریا دار نظر آ رھا ہے ۔ سامنے دائیں ھاتھ برف کی شفاف اور چمکدار قلمیں صاف نظر آ رھی ھیں ۔ نل سے پانی بہ رھا ہے ۔



زمستان میں بازار کا منظر۔



زمستان میں پانی جم جاتا ہے۔

وادیاں جو ایک ہزار فٹ بلند ہیں۔ اعلیٰ تپش ۱۰۸ تک پہنچ جاتی ہے۔ یہ کیفیت پندرہ بیس دن تک رہتی ہے ۱۵ جولائی اور ۱۵ اگست کے درمیان پھر کچھ بارش سے ہوا خنک ہو جاتی ہے

مکھیاں اور مچھر تابستان میں جب گرمی بڑھتی ہے تو اس کے ساتھ مچھر اور مکھیاں بھی آ جاتی ہیں۔ اگرچہ اس قدر اور شورش سے نہیں جتنی کہ ملتان اور منٹگمری میں۔ چلاس اور اس کے نواح کا علاقہ اپنے مچھروں کے لئے مشہور ہے۔ دن کے وقت مچھروں کی ایک ذات اور قسم کی فوج ہوتی ہے۔ اور رات کے وقت مختلف ذات اور شکل کا گروہ۔ بعض اتنے باریک کہ نظر نہیں آتے۔ اور مچھر دانی کے اندر گھس جاتے ہیں۔ بعض ایک انچ بڑے اور ایسے کہ ڈنگ مارتے ہیں تو وہاں سے خون نکل آتا ہے۔ اور وہاں ابھار بن جاتا ہے۔ تمام سرکاری گھروں میں اس لئے جالی کے پردے یا دروازے لگا دیئے گئے ہیں۔ چلاس کا علاقہ خطرناک مچھروں کے لئے مشہور ہے۔

حفظانِ صحت لوگ نہ بہت پاکیزہ ہیں نہ اتنے غلیظ کہ ان سے بُو آئے۔ کشمیر کی نسبت بہت بہتر ہیں۔ گرمیوں میں مرد عورتیں نہا بھی لیتے ہیں۔ لباس بھی مل جائے تو معقول پہنتے ہیں۔ قیمتی لباس پہننے کی کوشش کرتے ہیں۔ آمدنی قلیل اور ذرائع حصولِ اشیا ناپید اس لئے جو کچھ مل جاتا ہے اسی میں اپنی صحت کو درست رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

صحت یہاں کا پانی دریاؤں کا پانی ہے جو پینے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ برف اُدھر پہاڑ کی چوٹی پر پگھلتی ہے۔ نیچے آتی ہے تو دریا کا پانی بن جاتا ہے۔ اس میں وہ نمکیات موجود نہیں جو اچھی صحت کے لئے ضروری ہیں۔ لوہا تو پانی میں بالکل ناپید ہے۔ کیلسیم جو دوسرا ضروری جزو ہے وہ بھی تقریباً غائب ہے۔ آئیوڈین کا پانی میں نام نشان نہیں۔ اس لئے یہاں کے باشندے بدن کے لحاظ سے دُبلے اور درمیانی ہمت کے ہیں۔ وجاہت اور قوی بدن بہت کم دیکھنے میں آتا ہے۔ ہوا سرد ہونے کے سبب رنگ سفید ہیں اور آریائی نسل کی آمیزش نے خدوخال معقول پیدا کر دیئے ہیں۔

بیماریاں پانی میں نمکیات کی کمی اور خوراک میں سبزیات کی قلت کے سبب بیماریاں آہستہ

انسان پر قابو پاتی رہتی ہیں - یہاں پر اکثر لوگوں کے معدے خراب ہیں۔ ذرا زیادہ کھایا کھٹے ڈکار آنے لگے - باہر سے آنے والے لوگوں کے معدے بھی چھ مہینے کے بعد خراب ہونے شروع ہوتے ہیں۔ کچے پھل اور زیادہ آڑو کھانے سے بھی معدہ بہت جلد خراب ہو جاتا ہے۔ معدے کی خرابی سے لوگوں کو دست بھی آتے رہتے ہیں

یہاں کی دوسری عام بیماری امعاء کے کرم ہیں۔ آنتوں میں لمبے کیڑے - ہر بچے کے پیٹ میں کیڑے ہیں اور بڑے آدمیوں کو بھی اکثر ہوتے ہیں۔ جو لوگ بڑی عمر کے ہو کر میدانوں سے آتے ہیں ان کے پیٹ میں کیڑے ہونے کا احتمال کم ہے۔ پھر بھی ممکن ہے۔ آنتوں کے کیڑے انڈے دیتے رہتے ہیں جو خشخاش کے دانے کے برابر ہوتے ہیں۔ یہ انڈے فضلے میں مریض نکالتا رہتا ہے اور یہ سال دو سال تک اپنے خول میں زندہ رہ سکتے ہیں۔ ساری زمین پر اور پانی میں فضلے کے منتشر ہونے کا امکان ہے اور اس لیئے یہ انڈے ہر جگہ موجود رہتے ہیں۔ جو پھل سبزی وغیرہ زمین پر گرتی ہے۔ مٹی کے ساتھ یہ انڈے بھی اس پر لگ جاتے ہیں جب آدمی ان کو کھاتا ہے تو معدے میں چلے جاتے ہیں اور وہاں بچے دینے شروع کر دیتے ہیں

تیسری عام بیماری خون کی کمزوری اور ہمت کی کمی ہے۔ اس کا سبب غالباً یہ ہے کہ خوراک قلیل اور ناواجب ہے۔ جس میں حیاتیات اور روغنیات بہت ہی کم ہیں۔ سردی میں تو یہاں سبزی کا نشان نہیں ہوتا۔ بلکہ آٹا اور دال بھی میسّر نہیں آتی۔ خوراک کی چیزوں کی بہت کمی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس ہوا میں مریض کی رو بصحت ہونے کی صفت قلیل ہے۔ ایک دفعہ انسان بستر پر گرا اور کمزور ہوا تو اس کو واپس اپنی پوری قوت میں آنے کے لئے وقت چاہیئے۔ ہوا اور پانی میں پرورش اور نمو کی قوت کم ہے

یہاں پھل میوے تو موجود ہیں۔ سیب۔ ناشپاتی۔ انگور۔ انجیر وغیرہ مگر سب بحیثیت مجموعی کشمیر اور کوئٹے کی نسبت اپنی لذت۔ شیرینی اور پختگی میں بہت حد تک گھٹیا اور کمتر ہیں۔ شکل میں ویسے ہی ہیں۔ بعض دفعہ زیادہ دلفریب، مٹھاس میں کم۔

(۱۱) گلگت کا کسان ہل چلا رہا ہے

وہی لکڑی کا ہل جو صدیوں پہلے اس کسان کے باپ دادا استعمال کرتے تھے ۔ اور وہی اس کے ساتھی دو بیل ۔ مگر دیکھئے کس جوش کے ساتھ کسان کام میں مصروف ہے ۔

❋ ❋ ❋

(۱۲) گندم کی ڈھیریاں کاٹ کر کھلیان میں لے جا رہے ہیں

دائیں کونے میں نیچے گندم کے پولے نظر آ رہے ہیں جو زمین پر سیدھے کھڑے ہیں ۔ ایک کسان کھڑا ان پولوں کو رسی سے باندھ رہا ہے ۔ دوسرا کسان ان کو اٹھا کر کھلیان میں لے جا رہا ہے ۔ پس منظر میں گلگت کے پہاڑ ہیں جن کے اوپر بادل کھیلتے رہتے ہیں ۔ ایک پہاڑ کی چوٹی پر برف اب تک جمی ہوئی نظر آرہی ہے ۔

❋ ❋ ❋

(۱۳) گندم کے خوشے

وٹامن سے معمور گندم، جس کو کھا کر گلگت کے عوام توانائی سے معمور ہو جاتے ہیں ۔

❋ ❋ ❋


(۱۴) کھلیان میں چار پائے پھرائے جا رہے ہیں

گندم کے پولوں کو ایک دائرے میں بکھیر دیا جس کے مرکز میں ایک قد آدم کھونٹا گاڑا ہوا ہے ۔ ایک رسے میں بیل گائے گدھے سب جانوروں کو باندھ دیا اور اس رسے کا ایک سرا کھونٹے کے ساتھ باندھ دیا ۔ جانوروں کی یہ قطار کھلیان میں چکر کاٹنے لگی ۔ تصویر میں اس قطار کے پیچھے ایک لڑکا جانوروں کو ہانک رہا ہے ۔ کسان پنجانگلی سے گندم کے تنکوں کو الٹ پلٹ کر کے درست کر رہا ہے ۔ تصویر میں ہمارے سب سے قریب گدھا ہے ۔



گلگت کا کسان ہل چلا رہا ہے۔

گندم کی ڈھیریاں کاٹ کر کھلیان
میں لے جا رہے ہیں۔



گندم کے خوشے





کھلیان میں چارپائے پھرائے جا رہے ہیں۔

گلڑ کی بیماری جو ہر پہاڑ کی بیماری ہے یہاں موجود ہے۔ بلتستان میں گلڑ یہاں کی نسبت زیادہ ہے۔ آج سے بیس سال پہلے گلڑ والے لوگ یہاں زیادہ تھے۔ اور پچاس سال پہلے اس سے بھی زیادہ۔ گلڑ پیدا ہونے کی وجہ یہ ہے کہ پینے کے پانی کے ساتھ بدن میں آئیوڈین نہیں جاتی یہ مقدار اتنی قلیل ہے کہ اگر روزانہ گرین کا ایک ہزارواں حصہ بدن میں داخل ہو جائے تو کافی ہے اور پھر یہ جمع کردہ مقدار بدن میں چھ مہینے تک کام آتی رہتی ہے۔ اس دوران میں اور آئیوڈین بدن میں داخل ہو جائے تو گلڑ پیدا نہیں ہوتا۔ اس کا علاج یہ ہے کہ ہر پندرہ بیس دن کے بعد ٹنکچر آئیوڈین گلے پر تھوڑا سا لگا لیا جائے وہ خون میں داخل ہو جاتا ہے۔

پوٹاسیم آئیوڈائڈ ذرا سا مہینے میں کھا لیا جائے۔ گلڑ کی تعداد میں کمی ہونے کا سبب غالباً یہ ہے کہ یہاں کے لوگوں کی عمومی صحت بہتر ہو گئی ہے۔ خوراک اور حفظانِ صحت میں ترقی ہو جانے کے سبب بدن قوی ہو گئے ہیں اور غدودوں میں آئیوڈین کے اخذ کرنے کی طاقت بڑھ گئی ہے۔ کچھ یہ کہ سبزیوں ترکاریوں دالوں میں کچھ آئیوڈین موجود ہے جو اب خوراک میں داخل ہوتی رہتی ہے۔ پہلے ان خوراکی چیزوں کا رواج نہ تھا۔

پیداوار گلگت ضلع دنیا کے اس خطے میں شامل ہے جس کو بے بارش کا علاقہ کہتے ہیں۔ جو خفیف بارش یہاں ہوتی ہے اس سے فصلوں کو کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ تمام آب پاشی چھوٹی نہروں سے کی جاتی ہے جن کو "کوہل" کہتے ہیں (جمع کوہلیں) جو نالے پہاڑ کے پہلو سے نیچے آتے ہیں ان سے کوہلیں کاٹ کر کھیتوں کو سیراب کرتے ہیں جو وادی کے پہلوؤں میں ایک دوسرے کے اوپر واقع ہوتے ہیں۔

جہاں ہوا گرم ہے وہاں دو فصلیں ہوتی ہیں۔ اس علاقے میں جو سات ہزار فٹ سے اوپر ہے یا جہاں تابستان کا موسم مختصر ہے صرف ایک فصل ہوتی ہے۔

(۱) فصل ربیع کی پیداوار۔ یہ فصل سردی کے نکلنے کے ساتھ ہی فروری مارچ میں بوئی جاتی ہے۔ گرم[۱] گیہوں جو۔ سرسوں۔ مسور۔ مُنگی۔ باقلہ۔ چنا۔ تمباکو۔ فنتقل۔ اس فصل کی پیداوار ہے۔ ترکاریوں میں شلجم۔ کرم۔ مولی بندگوبھی۔ پیاز۔ کدو۔ کانسی پھل۔ لوگوں کو سبزی کھانے کا شوق نہیں۔

(۱) گرم ایک طرح کا دانہ ہے جو خوراک کے کام آتا ہے)

دیگر سبزیاں بھی کم کم کاشت کی جاتی ہیں۔ خربوزہ۔ تربوز۔ گاجر وغیرہ بھی پیدا ہوتی ہے۔

فصل خریف کی پیداوار یہ ہے۔ گندم کاٹنے کے ساتھ ہی پندرہ دن کے اندر اندر یہ فصل لگا دی جاتی ہے جون ۱۵ سے لے کر جولائی ۱۵ تک فصل خریف بونے کا کام جاری رہتا ہے۔ مکی۔ چاول۔ ماش۔ مونگ کنگنی۔ (چینگ) موٹھ۔ مکی۔ چینا (اتو) بوئے جاتے ہیں۔

پھل سیب۔ ناشپاتی۔ گلاس۔ بادام۔ انگور۔ آلوچہ۔ انجیر۔ آڑو۔ انار۔ بہی۔ اخروٹ۔ خوبانی۔ شہتوت توت۔ سب پھل اپنے اپنے وقت پر پیدا ہوتے ہیں۔ مگر کشمیر یا کوئٹے کی خوبی کو نہیں پہنچتے۔

بے پھل درختوں میں چنار۔ بید۔ سفیدہ۔ دیار۔ چیڑ۔ اور کہیں کہیں شیشم موجود ہیں۔ سوختنی لکڑی جنگل سے آتی ہے۔ یہ جنگلی درخت کہلاتے ہیں۔

حیوانات پالتو جانور، گائے (بھینس بہت کم دکھائی دیتی ہے۔ یہاں کی سرد ہوا اس کے لئے مناسب نہیں) بکری۔ بھیڑ۔ گھوڑا۔ خچر (اونٹ بہت کم) سر اگائے اور مرغیاں۔

جنگلی جانور چیتا۔ ریچھ۔ لومڑی۔ بھیڑیا۔ سیاہ گوش پائے جاتے ہیں۔ شکار کے لئے۔ کیل مارخور۔ پہاڑوں پر موجود ہیں۔ اور استور کی طرف کہیں نافہ ہرن مل جاتا ہے۔

پرندے یہاں کم دکھائی دیتے ہیں۔ لوگوں کے پاس کھانے کو کم ہے تو پرندے کیا کریں البتہ موسمی پرندے فصل پر آ جاتے ہیں۔ فصل اور پھل کھا کر دوسرے ممالک کو چلے جاتے ہیں جہاں زمستان میں سردی کم ہوتی ہے۔ گھریلو چڑیاں گندم پکتی ہے تو سینکڑوں کی تعداد میں آ جاتی ہیں۔ فصل کا ایک بٹا چار تو یہ کھا جاتی ہیں۔ یہاں بچے دیتی ہیں۔ پرندوں کا غول سردی آنے سے پہلے پشاور کے میدانوں کی طرف چلا جاتا ہے۔ وہاں پٹھان پکڑ کر اس کو حلال کرتے ہیں۔ اور دو پیسے فی چڑی کے حساب سے پشاور کے بازار میں حلال کی ہوئی سردی کے موسم میں بکتی ہے۔ چار پیسے میں تلی ہوئی چڑی مل جاتی ہے۔ کبوتر چڑی کے بعد فصلوں کی تباہی کرتا ہے۔ فاختہ۔ کوا چیل۔ یہ پرندے کم نظر آتے ہیں۔ چکور جنگل میں بہت ہیں۔ بٹیر جب گندم پکتی ہے تو اوپر سے آ جاتا ہے۔ یہاں کے لوگ اس کو پکڑنا نہیں جانتے۔ جب گندم کی فصل کٹتی ہے تو یہ نیچے کی طرف میدانوں

(۱۵) مار خور

مار خور ان پہاڑوں کا معروف جانور ہے۔ تصویر میں وہ مار خور دکھایا گیا ہے جو گلگت سکوٹس کے بینڈ کے ساتھ چلتا ہے۔ مار خور کے ساتھ دائیں ہاتھ اس کا رکھوالا بیٹھا ہوا ہے۔ جس سے مار خور مانوس ہے۔ یہ ہنزا کا چھرا ہے۔

❋ ❋ ❋

(۱۶) گانے والی کالی چڑیا کے بچے

اس چڑیا نے میرے گھر کے باغ میں گلاب کے پیڑ کے اندر گھونسلا بنا لیا۔ اور سحر و شام اپنے نغموں سے ہوا اور فضا کو معمور کر دیا۔ یہ چڑیا کے گھونسلے کی قریب سے فوٹو ہے جس میں چار بچے ہیں۔ سب سے بڑے نے پہلو ہماری طرف کیا ہوا ہے اور چونچ باہر نکال رکھی ہے۔ دو اس کے پیچھے منہ کھولے آسمان کی طرف دیکھ رہے ہیں اور چوتھا جو سب سے چھوٹا ہے وہ گونسلے کے بائیں اوپر کے کونے میں ان تینوں کے اندر دب کر رہ گیا ہے۔ اس کی صرف چونچ نظر آ رہی ہے۔

❋ ❋ ❋

(۱۷) کیل کے سینگ

اسی طرح سے مار خور اور ہڑیال کے سینگ لکڑی کے قالب پر لگا کر بڑی بڑی بارگاہوں میں زینت کا کام دیتے ہیں۔ مارخور تو بے دیار وادی اور کوہسار میں بے یار و مددگار پھرتا ہے۔ مگر واہ رے قسمت۔ مرنے کے بعد سینگ شبستان و دربار میں باعث رونق و افتخار بن جاتے ہیں۔

❋ ❋ ❋

(۱۸) گھریلو چڑیا کا بچہ

پاکستان کے میدانوں سے رنگا رنگ کی ہزاروں چڑیاں گرمی کا موسم گزارنے کے لئے پہاڑی علاقوں میں نقل مکانی کر لیتی ہیں۔ چڑیوں کے دو تین گھونسلے میری کوٹھی کے برآمدے میں بنے ہوئے تھے جو صرف گرمی میں آباد ہو جاتے تھے۔ یہ اس چڑیا کا بچہ ہے۔ جو اس گھونسلے سے نکل کر ابھی مائل پرواز ہوا ہے۔ اور دنیا کے خیر و زبوں کا امتحان کر رہا ہے۔ باہر ڈھلیا پھول کے پودے پر آ کر بیٹھ گیا ہے۔ فصل کا ایک بٹا چار یہ چڑیاں کھا جاتی ہیں۔

❋ ❋ ❋

(۱۹) چکور

اس علاقے کے جنگل میں چکور عام ہے۔ چکوری ہر سال بیس انڈے دیتی ہے اور اس کی نسل کی افراط رہتی ہے۔ کسی سال بیماری آ جائے تو تعداد بہت کم ہو جاتی ہے۔



مارخور



گانے والی کالی چڑیا کے بچے -



کیل کے سینگ دیوار پر لگے ہوئے -



گھریلو چڑیا کا بچہ -



چکور

میں چلا جاتا ہے۔ مرغابی، گرمی گذرنے پر آتی ہے۔ جہاں تالاب یا جھیل ہے پانی پر وہاں اُترتی ہے ساری سردی موجود رہتی ہے۔ باز۔ شکرا۔ شکاری جانور جنگل میں موجود ہیں۔ راجگان اور رئیس ان کو سدھاتے ہیں اور ان سے شکار کھیلتے ہیں۔

معدنیات سونا یہاں کی ریت سے نکلتا ہے۔ دریا کی ریت دھو کر سونے کے ذرّے الگ کرتے ہیں۔ مگر سونے کی مقدار اتنی کم ہے کہ آدمی سارا دن محنت کرے تو ڈیڑھ دو روپے کماتا ہے اس لیئے اب لوگوں نے یہ کام کرنا چھوڑ دیا ہے۔ پہلے بہت لوگ اس سے روزی کماتے تھے۔ اب فوج میں بھرتی ہو جاتے ہیں۔ یا سرکاری نوکری کر لیتے ہیں۔ سونا دھونے والے خاص لوگ بھی ہیں۔ جن کا پیشہ یہی ہے زمیندار لوگ بھی فارغ وقت میں یہ کام کر لیتے ہیں۔ تمام دریاؤں کی ریت سے اور گلیشیر کے نیچے سے سونا حاصل کیا جاتا ہے۔ سنگ مرمر ہنزہ میں ہے۔ سلاجیت کا پتھر ستی اور حراموش میں ملتا ہے اور سلاجیت عمدہ قسم کی ہے۔ حراموش بگروٹ میں بلور اور زبرجد بھی ملتا ہے۔ استور میں ابرق کی کان ہے۔ ایک نرم پتھر نکلتا ہے اس سے ہانڈیاں بناتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اور کانیں بھی اس وطن میں موجود ہیں مگر ان کا صحیح حال معلوم نہیں۔ کسی کان پر یا معدنیات کے نکالنے پر کام نہیں کیا جاتا۔

پیشے صرف کاشتکاری سے ساری آبادی اپنا پیٹ پالتی ہے۔ کچھ لوگ سرکاری ملازم ہیں۔ کچھ تجارت کرتے ہیں۔

بھیڑوں کی اون کو بٹ لیتے ہیں۔ اپنے استعمال کے لیئے اس دھاگے سے گرم کپڑا۔ پٹو۔ کمبل جرابیں۔ سویٹر۔ دستانے۔ گلوبند بناتے ہیں۔ بیل یا بکری کا چمڑا خود ہی کچھ پکا کر اس سے دور دراز کے گاؤں کے لوگ اپنے جوتے بنا لیتے ہیں جن کو "پَیُو" کہتے ہیں۔ مگر اس کا رواج کم ہوتا جارہا ہے۔ اور مرد عورت اب عمدہ بوٹ پہنتے ہیں جو میدانوں سے آتے ہیں۔

خاص گلگت میں درزی۔ نائی۔ دھوبی۔ لوہار۔ اور چاندی کے سُنار موجود ہیں۔ باہر کے علاقوں میں زمیندار خود ہی یہ کام کر لیتے ہیں۔

گلگت میں نہ کوئی مٹی کے برتن بناتا ہے۔ جانتے ہی نہیں۔ نہ کوئی سونے کا کام کرنے والا سُنار

ہے۔ نہ کوئی رنگریز۔ نہ کوئی حکیم۔ نہ ولایتی دوا فروش کی کوئی دکان۔ دیسی دوائیں بھی چند ایک مشکل سے ملتی ہیں اور پانچ گنا قیمت پر فروخت ہوتی ہیں۔ اگر ضرورت ہو تو مٹی کے برتن کہیں داریل وغیرہ سے آتے ہیں۔

صنعت و حرفت یہاں نام کو موجود نہیں اور لوگ اپنی طبیعت کے تساہل کے سبب اس طرف مائل بھی نہیں باہر سے آئے ہوئے کشمیری۔ پنجابی۔ کچھ کام کر لیتے ہیں۔ البتہ ہنزہ و کے لوگ کوشش کرتے ہیں۔

تجارت اشیائے درآمد۔ ظاہر ہے کہ جب یہاں کوئی چیز پیدا ہی نہیں ہوتی تو استعمال کی سب چیزیں باہر سے آئیں گی۔ میدانوں سے یہاں روزمرہ کی ضرورت کی سب چیزیں درآمد کی جاتی ہیں۔ چینی۔ گڑ۔ چائے۔ سوتی اور اونی کپڑا۔ ماچس۔ سگریٹ۔ تمباکو۔ کتابیں۔ سٹیشنری۔ نمک۔ گھی۔ تیل کھانے کے۔ تیل مٹی کا۔ گندم۔ چاول۔ دالیں۔ گندم کا آٹا۔ دھات کے برتن۔ گرم مصالحہ جات۔ چمڑے کا سامان۔ بوٹ۔ چینی کے برتن۔ دوائیاں۔ غرض ضرورت کی ہر چیز درآمد ہوتی ہے۔

اشیائے برآمد۔ خوبانی سوکھی ہوئی (چھٹور)۔ زیرہ۔ خوبانی کی گری۔ خشک توت۔ بادام۔ اخروٹ۔ سلاجیت۔ خام چمڑا۔ پٹو۔ ملٹھی۔ یہ چیزیں یہاں سے باہر جاتی ہیں۔ مگر یہ بھی مقدار میں اتنی قلیل ہیں کہ ان سے کوئی بڑی آمدنی اس دیس کو نہیں ہوتی۔ کسی زمانے میں جب یارقند اور کاشغر کے راستے شمال کی طرف سے کھلے تھے تو یہاں پر ان ممالک سے مال آتا تھا اور پھر نیچے کے لوگ یہاں سے خریدتے تھے یا یہ نیچے بکنے کے لئے چلا جاتا تھا۔ مثلاً قالین۔ ریشمی کپڑے۔ نمدے۔ سوتی کپڑا۔ چینی کے برتن آج کل شمال کی طرف کے تمام راستے بالکل بند ہیں۔ روس چین۔ ترکستان سے نہ کوئی آدمی گلگت میں آسکتا ہے نہ کوئی تجارت کا مال یہاں آتا ہے۔

ذرائع آمد و رفت علاقہ پہاڑی ہے۔ اس لئے سڑکیں تنگ ہیں۔ جہاں دریا جاتا ہے اس کے ساتھ ساتھ سڑک جاتی ہے۔ جب سے پاکستان بنا ہے درہ برزل کا راستہ جو کشمیر کو جاتا ہے بند ہو گیا ہے۔ اب ایک درہ کھلا ہے یعنی "بابوسر" جس کے اوپر سے سڑک کاغان کی وادی میں سے ہوتی ہوئی ایبٹ آباد کو جاتی ہے۔ اس سڑک پر جیپ چلتی ہے۔ بابوسر کا درہ سرکاری طور پر ۱۵ر جولائی کو کھلتا ہے۔ اور ۱۵ اکتوبر کو بند ہو جاتا ہے۔ ۹ مہینے یہ برف سے اٹا رہتا ہے اور اس کے اوپر سے گذر کر

جیپ میدانوں کو نہیں جاسکتی۔ پچھلی وال برف پگھلنے سے ایک مہینہ پہلے اور برف گرنے کے ایک مہینہ بعد تک اپنے جانوروں پر بوجھ لاد کر گلگت کو آتے جاتے رہتے ہیں۔ وہ گھوڑوں۔ خچروں۔ گدھوں۔ اونٹوں اور بیلوں پر بوجھ لاد کر لاتے ہیں۔ پچھلی ہزارہ ضلع میں ایک علاقہ ہے جو مانسرہ سے آگے یعنی وادی کاغان کے بالکل قریب واقع ہے۔ ان لوگوں کا قدیم سے کاروبار یہ ہے کہ وہ کشمیر یا کاغان کو مال جانوروں پر لاد کر لے جاتے ہیں۔

گلگت سے آگے گوپس تک اتنی چوڑی سڑک ہے۔ جس پر جیپ چل سکتی ہے۔ گوپس سے گھوڑے کا راستہ شندور درہ کے اوپر سے چترال کو جاتا ہے۔ گوپس سے ایک اور گھوڑے کا راستہ پل پار کر کے یاسین کی طرف جاتا ہے۔ اس سے پہلے گاکوچ سے ذرا آگے سے ایک سڑک پل پار کر کے اشکومن کو جاتی ہے۔ یہ بھی گھوڑے کا راستہ ہے۔ گلگت سے شمال مشرق کی طرف ہنزا وادی کی طرف راستہ جاتا ہے۔ اس پر جیپ چھلت تک جاتی ہے۔ اس سے آگے ہنزا دریا کے شمالی طرف سڑک جاتی ہے جو بلتت (ہنزا ریاست کا دارالخلافہ) سے گزر کر مسگر اور کلک درہ اور منتکہ درہ تک چلی جاتی ہے یہاں سے راستہ دوسرے پار چینی ترکستان کو جاتا ہے۔ دریا ہنزا کے جنوبی طرف یعنی اس کے بائیں کنارے سڑک جاتی ہے جو نگر کے دارالخلافہ شہر نگر تک پہنچتی ہے۔ گلگت سے ۷ میل نیچے دریائے گلگت دریائے سندھ میں جا کر گرتا ہے۔ اس مقام پر ایک پل بنا ہوا ہے اس کو پرتاب پل کہتے ہیں اس کے پار جائیں تو سڑک بونجی میں داخل ہوتی ہے۔ یہاں سے راستہ استور کی وادی میں جاتا ہے (ڈوگروں نے استور کا نام حصورا رکھ لیا تھا) گلگت سے استور تک اور اس سے کچھ آگے سڑک پر جیپ چل سکتی ہے۔ باقی سڑکوں پر گھوڑا چلتا ہے یا آدمی کو پیدل جانا پڑتا ہے۔ ہمسایہ ممالک کی راہیں دراز بھی ہیں اور مشکل بھی۔ راستہ بعض مقامات پر تنگ اور دشوار ہے۔ مثلاً گلگت سے سری نگر بجانب برزل ۱۲ منزلیں۔ فی منزل ایک روز یعنی ۱۲ دن کا راستہ۔ گلگت سے سکردو براستہ حراموش ۱۱ منزلیں۔ گلگت سے ایبٹ آباد براستہ بابو سر درہ اور کاغان ۱۸ منزلیں۔ گلگت سے چلاس ۵ منزلیں۔ مگر جیپ میں ایک پورے دن کا راستہ۔ گلگت سے استور براستہ بونجی ۵ منزلیں۔ جیپ میں ایک دن کا

گلگت سے گوپس ۵ منزلیں۔ جیپ میں ایک دن کا راستہ۔ گلگت سے چترال براستہ شندور ۱۵ منزلیں۔ جیپ گوپس تک جاتی ہے۔ گلگت سے یارقند ۲۷ منزلیں براستہ ہنزہ وادی اور منتکہ درّہ۔ لیہ سے یارقند ۴۰ منزلیں براہ بلتستان۔ لیہ سے ہی یہ راستہ شمال کی طرف چلا جاتا ہے۔ بعض منزلیں چھوٹی ہیں بعض طویل۔ یعنی دس اور بیس میل کے درمیان جہاں راستے میں مناسب گاؤں آگیا وہاں پڑاؤ مقرر ہو گیا۔ بعض دو منزلوں کو ایک دن میں طے کر لینا ممکن ہے۔ بعض دفعہ مسافر لمبی منزل ہو تو دو دن میں طے کرتا ہے۔ یا کہیں آرام کرتا ہے۔ اس لئے منزلوں کی تعداد میں دو ایک روز کی کمی بیشی ممکن ہے۔

آج کل ہوائی جہاز راولپنڈی سے گلگت آتا ہے۔ آنے میں کوئی سوا گھنٹہ یا ڈیڑھ گھنٹہ صرف ہوتا ہے۔ مگر ہر روز نہیں آسکتا۔ راستے میں بادل ہوتے ہیں۔ سال میں تقریباً نصف ایّام ایسے ہوتے ہیں کہ جہاز پرواز نہیں کر سکتا۔ بعض دفعہ آٹھ دس روز پیوستہ نہیں آتا۔ یعنی ۳۶۵ دنوں میں سے صرف ۱۸۲ پرواز کے قابل ہوتے ہیں۔ جب موسم صاف ہو تو جہاز ایک دن میں چار پانچ پھیرے بھی لگا دیتا ہے۔ آج کل ہوائی جہاز کا کرایہ فی کس راولپنڈی سے گلگت یا گلگت سے راولپنڈی تقریباً ساٹھ روپے ہے۔ راولپنڈی سے گلگت سامان کا فی من چالیس روپے کرایہ۔ یعنی فی سیر ایک روپیہ (ہر مسافر کو ٹکٹ میں بیس سیر سامان مفت لانے کی اجازت ہے) گلگت سے واپس پنڈی جاتے وقت کرایہ فی من بیس روپے سامان کا۔ دس روپے خشک میوے کا اور پانچ روپے فی من تر میوے کا۔ جاتے وقت یہاں سے اکثر جہاز خالی جاتا ہے۔ چونکہ نیچے لے جانے کے لئے سامان کچھ ہوتا ہی نہیں۔

رسم و رواج یہاں کے لوگ فصل بوتے اور کاٹتے وقت خوشی مناتے ہیں۔ بچوں کو اور غریبوں کو کھانا کھلاتے ہیں۔ مرد عورتیں ناچنا جانتے ہیں۔ اس کو "ناٹی" کہتے ہیں۔ آج کل عورتیں الگ محفل میں ناچتی ہیں۔ عید۔ شادی بیاہ کے موقع پر اور مرد الگ ناچتے ہیں۔ دورِ قدیم میں مرد عورت ایک جگہ ناچتے تھے۔ عورتیں باہر کے حلقے میں اور مرد اندر کے حلقے میں۔

(۲۰) گلگت سکوٹس کا پائپ بینڈ

پولو گلگت کا قومی کھیل ہے ۔ ہر گاؤں میں پولو کا میدان موجود ہے ۔ اور چھوٹے بڑے پولو میں حصہ لیتے ہیں جب پولو کھیلی جاتی ہے تو اس کے ساتھ دیسی بینڈ بجتا رہتا ہے جس میں ڈھول، سرنائی، ڈھولچے بجائے جاتے ہیں۔ گلگت سکوٹس یہاں کی مقامی سرکاری فوج ہے۔ ان کا یہ پائپ بینڈ ہے جو تہواروں پر اور جلسوں میں بجتا ہے ۔ بینڈ کی آواز سے لوگ یہ معلوم کر لیتے ہیں کہ پولو کا میچ ہو رہا ہے اور وہ پولو گراؤنڈ میں جمع ہو جاتے ہیں۔ بینڈ ماسٹر دائیں ہاتھ بیچ میں اپنا موٹا ڈنڈا پکڑے نظر آ رہا ہے ۔ بینڈ کا ماسکٹ (mascot) مار خور بیچ میں کھڑا ہے ۔

(۲۱) پولو کا ایک کھلاڑی

غریب اور امیر سب پولو کے شوقین ہیں ۔ راجہ کے پہلو بہ پہلو مزدور بھی گھوڑے پر نظر آتا ہے اگر وہ اچھی پولو کھیلنا جانتا ہے ۔ یہ ہے سبز علی ۔ بادامی باغ گلگت کا ایک معمولی مالی ۔ مگر دیکھئے اس وقت کس شان میں کھڑا ہے ۔

(۲۲) پولو میچ کھیلا جا رہا ہے

پس منظر میں بائیں طرف اوپر 5 کا ہندسہ نظر آتا ہے جو ایک پارٹی کے گول ظاہر کرتا ہے ۔ اس کے اوپر درخت پر چڑھا ہوا ایک لڑکا دکھائی دیتا ہے ۔ نیچے سامنے قطار میں دیسی بینڈ کے سازندے اپنا اپنا ساز لئے نظر آ رہے ہیں۔ درمیانی کھلاڑی کے گھوڑے کے اگلے دائیں پاؤں کے ساتھ گیند نظر آتی ہے۔ جس کو کھلاڑی جھک کر مارنے کی کوشش کر رہا ہے۔ (A Telephotograph)

(۲۳) لڑکے بصراد کھیل رہے ہیں

مرد پولو کھیلنے کے شائق ہیں تو لڑکے بصراہ کھیلنے کے ۔ تابستان میں ہوا اتنی گرم ہو جاتی ہے کہ آدمی قمیض آتار دے تو برا معلوم نہیں ہوتا ۔ جیسے کہ ان لڑکوں نے آتاری ہوئی ہے ۔ بصراہ یوں کھیلتے ہیں ۔ بائیں ہاتھ سے دائیں پاؤں کا انگوٹھا پکڑ لیتے ہیں ۔ ایک ٹانگ پر کھڑا ہو کر ایک دوسرے کو شانے سے دھکیلتے اور ہاتھ سے دھکا دیتے ہیں ۔ حتٰی کہ مقابل کا حریف یا مقابل پارٹی کا آدمی ہاتھ سے انگوٹھا چھوڑ دے یا گر جائے ۔



پولو کا ایک کھلاڑی



گلگت سکاؤٹس
کا پائپ بینڈ



پولو میچ کھیلا جا رہا ہے۔



لڑکے بصراہ کھیل رہے ہیں۔

نوروز ۲۱ مارچ کے دن جب شمسی نیا سال شروع ہوتا ہے اور سورج برج حمل میں داخل ہوتا ہے۔ یہاں بڑی خوشی منائی جاتی ہے۔ یہ اس علاقے کا قومی تیوہار ہے۔ سب لوگ خوشی مناتے ہیں۔ یہ عید نوروز ہے۔ اس کے علاوہ مسلمانوں کے تمام خوشی کے دن یہاں منائے جاتے ہیں۔ دو عیدیں۔ شب برات۔ شیعہ فرقہ محرم کو زور سے مناتا ہے۔ دس دن رات کو مجلس ہوتی ہے۔ جلوس نکلتا ہے اور سینہ کوبی ہوتی ہے۔ عید غدیر بھی اہل تشیعہ مناتے ہیں۔

پولو یہاں کا قومی کھیل ہے۔ ہر گاؤں میں پولو میدان موجود ہے۔ ہر شخص اس کا شائق ہے جس کے پاس بھی گھوڑا رکھنے کی توفیق ہوتی ہے وہ پولو کھیلتا ہے۔ معمولی زمیندار سے لے کر راجہ تک سب پولو میں شریک ہوتے ہیں اور پہلو بہ پہلو کھیلتے ہیں۔ کھیلتے وقت ڈوم لوگ ساز بجاتے ہیں ڈھول طوطی۔ طبل وغیرہ۔ یہی باجے خوشی کے موقع پر بھی بجائے جاتے ہیں۔

سیلاب گلگت۔ بلتستان اور کشمیر میں سیلاب اکثر آتے رہتے ہیں۔ ان کا چڑھاؤ فوری بھی ہوتا ہے اور بہت زیادہ بھی۔ سیلاب کا سبب یہ نہیں کہ قلیل عرصے میں بہت زیادہ بارش ہو جاتی ہے جیسے کہ دیگر ممالک میں ہوتا ہے۔ ان پہاڑی علاقوں میں سیلاب کا سبب مختلف ہے۔ کسی گلیشیر کی ناک کا حصہ جو وادی کے قریب ہے ٹوٹ کر وادی میں گھس جاتا ہے اور وادی کو بند کر دیتا ہے یہاں کی وادیاں انگریزی حرف V یا U کی شکل کی ہیں۔ اندر سے تنگ اور پہلو عمودی۔ پہاڑ کا پہلو وادی میں گر جاتا ہے۔ اور اس کو بند کر دیتا ہے۔ دریا کا پانی اس بند کے پیچھے ایک طویل اور عمیق جھیل بنا دیتا ہے جو بعض دفعہ سو میل لمبی ہو جاتی ہے۔ جب یہ بند پانی کے زور سے ٹوٹتا ہے تو نیچے کے علاقوں میں طغیانی آجاتی ہے۔ پانی زور سے آتا ہے اور اپنی بلندی میں قلیل عرصے میں بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے۔

گلگت میں تو سیلاب کے واقعات کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں۔ مگر لوگوں کے ذہن میں ایسے واقعات محفوظ ہیں۔ آپ کسی وادی میں جائیں اس طرح کے سیلاب کے نشانات ملیں گے۔ شہر گلگت کو ہی لیں اس کی سطح آج کی نسبت بلند تھی۔ نچلی طرف یعنی خومر کے پاس سے پچاس فٹ اور نورپورہ کے پاس

سے سو فٹ آج کی سطح سے بلند تر۔ ایک مسطح میدان تھا۔ ایک عظیم سیلاب آیا اور اس ساری مٹی کو بہا کر لے گیا۔ گلگت کا موجودہ میدان، سطح سے بہت نیچا ہو گیا۔ یہاں کے لوگ کہتے ہیں کہ اس سیلاب کو زیادہ عرصہ نہیں ہُوا۔ غالباً دو سو سال کا عرصہ گزرا ہے۔ بند جو لگا تھا وہ گلگت شہر سے کوئی پانچ سات میل اوپر تھا جہاں پہاڑوں کے پہلو اب بھی بہت قریب اور عمودی ہیں۔ گلگت کی سب وادیوں میں اس طرح کے سیلاب قدیم زمانے میں آتے رہے۔

لوگوں کی زبانی یہاں معلوم ہُوا ہے کہ گلگت میں ۱۹۰۵ میں ایک بہت بڑا سیلاب آیا تھا جس سے گلگت کا قدیم پُل بہہ گیا۔ اور دوسرا پُل تیار کیا گیا جو موجودہ پُل ہے۔ اشکومن کے علاقے میں ایک جھیل کرمبر ہے۔ اسی میں سے نالہ ہنساری نکلتا ہے۔ جھیل کرمبر تمام زمستان میں برف سے ڈھکی رہتی ہے۔ گرمیوں میں برف پگھلتی ہے تو اس میں بڑے بڑے سوراخ پیدا ہو جاتے ہیں اور پانی زور سے نیچے کو بہتا ہے۔ اس وادی میں گلیشیر سردی میں بند لگا دے تو تابستان میں گلیشیر کے پیچھے کا رُکا ہُوا پانی گلگت کی وادی میں سیلاب بپا کرے گا۔ ۱۹۰۵ کا سیلاب کہا جاتا ہے۔ جھیل کرمبر میں گلیشیر کا بند لگ جانے کے سبب آیا تھا۔

بلتستان کا ایک سیلاب یہاں قابلِ ذکر ہے۔ چونکہ اس کا ریکارڈ رکھا گیا۔ ۱۹۳۲ میں بلتستان کے دریا شاہوک کے بیچ میں گلیشیر کا ایک ٹکڑا اوپر سے گر کر پھنس گیا۔ یہ برف کا ٹکڑا ۴۰۰ فٹ اونچا اور ½ میل چوڑا تھا۔ جب یہ برف کا بند ٹوٹا تو سکردو کے مقام پر دریائے سندھ کی سطح ۴۰ منٹوں میں ۲۸ فٹ اپنی اصلی سطح سے بلند ہو گئی۔

چشمے اور جھیلیں | اس علاقے میں کئی چشمے ہیں بعض ٹھنڈے۔ مثلاً برمس کا چشمہ جس سے گلگت کے شہر کو پانی ملتا ہے۔ گاؤں ہندی کا چشمہ جو ہنزا میں واقع ہے۔ اس کو شکھاین کہتے ہیں۔ گاؤں دماس علاقہ نیپال کے قریب سرد پانی کا چشمہ، جہاں مرغابی کا شکار ہوتا ہے۔ بعض گرم ہیں۔ ایک چشمہ دریا کے قریب چلاس سے گلگت کی سڑک پر آئیں تو کوئی تیس چالیس میل پر ہے۔ یہ گرم ہے اور لوگ کہتے ہیں کہ اس میں نہانے سے بیماریاں رفع ہو جاتی ہیں۔ نگر کے گرم چشمے۔ ہوچر اور ہڈر بھی اس لئے مشہور ہیں۔ سنگل کے قریب گورجر کا چشمہ ہے جس کو گورجر کہتے ہیں۔ درکوت علاقہ یاسین میں گرم چشمہ گاؤں دیرت علاقہ

(۲۴) مصنف اس کتاب کی تحریر میں مصروف ہے

کتاب کا مسودہ بائیں ہاتھ پر رکھا ہے اور مصنف کتاب کی نظر ثانی ، گلگت میں بیٹھا کر رہا ہے ۔ یہ تمام کتاب گلگت میں لکھی گئی ۔ تکمیل اور نظر ثانی کی نظر ثانی لاہور میں ہوئی۔ بہار ہو کہ خزاں مصنف اپنے خون جگر سے کاغذ پر نقوش بناتا رہتا ہے جن کو عرف عام میں ادبی تصنیف کہتے ہیں ۔

❋ ❋ ❋

(۲۵) گلگت کی پبلک لائبریری

کوئی مصنف مواد کے بغیر تصنیف کی تکمیل نہیں کر سکتا ۔ کئی ذرائع سے مواد فراہم کیا گیا ۔ یہ لائبریری بھی بہت مفید ثابت ہوئی ۔ اس میں کتابوں کا مفید مطلب ذخیرہ موجود ہے ۔ جن کا تعلق گلگت کے علاقہ اور گرد و نواح سے ہے ۔ لائبریری کے سامنے گھاس کا وسیع پلاٹ ہے جس میں ٹینس کلب ہے ۔ اس کا نام فتح گارڈن رکھا ہوا ہے ۔ جنگ دوم کی فتح کی یادگار میں یہ باغ بنایا گیا ۔ سرکاری پبلک جلسے اسی میدان میں منعقد ہوتے ہیں ۔ دلفریبی میں گلگت کا سب سے حسین باغ ہے ۔

❋ ❋ ❋


(۲۶) مسکراتے پھول

مسکراتے پھول جن کو دیکھ کر آپ مسکرانے لگتے ہیں ۔ یہ چیری (آلو بالو) کا پھول ہے ۔ زمستان میں تمام درختوں کے پتے گر جاتے ہیں ۔ معلوم ہوتا ہے کہ حجر اور شجر سو رہے ہیں ۔ بہار آتی ہے تو تمام دنیا تازہ سبز پتے اور پھول ہی پھول بن جاتی ہے ۔

❋ ❋ ❋

(۲۷) چیری کے پھل سے لدی ہوئی شاخ دلہن معلوم ہوتی ہے


آپ نے شائد چیری کے قد آدم درخت کو نہیں دیکھا جو پھل سے لدا ہوا ہو ۔ سرو قد زیوارات سے مزین دلہن معلوم ہوتا ہے ۔ سبز پتے اور گول پھل سرخ چمکدار عنابی ۔ یہ صرف ایک شاخ ہے ۔ اس تصویر میں بھی گول پھلوں کو سرخ اور پتوں کو سبز رنگ مل جاتا ، تو منظر کس درجہ حسین ہو جاتا ۔



مصنف اس کتاب کی تحریر میں مصروف ہے ۔



مسکراتے پھول



گلگت کی پبلک لائبریری ۔

★



چیری کے پھل سے لدی ہوئی شاخ دلہن معلوم ہوتی ہے ۔

اشکومن میں گرم پانی کا چشمہ چلاس میں نانگا پربت پہاڑ کے گرم چشمے جن کو تتوہ کہتے ہیں۔ جو نالہ ان چشموں
سے نکلتا ہے اس کو بھی تتوہ کہتے ہیں۔ شنا میں تتوہ کے معنی گرم۔ چلاس میں بڑے سلوی کا چشمہ
جھیلیں کئی ہیں۔ نلتر کی جھیل۔ حراموش کی جھیل۔ بھنڈر کی جھیل جو گوپس سے آگے تیس میل چترال کی
طرف ہے۔ گوپس کے علاقے میں جھیل شائمل۔ جھیل گلیتوری۔ جھیل لورتھ جو ہنزا میں مشگر کے قریب ہے
اشکومن کے علاقے میں جھیل کرمبر۔ جو سردیوں میں برف سے ڈھکی رہتی ہے۔ چلاس میں جھیل گینا
جس کا پانی صاف اور ٹھنڈا ہے۔

خطۂ گلگت کی شخصیت

خطۂ گلگت دنیا میں اپنی نوعیت اور حیثیت کے لحاظ سے انفرادی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کے چاروں طرف بلند و بالا پہاڑ ہیں۔ یہ ایک پیالے کی طرح ہے۔ جس میں دریائے سندھ بہتا ہے۔ سندھ کے ان تمام معاونوں کی وادیاں جو بلتستان کے مغرب کی طرف واقع ہیں گلگت کے خطے میں شامل ہیں۔ ان سب دریاؤں کا پانی سندھ میں گرتا ہے۔ گویا جغرافیائی طور پر یہ ایک معین خطہ ہے۔ اس کے نیچے ہمالیہ۔ مشرق اور شمال مغرب میں قراقرم۔ شمال مغرب اور مغرب میں ہندوکش ہے۔ گویا یہ دنیا کے سب سے بلند پہاڑوں میں گھرا ہوا ہے۔ اس میں ذرائع آبپاشی کی کمی ہے۔ اور مان سون ہیں پہنچتی۔ اس لئے علاقہ بے برگ و گیاہ ہے۔

اس علاقے کی زندگی کی رگیں یہاں کے دریا اور نالے ہیں۔ مگر یہ بہتے وادی کی گہرائی میں ہیں۔ دریا سے نہریں نکال کر آبپاشی کرنا لوگوں نے اب تک نہیں سیکھا۔ جہاں پہاڑ کے پہلو سے نالے نیچے کو آتے ہیں اور ان کے مقام اتصال کے قریب کافی زمین کاشتکاری کے لئے موجود ہے۔ انسان نالوں سے کوہلیں بنا لیتا ہے۔ یہاں زمین یعنی مٹی بہت کم ہے۔ باقی سب علاقہ پہاڑی ہے۔ پتھر اور دریاؤں کی ریت جو پتھر گھس گھس کر بنی ہے۔ تمام پہاڑ سیاہ اور بھورے پتھروں کی دیواروں کی طرح کھڑے ہیں۔ رقبہ زیر کاشت نسبتاً بہت کم ہے یعنی ۲٫۷ / ۳ فیصد۔ طبقات الارض کی قوتوں کے زیر اثر گذشتہ ادوار میں اور برف۔ پانی۔ ہوا۔ اور دیگر عاملوں کی پیدا کردہ تبدیلیوں کے سبب اس علاقے میں بڑے بڑے عمیق اور طویل درانے جن کو وادیاں کہہ لو۔ اور کھڑے کھڑے بلند پہاڑ نمودار ہو گئے ہیں۔ یہاں کے پہاڑ مستقل

نہیں بلکہ ان کے حِصّے گرتے رہتے ہیں۔

اس کی جغرافیائی کیفیت سے ظاہر ہے کہ یہ علاقہ تنہائی۔ علٰحدگی اور بے نیازی کا علاقہ ہے۔ دوسرے ملکوں کو جانے کے راستے بہت مشکل اور دراز ہیں۔ دشوار گذار پہاڑ اور نیچے گہرائی میں بہتا ہُوا دریا۔ اس وطن میں کئی قومیں داخل ہوئیں۔ دریائے سندھ کے ساتھ ساتھ قبل از مسیح آریائی شین کلام کوہستان سے پھر مشرق کی طرف چلاس کے راستے۔ کشمیر سے کشمیری درّہ بُرزل کے راستے۔ بلتستان سے بلتی حراموش کے راستے شمال کی طرف سے منگول۔ چینی اور ترکمان۔ ہنزا۔ اشکومن اور یاسین کے راستے مغرب کی طرف سے چترالی بشکن۔ درہ شندور سے گزر گوپس کے راستے۔ ان سب کا امتزاج یہاں موجود ہے۔ باشندوں ہیں سب سے زیادہ تعداد نسلی طور پر تورانی لوگوں کی ہے جو دو ہزار قبل مسیح کے قریب شمالی دروں سے اس خطے میں داخل ہوئے۔ ان پر آریائی شین لوگوں نے حکومت جمائی اور دونوں کے خون کی آمیزش ہوگئی۔

عہدِ قدیم میں یعنی دو ہزار سال قبل مسیح سے لے کر خطۂ گلگت کا تعلق وسط ایشیا کے علاقوں سے تھا جو گلگت کے شمال کی طرف واقع ہیں۔ وسط ایشیا کے لوگ شمالی درّوں سے یہاں آتے تھے۔ حملہ آور بھی۔ یہاں آبادی کرنے کے لئے مہاجر بھی۔ اور تاجر بھی۔ جنوب کی طرف کو جانا کوئی جانتا بھی نہیں تھا تعلق اتنا قلیل تھا کہ نہ ہونے کے برابر۔ بارہویں صدی عیسوی کے بعد اوپر یعنی شمال کا تعلق کم ہوتا گیا اور جنوب کا تعلق بڑھتا گیا۔ دین اسلام کے بزرگوار صوفی یہاں اشاعتِ اسلام کے لیے سوات سے آئے چترال سے کشمیر سے بلتستان سے آئے اور اس کے بعد آہستہ آہستہ جنوب کے لوگوں سے آمد و رفت کا تعلق بڑھتا گیا۔ مغلوں کے عہد میں بلتستان اور تبت کشمیر کے گورنر کے ماتحت ایک علاقہ تھا جہاں اپنے اپنے مقامی حاکم تھے اور مغل شاہنشاہی کو خراج ادا کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ نگر کا ایک راجہ سری نگر امداد کے لئے پہنچا۔ جہاں مغل شہنشاہ شاہ جہان خود موجود تھا۔ شاہ جہان نے راجہ نگر کو امداد دی۔ اس فوج کی مدد سے وہ پھر آکر اپنی آبائی سلطنت پر قابض ہوگیا۔ کہا جاتا ہے کہ شاہ جہان کی دی ہوئی تلوار اس گھرانے میں موجود ہے۔ سکھوں نے سن ۱۸۰۰ کے بعد گلگت کو فتح کیا۔ پھر ڈوگروں

مقابل صفحہ ۳۲ (۹)

(۲۸) کار گاہ نالہ


گلگت کا تمام علاقہ سر بفلک عمودی پہاڑوں کا ایک خوابیدہ منظر ہے ۔ ہر وادی کے پیندے میں دریا کی دھار شور مچاتی ہوئی نیچے کو چلی جاتی ہے ۔ کار گاہ نالہ کی وادی گلگت قصبہ سے کوئی چار میل مغرب کی طرف واقع ہے۔ دائیں ھاتھ کی طرف سفید موٹی لکیر پانی کی دھار ہے ۔ ایک دوسرے کے آگے پیچھے پہاڑ تابہ حد نظر چلے گئے ھیں ۔ پہاڑوں کے پہلوؤں پر نگاہ کیجئے کس درجہ عموداً کھڑے ھیں ۔ نالے کے پاؤں میں جہاں تک انسان کا ھاتھ پہنچا ہے، درخت نظر آ رہے ھیں ۔ بائیں ھاتھ کی طرف نیچے کے پہلو سے ایک سفید لکیر جا رہی ہے یہ پگڈنڈی ظاہر کرتی ہے ۔ فوٹو میں نالے سے بائیں طرف پہاڑ کی ایک شاخ باہر نکلی ہوئی ہے ۔ جو ہمارے بالکل سامنے نظر آ رہی ہے ۔ اس کے اوپر کے حصے میں جو کونا سا بنا ہوا ہے ' اس کے پاس بدھوں کے زمانہ کی بودھی ستوا مورتی پہاڑ کے پہلو پر بنی ہوئی ہے۔ جس کو یہاں کے لوگ بلا یا چڑیل سمجھتے ھیں ۔

(۲۹) گلگت میں جرمن کوہ پیما مہم

میری کوٹھی کے چمن میں جرمن کوہ پیما مہم کے چند ممبر دعوت عصرانہ کے لئے بیٹھے ہوئے ھیں ۔ دائیں طرف سے نمبر ۲ نکٹائی لگائے سب سے اونچا مصنف کتاب ھذا (ڈاکٹر ایم ایس ناموس) ہے۔ اس کے ساتھ کے ایل پوری صاحب اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ (اے پی اے) گلگت بیٹھے ھیں ۔ بالکل بائیں ھاتھ پر اونچی کرسی پر اس مہم کے پاکستانی ممبر بیٹھے ھیں ۔ جوان آدمی ھیں مگر گلگت کے پہاڑوں میں پہنچ کر ڈاڑھی بڑھالی ہے ۔ لاہور میں ملے ڈاڑھی صاف تھی اور بھارت بلڈنگ میں بیٹھے بجلی کے محکمہ میں پلاننگ کے کام پر ایکس ای این لگے ہوئے تھے ۔ بائیں ھاتھ پر کھڑا ہوا محمد حلیم ایجوکیشن آفیسر گلگت اینڈ بلتستان (یعنی ڈاکٹر ناموس) کے دفتر کا کارک ہے ۔



کار گہ نالہ -



گلگت میں جرمن کوہ پیما مہم -

نے اور انگریزوں نے حکومت کی۔ نیچے کے راستے کھلے اور اوپر کے بند ہو گئے۔ موجودہ زمانے میں گلگت کے لوگوں کا سارا تعلق ان علاقوں سے ہے جو اس کے مغرب میں واقع ہیں اور ان لوگوں سے بالکل نہیں ہے جو شمال میں رہتے ہیں۔

اس ملک کا منظر ایک خوابیدہ، مطمئن اور بے تلاطم پہاڑوں کی محفل ہے۔ جس میں سیاہ بھورے پتھر دلفریب معلوم نہیں ہوتے۔ یہاں کے ساکن ابن آدم کو بھی قدرت نے یہی کریکٹر دے دیا ہے۔ وہ دُنیا کے لوگوں سے علیحدگی میں مسرور ہے۔ سردی کے موسم میں برف کے آنے سے پہاڑوں کی چوٹیاں سفید ہو جاتی ہیں اور بہار میں درختوں پر نیا سبزہ، رشکِ فردوس بن جاتا ہے۔ مگر ان عناصر کی نسبتی حیثیت بے آب و گیاہ پہاڑوں کی دیو سار عظمت سے بہت کم ہے۔ لوگ عموماً تساہل پسند۔ گھر کے دلدادہ اور اپنے ذرائع میں محدود ہیں۔ صرف ہنزا کی محنت کش قوم اس میں شامل نہیں۔ تھوڑے پر قناعت اور اطمینان کی زندگی۔ اس وطن میں کوئی غیر ملکی آدمی نہ آنا پسند کرتا ہے اور نہ یہاں آکر مستقل اقامت کرنا چاہتا ہے۔ منظر ابتدا میں نئے ہونے کے سبب دل کش نظر آتا ہے۔ مگر جلد ہی اس سے جی بھر جاتا ہے۔ ایک مقام جو آپ ایکدفعہ دیکھ آئیں وہاں دوسری مرتبہ جانے کو جی نہیں چاہتا۔ خشک پتھر۔ سنگلاخ ٹیلے۔ سیاہ پہاڑ۔ سب جگہ ایک جیسا ہی منظر ہے۔ جو آدمی صرف گلگت میں چند روز گزار کر واپس آجاتا ہے وہ اس ملک کے حالات کا صحیح اندازہ نہیں کر سکتا۔ چونکہ گلگت تو مرکزِ حکومت ہے اور اور یہاں کا سب سے آباد اور پررونق قصبہ جہاں آسائش سب سے ارزاں اور فراواں میسر آتی ہے پھر کہیں بھائی کے دام فریب میں پھنسے رہنا۔ ماحول کو کسی کی آنکھوں سے دیکھنا اور لوگوں کے اطوار کا اندازہ میزبان کے جذبات کے مطابق یا ماتحت کرنا کسی معیار کی رُو سے صحیح نہیں۔ یا اگر آدمی ہنزا تک ہی چکر کاٹ آئے تو آسائشوں کا اتنا بار گراں اور مہربانیوں کی اس قدر طویل فہرست اس کے متعلق نمایاں ہوتی ہے۔ کہ وہ یہاں کی بلندی اور پستی کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتا۔

قدرتی حالات یہاں کی مشکلات کے ذمہ دار ہیں۔ قدرت اور انسان کے درمیان ایک مناہمت پیدا ہو گئی ہے اور انسان نے قدرت کی قوتوں کے ماتحت زندگی گزارنی شروع کی۔ سیلاب۔ قحط۔ اور

مشکل زندگی نے انسان کو سخت جان بنا دیا ہے یوں تو یہاں پر ہمیشہ قحط سالی کا سماں رہتا ہے۔ مگر بعض سالوں میں غلہ بالکل ناپید ہو جاتا ہے۔ یہاں پر وادیوں میں صرف چند مقامات ایسے ہیں جہاں کاشتکاری ہو سکتی ہے۔ اور دریا کے ساتھ ساتھ زمین کا رقبہ جو زیر کاشت ہے بہت قلیل ہے ملک کے سارے رقبے کا ۲۷ر۳ر یعنی ہم فیصدی سے کم۔ باقی پہاڑ اور پتھر۔

آبادی فی مربع میل بہت قلیل ہے پھر بھی زیر کاشت رقبے سے آبادی کا مقابلہ کیا جائے تو افراد کی تعداد بہت زیادہ ہے اور فصل کی پیداوار بہت کم چونکہ رقبہ کم ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ ہمارے زمانے میں بہت سی قوتیں معرض وجود میں آگئی ہیں جو آبادی کو کم ہونے کے مانع ہیں۔ لڑائیاں، چھوٹی چھوٹی۔ وادی اور وادی کے ہمسایوں کے درمیان اب نہیں ہوتیں تمام صلح اور سکون ہے۔ چونکہ ایک بڑی بالا دست حکومت سر پر موجود ہے۔ بیماریاں ڈاکٹروں نے کم کر دی ہیں۔ وبا جو عہدِ قدیم میں آبادی گھٹانے کی ذمہ دار تھی اب ناپید ہے۔ آرام اور شستہ زندگی میں زیادہ اولاد پیدا کرنے کا مشغلہ غریب اور متوسط طبقے نے اختیار کر لیا ہے یہاں کے بوڑھے کہتے ہیں کہ جب وہ بچے تھے تو ان کو کوئی ساتھی کھیلنے کے لئے نہیں ملتا تھا۔ آجکل جس گلی میں جاؤ بچوں کی فوج کھیل میں مصروف ہے۔ زمین زیر کاشت کا رقبہ بڑھا ہے مگر آبادی میں اضافہ کی نسبت سے نہیں بڑھا اور نہ بڑھ سکتا ہے۔ چونکہ رقبہ اور ہے نہیں جب تک کوہل نہ بنائے جائیں۔

نچلے طبقے میں یہاں مردوں کا شوق یہ ہے کہ وہ زیادہ تعداد میں بیویاں کریں۔ سامانِ آسائش اور اسبابِ معیشت سے بے نیاز مشغلہ جاری ہے۔ عورتوں کا یہ شوق کہ وہ نئے مردوں کے ارتباط سے بہرہ اندوز ہو کر نئے فردوسِ گوش اور جنتِ آسائش میں چند روز گذاریں۔ زلفِ پیچاں میں نیا شکار پھنسے گا تو وہ پھڑ پھڑا کر چند روز تو ناز و انداز کا حسین بوجھ کھینچے گا۔ ہر بیوی سے کئی کئی بچے۔ اور عورت نے نیا مقام تلاش کیا تو بچے پیچھے چھوڑ گئی۔ تعداد میں اضافے کا حساب عشق و محبت کی کتاب میں لکھ دیا جاتا ہے جو ریاضی دان اور منطقی کی دسترس سے بالاتر ہے

ابتدا سے ہی اس علاقے میں کبھی اتنا سامانِ خوراک پیدا نہیں ہوا جو آبادی کی ضرورت سے زائد ہو اور کسی اور ملک میں برآمد کیا جائے۔ اور اب آبادی کے بڑھ جانے سے تو یہ مسئلہ اور پیچیدہ ہوگیا ہے۔ پھل۔ خشک یا تر اتنی قلیل مقدار میں ہوتے ہیں کہ دو من خریدنا چاہو تو بازار خالی ہو جاتا ہے۔ اصل زمین یعنی مٹی کے قطعے اتنے کم رقبے کے ہیں کہ اس میں یا تو پھلدار درخت لگاؤ یا ان میں کھیتی کرو۔ پھلدار درخت ہی تعداد میں بہت کم ہیں اور ان کی تعداد کا بہت زیادہ کرنا مشکل ہے۔ درختوں سے کھیت لاد دیئے جائیں تو نیچے کھیتی نہیں ہوتی۔ اگر ایسا کریں تو فصل کہاں ہوگی۔ سب نباتات کو ہوا اور روشنی کی ضرورت ہے۔ اس لئے یہاں پر ہمیشہ سے قحط کا حال رہتا ہے۔ سردی میں لوگ آدھا پیٹ بھر کر گذارہ کر لیتے ہیں۔ سارا دن بیکار پڑے رہتے ہیں۔ جو مل گیا کھا لیا۔ خشک خوبانی (پھٹور)۔ سیب۔ چینا۔ گزارہ کیا۔ سردی میں گھاس بالکل خشک ہو جاتا ہے۔ گائے بکری کے لئے چارہ کمیاب نہیں؛ ناپید ہو جاتا ہے۔ کچھ خشک چارہ سکھا کر (مکی کے پودے۔ بھوسہ۔ گھاس) ان کے لئے رکھا جاتا ہے۔ وہ درختوں کی چھال تک کھا جاتی ہیں۔ جب چارہ نہ ہو تو وہ دودھ کہاں سے دیں گی۔ یوں ہی گندم۔ دال۔ گھی۔ وغیرہ سامانِ خوراک کی کمی ہے۔ سردی میں یہ کمی خاص طور پر نمایاں ہو جاتی ہے۔ باہر سے آئے ہوئے لوگوں کے لئے یہ تکلیف خطرناک صورت اختیار کر لیتی ہے اگر وہ حکومت کے زور۔ یا حکمتِ عملی سے اپنا انتظام قبل از وقت نہ کر لیں۔

یہ سرد علاقہ ہے۔ اس میں سات مہینے کھیتی باڑی ہو سکتی ہے۔ درختوں کے پتے سبز رہتے ہیں۔ سردی کے پانچ مہینے نہ کھیتی۔ نہ سبزی۔ نہ درختوں پر پتے۔ نہ جانوروں کے لئے چارہ۔ اور یہاں کے لوگ سردی میں کاشتکاری کی سبیل نکال لینے کے لئے کوشش نہیں کرتے۔ اس لئے ظاہر ہے کہ انسان کو سات مہینے میں بارہ مہینے کی خوراک پیدا کرنی پڑتی ہے سات مہینے زمین پیداوار دے گی۔ اس کو انسان اور جانور بارہ مہینے کھائیں گے۔ کچھ زمین زیر کاشت کا رقبہ صرف ۲۷، ۳ نیصدی ہے۔ کچھ یہ سردی کی بیکاری۔ سامان خوراک میں نمایاں کمی پیدا

کر دیتی ہے۔

آجکل (اگست ۱۹۵۵) بازار کے بھاؤ ہیں آٹا گندم - ۲۸ روپے من - گندم ۲۴ روپے من - مکی ۲۰ روپے من - گوشت ڈیڑھ روپے سیر - چینی تین روپے سیر (سول سپلائی سے سوا دو روپے سیر اگر وہ دیں) دال روپے کی آدھ سیر - اگر آپ کہیں کہ اتنی مہنگی کیوں - تو جواب ملتا ہے - ایک روپیہ فی سیر بوجھ کا کرایہ ہمیں راولپنڈی سے گلگت تک دینا پڑتا ہے تو ہر حال میں ہر چیز کی قیمت روپے فی سیر سے اوپر ہوگی - چونکہ ایک روپیہ تو اس میں کرائے کا شامل ہے - گھی صاف چھ روپے سیر - یہاں کے لوگوں کو پرانا بدبودار گھی کھانے کا شوق ہے - بعض دفعہ پچاس سال تک بطور تحفہ سنبھالتے ہیں - مکھن ۴ روپے سیر میلا - تیل سرسوں جو نیچے سے آتا ہے - چار روپے سیر - ہر کپڑا راولپنڈی کی نسبت ڈیڑھ اور دوگنا قیمت کے درمیان - (یہ ساری کتاب گلگت میں لکھی گئی)

اب خطہ گلگت کا تعلق چین، کاشغر کے ساتھ نہیں رہا - شمالی پہاڑ بھی حقیقت میں دشوار گذار ہیں اس علاقہ کا قدرتی تعلق کشمیر - کاغان - ہزارہ کے ساتھ ہے اور انہیں راستوں سے اس کی درآمد یا برآمد کا انتظام ہو سکتا ہے - راولپنڈی سے ہوائی جہاز آتا جاتا ہے - ایک سڑک سندھ دریا کے کنارے کنارے سوات کے بیچ میں سے بنائی جا رہی ہے جو تمام سال قابل عبور رہے گی اس علاقے کی ترقی اور فروغ کے لئے نئی سکیموں کا بنانا ضروری ہے - ایسی عامل قوت کی ضرورت ہے جو قدرت کی قوتوں کو پیش نظر رکھے اور لوگوں کے کیریکٹر کے ساتھ ربط پیدا کر کے ترقی کے راستے نکالے - جب یہ مسئلہ حل ہو جائے گا تو گلگت کا صوبہ نہ صرف خود مکتفی ہو جائے گا بلکہ دوسرے ممالک کے لئے بھی ممد ثابت ہوگا -

آج کل کی دنیا میں کوئی علاقہ یا کوئی گروہ یا کوئی قوم کاملاً خود مکتفی نہیں ہو سکتی - یعنی اتنی کہ اس کو بیرونی امداد کی ضرورت نہ ہو - آج کل تو متبادل امداد باہمی کی ضرورت ہے - کسی ملک میں جو چیزیں زائد ہوں وہ دوسرے کو دے اور اس کے عوض میں جن چیزوں کی ضرورت ہے وہ حاصل کرے - اسی سے ملک کی اقتصادی حالت میں توازن قائم رہ سکتا ہے -

گلگت کے علاقے میں کوئی جنس یا رقم ایسی پیدا ہی نہیں ہوتی جو برآمد کی جائے اور اس کے عوض میں ضرورت کی چیزیں حاصل کی جائیں۔ اس لئے سکیم ساز کا پہلا کام یہ ہے کہ وہ ان قدرتی وسائل کو دریافت کرے جن کے ذریعہ اس ملک کی ترقی ممکن ہے۔ پھر ان کا ربط واتحاد ان قوتوں سے کیا جائے جو حکومت یا انسان کے پاس موجود ہیں۔ یہاں پر کس کس شعبے میں ترقی ہوسکتی ہے (۱) زراعت۔ نئے پھلدار درخت۔ زیادہ درخت۔ اچھی فصلیں زمین کم ہے۔ نئی کوہلیں بنانے کی ضرورت ہے۔ پھر بھی زمین کم رہے گی (۲) ریشم کے کیڑے پالنا۔ یہ ممکن ہے۔ اور فائدہ مند ہے۔ اس کے لئے شہتوت کے درختوں کی بہت بڑی تعداد کی ضرورت ہے۔ کیڑا پتوں کے کئی من کھاتا ہے۔ توت لگانے کی جگہ تو ہے مگر پیوستہ تین چار سال پلان کے مطابق محنت کی جائے تو درختوں کی کافی تعداد پیدا ہوگی۔ (۳) پھلوں کا محفوظ کرنا۔ ابھی ممکن نہیں کئی سالوں میں ممکن ہوگا (۴) صنعت۔ فی الحال کسی صنعت کا امکان نہیں (۵) کان کنی۔ کانیں تلاش کی جائیں۔ ابھی تو کوئی کان ایسی نہیں جو فائدہ مند ہو (۶) ریت سے سونا نکالنا۔ سارا دن محنت کرو تو ڈیڑھ دو روپے کماؤ۔ بیکاروں کا مشغلہ ہوا (۷) یہاں کے دریاؤں میں سردی گرمی پانی چلتا ہے۔ پانی کی مقدار کافی ہے اور بجلی پیدا کرنے کے لئے دو چار سو فٹ کا اختلافِ ارتفاع پیدا کرنا آسان کام ہے۔ بجلی قوت ہے جو کئی کام آسکتی ہے اس قوت کے حاصل ہونے کے بعد دیگر صنعتیں اس کے زور پر پیدا کی جاسکتی ہیں۔ (۸) چمڑہ رنگائی۔ خام چمڑہ مقدار میں اتنا کم ہے کہ مشکل سے ایک چھوٹی فیکٹری چل سکتی ہے۔ (۹) کپڑے کا کارخانہ۔ کپاس بہت قلیل پیدا ہوتی ہے۔ اون مقدار میں بہت تھوڑی ہے کارخانہ کس طرح سے چلے گا۔ ذرائع آمد ورفت ضروری عنصر ہے اور سال بھر کی سڑک گلگت سے مردان تک بن رہی ہے۔ باقی آپ سوچئے اور مجھے بتائیے ✦

باب ۲

دارد لوگ اور داردستان

باب ۲۔ دارد لوگ اور داردستان

مندرجات (صفحات کے نمبر بریکٹ میں درج ہیں)

باب ۲

دارد لوگ اور داردستان

دارد لوگ انسانوں کا وہ گروہ جو شنا زبان بولتا ہے دارد کہلاتا ہے۔ اگر شنا وطن کے رہنے والے کسی آدمی سے پوچھو کہ دارد کس کو کہتے ہیں تو وہ حیران ہوگا کہ میں تو اس لفظ دارد سے ناآشنا ہوں۔ مگر کتابوں میں اس قوم کا یہی نام درج ہے۔ یورپ کے تمام محققین اور ان کے تتبع میں ایشیا کے مصنفین نے انسانوں کے اس گروہ کو اسی نام سے یاد کیا ہے۔ اس وطن کو جہاں دارد لوگ آباد ہیں "دار دستان" کہتے ہیں۔ داردستان کی حدود تقریباً وہی ہیں جو شنا زبان کی ہیں اور نقشہ مندرجہ ذیل (صفحہ) میں دی گئی ہیں۔

اگر خدوخال اور زبان کے لحاظ سے امتحان کیا جائے تو کوئی شک باقی نہیں رہتا کہ دارد لوگ نسل کے لحاظ سے آریائی ہیں۔ یہاں کی ہوا نے البتہ ان پر اپنا اثر ڈالا ہے۔ چوڑے شانے۔ درمیانے درجہ کے مضبوط۔ اعضائے بدن کا تناسب اچھا۔ ہاتھ پاؤں کے چالاک اور درمیانہ درجہ کے سخت گیر۔ پہاڑی لوگ ہیں۔ سنگلاخ کوہستان میں پرورش پائی ہے اور مشکل پہاڑوں پر چڑھنا ان کی عادت ہو چکی ہے۔ پہاڑی علاقے میں ان کی ہمت بڑا کام کرتی ہے۔ فقط چہرے مہرے سے اندازہ کیا جائے تو دارد گروہ میں سے صرف چند اشخاص ایسے نظر آئیں گے جو دیدہ زیب اور خوش گل کہلانے کے مستحق قرار دیئے جائیں۔ مگر دیکھنے میں اکثر لوگ رنگ روپ کے لحاظ سے قابل توجہ نظر آتے ہیں بالوں کا رنگ اکثر سیاہ ہے۔ چند کے بال سُرخ ہیں اور خال خال سنہری بال نظر آجاتے

رنگت گندمی سے اوپر سفیدی کی طرف میلان رکھتی ہے۔ مگر مردوں کا رنگ دھوپ کی تیزی میں سیاہی مائل ہو جاتا ہے۔ عورتوں کا رنگ اکثر صاف اور سفید ہے۔ جس میں سے سُرخی جھلکتی ہے۔ آنکھیں خرمئی رنگ یا سرخی مائل خرمئی رنگ کی ہوتی ہیں۔ بعض اوقات نیلی شفاف آنکھیں نظر آجاتی ہیں۔ جو یوں معلوم ہوتا ہے کہ شاید آپ کے دل کی گہرائیوں سے کچھ تلاش کر رہی ہیں۔ مردوں کا طریق گفتگو ایک حد تک گراں اور سخت معلوم ہوتا ہے۔ لسانِ شنا اپنی بناوٹ اور رسومات کے لحاظ سے ایسی ہے کہ عورتوں کے افسانوی ترنم میں دل کشی ہے۔ مگر شیرینی اور سلاست موجود نہیں۔ داردستان کے خواندہ حضرات تو اردو صفائی سے بولتے ہیں۔ مگر ہمیشہ کہیں نہ کہیں اور اس سے زیادہ تحریر میں مذکر مؤنث اور فعل کی تصریف میں لغزش ٹپک پڑتی ہے۔ گنوار جنہوں نے اردو یا پنجابی بولنا سیکھ لی ہے، ان زبانوں کو معقول کرخت لہجے میں بولتے ہیں۔

داردستان کے علاقہ جات تحصیل، تحصیل کے لحاظ سے سارے داردستان کے باشندوں میں خدو خال۔ قد وقامت، چہرے مُہرے۔ رنگ ڈھنگ۔ گرمی اور نرمی۔ افتاد اور نہاد کے لحاظ سے فرق ہے۔ گریز میں کشمیر کا اثر ہے دراس میں بلتستان کا اثر ہے۔ استور میں بلتستان اور چلاس کا مشترکہ اثر ہے۔ گلگت ایجنسی میں ہنزا اور نگر کا اثر ہے۔ پنیال میں اشکومن اور یاسین کا اثر ہے۔ داریل اور تانگیر میں کلام کوہستان کا اثر ہے سندھ کوہستان میں سوات کا اثر ہے چلاس میں داریل کا اثر ہے۔ شنا زبان کے وطن کی حدود سے باہر شمال کی طرف، جیسا کہ ہم نے نقشے میں دکھایا ہے کچھ علاقہ ہے جو نسل کے لحاظ سے داردستان میں شامل ہے۔ اگرچہ زبان کے لحاظ سے وہ شنا وطن کی حدود سے نکل گیا ہے۔ نگر کا براہِ راست تعلق بلتستان کے ساتھ ہے اور عہد قدیم میں جب گلیشیر نے نیچے آکر وادی کے راستے کو بند نہیں کیا تھا یہ راستہ بہت استعمال کیا جاتا تھا۔ ہنزا پر چینی تاتار کا اثر ہے۔ گوجال اور اشکومن پر پامیر اور بدخشاں کا اثر ہے۔ یاسین پر بدخشاں اور چترال کا اثر ہے۔ کوہ اور غذر پر چترال کا اثر ہے تاہم مجموعی طور پر ان کی خصلت اور ہمت کا اندازہ لگا کر اوسط نکالی جائے تو یوں

سمجھئے کہ انسانی اقدار کا موازنہ ہم نے اس بحث میں پیش کر دیا ہے۔

دارد کریکٹر یہ لوگ درمیانے درجے کے جفاکش اور معقول طور پر محنت کوش ہیں رہتے وہ ایسے ماحول میں ہیں کہ جہاں بدن اور روح کو زیادہ سہولتیں مہیا نہیں۔ سردی میں ٹھنڈ اور برف۔ ننگے پہاڑ۔ اور پتھر۔ زمستاں میں پانچ مہینے تمام ملک بے سبزہ و گیاہ۔ گائے بکریاں درختوں کی چھال اور خشک پتے کھاتی ہیں۔ زیر کاشت زمین کم۔ اور پیٹ بھرنے کے لئے نفری زیادہ سردی کے پانچ مہینے کوئی کاشت نہیں ہوتی نہ کوئی پھل اس کا یہ مطلب ہوا کہ تابستان کے سات مہینوں میں اتنا غلہ پیدا کرو کہ انسان اس کو بارہ مہینے کھا سکیں اور اتنا چارہ پیدا کرو کہ جانوروں کے لئے بارہ مہینے کے لئے کافی ہو دیگر ضروریات زندگی۔ لباس۔ نمک۔ پاپوش۔ چینی۔ چائے مصالحے سب یہاں ناپید ہیں اور باہر سے آتے ہیں۔ دیسی گرم کپڑا کچھ مقامی اون کو ہاتھ سے بٹ کر بنایا جاتا ہے۔ مگر ناکافی۔ اس ماحول میں یہ گروہ اپنی زندگی بسر کرتا ہے مگر شکر اور سکون سے وقت گزارتا ہے۔ عوام کو دیکھو تو خیال ہوتا ہے کہ انہیں بہت حد تک تسکین قلب میسّر ہے اور وہ خندہ پیشانی سے اپنے روزمرہ کے کاروبار میں مصروف ہیں۔

داردستان کا ساکن اپنے کردار و گفتار میں بہت حد تک آزاد مزاج نظر آتا ہے کہنے اور کرنے میں جرأت کا امتزاج ہے۔ سختی اور دباؤ کو ایک محدود وقت تک تو ان کی طبیعت برداشت کرتی ہے لیکن جلد ہی سینے کے سمندر میں مواد جوش کھاتا ہے پہلے افراد تیار ہوتے ہیں۔ پھر ایک دوسرے کے مشورے سے یہ جماعت کی صورت بن جاتی ہے جو مشورے پوشیدہ ہو رہے تھے وہ روز روشن میں نیم نمایاں ہو جاتے ہیں اور جبروت کی قوتوں کے خلاف جرأت آزمائی شروع ہو جاتی دارد نہ بزدل ہے نہ نرم دل۔ نہ دوست پرور۔ موقع میسّر آجائے تو بے رحمی اور تظلم میں کسی سے پیچھے نہیں لیکن صحیح طریقے پر تعلقات پیدا کیے جائیں۔ ان کو قائم رکھا جائے اور پھر طریق گفتار اور طرز درخواست کا مناسب رویہ اختیار کیا جائے تو اس ہاتھ سے کام کرانا اور اس دل سے کام نکالنا مشکل بات نہیں۔ حدود کے اندر احباب کو مشکور کرنا اور جب تک قوت کسی کے ہاتھ میں ہے ظاہری فرمانبرداری کا

اظہار کرنا اس ہوا کی خاصیات میں سے ہے۔ ادھر حاکم کے ہاتھ سے قلم اور افسر کے ہاتھ سے تلوار چھوٹی اُدھر انہوں نے اپنا رُخ موڑا اور نئے کے ساتھ رشتہ جوڑا۔ طبیعت تنگ نہیں۔ ماحول کی تنگی طبیعت پر اثر ڈالتی ہے۔

شروع شروع میں جب میں نے ماحول کو چھانا۔ تو نہ یہاں کوئی معقول لوہار۔ نہ بڑھئی۔ نہ موچی۔ اور کمہار تو بالکل ناپید ہے۔ مٹی کے برتن کوئی بناتا ہی نہیں۔ خیال ہُوا کہ شاید یہاں کا دماغ اس معراج تک پہنچنے سے قاصر ہے مگر انسان کی عادت کے مطابق وہ اصول یہاں بھی مروج ہے اگر بن محنت ملے تو کما کر کھانے سے کیا حاصل ہے۔ ہنزا محنتی ہے۔ حراموش اور بگروٹ سست ہے۔ گلگت بے پیندے کا بدھنا۔ پنیال باہمت کاشتکار۔ جب میں نے سکولوں کا معائنہ کیا اور طلباء کی دماغی کیفیت کا موازنہ کیا تو معلوم ہُوا کہ کمی ماحول میں ہے دماغ میں نہیں۔ وارد لوگ اتنے ذہین اور چابک دست نہیں جتنے کہ کشمیر کے باشندے ہیں مگر وہ میانہ فہم اور صاف ذہن ضرور ہیں۔ نسلوں کی عملی خاموشی اور تعلیمی ہنگاموں کی فراموشی نے دماغ میں جمود پیدا کر دیا ہے جو چند سالوں کی محنت سے عمل اور فکر میں تبدیل ہو سکتا ہے۔ مگر خالی دماغ کیا کرے۔ قدرت نے اس سرزمین کو بنایا ہی ایسا ہے کہ یہاں ضروریات زندگی خاک سے اتنی مقدار میں پیدا نہیں ہوتیں کہ وہ تمام افراد کے لئے شافی ہو سکیں۔ نہ لباس۔ نہ خوراک۔ اور قومی آمدنی کے ذرائع تو بالکل ناپید ہیں۔ یہاں سے برآمد کرنے کی کوئی چیز ہی نہیں جس کو دساور میں بھیج کر اس کے عوض میں دوسری اجناس یا اشیاء وارد کی جائیں اور ملک کی اقتصادی حالت متوازن رہے کالج نہریں۔ سڑکیں اور دیگر تمدن کے سامان اس وقت وجود میں آ سکتے ہیں جب کسی قوم کی آمدنی زائد از ضرورتِ شافی ہو۔ جب حکومت کے خزانے میں روپیہ کی بچت ہو گی تو وہ ان تعمیری کاموں پر خرچ کی جا سکے گی۔ اس دیس میں ان سب وسائل کی کمی نہیں بلکہ فقدان ہے۔ قدرت نے اس خاک کو بنایا ہی بے اسباب ہے۔ شاید طویل محنت اور کثیر صرف کے بعد یہ وطن اپنا بوجھ خود اٹھانے کے قابل ہو سکے۔

ان سب امور پر غور کرنے کے بعد اس قوم کے ساتھ ہمدردی کا ایک جذبہ دل میں فروغ پاتا

مقابل صفحہ ۴۴ (۱۰)

(۳۰) بلتی عورت بچے کو اٹھائے لئے جا رہی ہے

عورت دنیا میں کہیں ہو - اس کے طور اطوار نسائی رنگ سے مزین ہیں - تصنع زیور ہے - اور زیور تصنع - اس عورت نے اپنی ٹوپی پر کانچ کے منکے ہی لگا رکھے ہیں - بچہ اپنی پیٹھ پر لادے مسکراتی چلی جا رہی ہے -

❋ ❋ ❋

(۳۱) گلگت کے چاندی کے زیورات

یہ زیور گلگت بازار میں سنار نے بنائے - اس نے دھو کر ابھی دھوپ میں سوکھنے کے لئے رکھے ہی تھے کہ میرا وہاں سے گزر ہوا - زیورات کو ایک لکڑی کے تختے پر ترتیب دے کر میں نے یہ فوٹو لی - یہ سب زیورات چاندی کے بنے ہوئے ہیں - سنار سب کشمیری کاریگر ہیں -

سونے کا زیور گلگت میں یوں کہئے کہ کوئی نہیں پہنتا - سونے کے زیور بنانے والا ایک بوڑھا ہے - وہ بھی صرف انگوٹھیاں بناتا ہے -

❋ ❋ ❋


(۳۲) وادی گلگت کا ایک منظر

گلگت کے مناظر میں کوھستانی دلچسپی کے سامان ہیں - یعنی وہ تمام عناصر کہیں نہ کہیں جمع ہو جاتے ہیں جو اچھی سینری کو ترتیب دیتے ہیں - بہتے ہوئے پانی کی تیز دھار، چنار اور صنوبر کے درخت - دریا کے قریب کھیت، باغ اور تازہ سبزہ - سامنے پہاڑ جن کے اس منظر میں برف سے ڈھکی ہوئی چوٹیاں اور آسمان حسین بادلوں کی بھول بھلیاں کھیلنے کی آما جگاہ -

مگر اس سارے ماحول کے نظارہ عمیق سے روح پر سکون، جمود، خامشی، بے سرو سامانی اور فطرت کے مقابلے میں انسان کی کس مپرسی کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے -



بلتی عورت بچے کو اٹھائے لئے جا رہی ہے۔



گلگت کے چاندی کے زیورات



وادی گلگت کا ایک منظر۔

ہے۔ مگر ساکنینِ خطہ ابھی اس ہمدردی کو صحیح طور پر سمجھنے اور اس کو جائز طور پر استعمال کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے۔ وارد لوگ ایک حد تک جرأت آزما ہیں۔ مگر خون کے پیاسے نہیں۔ ہلاک کرنے سے ان کو دریغ نہیں مگر وجوہات موجود ہونی چاہئیں اور ایک حد تک معقول۔ جب متوسط طبقہ کے لوگ آپ سے ملاقات کرتے ہیں تو نہ تو یہ دوسرے کے رعب سے دب جاتے ہیں اور نہ بے جا اپنی رعونت کا اظہار کرتے ہیں بلکہ ہم سطح مقام سے آپ سے مخاطب ہوتے ہیں۔

عورتیں دُنیا کی گاڑی دو پہیوں پر چلتی ہے۔ ایک کا نام مرد ہے دوسرے کا عورت۔ مرد اپنی عقل۔ محنت اور شجاعت کے لئے قابلِ تعریف قرار دیئے جاتے ہیں اور عورتیں اپنی ذکاوت۔ تہذیب اور حسن کے لئے۔ نسائی قدم جس محفل میں وارد ہوتا ہے اپنے ساتھ مسکراہٹوں، مسرتوں اور امیدوں کا ایک ہجوم لے کر آتا ہے۔ اس سارے علاقے میں عام عورتیں قابلِ توجہ ضرور ہیں۔ مگر خاص طور پر دلربا نہیں۔ بعض قد و قامت اور خد و خال ایسے دکھائی دیتے ہیں جن کو مڑ کر دیکھنے کو جی چاہتا ہے۔ یہاں کے لوگ نہانے دھونے میں زیادہ توجہ نہیں دیتے۔ عورتیں معمولی طور پر صاف ہیں مگر ان میں سے بو نہیں آتی جیسے کہ بلتستان اور کشمیر میں نمایاں ہے۔ شہر گلگت کے لوگ نسبتاً بہت صاف ہیں۔ ہنزا کی عورتیں اپنی محنت اور مضبوطی میں مشہور ہیں۔ ان کی رہائش بھی ستھری ہے ان کے رنگ بھی صاف ہیں۔ یاسین کی نسائی خوبصورتی کا گلگت صوبے میں شہرہ ہے۔ لوگ عموماً غریب ہیں۔ اور مرد عورتوں کا آپس میں ملنا آسان ہے چونکہ پردے کا رواج بہت قلیل ہے۔ دولت کے عوض میں بازو کا حاصل کر لینا یہاں آسان بات ہے اور اتنی ہی آسانی سے اس کا ہاتھ سے نکل جانا بھی ممکن ہے۔ پاکستان کے میدانوں کی نسبت یہاں کے رنگ سفید اور سُرخ ہیں صنفِ نازک قیمتی اور دل کش لباس کی دلدادہ۔ سیر و تفریح کی طرف راغب۔ اور تر نوالہ تو ہر ملک میں کسی کے دل میں داخل ہونے کا کامیاب عامل ہے مگر بڑھاپے میں بھی جب ان گنجے پہاڑوں کے دیدار کا جنون سینۂ تنگ میں قلزم کا طوفان برپا کر دیتا ہے تو یہ نام نہاد صنفِ نازک جس نے حضرت آدمؑ کے پہلو میں رہ کر شیطان کی فراست سے عظیم تر فریب آفرینش کیا، وطن کو واپس آنے کے ڈھب نکال لیتی ہے۔ اولاد

کی پرواہ نہیں۔ وہ جہاں رہیں شاد و آباد ہوں اور یہ عورت کی شکل میں مردِ میدان واپس اپنے پہاڑی گاؤں میں نئے تعلقات سے بہرہ اندوز۔

داردستان کی ذاتیں

یہاں کے لوگ مذہب کے لحاظ سے سب مسلمان ہیں اگرچہ وہ مختلف فرقوں سے تعلق رکھتے ہیں داردستان میں چند الگ الگ فرقے ہیں جو ایک دوسرے سے شادی نہیں کرتے۔ اس لئے ان کو اگر اس قوم کی ذاتیں کہہ دیا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ اس بحث سے ہم اس بات کا اندازہ بھی کر سکیں گے کہ یہ فرقے کہاں سے آئے اور ان کی قومی اہمیت کیا ہے۔

داردستان میں پانچ ذاتیں ہیں۔ اہمیت کے لحاظ سے ان کو مندرجہ ذیل ترتیب میں لکھا جائے تو درست ہے۔

(۱) رونو (۲) شین (۳) یشکن (۴) کمین (۵) ڈوم

ان کے علاوہ بہت مختصر اقلیت میں سیّد۔ راجہ لوگ اور وزیر خاندان ہیں۔

(۱) رونو صرف چند گھرانے ہیں۔ کوئی دو ڈھائی سو گھر۔ ان کی آبادی کچھ تو نگر اور گلگت ایجنسی میں ہے پنیال اور یاسین میں تعداد نسبتاً زیادہ ہے۔ ان کا احترام شین سے بھی زیادہ کیا جاتا ہے چونکہ عہد قدیم میں تخت و تاج کے مالک تھے۔ ہر وادی کے راجہ لوگ بہت سی شادیاں کر لیتے تھے۔ ہر علاقہ کا راجہ حاکم کل تھا۔ اس کو کامل اختیار حاصل تھا۔ وہ رانیاں جو کسی دوسرے شاہی خاندان سے تعلق رکھتی تھیں ان کی اولاد گشپور کہلاتی تھی۔ وہ بیویاں جو کسی راجہ کی بیٹیاں نہیں ہوتی تھیں بلکہ زمیندار گھرانوں سے تعلق رکھتی تھیں۔ ان کی اولاد رونو کہلائی۔ وہ ایک الگ فرقہ بن گیا اور انہوں نے آپس میں شادیاں کرنی شروع کر دیں۔ آج کل یہ رواج نہیں ہے۔ راجہ عموماً ایک یا دو بیویاں منکوحہ رکھ لیتا ہے۔ اگر وہ !

خلافِ شرع تو اب شیخ تھوکتا بھی نہیں ۔ مگر اندھیرے اجالے میں چوکتا بھی نہیں (اکبر الٰہ آبادی)

کا عامل ہو۔ تو یہ اس کا غیر تحریری فعل ہے۔ جس کا ہر شخص مرتکب ہو سکتا ہے۔ سکھوں کے آتے

کے بعد (۱۸۴۲ء) پہلے ڈوگروں کی حکومت ہوئی۔ پھر انگریزوں نے دبدبہ جمایا تو تاریخ کی کتابوں میں یا جائیداد کے مقدموں میں یا حق وراثت کے پرچوں میں انہوں نے راجگان کے نام کے سامنے چند بیویوں کے نام تو ایسے لکھے جن کو منکوحہ قرار دیا۔ ان کی اولاد جائز اور جائیداد کی وارث۔ بیویوں کا ایک دوسرا طبقہ غیر منکوحہ قرار دیا اگرچہ انہیں سے ہر ایک راجہ کے پاس مستقل بیوی کے فرائض سرانجام دیتی تھی۔ مگر ان کو رانی قرار نہیں دیا۔ بلکہ ہوس رانی کا تختہ مشق۔ رانی سے مہترانی بنا دیا۔ ان کو غیر منکوحہ لکھا ہے اور اولاد کو حرامی قرار دیا ہے۔ یہ فرنگی حرفِ پہلودار کا کرشمہ ہے۔ غرض یہ کہ گدی کے لئے یہ جھگڑا نہ کریں اور جائیداد کے وارث نہ ہوں مگر اسلامی فقہ کے مطابق دنیا میں کوئی شخص حرامی نہیں ہے۔ جب اس کی ماں کا نکاح ہو چکا ہے۔ جس شخص کی وہ ظاہری اولاد ہے وہ اس کی اولاد مانا جاتا ہے اور یہ فرض کیا جاتا ہے کہ جب عورت کے ساتھ زوجیت کے تعلقات قائم ہیں تو وہ اس کی بیوی ہے۔ بیوی یا میاں فقہ میں قابل گرفت ہوں گر اولاد حرامی نہیں کہلائے گی۔ راجہ لوگ اس اولاد کو اپنی حیات میں اپنی طرف سے ہمیشہ اتنی جائیداد دے دیا کرتے تھے۔ زمین۔ مکان وغیرہ۔ کہ ان کے نان نفقہ کے لئے تا زیست کافی ہو جائے۔

ہم نے رونو فرقہ کے وجود میں آنے کا ذکر جو کیا تو وہ انگریزوں کے آنے سے پہلے کی بات ہے جب یہ واجب - غیر واجب کی تفریق پیدا نہیں ہوئی تھی۔ بیچ میں انگریز کے فروغ کا دور آگیا آج کل پاکستان ہے تو سب اولاد حلالی اور اپنے اپنے وقار کے مطابق حقدار۔

(۲) شین شین اور یشکن داردستان کی دو بڑی ذاتیں ہیں۔ شین کا درجہ بلند ہے۔ مگر وہ تعداد میں کم ہیں۔ گلگت اور استور میں یشکن کی نسبت ان کی نفری قلیل ہے۔ ان کی زیادہ آبادی علاقہ شناکی ہیں جلکوٹ سے لے کر گور تک ہے۔ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ سندھ کا جو ٹکڑا اپنی سمت میں مشرق مغرب بہتا ہے جس کے کنارے شناکی علاقہ ہے وہاں شین لوگوں کی تعداد زیادہ ہے یہ سندھ دریا کی داردستان میں بزرگ وادی ہے۔ جتنا ہم اس وادی سے دور چلے جاتے ہیں اتنی ہی یشکن لوگوں کی تعداد بڑھتی چلی جاتی ہے اور شین تعداد میں کم ہو جاتے ہیں۔ مثلاً نگر۔ ہنزا اشکومن۔ یاسین۔ چترال میں بیشتر یشکن آباد ہیں۔

شین ذات کی چند مخصوص عادات ہیں۔ شین عورت صرف شین سے شادی کرے گی۔ شین مرد اگر ضرورت ہو یشکن عورت سے شادی کریگا۔ شین لوگ گائے کو خاص نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس کا گوشت نہیں کھاتے۔ گائے کا دودھ نہیں پیتے۔ مکھن نہیں نکالتے۔ اس کا گوبر نہیں جلاتے۔ دو ایک بیل وہ مجبوری سے رکھ لیتے ہیں چونکہ ہل چلانا پڑتا ہے مگر جب گائے بچہ دیتی ہے تو دو شاخہ لکڑی کے ساتھ بچے کا منہ گائے کے تھنوں میں لگاتے ہیں اور اس کو ہاتھ سے نہیں چھوتے۔ شین لوگ بکریاں پالتے ہیں۔ ان کا دودھ پیتے ہیں۔ مکھن نکالتے ہیں اور چونکہ مسلمان ہیں بکری، بھیڑ کا گوشت بھی کھاتے ہیں۔ استور شہر سے استور دریا کے کنارے بونجی کی طرف آئیں تو ۱۲ میل پر دشکن ایک مقام ہے وہاں کے شین مرغیاں بھی نہیں پالتے۔ ان کو ہاتھ نہیں لگاتے نہ ان کو کھاتے ہیں بلکہ وہ تمباکو اور گل لالہ کی کاشت بھی نہیں کرتے۔

دورِ جدید اپنا نیا پیغام لے کر ہر مقام پر پہنچتا ہے۔ پرانی قدریں مدفون ہو جاتی ہیں اور نئی قوتیں فضا میں لہرانے لگتی ہیں۔ جہاں شین لوگ الگ گروہ کی صورت میں رہتے ہیں۔ ان کے لئے ان قدیم عادات کا قائم رکھنا ایک حد تک ممکن ہے۔ جہاں ان کے صرف چند گھرانے ہیں وہ ان قیود کو ترک کرنے پر مجبور ہیں اور ترک کر رہے ہیں۔

(۲) یشکن اس ذات کی تعداد داردستان میں سب سے زیادہ ہے۔ جغرافی حالات قدیم تاریخ۔ خد و خال اور موجودہ ذاتوں کے وطن سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ آریا قوم کے فاتح یعنی شین لوگ ولادت مسیح سے پندرہ اور دس صدی قبل وادئ سندھ میں فاتح بن کر وارد ہوئے۔ انہوں نے جلکوٹ اور گور کے درمیان کا علاقہ فتح کرنے کے بعد اپنا وطن بنا لیا۔ بعض گھرانے الگ اور اپنے پرانے دستور پر قائم رہے وہ شین کہلائے۔ بعض شین لوگ آگے بڑھے منسلکہ وادیوں میں جاکر انہوں نے ڈیرے جمائے۔ وہاں شادیاں کرلیں۔ مفتوحہ لوگوں نے شین فاتحین کی زبان اور اطوار اختیار کرلئے۔ یہ یشکن کہلائے۔ اسی لئے ہر وادی اور علاقے کے یشکن اپنے خد و خال اور رسوم میں دوسری وادی کے یشکن لوگوں سے ایک حد تک جداگانہ ہیں۔ چونکہ ان کا

خون تخمین سے زیادہ اصل اس مقامی وادی کی خاک کے ساتھ مربوط ہے۔

آریا نسل کے شین لوگوں کے گلگت میں وارد ہونے سے پہلے یہاں جو لوگ آباد تھے وہ خطۂ گلگت کے شمال کی طرف سے آئے تھے۔ نسل کے لحاظ سے وہ تورانی تھے۔ ہنزا کے لوگوں کے خدوخال کا بغور ملاحظہ کرو۔ تو صاف تورانی نظر آتے ہیں۔ چونکہ وہ ہُن ہیں۔ اس لئے ان کے وطن کا نام ہنزا ہو گیا ہے۔ شین اور اصل باشندوں کی شادیاں ہو گئیں۔ شین تعداد میں کم تھے مگر جہاں آریائی خون مقدار میں زیادہ ہے وہاں کے لوگوں کے چہرے مہرے آریائی بناوٹ کے قریب ہیں۔ جہاں تورانی خون زیادہ ہے وہاں چہروں سے نسل کے لحاظ سے تورانی ہونا نظر آتا ہے۔ تاتاری نسل کے لوگ بھی بعد میں ان وادیوں میں حملہ آور بن کر آئے اور انہوں نے یہاں پر مستقل سکونت اختیار کر لی۔ یہ سب خون اب یشکن کہلاتا ہے۔ اپنی اپنی وادی میں اسی سبب سے ہر گروہ کی شکل وصورت کچھ مختلف ہے۔ اگرچہ وہ سب یشکن کہلاتے ہیں۔

گلگت اور استوار میں تو تقریباً تمام آبادی یشکن لوگوں پر مشتمل ہے ان کا پیشہ زراعت ہے اور یہاں گلگت صوبے میں کام ہی کیا ہے۔ اسی طرح سے نگر۔ ہنزہ۔ اشکومن۔ یاسین۔ پنیال۔ چترال میں بیشتر یشکن لوگ آباد ہیں۔ شین خال خال ہیں۔

(۴) کمیّ اس لفظ کا مادہ کام ہے یعنی کام کرنے والا۔ زمینداروں کی بستی میں چند لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو ان کے ماتحت کام کرتے ہیں مثلاً لوہار ترکان۔ جلاہے یعنی زمیندار کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ زمیندار حسب دستورِ قدیم ان کے نان نفقہ کا کفیل ہوتا ہے۔ سال کا غلہ اور ضروریات ان کو دینا زمیندار کا فرض ہے۔

یہ لوگ کام کرتے ہیں اور کمیّ یعنی کام کرنے والا کہلاتے۔ جمع کمین ہو گئی۔ اتفاق سے اردو میں ایک اور لفظ مروّج ہے جو فارسی لفظ کمینہ (کم ظرف۔ شوہدہ۔ بداخلاق۔ نااہل) کے معنی میں مروّج ہے۔ اس کا مخفف کمین بنایا اور کمینہ کے معنی میں اردو میں بعض جگہ مستعمل ہے بعض لوگوں نے غلطی سے یہ سمجھ لیا ہے کہ اس ذات کمین سے مقصود کمینہ یعنی گھٹیا ذات کا آدمی

ہے حالانکہ مقصود کام کرنے والا کمی ہے (یہ لفظ ان معنوں میں پنجاب میں عام مستعمل ہے۔ اور وہیں سے عہد قدیم میں یہاں پہنچا ہے۔)

کمی تعداد میں بہت کم ہیں۔ گلگت میں تو خاص طور پر ان کی تعداد قلیل ہے۔ یہ لوگ مختلف کام کرتے ہیں۔ لوہار۔ ترکھان۔ کمہار۔ نائی۔ دھوبی وغیرہ ان کو ذات میں گھٹیا سمجھا جاتا ہے۔ ان کے خون میں زیادہ آمیزش قدیم اصلی باشندوں کی ہے جیسے کہ ہندوستان کے شودر ہیں۔ رنگ روپ کے لحاظ سے بھی یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ ان کا تعلق جاہلیت کے دور کے اصل لوگوں سے ہے۔ شاید اصل شین آریہ حملہ آوروں کے ساتھ ہندوستان سے چند شودر ساتھ آگئے ہوں اور وہ اب تک کمی پیشہ میں مصروف ہیں۔

(۵) ڈوم سازندے ہیں۔ ان کا کام ڈھول۔ سُرنی۔ طوطی کا بجانا ہے۔ گاتے بھی ہیں۔ ان کی عورتیں بھی بجاتی ہیں۔ اور ناچتی ہیں۔ یوں تو گلگت صوبہ میں ہر عورت یہاں کی ناٹی "ناچتی ہے۔ عید پر بیاہ پر۔ تقریب پر۔ ہر ایک کو ناچنا آتا ہے۔ ڈوم عورتیں ساتھ دَف اور جھانج بجاتی ہیں۔ مرد بھی سب ناچ ناچنا جانتے ہیں۔ مگر ڈوم عورتیں ناچنے میں شہرہ آفاق ہیں اور اپنے اخلاق کے ابتذال میں بھی مشہور عالم ہیں۔ اس ترکیب سے ڈوم گروہ کے خون کی آمیزش اعلےٰ طبقہ کے مردوں کے ناجائز امتزاج سے کئی صدیوں سے ہوتی رہی ہے۔ اب ان میں سے چند نسائی چہرے جاذب نظر بھی ہیں۔ اور ان کا حصول آسان بھی ہے۔ پنجاب میں سازندے مراسی کہلاتے ہیں۔ لداخ میں بیم BEM اور کشمیر میں واتل۔ ان سب کی ذات گھٹیا مانی جاتی ہے۔ پنجاب میں مراسی سے بھی نیچے یعنی اس سے عقل اور ہمت میں کم ایک اور گروہ ہے اس سارے کا نام ڈوم ہے۔ پنجاب کا مراسی اپنے سیاہ رنگ لمبی گردن۔ دبلے بدن۔ چمکتی آنکھوں اور گھنگرو کی طرح چھن کرتی ہوئی پاٹ دار آواز سے محفل میں الگ انتخاب کیا جا سکتا ہے۔ کشمیر کا واتل اپنے رنگ اور اخلاق میں کسی صورت سے اعلیٰ طبقہ کے کشمیری کے قریب نہیں پہنچتا۔ لداخ کا بیم بھی بلند طبقے کے ساتھ خون کی فراواں آمیزش کے سبب خد و خال میں اپنے عمائد کے قریب چلا گیا ہے۔ گلگت کے ڈوم اپنی ایک خاص زبان بولتے ہیں۔

جو "بلتم" کہلاتی ہے۔ ڈوم جہاں کہیں صوبہ گلگت میں ہوں وہ بلتم اپنے گھروں میں بولتے ہیں جو عموماً دوسرے لوگوں کو یاد نہیں ہوتی۔ وہاں کی مقامی زبان بھی ڈوم لوگ خوب جانتے ہیں۔

ڈوم لوگوں کی تعداد قلیل ہے۔ چونکہ ایک بڑے قصبے میں آٹھ دس نفر ہوں تو وہ کافی تعداد ہے چھوٹے گاؤں میں ان کی ضرورت ہی نہیں۔ یاسین کی طرف چند بستیاں ہیں جن میں صرف ڈوم آباد ہیں۔ باقی صوبے میں دو چار گھرانے ایک قصبے میں ملتے ہیں۔

ہنزا اور نگر میں کوئی کمی نہیں ہے۔ داریل اور چلاس میں ان کی تعداد سب سے زیادہ ہے یہ وہاں پر آٹے پیسنے کی چکی پر کام کرتے ہیں یا مٹی کا کام کرتے ہیں۔ بعض ڈوم موسیقار کا کام کرتے ہیں۔ باقی ڈوم لوہار اور موچی کے کام سے اپنا پیٹ پالتے ہیں۔ ڈوم زیادہ تر یاسین۔ نگر۔ اور چلاس میں رہتے ہیں۔ شوتو ایک فرقہ ہے جو اسی جماعت میں شامل ہے۔ شوتو لوگ چمڑہ رنگنے کا کام کرتے ہیں اور صرف نگر میں رہتے ہیں۔

چند اقلیتیں گلگت صوبہ میں ان پانچ فرقوں کے علاوہ جن کا ذکر ہم نے اوپر کیا: (۱) رونو (۲) شین (۳) یشکن (۴) کمی (۵) ڈوم۔ یہاں کچھ اقلیتیں آباد ہیں۔ یعنی (۱) سید (۲) راجا (۳) وزیر۔

سید رسولِ عربی صلعم کی کوئی نرینہ اولاد جوان نہ ہوئی۔ ایک دختر نیک اختر فاطمۃ الزہرا کی شادی حضرت علیؓ سے ہوئی جو ان کے چچازاد بھائی تھے اور بچپن سے ان کے گھر میں رہتے تھے۔ ان کے بطن سے دو فرزند حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ پیدا ہوئے۔ یہی رسولِ خدا کی اولاد مانے جاتے ہیں۔ ان کی اولاد سید کہلاتی ہے۔ سید کسی غیر گھرانے کی لڑکی سے شادی کرے تو بھی اسکی اولاد سید ہی کہلاتی ہے۔

سید ظاہر ہے کہ جزیرۃ العرب سے ساری دُنیا میں پھیلے۔ جہاں اسلام گیا۔ سید بھی گئے۔ سوسائٹی میں ان کی بہت عزت کی جاتی ہے۔ اگر سید عالم ہو تو سونے پر سہاگہ۔ تمام لوگ اپنے فتووں اور ہدایات کے لئے اس کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ تعویذ اور دم بھی ان کی کشف و کرامت میں شامل ہے۔ لوگوں کو راہ ہدایت اور شریعت کی تلقین کرتے ہیں۔ پیدائش۔ شادی۔ مرگ وغیرہ مذہبی رسومات کا ادا کرنا ان کے سپرد ہے۔

دوسرے مذہبی علماء بھی یہ کام کرتے ہیں لیکن سید کو آلِ نبیؐ ہونے کے سبب ترجیح دی جاتی ہے۔

دورِ قدیم کے زمانہ جاہلیہ میں یعنی ظہور اسلام سے پہلے اور فروغِ دینِ متین کے بعد عربوں کے سب سے اہم فرقہ قریش میں کئی قبیلے تھے۔ حسب دستورِ خاکِ عرب ان میں دشمنی سلگتی رہتی تھی۔ وفاتِ رسول اکرم (۶۳۲ عیسوی) کے بعد جو آتشِ عناد مختلف حکمران پارٹیوں میں شعلہ برافلاک ہوئی۔ تاریخ دان خیال کرتے ہیں کہ اس کا بیج زمانہ جاہلیت میں بویا گیا تھا دل کے پرانے الوان نئے آسمانِ حکومت پر پھیل کر نئی شفق اور فلق بن کر پیدا اور ہویدا ہوئے۔ جو جدید قوتوں کے زیر اثر انواع و اقسام کے تاریخی حادثات کا سبب بنے۔

فروغ اسلام کے ابتدائی دور میں تین بزرگ طاقتیں ایک دوسرے سے برسرِ پیکار تھیں (۱) بنو امیہ (۲) بنو عباس (۳) بنو فاطمہ یعنی سادات۔ میدان وغا میں بنو امیہ کا جھنڈا اسفید ہوتا تھا۔ بنو عباس کا سیاہ اور بنو فاطمہ کا سبز۔ اپنی مخصوص تقریبوں پر بھی یہ گروہ اپنے اپنے مخصوص رنگ کو نمایاں کرتا تھا۔ پگڑیاں بھی اسی رنگ کی باندھتے۔ کمربند کا رنگ بھی یہی ہوتا مطلب یہ کہ ایک فرد نمایاں طور پر معلوم ہو جائے کہ کس گروہ سے تعلق رکھتا ہے۔ تو سیدوں کا خاندانی رنگ سبز ہے اور یہی رنگ ایران کا سید اپنے عمامہ کے لئے استعمال کرتا ہے مگر یہاں گلگت میں سادات سبز رنگ کا عمامہ نہیں پہنتے بلکہ سیاہ رنگ کا۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ علم کا رنگ سیاہ ہے۔ مجتہد اور عالم ہمیشہ سیاہ عمامہ، چغہ یا فرغل اور کمربند پہنتا ہے جس سے ظاہر ہے کہ یہ عالم ہے۔ چونکہ یہاں عالم اور مجتہد سید ہی سمجھا جاتا ہے اس لئے امکان ہے کہ علم کا رنگ یعنی سیاہ، بنو فاطمہ کے خاندانی رنگ یعنی سبز سے آگے نکل آیا ہو اور سیدوں نے بھی سیاہ عمامہ پہننا شروع کر دیا ہو۔

یہاں ہر گاؤں میں سادات کے دو چار گھرانے مل جاتے ہیں۔ یہ لوگ بکھرے ہوئے ہیں اور تعداد میں بہت کم ہیں۔ سید میں اپنی جبلت کے لحاظ سے اگر وہ صحیح النسب سید ہے اور جعلسازی زادہ ہونے کی بناء پر سید نہیں۔ تو اپنے خاندانِ نبوت کی صفات موجود ہوتی ہیں۔ طبع کا حلیم۔ علم کا دلدادہ۔ جھگڑے سے گریز۔ شرافت کا احترام۔ اپنی عزت کا پاس۔ سخاوت پر تیار۔ دل کا وسیع۔ یہاں عزت اور امارت کا سوال نہیں۔ انسانی فطرت کا سوال ہے۔ مگر یہ عالمِ انقلاب انگیز۔ ہنگامہ افروز قوتوں کی معرکہ آرائیوں کی وادی ہے اور ہر آن ہزار شکست و فتح کا میدان۔ اب آپ ایسے شخص کی کامیابی کے امکانات اس کارزارِ کشمکش حیات میں سوچیں تو معلوم ہوگا کہ

سید کو بلند سطح پر آنے کے مواقع بہت کم ملیں گے۔ مخالف قوتیں جو اصولوں کی کم پابند اور کم ظرف پالیسی پر زیادہ کاربند ہیں وہ میدان میں بازی لے جاتی ہیں۔ سید اپنی خاندانی فطرت اور شہرت کو پرورش کرنے کے لئے پس پشت رہنے پر قانع ہو جاتا ہے۔ صوبہ گلگت میں سید موجود ہیں مگر دولت کے لحاظ سے معمولی۔ بس عزت ہے روٹی کھانے کو ملتی ہے۔ میدان کربلا کے معاملات کا نفسیاتی تجزیہ آپ کریں تو یہی کیفیت جلوہ گر نظر آئے گی۔

راجا لوگ یہاں ایک الگ گروہ ہے۔ ان کی عادات اور فطرت بھی عوام سے جداگانہ ہے جس پر بحث کرنے کا موقع یہاں نہیں ہے۔ ان کے خدوخال اور نقش و نگار بھی عوام سے بہتر اور نمایاں ہیں۔ حکمران خاندان آپس میں شادیاں کرتے ہیں۔ ایک دوسرے سے دشمنی بھی ہے۔ لڑائیاں بھی کرتے ہیں۔ یا کرتے تھے۔ چونکہ اب موقع نہیں رہا۔ ایک دوسرے کو جن کے ساتھ خون کا رشتہ ہو یا آزار بندی رشتہ ہو قتل کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے مگر جب بیٹے کی شادی کرنا مقصود ہو گی تو بیٹی راجا کی لائیں گے۔ خاص طور پر ان دو چار بڑے بیٹوں کے لئے جن کے متعلق خیال ہو کہ دنیا میں ان کو نمایاں حیثیت حاصل ہو گی۔ پہلی بیوی تو ضرور کسی راجہ کی بیٹی یا خالص راجا خاندان کی بیٹی ہو گی۔ اس کے بعد اگر وہ مرد اپنی قوتوں کی زور آزمائی کسی اور میدان میں کرنا چاہے تو مرد ہے اس کی مرضی کو پڑیا میں باندھ کر طبیب کا نسخہ نہیں بنایا جا سکتا۔ کسی زمیندار یا بیکار کے گھر پر ہاتھ رکھ دے تو اولاد عہد قدیم میں "رونو" کہلاتی تھی عہد انگریز میں 'حرامی' اور عہد پاکستان میں "مسلمان شریف"۔ مگر ان بیٹوں کا تعلق ریاست، حکومت یا خاندان سے نہیں ہوتا۔ بس باپ اپنی منکوحہ یا داشتہ یا متعلقہ کو اتنی وسعت دے دیتا ہے کہ اس کے اور اس کے بچوں کے لئے کافی ہو جائے۔ راجا کی ذات کا تعلق اس عورت سے ہوتا ہے خاندان کا کوئی تعلق بچوں کی ماں کے ساتھ نہیں ہوتا۔

پہلا بیٹا جو گدی کا وارث سمجھا جاتا ہے اس کی منکوحہ ضرور کسی بڑے زندہ راجہ کی بیٹی ہونی چاہیئے۔ چونکہ یہاں کے دستور کے مطابق زمیندار ماں کا بیٹا گدی پر نہیں بیٹھ سکتا اگرچہ وہ راجا کی پشت سے ہو۔ معاف فرمائیں تو خیالات کا سیلاب جو زور سے آ جائے اسے روکنا گناہ ہے۔ فردوسی نے جب محمود کی ہجو لکھی تو شاہنامہ کی اپنی نقل کے ساتھ منسلک کر کے روپوش ہو گیا۔ اس ہجو کا ایک شعر ہے۔

اگرچہ بود زادۂ شہریار — پرستار زادہ نیاید بکار۔
اگر مادرِ شاہ بانو بدے — مرا سیم و زر تا بہ زانو بدے

اتفاق سے محمود کا باپ تو جری ترک بادشاہ سبکتگین تھا۔ مگر اس کی ماں ایک کنیز تھی۔ بانو یعنی ایرزادی نہیں تھی اور فارسی میں کنیز کو پرستار یا پرستارہ کہتے ہیں۔ اور اس سے پہلے یہ حال تھا کہ جب فردوسی نے محمود کی شان میں قصیدہ لکھا تو اس کے دو شعر یہ ہیں۔

چو کودک لب از شیر مادر بشست — بہ گہوارہ محمود گوید نخست

بہ تن ژندہ پیل و بجاں جبرئیل — بہ کف ابر بہمن بدل رود نیل

راجگاں کی اولاد گشپور کہلاتی ہے یہ مزاج کے ہوشیار۔ فطرت سے چالاک۔ اور زمانہ ساز لوگ ہیں۔ ان میں غریب بھی ہیں۔ امیر بھی بعض بالکل نادار ہیں چونکہ ان کا خاندانی بزرگ کوئی چھ پشت پہلے راجہ تھا اب تعلق بہت دور کا ہو گیا ہے بلکہ یہ غریب زمیندار ہے بالکم درجہ کا ملازم۔ مگر رگوں میں راجگی کا خون اور مزاج میں وہی جوہر موجود ہیں۔ ان کی تعداد بھی بہت کم ہے۔

وزیر خاندان عہدِ قدیم میں ہر وادی میں ایک مستقل راجہ تھا۔ نقل و حرکت کے سامان کم یاب۔ ملنے جلنے کی راہیں اور سلسلے ناپید۔ ہر راجہ آزاد بادشاہ تھا۔ اس کے ہاں حیثیت کے مطابق دربار ہوتا۔ سرکار کا کاغذی کاروبار جاری رہتا۔ اس کے لئے عہدہ داروں کی ضرورت تھی۔ سب سے ضروری " وزیر " تھا۔ یہ لوگ نسل بعد نسل اس راجہ کے وزیر چلے آتے۔ باپ ضعیف ہو گیا تو بیٹے کو وزیر بنا دیا گیا اور حق یہ ہے کہ ان کی خاندانی فراست۔ جبلی معاملہ فہمی اور نسلوں کی تربیت ان میں کچھ ایسے جوہر پیدا کر دیتی تھی کہ وزیر خاندان کا فرد کاروبارِ سلطنت میں زیادہ کامیاب رہتا تھا۔

اب زمانے کی کتاب نے صبح شام کے کئی ورق الٹ دیئے ہیں۔ ارتقائے دوران کی کہانی کہاں سے کہاں پہنچ گئی ہے۔ نہ وہ راجگان میں شان و شکوہ کے سامان باقی رہے۔ نہ وہ استعداد اور ذاتی حکم چلانے کی طاقت بر سرِ کار آ سکتی ہے جس سے عوام کے قلوب پر حکمران کی دہشت طاری ہو اور حاشیہ نشینانِ تخت سے مرعوب ہونے کا مزاج رعایا میں جاری رہے۔ صاحب تخت میں وہ شوکت نہ رہی۔ وزارت کی امارت کا بخت سے وابستہ کرنا گیا ضرور ہے۔

اب وزیر لوگ کہیں ملازمت کرتے ہیں۔ کچھ اپنی زمین کاشتکاروں کو بٹائی پر دے دیتے ہیں۔ ان کی تعداد بہت ہی قلیل ہے کسی زمانے میں کوشش ہوتی تھی کہ وزیر خاندان کی شادی وزیر خاندان کے فرد سے ہو اس وقت وزیر خاندان نمایاں اور معروف تھے۔ یہ ہو سکتا تھا۔ اب تو یہ لوگ آپس میں ہی شادیاں کر لیتے ہیں

یعنی بھائی بہن کی اولاد کو ایک دوسرے سے بیاہ دیتے ہیں۔ دل و دماغ کے لحاظ سے یہ لوگ عام رعایا سے نمایاں ہیں۔

داردستان کے مذہبی فرقے

اسلام کی اشاعت

اس وقت داردستان کے تمام باشندے مسلمان ہیں۔ اسلام قبول کئے ان کو کچھ زیادہ عرصہ نہیں ہؤا۔

حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانی ۷۸۱ھ میں بعہد سلطان قطب الدین شاہ کشمیر میں وارد ہوئے اور انہوں نے یہاں پر مذہب اسلام کی اشاعت کی۔ ان کے خواہرزادے اور خلیفہ حضرت سید محمد نوربخش تقریباً ۸۵۰ھ میں (۱۴۴۵ء) بلتستان میں وارد ہوئے۔ انہوں نے بلتستان میں اسلام کی اشاعت کی۔ تشغر کا راجہ غازی تھم ان کے ہاتھ پر مسلمان ہؤا۔ مسلمان ہو کر اس نے اپنا نام غازی میر رکھا۔ اس کا عہد حکومت ۱۴۴۰ء سے ۱۴۷۰ء تک ہے۔ کھپلو کے راجہ شاہ اعظم نے انہیں کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ (۱۴۲۰ - ۱۴۷۵ء) اس کے بعد سے بلتستان کے علاقہ میں اسلام کی اشاعت ہونے لگی۔ یہ اثناء عشری شیعہ مذہب کے پیرو تھے۔

مگر داردستان میں اسلام کا اثر اس عہد میں بہت قلیل ہؤا۔ نگر کے لوگوں نے جن کا براہ راست تعلق بلتستان کے ساتھ ہے، اسلام قبول کیا اور وہ آہستہ آہستہ شیعہ ہو گئے۔ اصل دارد اپنے آبائی مذہب پر، اپنی ذاتی عصبیت اور نفسی شدت کی بناء پر قائم رہے۔

اسکردو کے راجہ علی شیر خان انچن (انچن کے معنی اعظم) نے گلگت پر حملہ کیا۔ گلگت کا راجہ مرزا خان تھا ۱۵۶۰ء سے ۱۶۰۰ء۔ اس نے فاتح کے زیر اثر شیعہ مذہب اختیار کر لیا۔ یہ مذہبی اثر مشرق کی طرف سے داردستان میں داخل ہؤا۔ شمال کی طرف سے تاج مغل ایک حملہ آور ۱۳۰۰ عیسوی کے قریب بدخشاں کے راستے داردستان میں وارد ہؤا۔ اس کا مذہب اسمٰعیلی تھا۔ راجا اور پرجا نے اس کے زیر اثر اسمٰعیلی مذہب اختیار کر لیا

جو فاتح تاج مغل کے نام پر مغلی مذہب اور پھر بگڑ کر مولائی ہوگیا۔ یہ لوگ سر آغا خان کے مرید ہیں۔ مغرب کی طرف سے سوات اور چترال کے راستے اسلام کے مذہبی پیشوا ۱۶۰۰ عیسوی کے بعد وارد ہوئے اور انہوں نے سنی مذہب کی اشاعت کی۔ ان میں سے چھ بزرگ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ سید شاہ بر بادلی۔ سید شاہ ولی۔ سید سلطان علی۔ سید شاہ افضل۔ سید شاہ اکبر۔ سید محمد ابراہیم۔ ان بزرگوں کے مزار مختلف مقامات پر موجود ہیں۔ تمام علاقے کو انہوں نے مسلمان کیا۔ مگر یہ لوگ پھر بھی اپنے آبائی مذہب کے بہت حد تک پابند رہے۔

لاہور کی سکھ حکومت نے گلگت کو ۱۸۴۲ء میں فتح کیا۔ اس وقت لاہور کا حاکم رنجیت سنگھ تھا۔ سکھ فوج کا کمانڈار سید نتھو شاہ گوجرانولے کا رہنے والا تھا۔ جس نے گلگت پر حملہ کیا۔ جب وہ یہاں پہنچا تو اس نے دیکھا کہ یہاں کے لوگ نام کے مسلمان تو ہیں مگر ان میں صحیح اسلامی شعار مروج نہیں۔ وہ کچھ نیم بت پرست اور فطرت پرست تھے اور نیم مسلمان۔ سید نتھو شاہ نے ان کو تلقین سے شال سے اور حکومت سے صحیح اسلامی شریعت سکھائی مصنف ڈریو نے اس کی تشریح مفصل کی ہے۔ کتاب انگریزی۔ جموں اینڈ کشمیر ٹیریٹریز۔ باب ۱۸)۔ اب یہاں نماز روزے۔ زکوٰۃ کا معقول رواج ہے JAMMOO & KASHMIR TERRITORRIES (DREW.).

اسلام سے قبل یہاں کا مذہب

اسلام لانے سے پہلے یہاں پر ایک قسم کی بت پرستی رائج تھی جس کا صحیح علم ہیں نہیں ہے۔ دیوی دیوتاؤں اور جنات کا یقین تھا۔ اچھی اور بری روحیں انسان کے بدن میں داخل ہو جاتی ہیں۔ یہی بیماری پیدا کرتی ہیں۔ ایسے کاہن تھے جو اپنے منتر جنتر کے زور سے اپنے اندر پریاں داخل کر لیتے تھے اور وہ مستقبل کا حال بتا دیتی تھیں۔ مشاہیر پرستی کا بھی رواج تھا وہ بزرگ جنہوں نے کارہائے نمایاں کیے ہوئے تھے ان کے بت پتھر سے۔ لکڑی سے بنا لیتے یا ایسے ہی ایک ناتراشیدہ پتھر کو اس کا نام دے دیتے۔ خیال کیا جاتا تھا کہ کاہن۔ مذہبی پیشوا اور یہ خاندانی بزرگ قسمت کو بدل سکتے ہیں۔ فرد یا گروہ کے لئے اچھی تقدیر اور کامیاب زندگی پیدا کر سکتے ہیں۔ بدھ مذہب کی یہاں معلوم ہوتا ہے۔ کہیں کہیں بستیاں موجود تھیں۔ بلتستان میں بدھ مذہب کا رواج زیادہ تھا گلگت صوبے میں جو لوگ باہر سے آئے وہ اپنے ساتھ بدھ مذہب لائے۔ انہوں نے گاؤں آباد کئے اور اپنے گرد چند بدھ مت کے پیرو جمع کر لیئے۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ اس مذہب نے اس دیس میں فروغ نہیں پایا

یعنی بدھ مت یہاں کے عوام کے دلوں پر حاوی نہیں ہوگا۔ جیسا کہ چین۔ کمبوڈیا۔ اور سیلون میں۔ اصل میں جب بدھ مت یہاں وارد ہوا ہے تو اس کا جوش ٹھنڈا ہو چکا تھا اور اس کی شکل بھی بہت حد تک مسخ ہو چکی تھی

سکھوں کی آمد سید نتھو شاہ نے جب سکھوں کے نام پر یہاں اپنی حکومت قائم کی (۱۸۴۲) تو ان لوگوں کو اسلام کے اصول سکھائے اور یہ لوگ شریعت سے آشنا ہو کر مذہب اسلام کی صحیح پیروی کرنے لگے۔

سید نتھو شاہ کے گلگت ایجنسی میں آنے سے پہلے استور کے باشندے اپنے مُردوں کو جلایا کرتے تھے وہ نعش کو دفن نہیں کرتے تھے جیسا کہ اسلام کی شریعت کے مطابق کرنا چاہیئے بلکہ آگ میں جلا دیتے تھے حاکم نے ترغیب سے یہاں دفن کرنے کی رسم کو رواج دیا۔ اب بھی استور میں یہ رواج ہے کہ مُردے کو دفن کرنے کے بعد قبر کے پہلو میں آگ جلا دیتے ہیں۔ اگر آپ ان سے پوچھیں کہ تم آگ کیوں جلاتے ہو تو وہ جواب یہ دیتے ہیں کہ رات کو گیدڑ آتے ہیں اور قبر کی بے حرمتی کرتے ہیں۔ ان کو ڈرانے کے لئے ہم شعلۂ آتش فروزاں کرتے ہیں رات روز روشن بن جاتی ہے۔ گرمی، نور اور دود کے اجتماع سے ترساں جنگلی جانور ہراساں ہو کر جنگل میں واپس چلا جاتا ہے۔ مگر دل کی بات پوچھو تو بزرگ بت پرستوں نے عہد قدیم میں دل کو تسلی دینے کے لیئے یہ طریقہ نکال لیا تھا کہ اگر مُردے کو نذر آتش نہیں کیا جا سکتا تو اس کے پہلو میں باہر ہی آگ جلا کر دل کی تسکین کر لو۔

مذہبی فرقے ضلع گلگت میں مسلمانوں کے تین مذہبی فرقے اقامت پذیر ہیں (۱) سنی۔ (۲) شیعہ (۳) مولائی سُنی وہ ہوئے جو رسولِ خدا کی سنت کے پیرو ہیں۔ جیسے آنحضرتؐ نے کیا۔ ان کی گفتار و کردار حدیث کہلاتی ہے۔ جو کچھ قرآن اور حدیث میں لکھا ہے یہ لوگ اس پر گامزن ہیں۔ شیعہ وہ ہوتے ہیں جو شیعان علیؓ ہے۔ شیعہ کے معنی گروہ۔ ٹولہ۔ مطیع۔ یہاں مراد وہ گروہ جو جنگ صفین میں حضرت علیؓ کا طرفدار ہوا۔ ان کے عقیدہ کے مطابق حضرت علیؓ رسولؐ اکرم کے پہلے اور آخری خلیفہ بلا فصل ہیں۔ خلفاء ابوبکرؓ۔ عمرؓ اور عثمانؓ ناجائز ہیں۔ حضرت علیؓ کی وفات پر ان کے مذہبی جانشیں امام کہلائے۔ اہل تشیع کے ایک فرقہ کے ایمان کے مطابق، صرف سات امام ہوئے اور اس کے بعد اماموں کا سلسلہ منقطع ہوگیا۔ اس فرقے کو "ہفت امامی" کہتے ہیں۔ دوسرے فرقے کے مطابق بارہ امام ہوئے اور اس کے بعد اماموں کا سلسلہ منقطع ہوگیا۔ ان کو "بارہ امامی" یعنی "اثنائے عشری" کہتے ہیں۔ اس فرقے کے پیرو گلگت کے ضلع میں

آباد ہیں جو یہاں شیعہ کہلاتے ہیں۔ اہل تشیع کا ایک تیسرا فرقہ ہے جس کے ایمان کے مطابق امامت اب تک قائم ہے اور یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا۔ امام کی اولادِ نرینہ کو امام قرار دیا جاتا ہے۔ اس ہستی کو "حاضر امام" کہتے ہیں۔ اس کے احکام سب تحریری مذہبی عقائد پر فوقیت رکھتے ہیں۔ قرآن اور حدیث پر بھی ان کو فوقیت حاصل ہے۔ جو کچھ "حاضر امام" کہے چونکہ وہ حاضر امام ہے۔ برحق اور وحی کے برابر ہے وہ قرآن یا حدیث کے مطابق یا مخالف ہو اس سے سروکار نہیں۔ یہ سب امام کے حکم پر منحصر ہے اس فرقے کا نام "اسمٰعیلی" ہے۔ ان کے موجودہ حاضر امام "سر آغا خان" ہیں جو یورپ میں رہتے ہیں۔ اس فرقے کو یہاں پر مولائی کہتے ہیں۔

اسمٰعیلی فرقے کی تنظیم بہت مکمل ہے۔ ہر بڑے شہر میں جماعت خانہ ہے جہاں پر یہ لوگ جمع ہو کر جمعہ کے روز سب اور شام کو اکثر نماز پڑھتے ہیں اور مشورت کرتے ہیں۔ اپنے لوگوں کو امداد دیتے ہیں اور ان کی فلاح کا خیال رکھتے ہیں۔ اس سارے علاقے کے مذہبی سردار میر صاحب ہنزا ہیں۔ اس میں کاشغر کا ملک بھی شامل ہے۔ اسمٰعیلی جماعت کا بڑا مرکزی جماعت خانہ گلگت میں موجود ہے۔ اس میں ایک سو کے قریب طالب علم رہتے ہیں جو سرکاری سکول میں تعلیم پاتے ہیں۔ مذہبی پیشوا اور کارکن بھی اس میں اقامت پذیر ہیں۔ کوئی تین سو سال کی بات ہے کہ ترکستان سے کوئی فاتح بدخشاں اور یاسین کے راستے سے گلگت میں داخل ہؤا۔ اس نے اس سارے علاقے کو زیرنگین کر لیا۔ وہ مذہب کے لحاظ سے اسمٰعیلی تھا۔ اس کا نام "تاج مغل" تھا۔ اس نے یہاں پر اسمٰعیلی مذہب کو رواج دیا۔ فاتح اور کارکن کے نام پر یہاں کے لوگوں نے اس مذہب کا نام "مغلی" رکھا۔ جو بگڑ کر "مولائی" ہو گیا۔

جغرافی حدود ہم نے صدر میں باشندگانِ صوبہ گلگت کی پانچ ذاتوں کا ذکر کیا ہے (۱) رونو (۲) شین (۳) یشکن (۴) کمیں (۵) ڈوم۔ ان ذاتوں کا تعلق مذہب کے ساتھ براہ راست نہیں۔ کسی ذات کا آدمی کوئی مذہب اختیار کر سکتا ہے۔ مذہب کے فرقوں کی اشاعت خاص وادیوں میں خاص حالات کے ماتحت ہوئی۔ اس لئے مذہبی فرقوں کی حدود جغرافی ہیں۔ ایک وادی یا اس کے ایک خاص حصے میں

ایک فرقے کے لوگ آباد ہیں اور دوسری وادی یا دوسرے حصے میں دوسرے فرقے کے۔ بعض دفعہ جدید تبدیلیوں کے ماتحت ایک فرقے کے چند لوگ ایک وادی سے نکل کر دوسری وادی میں جاکر آباد ہوگئے ہیں اور انہوں نے اپنا ایک مقامی مختصر گروہ بنالیا ہے۔

جدید انتقالِ آبادی کی ایک مثال نمایاں ہے۔ سکھوں کے اس علاقے کو فتح کرنے سے پہلے (۱۸۴۲) یہاں طوائف الملوکی کا دور دورہ تھا۔ ہر راجہ وادی میں آزاد بادشاہ تھا۔ اور یہ آٹھ دس رئیس آپس میں برسرِپیکار تھے پھر ان کے بھائی بند اور دیگر لواحقین جو اپنے آپ کو راجگی کا حقدار سمجھتے تھے طوفان برپا کرتے رہتے تھے اس دور میں ہنزا نے زور آزمائی کی اور قوت حاصل کرلی۔ ہنزا میں زمین اور آمدنی کم ہے اس لیئے ان کو باہر جاکر بستیاں آباد کرنے کی ضرورت ہے۔ ہنزا سے فوج بن کر آدمی چلے انہوں نے پنیال۔ یاسین۔ اشکومن کے کچھ پہاڑی حصوں میں اپنا قبضہ جمالیا۔ اپنے آدمیوں کو بلایا اور وہاں پر بستیاں بنالیں۔ چونکہ یہ محنتی لوگ ہیں اور ان کے اپنے دیس میں کوئی سہارے کا بہانہ موجود نہیں۔ انہوں نے چند سالوں میں ملک کو خوشحال کردیا اور خود خوشحال ہوگئے اس لیئے یاسین کے ایک حصے میں ہنزا والے مولائی مذہب کے لوگ موجود ہیں جو بروششکی بولتے ہیں۔ بروششکی ہنزا کی خاص زبان ہے جو اور کہیں بولی نہیں جاتی۔ یہ ۱۷۵۰ اور ۱۸۰۰ عیسوی کے مابین کے عرصے کے واقعات ہیں جو لوگوں کو اب تک یاد ہیں۔

داردستان

طرزِ حکومت ذاتیں اور مذہبی فرقے

تحصیل	طرزِ حکومت	باشندوں کی ذاتیں	مذہبی فرقے
گلگت کا خطہ	گلگت سب ڈویژن اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ کے ماتحت ہے	چند رونو۔ کچھ شین زیادہ تعداد یشکن	آدھے سنّی۔ آدھے شیعہ
سئی	گلگت سب ڈویژن میں شامل ہے	شین اور یشکن	زیادہ سنّی۔ چند شیعہ
کوہ حراموش	"	"	شیعہ
بگروٹ	"	"	"
استور	اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ کا الگ علاقہ ہے۔	"	۲/۳ سنّی۔ ایک بٹا تین شیعہ
پنیال	ریاست خاندانی راجہ حکمران	یشکن۔ بورش قلیل رونو	مولائی۔ سنّی بہت کم راجہ سنّی ہے
نگر	ریاست خاندانی میر حکمران	شین۔ یشکن۔ قلیل رونو	تمام شیعہ
ہنزا	ریاست خاندانی میر حکمران	یشکن	تمام مولائی۔ قلیل شیعہ

(۳۳) علامه ابوالقاسم مجتهد

سید علامه ابوالقاسم الموسوی العراق ۔ (جواز مجتهد من نجف الاشرف) مجتہد زمن شیعان علی در خطه گلگت و ملحقات ۔

مجتہد صاحب اپنے گھر میں فارسی بولتے تھے ۔ اور چونکہ میں فارسی دن رات اسی طرح سے بول سکتا ہوں جیسے اردو ، تو ہمارے آپس میں گہرے مراسم ہو گئے۔ مجتہد صاحب بلا شک کلام اللہ اور حدیث اور فقہ اور اسلامی علوم عقلی کے بہت بڑے عالم تھے ۔

(۳۴) ایک خالص شین چہرہ


عادل خاں ساکن برمس ۔ شین اگر اعلیٰ خاندان کا ہو تو صرف شین گھرانے میں شادی کرتا ہے اور اس طرح سے نسل خالص رہتی ہے ۔ ناک نقشے سے آریائی نسل کا معلوم ہوتا ہے اگرچہ کم خوراکی کے سبب اس درجہ فربہ نہیں ۔

(۳۵) بدھ زمانے کے آثار قدیمہ

یہ آثار گلگت کی پبلک لائبریری میں محفوظ ہیں ۔ دائیں ہاتھ پر اوپر ایک مٹی کا گلاس سا بنا ہوا دکھائی دیتا ہے ۔ توڑ کر اس کا اوپر کا حصہ اوپر بائیں کونے میں دکھایا گیا ہے ۔ اس کے اندر سے سکے کی طرح کا بنا ہوا گول ٹپا نکلتا ہے۔ یہ ٹپے تصویر نمبر ۲۶ میں بڑے کرکے دکھائے گئے ہیں ۔ دائیں طرف نیچے ایک لوح پر چھوٹے بڑے چھ ورتن بنائے ہیں ۔ بدھ دین میں ان کا بنانا ثواب میں شامل ہے ۔ بائیں طرف نیچے بڑی لوح کے مرکز میں مہاتما بدھ آلتی پالتی مارے بیٹھے ہیں اور دونوں طرف دو ملازم کھڑے ہیں ۔

(۳۶) مٹی کے گلاس سے نکلے ہوئے ٹپے


گلاس میں نے خود نیچورا کے دفینہ سے نکالے جن میں یہ ٹپے چھپائے ہوئے تھے ۔ اس علاقے کے بدھ لوگ مردے کی ایک ہڈی پیستے ، اس کو مٹی میں ملاتے اور اس سے یہ گلاس اور ٹپے تیار کرتے۔ مردے کا نام وغیرہ ٹپے پر لکھا ہے۔ اس سے مردے کو دائم ثواب پہنچتا رہتا ۔



بدھ زمانے کے آثار قدیمہ ۔



علامہ ابوالقاسمؒ مجتہد ۔



مٹی کے گلاس سے نکلے ہوئے ٹھپے ۔



ایک خالص شین چہرہ ۔

تحصیل	طرز حکومت	باشندوں کی ذاتیں	مذہبی فرقے
اشکومن	حکومت کا مقرر کردہ حکمران گورنر کہلاتا ہے	یشکن	مولائی۔ چند سُنّی
یاسین	"	یشکن۔ کچھ رونو	مولائی بہت زیادہ۔ چند سُنّی
واخستان	یاسین کے ماتحت	واخی	سب مولائی
چلاس	اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ کا الگ علاقہ	شین اور یشکن	سُنّی
تھلیچی۔ گور	چلاس کے ماتحت تحصیلیں	"	"
داریل۔ تانگیر	"	"	"
کولی۔ پالس سندھ کے کنارے شہر	صوبہ سرحد میں شامل ہے	شین اور یشکن	"
چترال	ریاست خاندانی مہتر حکمران	تمام یشکن کچھ رونو	"

بُدھ دارد

دریائے سندھ کے کنارے ایک تنگ وادی ہے جو مرکزی لداخ کہلاتا ہے۔ یہ علاقہ بلتستان کے ساتھ اوپر ملحقہ سندھ کی وادی میں واقع ہے۔ کھرمنگ اور کارگل سے مشرق کی طرف سندھ کی وادی کا یہ ٹکڑا کوئی ایک سو میل تک چلا گیا ہے۔ اس کے پہلے تیس میل میں چند گاؤں ہیں جن میں دارد لوگ آباد ہیں۔ مثلاً گرو گرڈو۔ شناچا۔ اُردمس ۔ دارچک۔ گارکون۔ داہ۔ پھندور۔ بلدیس۔ کنوز۔ یہ لوگ کسی عہد قدیم میں گلگت کی طرف سے آئے تھے جب کہ شین لوگوں کے گروہ در گروہ مختلف اطراف میں پھیل رہے تھے۔ سندھ ان کا محبوب دریا تھا اور وہ اس کے کنارے بڑھتے چلے گئے۔ یہ لوگ اسلام قبول کرنے سے پہلے لداخ میں سندھ کی مرکزی وادی میں داخل ہوئے۔ اس وقت وہ اپنے قدیم کمزور مذہب کے قائل تھے۔ یعنی اس گروہ کا کوئی مستند مذہب نہیں تھا۔ اس لئے انہوں نے بدھ مذہب اختیار کرلیا۔ وہ اب لاموں کو اپنا مذہبی پیشوا مانتے ہیں۔ اُس وقت غالباً بلتستان کے تمام باشندے بھی بدھ مذہب کے پیرو تھے۔ اسلام ابھی اس سرزمین میں وارد نہیں ہُوا تھا۔

اسلام قبول کرنے کے بعد دارد لوگوں نے پھر پھیلنا شروع کیا۔ اور مسلمان دارد لوگ بلتستان سے نکل کر لداخ میں وارد ہوئے۔ یہ مسلمان دارد بڑھے اور بدھ داردوں کے بالکل قریب پہنچ گئے۔ اب دونوں کی بستیاں پہلو بہ پہلو موجود ہیں۔ بدھ دارد لداخ کی طرف اور مسلمان دارد بلتستان کی طرف۔ بدھ داردوں نے اپنے خون کو لداخی خون کی آمیزش سے اب تک پاک رکھا ہے اور ان کا چہرہ مہرہ دیکھ کر یہ خیال نہیں آتا کہ یہ لداخی ہیں۔ نظر آتا ہے کہ یہ آریائی قوم سے تعلق رکھتے ہیں۔ اگرچہ یہ اُس حد تک وجیہہ نہیں۔ اپنے قد میں عام بلتی سے ان کا قد لمبا ہے مگر اتنا لمبا نہیں جتنا دراس یا گلگت میں ہے۔ ان کی ناک عام آریائی ناک سے کچھ چھوٹی ہے۔ اگرچہ اس میں طوطے کی سی خمیدگی موجود ہے۔ لداخیوں کی طرح یہ بھی لمبی چوٹی رکھتے ہیں۔ اس کا رواج کم ہوتا جارہا ہے۔ اور وہی لباس پہنتے ہیں۔ سر پر لداخی ٹوپی ٹوپی کیا ہے ایک لمبا تھیلا ہے۔ جیسے گھوڑے کو دانہ دینے کا توبڑا ہوتا ہے۔ نیچے سے کونے گول کئے

ہوئے۔ اس کو سر پر پہنا اور لمبا تھیلے کی طرف کا حصہ بائیں طرف کو پھینک دیا جو کان پر گرا رہا۔

زبان کے لحاظ سے یہ بدھ دارد جدا ہیں۔ ان کی زبان لداخی نہیں بلکہ یہ آریائی زبان بولتے ہیں۔ جو شنا بھی نہیں کہلا سکتی۔ شنا بولنے والے اس آریائی زبان کو نہیں سمجھتے۔ اس علاقے کا نام پوریگ ہے۔ یہ اتنا نام بھی یہی ہے اور اس خطے کے لوگ اپنے وطن کو اسی نام سے یاد کرتے ہیں۔ ڈوگرہ راج میں اس تحصیل کا مرکز کارگل شہر میں قائم کیا گیا۔ اس لئے سرکاری کاغذوں میں اس علاقے کا نام تحصیل کارگل رکھ دیا گیا۔

بدھ دارد نہایت غلیظ لوگ ہیں۔ لداخی بدھوں سے بھی زیادہ غلیظ۔ ان کے منہ پر میل کے نشان اور لکیریں صاف نظر آتی ہیں۔ کبھی دعوت وغیرہ ہو تو اپنے آپ کو پاک کرنے کے لئے وہ چلّی لکڑی (جس کی پنسلیں بنتی ہیں) کی شاخیں جلاتے ہیں۔ اور کھانے سے پہلے اس کا دھواں اپنے کپڑوں کے اندر سے اور جسم کے اوپر سے گزارتے ہیں۔ یہ لوگ نہاتے کبھی نہیں۔ عورتیں مردوں سے بھی زیادہ گندی ہیں۔ ان کے پاس کھڑے ہونے کو جی نہیں چاہتا۔

ان لوگوں میں کوئی ذات پات نہیں۔ مذہب کا اثر بھی ان پر بہت کم ہے۔ لداخی اپنے بدھ مذہب کی رسوم کو ادا کرتا ہے۔ یہ اس کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ ان لوگوں میں سے کوئی لاما نہیں بنتا۔ یہ اپنے مردوں کو جلاتے ہیں۔ ان کی ہڈیاں پہاڑ کی چٹانوں کے سوراخوں میں رکھ کر ان سوراخوں کا منہ پتھر سے بند کر دیتے ہیں۔

گائے کے متعلق ان کے وہی عقائد ہیں جو شین لوگوں کے ہیں۔ یہ عقائد انہوں نے اپنے باپ دادا سے حاصل کیے۔ یعنی نہ گائے کا گوشت کھاتے ہیں۔ نہ اس کا دودھ پیتے ہیں۔ نہ اس کے گوبر کا استعمال کرتے ہیں۔ ۱۹۰۰ء تک یہ لوگ گاؤں کے نمبردار کا انتخاب ہر تین سال کے لئے خود کرتے تھے گویا ان کا گاؤں ایک ری پبلک تھا۔ مگر کثیر شوہری میں بدھوں سے ملتے ہیں۔ عورتوں کے عموماً تین خاوند ہوتے ہیں۔ اور پانچ تک ہو سکتے ہیں۔ بڑا بھائی شادی کرتا ہے تو دو چھوٹے بھائی از خود اس عورت کے چھوٹے خاوند بن جاتے ہیں۔ اولاد ہوتی ہے تو بچے سب کو باپ کے نام سے پکارتے ہیں۔ بڑا

باپ۔ درمیانی باپ۔ چھوٹا باپ۔ یہی رواج تمام بدھوں کے ہاں اراخ اور تبت میں ہے۔

شنا وطن کے باہر مسلمان داردوں کی بستیاں

بلتستان میں دارد

دارد لوگ سندھ کے کنارے کنارے اوپر کو چڑھے اور شناکی میں آکر آباد ہوئے۔ اس کے بعد تو آبادیات تلاش کرنے کے لیے۔ یا فتوحات کے لیئے۔ یا خوراک اور روزگار کی تلاش میں۔ یا دوسروں کے زور سے مجبور ہو کر وہ اپنے جائے اقامت سے آگے بڑھے مختلف وادیوں میں گھُسے جہاں دیگر اقوام کے لوگ آباد تھے۔ ان کے پہلو بہ پہلو یہ بھی جاکر آباد ہو گئے۔ کشمیری اور بلتی ہمسایوں کے ساتھ انہوں نے رہنا شروع کیا۔ بعض دفعہ انہوں نے اپنے نیئے گاؤں آباد کر لیئے۔ بعض دفعہ پرانے گاؤں کے ساتھ ہی اپنے چند گھر بنا لیے۔

رونڈو بلتستان کا قصبہ ہے جو گلگت سکرادو کی شاہراہ پر واقع ہے اور بلتستان کا پہلا اہم شہر ہے جو اس راستے پر آتا ہے۔ رونڈو میں تقریباً نصف بلتی ہیں اور نصف دارد ہیں۔ ایک گروہ دوسرے میں شادی نہیں کرتا۔ اس سے آگے بلتستان کی طرف بڑھیں تو باشو کا بڑا قصبہ ہے۔ اس میں بھی تقریباً نصف آبادی داردوں کی ہے اور نصف بلتیوں کی۔ مگر یہاں کے لوگ آپس میں شادیاں کرتے ہیں اس لئے نسل کی تفریق مٹ چکی ہے۔ سکردو سے زیادہ نزدیک ڈورو اور ست پڑا ہیں یہاں چند گھرانے آباد ہیں جو گائے کا دودھ نہیں پیتے۔ یہ لوگ شین اصل کے ہیں۔ مگر تعداد میں کم ہیں۔

دراس کے نواح میں دارد لوگوں کے گھرانے خال خال پائے جاتے ہیں۔ دراس شہر میں نصف سے زیادہ آبادی داردوں کی ہے اور وہ شنا بولتے ہیں۔ یہ لوگ مذہب کے لحاظ سے سُنّی ہیں۔ دراس کی باقی آبادی جو نصف سے کم ہے شیعہ ہے۔

دارد نسل کے لوگ جہاں کہیں بلتستان کے باشندوں (بلتی) یا لداخ کے باشندے (بھوٹ) سے تعلق میں آگئے ہیں۔ ان کا نام "بروک پا" یا "سلوک پا" یا "ڈوک پا" رکھ دیا گیا ہے۔ یہ لوگ مذہب کے لحاظ سے بدھ ہوں یا مسلمان مگر بلتی اور بھوٹ ان کو برک پا کہیں گے۔ تبتی زبان میں (جو دراسی

شکل بدل کر بلتستان میں بھی مروّج ہے) 'برک' اس مرغزار کو کہتے ہیں جو بلند سطح پر واقع ہو۔ یعنی سطح مرتفع جہاں بہت سبزہ اور گھاس ہو۔ پا کے معنی آدمی یا رہنے والا۔ تو بروک پا کا مطلب ہوا بلند مرغزار کا رہنے والا۔ دارد لوگ شروع شروع میں جب بلتستان کی طرف گئے ہیں تو یہ بکریوں کے ریوڑ پالتے تھے اور ان کو گھاس کھلانے کے لئے بلند مرغزاروں میں رہتے تھے جہاں بلتی نہیں جاتے تھے۔ وہ آزادی سے اپنی زندگی بسر کرتے تھے اس لئے بلتستان کے لوگوں نے ان کا نام 'برک پا' رکھ دیا۔

بلتستان اور داردستان ہمسایہ ممالک ہیں صدیوں کی مشترک تاریخ ان دو ممالک کی پشت پر ہے۔ کبھی ایک ملک کا بادشاہ فوج لے کر دوسرے پر چڑھا۔ کبھی دوسرے ملک کا فرمانروا لشکر لے کر اس پر حملہ آور ہوا۔ ان فوجوں کے چند سپاہی عارضی مفتوحہ ملک میں آباد ہو گئے۔ وہ الگ بستیاں تو نہ بنا سکے مگر مقامی لوگوں میں گھل مل کر غائب ہو گئے۔ تاہم ان قصبات کی آبادی میں دارد لوگوں کے خون کی آمیزش کے آثار نقش و نگار اور قدو قامت میں اب بھی موجود ہیں۔ پرالدو وادی میں بکورا ایک مقام ہے۔ اسی طرح سے تورمک وادی میں۔ لوگوں کو غور سے دیکھا جائے تو ان کا قد دراز ہے ماتھا اونچا ہے۔ ناک کچھ لمبی ہے۔ اور اس میں طوطے کی خمیدگی موجود ہے۔ نقش و نگار عمدہ ہیں۔ ان مقامات پر دارد لوگوں کے خون کی آمیزش ہے جو نگر کی طرف سے بلتستان میں وارد ہوئے۔

بلتستان کے راجگان بلتستان میں چند راجہ خاندان ہیں۔ اور چند وزیر خاندان جو ان راجگان کے نسل بعد نسل وزیر رہے ہیں۔ راجے آپس میں شادیاں کرتے ہیں۔ وزیر بھی آپس میں شادیاں کرتے ہیں گاہے ماہے عام بلتی گھرانوں میں بھی شادی کر لیتے ہیں۔ راجگان کے چہرے مہرے عام بلتی سے بہت بہتر ہیں۔ رنگ صاف ہے۔ اور قدو قامت قابل توجہ ہے۔ وزیر طبقہ میں یہ صفات کم درجہ میں نمایاں ہیں۔ ذہن اور فراست کے لحاظ سے بھی یہ دونوں طبقے باقی باشندوں سے نمایاں طور پر بلند ہیں۔ یہ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ ان دونوں طبقات میں غیر بلتی خون کی آمیزش ہے۔ گلگت کی طرف سے آیا ہوا دارد خون اور کاشغر کی طرف سے آیا ہوا ترکمانی خون۔ یارقند سے اوپر کا تورانی خون۔ کشمیر سے آیا ہوا قلیل سا کشمیری خون جو بیشتر

آزار بندی رشتوں کی بناء پر داخل ہوا۔ اور بعض مقامات پر ایرانی خون۔ چونکہ ابتدائے فروغ اسلام میں بہت سے شیعہ مجتہد ایران سے بلتستان میں آئے اور پھر یہیں آباد ہو گئے۔ بلتستان میں مذہبی عالم کی بہت منزلت اور حرمت ہے۔ ان نو وارد ایرانیوں کی رشتہ داریاں اکثر امیر گھرانوں میں ہوئیں

آریہ قافلوں کا راستہ

اب ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ آریہ لوگوں کے قافلے در قافلے جو باہر سے ہندوستان میں وارد ہوئے تھے کس کس راستے سے شنا وطن میں اور اس کے باہر پھیلتے چلے گئے۔ وہ اپنی زبان کو بھی اپنے ساتھ لے گئے۔

آریہ لوگ جن کا نام شین ہے۔ سندھ کے کنارے اٹک پر پہنچے۔ یہ مقام ایک ہزار فٹ سے بھی کم بلند ہے اور اس لئے گرم ہے۔ سندھ دریا آریا حملہ آوروں کو بہت محبوب تھا اور سنسکرت کی پرانی کتابوں میں اس کو بڑے احترام سے یاد کیا جاتا ہے۔ سندھو، آبا سندھ، بن گیا۔ یہ دریاؤں کا باپ ہے پشتو میں دریا کو سیند کہتے ہیں اور شنا میں دریا کو سین۔ کہتے ہیں۔ ہم دریائے سندھ کے اوپر کی طرف آئیں تو جلکوٹ کے مقام پر آ کر بلندی تین ہزار فٹ ہو جاتی ہے۔ ذرا اوپر آ کر دریا کی دھار کا رُخ مشرق مغرب ہے۔ ہم ہربن۔ سازن چلاس۔ گونر اور گور کے علاقے سے گزر کر بونجی میں پہنچتے ہیں۔ بونجی سے کوئی آٹھ میل اوپر پرتاب پل ہے جہاں دریائے گلگت دریائے سندھ میں گرتا ہے۔ گلگت سے پرتاب پل کا فاصلہ ۲۷ میل ہے۔ اس مقام اتصال کا ارتفاع ۴۰۳۰ فٹ سمندر سے ہے۔ بس اتنے ٹکڑے کو شین لوگوں نے اپنا مستقل وطن بنا لیا۔ نہ بہت سردی۔ نہ بہت گرمی۔ نہ برف پڑتی ہے۔ نہ پانی کے انبار یخ بن کر بستہ ہوتے ہیں۔ گھاس چارہ کچھ نہ کچھ سردی میں بھی موجود رہتا ہے۔ اس بلندی سے اوپر آئیں تو سردی کی صعوبتیں ناقابل برداشت۔ نیچے جائیں تو گرمی پریشان کن۔ جلکوٹ سے گلگت - ۱۴۰ میل

چلاس سے گلگت ۵۰ میل

آیئے ہم ذرا آبا سندھ کے کنارے کنارے اوپر کو چلیں جس طرح سے آریا لوگوں کے قافلے اس دریا کے کنارے چڑھے تھے۔ سندھ کی ساری لمبائی میں کنارے کنارے راستہ موجود ہے بہار اور خزاں میں یہ سفر بہت آسان اور دلفریب ہے۔ دریا کا پانی بھی کم ہوتا ہے اور موسم بھی خوشگوار۔ فرض کرو

ہم دریا کے بیچ میں کھڑے ہوتے ہیں۔ منہ اس طرف کو کرتے ہیں جس طرف دریا جا رہا ہے۔ ہماری پشت کی طرف سے دریا آگے کو آتا ہے۔ تو دریا کا جو کنارا ہمارے دائیں ہاتھ پر ہوتا ہے وہ دریا کا دائیاں کنارہ کہلاتا ہے اور جو کنارہ ہمارے بائیں پر ہوتا ہے وہ دریا کا بائیاں کنارہ کہلاتا ہے

پرتاب پل (بلندی ۴۰۳۰ فٹ) اس مقام پر واقع ہے جہاں دریائے گلگت سندھ میں آکر گرتا ہے (فاصلہ از گلگت ۲۷ میل) سندھ کے کنارے ہم اوپر گئے تو کوئی ۱۵ میل پرسٹی کا گاؤں آتا ہے۔ کوئی اتنا ہی فاصلہ اور آگے جائیں تو بلتستان کی سرحد شروع ہو جاتی ہے۔ دریا ایک چکر کاٹ کر اپنا رُخ بدلتا ہے اور اب یہ جنوب مشرق کی جانب سے نیچے کو آتا ہے۔ ہم رونڈو۔ باشا تنگس۔ پونی داس میں سے گزرتے ہوئے سکردو پہنچ جاتے ہیں۔ (گلگت اور سکردو کا فاصلہ ۱۵۷ میل) دریائے سندھ سکردو سے اوپر کے بلند پہاڑوں سے نیچے کی طرف آتا ہے۔ ہم اس کے ساتھ ساتھ بڑھتے ہیں۔ تو پر کوتہ۔ طولتی کھرمنگ۔ بانیچہ۔ اولڈنگ تھنگ میں سے گزر کر مرول پہنچتے ہیں۔ مرول کا گاؤں اس مقام پر واقع ہے جہاں دریائے سورو کا دریائے سندہ سے اتصال ہوتا ہے۔ سندھ کے کنارے بلتستان کا اوپر کا حصہ پرکوتہ سے اوپر مرول تک کھرمنگ کہلاتا ہے۔ کھرمنگ سے اوپر مشرق کی طرف سندھ کے دائیں کنارے لداخ ہے۔ مشرق کی جانب یعنی بائیں کنارے مرول سے لا مایا رو کے گاؤں اور نالے تک پوریگ کا علاقہ ہے۔ پوریگ مرول سے مغرب کی جانب زوجی لانگ پھیلا ہوا ہے۔

علاقہ پوریگ کو دریائے سورو اور اس کے معاون سیراب کرتے ہیں۔ دریائے سورو کے بڑے معاون ہیں نالہ سورو۔ نالہ یا دریائے دراس (چونکہ دراس بڑا دریا ہے) دریائے ننگو دریائے شگر (اس علاقے میں جو دریا بہتا ہے اس کا نام بھی شگر ہے۔ ایک دریائے شگر جس کا تقریباً یہی نام ہے۔ شہر سکردو کے اوپر واقع ہے اور شگر کی وادی کو سیراب کرتا ہے۔ امتیاز کرنے کے لئے بعض مورخین نے اس کا نام شغر ننگھو لکھا ہے (شگر ننگھو بھی لکھتے ہیں) یعنی وہ شگر دریا جو ننگھو کے پاس ہے۔ مگر مقامی لوگ اس کو صرف شغر یا شگر دریا ہی کہتے ہیں۔

پوریگ کے مشرق کی طرف سانسکار کا علاقہ ہے اس کے نیچے کشتواڑ کا علاقہ ہے اور بائیں ہاتھ پر دراس کا علاقہ ہے۔ جو کشمیر کے ساتھ ملتا ہے۔ دراس بھی پوریگ میں شامل ہے

پوریگ سے آگے مشرق کی طرف سندھ کے بائیں کنارے دریائے سانسکار کی وادی ہے۔ دائیں کنارے سے ہٹ کر اوپر لداخ کا شہر آباد ہے۔ سندھ کے دائیں کنارے کے علاقے کو لداخ ہی کہتے ہیں۔ بائیں کنارے پر جو علاقے ہیں وہ بھی اگرچہ اقلیم لداخ میں شامل ہیں مگر ان دریاؤں نے ان علاقوں کو مخصوص نام دے دیئے ہیں۔ ایک تحصیل سانسکار ضلع لداخ اور دوسری تحصیل پوریگ ضلع لداخ۔ دراس بھی علاقہ پوریگ کا ایک بڑا شہر ہے۔ مگر دراس اتنا اہم ہے کہ الگ معروف ہوکر دراس کا علاقہ مشہور ہوگیا ہے۔ کارگل اس علاقہ میں ایک اور بڑا شہر ہے جو دریائے سورو کے کنارے واقع ہے۔

ہم نے صدر میں ذکر کیا ہے کہ آریا لوگ جب سندھ کے کنارے کنارے اوپر کو چڑھے تو کچھ قافلے مردان سے آگے بڑھے۔ بلتستان کے علاقہ کھرسنگ سے نکل کر مرکزی لداخ کی وادی میں داخل ہوگئے۔ بہت قدیم زمانے میں جو قافلے وارد ہوئے وہ اس وادی میں بہت آگے نکل گئے۔ انہوں نے بدھ مذہب اختیار کرلیا۔ ان کی زبان آریائی آج بھی ہے۔ مگر وہ اتنی مختلف ہوگئی ہے کہ آج کی شنا بولنے والے اس زبان کو نہیں سمجھ سکتے۔ ان کا مفصل ذکر اوپر کر دیا گیا ہے ان کے بعد مسلمان دارد آئے اور وہ بدھ داردوں اور بلتستان کی سرحد کے درمیان آباد ہوگئے۔

پوریگ میں مسلمان دارد | مگر یہاں ہم علاقہ پوریگ کے دارد لوگوں کا ذکر کرنا چاہتے ہیں پوریگ کی آب و ہوا بھی لداخ کی طرح ہے البتہ سورو کی پائینی وادی میں سردی کم ہوتی ہے۔ ہوا بہت خشک ہے۔ بغیر آب پاشی کے زراعت ممکن نہیں۔ پھلدار درخت کم ہیں لوگ عموماً خوش گزران ہیں۔ دارد قوم کے لوگ عموماً سنی ہیں۔ پوریگ کے لداخی مسلمان مذہب کے لحاظ سے نوربخشی ہیں۔ کچھ شیعہ ہیں مگر تعداد میں بہت کم۔ لداخ کی سرحد پر کچھ بدھ لوگ بھی آباد ہیں۔

وادیٔ سندھ میں سکردو سے تقریباً ۲۱ میل نیچے ایک قصبہ کچورہ ہے جہاں کے سیب مشہور ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ عہد قدیم میں پہاڑ گرا اور اس نے کچورا کے نزدیک پہاڑ کی دو طرفہ عمودی دیواروں کے اندر کا راستہ بند کر دیا۔ یہاں ایک بہت اونچا بند لگ گیا۔ اور سندھ کے پانی نے جمع ہو کر ایک جھیل کی صورت اختیار کر لی۔ یہ جھیل کچورا سے لے کر کھلسی تک پھیلی ہوئی تھی۔ سکردو کا ارتفاع ۷،۰۰۰ فٹ ہے اور کھلسی کا ۹،۷۰۰ فٹ۔ اس کا یہ مطلب ہوا کہ پہاڑ کے پہلو اتنی مقدار میں ٹوٹ کر گرے تھے کہ زمین کی سطح سے دو ہزار فٹ سے زائد اونچا بند دریا کے پاٹ میں بن گیا۔ سکردو سے کھلسی کا فاصلہ کوئی سوا سو میل ہے۔ آریا لوگ شکار اور مویشی کی چرائی کے لیے بلتستان تک آتے رہے۔ اس وقت ان ممالک میں آبادی نہ ہونے کے برابر تھی۔ جب جھیل کا پانی اترا تو وارد لوگ آگے بڑھے وہ چرائی اور شکار کے لیے لداخ اور پوریگ میں آگئے۔ ان میں سے بعض نے یہاں گھر بنا لیے اور یہاں رہنا شروع کر دیا۔ ان آباد کاروں میں شین۔ یشکن۔ ڈوم۔ تینوں طائفے موجود تھے۔ ان کو بلتستان۔ لداخ اور پوریگ میں بڑوکپا۔ ڈوکپا۔ بلوقپا یا بروک پا کہتے ہیں۔ یعنی اہلیان بلتستان نے وارد لوگوں کا یہ نام رکھ لیا وہ کسی طائفے یا قبیلے سے تعلق رکھتے ہوں۔

سورو میں گلگتی قافلے کہتے ہیں کہ سب سے پہلا گلگتی دارد نسل کا آباد کار جو وادی سورو میں وارد ہوا۔ رونگ لوچن تھا۔ وہ قصبہ روندو (لداخی میں نام رونگ یول) سے سورو میں آیا۔ اس نے وادیٔ سورو میں مقام کنور کے مقابل آبادی شروع کی۔ اپنے نام لوچن کے تعلق سے گاؤں کو لوچے کا نام دیا۔ ساتھ ہی پہاڑی پر قلعہ بنایا۔ اس کا نام لوچے کھر رکھا اس قلعے کے ڈھیر اب تک موجود ہیں۔ رونگ لوچن کی اولاد اور اس کے ہمراہیوں کی اولاد نے سورو کا بالائی حصہ آباد کیا۔ اس میں اور لوگ بھی آ کر رہنے لگے۔ پہلے یہاں رونگ لوچن حاکم بنا رہا۔ اس کے بعد وراثتاً اس کی اولاد کو یہاں کی گدی ملی۔ بعد میں انہوں نے کرتسے میں ایک مستحکم قلعہ

بنایا اور اس کو اپنا دارالحکومت قرار دیا۔ اس نسل کا آخری حکمران منتھل سگبو سوک تھا۔ اس دوران میں داردوں کے کئی خاندان آکر آباد ہو گئے۔

ایک دارد شخص جس کا نام دانی تھا گلگت کے علاقہ سسی سے آیا۔ اس نے واہ بروق کے مقام پر آبادی شروع کی اس کی اولاد نے دہات درچکیس۔ چوبیچن۔ سلموں اور لالونگ آباد کئے۔ کچھ عرصہ تک دانی کی اولاد ان سب بستیوں پر حکمران رہی۔ پھر طاقتور ہمسایوں نے اس کی سلطنت کو فتح کر لیا۔ اسی طرح بونجی سے کئی آریا قافلے اپنے اپنے سرداروں کی سرکردگی میں سورو وادی میں آئے۔ بونجی کا بوریگی نام ڈونگ یادرچے ہے۔ پہلے یہ نووارد خاندان حکمران رہے۔ پھر دوسروں نے حکومت چھین لی۔ گلگتی قافلوں میں سب سے آخری طائفہ وہ تھا جنہوں نے داہ اور ہنو کے مواضعات مرکزی سندھ کی وادی میں آباد کئے چونکہ انہوں نے اپنی قومیت۔ مذہب زبان اور رسم و رواج کو اب تک قائم رکھا ہوا ہے۔ دریائے شنگر اور دریائے شنگو اور دراس میں جو بروک پا لوگ آباد ہیں انہوں نے اپنا مذہب تبدیل کر لیا ہے۔ اور وہ بدھ بن گئے ہیں۔ مگر قدیم آریائی رسوم پر اب تک کاربند ہیں۔

بلتستانی داردوں کے رسم و رواج

گلگت تو ہنگاموں کی آمد و شد کا مرکز ہے

ہر بلائے ز آسمان آید — خانۂ انوری را می پرسد

یہاں ہنگاموں کے سیلاب میں پرانے رسم و رواج بھی بہ گئے ہیں۔ اسلام کے آنے سے پرانی قدریں فراموش کر دی گئیں۔ نئے مراسم اور تمدن نے فروغ پایا۔ پوریگ ایک دور افتادہ شاہراہ سے ہٹا ہوا خطہ ہے۔ یہاں دارد لوگوں میں پرانے رسوم اور خیالات اب بھی موجود ہیں۔ لوگوں کو پرانی روائتیں اب بھی یاد ہیں اور وہ ان کو دہراتے رہتے ہیں۔

پوریگ کے دارد لوگ جو بظاہر بدھ مذہب اختیار کر چکے ہیں اپنی قدیم قومیت، مذہب اور زبان اور رسم و رواج پر قائم ہیں۔ غیر اقوام سے میل جول نہیں رکھتے۔ شادی بیاہ صرف اپنے قبیلوں میں کرتے ہیں۔ چونکہ تعداد کم ہے اس لئے قریبی رشتہ داروں میں شادی ہو جاتی ہے

قدیم زمانے میں جب صرف ایک گھر کسی بستی میں آباد تھا تو بہن بھائی میں شادی ہو جاتی تھی۔

مشاہیر پرستی کا رواج موجود ہے۔ اس کی ترکیب یہ نکالی ہوئی ہے کہ داردوں نے اپنے قدیم بزرگوں کے نام پر سالانہ میلے مقرر کیے ہوئے ہیں۔ ان میلوں میں ان کے کارنامے بیان کیے جاتے ہیں۔ اور ان کی یاد قائم رہتی ہے۔ ایک مشہور راجہ گیال سنگے ہوا ہے جو بیکے راجا کا بیٹا تھا۔ اس کی یاد میں ایک میلہ ہوتا ہے جس کا نام سنڈوم ہے۔ ایک سال داہ میں ہوتا ہے۔ دوسرے سال گرکونہ میں۔ پھر دو سال نہیں ہوتا۔ اس کے بعد داہ سے شروع ہوتا ہے۔ اسی طرح سے ہر سال مندرجہ ذیل میلے ہوتے ہیں۔ تھوشل میلہ قصبہ تھو میں۔ سن ٹھاٹھ قصبہ درچکیس میں۔ ناہرن قصبہ سلموں میں۔ موریچ چھن قصبہ گنوخ میں اور شاہ ناصر نام کا میلہ چوچین میں۔

قدیم داردوں کے رسم و رواج

یہی شناکی اور گلگت کے رہنے والے دارد لوگ ہیں جو پوریگ میں گئے اور اپنے رسم و رواج ساتھ لے گئے۔ چونکہ گلگت میں دارد لوگوں کی عہد قدیم کی کوئی یادگار موجود نہیں۔ کوئی روائت باقی نہیں۔ کوئی تحریری ثبوت نہیں جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ عہد قدیم میں دارد لوگوں کے رسم و رواج اور مذہب کیا تھا۔ مگر پوریگ میں یہ امور روائتوں کی شکل میں موجود ہیں۔ اس لئے جو کچھ پوریگ کے داردوں کو معلوم ہے۔ وہ ہم یہاں لکھ دیتے ہیں چونکہ یہی رسوم عہدِ قدیم میں گلگت کے داردوں کی ہوں گی۔

عہد قدیم کے داردوں کی معاشرت بہت سادہ تھی۔ بلکہ وحشیانہ تھی۔ اب تک یہ لوگ بہت سادہ ہیں۔ بھیڑ بکری کثرت سے پالتے اور چراگاہوں میں رہتے تھے انہیں پر ان کی گذران تھی۔ وہ بھیڑ بکری کا گوشت کھاتے۔ دودھ پیتے۔ ان کی اون سے سادہ لباس بنا لیتے۔ جنگلی جانوروں کے چمڑے سے بھی لباس تیار کرتے تھے۔ ان کی اصلی خوراک جنگلی جانوروں کا گوشت تھا۔ اس زمانے میں جنگلی جانور یہاں بہت تھے۔ اگر ضرورت ہوتی تو غلہ کے لئے تھوڑا سا رقبہ کاشت کر لیتے تھے۔ شکار کرنے کے کئی طریقے تھے۔ جانور کو دھوکا دے کر

گڑھے میں گراتے تھے۔ پھندے سے پکڑتے تھے۔ تیر کمان سے مارتے تھے۔ لوگ محنت کش تھے شکار کرنے کے لئے دور دراز تک چلے جاتے تھے۔

دارد قوم کے آریا لوگ وسط ایشیا سے اپنا قدیم آبائی مذہب اپنے ساتھ لائے۔ مشاہیر پرستی اور قدرت پرستی۔ لداخ میں پہنچ کر بعض نے پوآن مذہب اختیار کر لیا۔ کچھ بدھ مذہب کے پیرو ہوگئے۔ کچھ لوگوں نے اسلام قبول کر لیا۔ اور کچھ اب تک اپنے قدیم مذہب پر قائم ہیں۔ وہ بدھ مذہب کے رسم و رواج اختیار کر رہے ہیں۔ قدیم زمانے میں یہ لوگ اپنی میت کو بڑی قبر میں دفن کر دیتے تھے میت کو نفیس اور اعلیٰ لباس پہناتے۔ زیور اور سنگار سے مزین کرتے۔ اسی قبر میں ساتھ کھانے پینے کا سامان بھی رکھ دیتے۔ برتن اور گھر کا ضروری سامان بھی رکھتے۔ اس قسم کی قبریں۔ گرکو نہ۔ داہ برق سلمون۔ لاہونگ۔ تسکچہ۔ پشکم۔ اور ساتھ کے دیہات میں اب تک ملتی ہیں۔ زیورات ہر قسم کی دھات کے بنائے ہوئے ہیں۔ برتن:۔ پتھر۔ مٹی۔ تانبے اور پیتل کے بنے ہوتے ہیں۔

ابتدا میں جب یہاں آکر ان آریا لوگوں نے بستیاں آباد کی ہیں تو آبادی کم تھی اور دشمن کوئی نہیں تھا۔ یہ لوگ آپس میں بڑے سلوک سے رہتے تھے۔ لڑائی فساد نہیں کرتے تھے۔ جھوٹ۔ فریب اور چوری کا نام و نشان نہ تھا۔

چونکہ زندگی سادہ تھی اس لئے کسی پولیس یا فوج کی ضرورت نہ تھی۔ کوئی راجہ نہ تھا۔ ہر گھر کا سب سے بڑا آدمی گھر کا حاکم تھا۔ جب تعداد بڑھی اور گاؤں میں جھگڑے پیدا ہوئے تو گاؤں کا سردار مقرر کرنا ضروری ہوگیا۔ اس کو ترامامکتے تھے۔ اس کا حکم ماننا سارے گاؤں کے لئے ضروری تھا۔

مورثِ اعلیٰ کی نسل میں سے براہ راست جو سب سے بڑی عمر کا آدمی ہوتا وہ ترامامقرر کیا جاتا۔ یا قوم میں سے جو سب سے بزرگ اور برگزیدہ ہوتا اس کو ترامامکا عہدہ پیش کیا جاتا۔ جب زمانے نے اور ترقی کی تو گاؤں گاؤں کے جھگڑے ہونے لگے۔ اس لئے ریاست کی بنیاد پڑی۔ سب گاؤں کے ترامااکٹھے ہوتے۔ آپس میں مشورہ کرتے اور ایک ترامامکو اپنا پیشوا قرار دیتے۔

اس ترامائے اعظم کو چوؔ کا لقب دیا جاتا۔ چو کے معنی راجہ۔ وہ اپنی تمام قوم پر حکومت کرتا۔ آج کل بھی بلتی زبان میں چو کے معنی راجا ہیں۔ کاؔ کے معنی بھائی۔ کاچوؔ۔ کے معنی راجہ بھائی۔ یعنی راجہ کے خاندان میں سے وہ فرد جو گدی پر نہیں بیٹھ سکا اور اس لیئے شاہی قلعہ سے باہر ہوگیا۔ اس کی اولاد بھی کاچو کہلاتی ہے۔ کھرؔ کے معنی قلعہ۔ منگ کے معنی بہت۔ کھرمنگ یعنی بہت سے قلعے چونکہ کھرمنگ کے علاقہ میں بہت سے قلعے موجود ہیں) پوچو۔ بڑا راجہ۔ سکردو میں ایک تاریخی اور مستحکم قلعہ دریائے سندھ کے کنارے پہاڑ کی چٹان کی چوٹی پر بنا ہوا ہے۔ اس کا نام کھرپوچے ہے۔ چو تصریف کے زیر اثر چے ہوگیا ہے۔ یعنی بڑے راجہ کا قلعہ۔

حصہ دوم

شنا زبان

حصّہ دوم

شنا زبان - باب ۳ - ۴ - ۵ - ۶ - ۷

باب ۔ ۳

شنا کا وطن اور زائچے

باب ۳ - شنا کا وطن اور زبانچے

مندرجات - (صفحات کے نمبر بریکٹ میں درج ہیں)

باب ۔ ۳

شنا زبان کا وطن

شنا وطن کی خصوصیات

شنا زبان وسیع علاقے میں بولی جاتی ہے۔ جس کا رقبہ بارہ ہزار تین سو باون (۱۲,۳۵۲) مربع میل ہے۔ یہ شنا کا وطن ہے۔ یہ سب پہاڑی علاقہ ہے۔ جو کشمیر اور کاغان کے پہاڑوں کے شمال کی طرف واقع ہے۔ شنا وطن کی سرزمین بے برگ و گیاہ بلند و بالا پہاڑ ہیں۔ ان علاقوں کی بلندی جہاں بستیاں موجود ہیں سطح سمندر سے تقریباً تین ہزار فٹ ارتفاع سے شروع ہوتی ہے۔ اور آٹھ ہزار تک چلی جاتی ہے۔ یوں تو اس وطن میں ایسی فلک شگاف چوٹیاں بھی واقع ہیں جو چوبیس ہزار فٹ سے بھی زیادہ بلند ہیں۔ مگر ان کے گرد و نواح میں آبادی نہیں ہے۔

انسانوں نے ابھی تک اپنی بستیاں شنا وطن میں دس ہزار فٹ سے اوپر نہیں بنائیں اور اکثر آٹھ ہزار فٹ سے کم بلند ہیں۔ چونکہ زیادہ بلندی پر نہ فصل اچھی پیدا ہوتی ہے۔ نہ میوہ پکتا ہے اور سردی کا موسم طویل ہوتا ہے۔ بلتستان کی سطح تقریباً آٹھ ہزار فٹ ارتفاع سے شروع ہو کر بلند ہوتی جاتی ہے۔ یہاں کے لوگوں اور لداخ کے لوگوں نے بعض ایسے مقامات پر بھی آبادی کی ہے جن کی بلندی سمندر سے ۱۴ ہزار فٹ ہے۔

شنا زبان کا تمام وطن وادی در وادی کوہستان ہے۔ ان پہاڑوں کا بے آب و گیاہ ہونا قابل توجہ ہے۔ بلند و بالا سربفلک پہاڑ جن کے پہلو عمودی دیوار کی طرح کھڑے ہیں پتھروں کا ایک ٹیلہ۔ مٹیالے۔ سیاہ۔ خاکستری رنگ کا جس پر گھاس کا ایک تنکا موجود نہیں۔ اور وادیاں بہت عمیق۔ بیچ میں دریا بہتا ہوا۔ دریا کے دونوں طرف کے پہاڑ اتنے

اونچے اور سیدھے کھڑے ہوئے کہ لمبائی کی بجائے ان کی اونچائی دماغ پر نمایاں اثر ڈالتی ہے راستہ ہمیشہ دریا کے ساتھ ساتھ چلتا ہے۔ وادی کے بیچ میں ، کبھی جہاں درّہ پار کرنا پڑتا ہے تو راستہ نالے یا دریا سے ہٹ کر پہاڑ کی کمر پہ چلا جاتا ہے۔ اور پھر راستہ ایک وادی سے دوسری وادی میں چلنا شروع کرتا ہے۔ درّے ایسے مقام پر واقع ہیں جو پانی ڈھال کا کام دیتا ہے۔ یعنی بارش کا پانی درّے کے بائیں یا دائیں دو الگ الگ وادیوں کے دریاؤں میں شامل ہوتا ہے۔

شناوطن کا محلِ وقوع شنازبان کے وطن کا نقشہ ملاحظہ فرمایئے۔ اس نقشے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ علاقہ جہاں شنا زبان بولی جاتی ہے ایک غیر منظّم تکون کی شکل کا ہے۔ جو طُول بلد ۲۴ اور ۷،۳ کے درمیان واقع ہے اور عرض بلد ۲،۷ اور ۶،۷ کے درمیان۔ عرض بلد ۳،۷ کے باہر یعنی ۲،۷ اور ۳،۷ کے درمیان صرف تھوڑا سا رقبہ یعنی کوئی ایک سو مربع میل کا ٹکڑا واقع ہے۔ شنا وطن کا دل "شناکی" کا خطہ ہے جو دریائے سندھ کے دونوں کناروں پر ہربن سے لے کر گورتک واقع ہے۔ اس خطے میں سندھ مشرق مغرب بہتا ہے۔ اس سے اوپر اور نیچے سندھ کا رُخ شمالاً جنوباً ہے۔ آج کل اس علاقے میں سیاسی اہمیت شہر گلگت اور گلگت ایجنسی کو حاصل ہے۔ چونکہ یہاں پر شمال کی طرف سے ہنزا کا راستہ آتا ہے جو روس اور کاشغر کو ملاتا ہے۔ مغرب کی طرف سے گوپس اور پنیال کا راستہ آتا ہے جو پامیر بدخشاں اور چترال کو ملاتا ہے جنوب کی طرف بھی گلگت سے تین راستے جاتے ہیں۔ دریائے گلگت کے کنارے کنارے جنوب مشرق کی جانب کچھ سفر کرکے ہم جائیں تو دریائے سندھ آجاتا ہے۔ سندھ کے کنارے مشرق کی جانب کچھ سفر کرنے کے بعد بلتستان میں داخل ہو جاتے ہیں۔ روندو باشا میں سے سفر کرتے ہوئے سکردو پہنچ جاتے ہیں۔ یہاں سے آگے لداخ کا راستہ ہے۔ بونجی سے نکل کر سیدھے جنوب کو جائیں، تو استور کے علاقے سے ہوتے ہوئے کشمیر کو چلے جاتے ہیں۔ استور۔ گودئی۔ بُرزل درّہ منی مرگ۔ گریز۔ تراگ بل۔ بانڈی پور۔ یہ شہر بانڈی پور جو جھیل ولر کے کنارے واقع ہے ڈوگرہ دور

میں کشمیر گلگت کے مابین تجارت کا بہت بڑا مرکز تھا۔ پاکستان کے آنے سے یہ راستہ بند ہو گیا تو انہوں نے ایک نیا راستہ نکالا۔ بونجی سے نیچے پہلے دریائے سندھ کے کنارے کنارے چلاس تک پہنچے یہاں سے جنوب کی طرف سفر کیا تو درہ بابوسر میں سے گذرے اور وادی کاغان میں داخل ہو گئے۔ بھٹاکنڈی کاغان قصبہ بالاکوٹ۔ مانسہرہ اور ایبٹ آباد۔ آگے پنجاب کے میدان آ گئے۔ اگر دریائے سندھ کے کنارے کنارے مغرب کی طرف چلے جائیں تو چلاس سے آگے ہم سازن۔ ہربن جلکوٹ۔ پاتن۔ کولی۔ بشام میں سے گزرتے ہیں۔ یہ سب قصبے دریائے سندھ کے کنارے واقع ہیں۔ پھر ریاست امب آجاتی ہے۔ سازن سے نیچے سندھ کے دائیں طرف کلام کوہستان ہے اور بائیں طرف سندھ، کوہستان۔ جلکوٹ سے آگے دائیں ہاتھ پر سوات کی ریاست کا علاقہ ہے

گلگت قصبہ کے باشندے

ان تمام علاقوں سے آئے ہوئے لوگ گلگت کے بازار میں ملتے ہیں بلتستان کے بلتی جو محنت مزدوری کرتے اور شام کے بعد بھیک مانگتے ہیں۔ چینی ترکستان کے کاشغری۔ کوئی پچاس دکانیں ان کی گلگت میں ہیں اور سب متمول۔ صاحب حیثیت۔ فہمیدہ تاجر ہیں۔ اشکومن۔ یاسین اور گوپس کے کوہستانی جو اپنے پٹو اور گھی بیچنے اور چائے۔ نمک۔ کپڑا خریدنے کے لئے آ جاتے ہیں۔ چترال کے محنت کش لوگ جو ملازمت اور تجارت کے سلسلے میں یہاں موجود ہیں۔ دو چار چترالی دکاندار بھی ہیں۔ سوات کے کرایہ کش جو اونٹوں اور گدھوں پر مال لاتے اور بیچ کر چلے جاتے ہیں۔ پاکستان کی حکومت گلگت میں شروع ہوئی تو یہاں پر صوبہ سرحد کے تمام لوگ حاکم بن کر آئے۔ گلگت کا نام ایجنسی رکھا گیا۔ اور سرحد میں چونکہ دو چار ایجنسیاں موجود ہیں۔ کرم۔ خیبر وغیرہ اس لئے یہ خیال کیا گیا کہ ان لوگوں کو ایجنسی طرز حکومت کا تجربہ ہے۔ اس حکومت پیشہ پٹھانوں کا دامن پکڑ کر چند خوش فکرے اور زمانہ شناس بھی آ گئے۔ چند نے یہاں مستقل اڈا جما لیا اور ایک پشتون برادری مستحکم کر لی۔ کاغان سے نیچے ہزارہ کے علاقہ میں ایک خطہ پکھلی ہے۔ پکھلی وال قدیم سے کرایہ کش رہے ہیں۔ اونٹ۔ خچر زیادہ اور گدھے کم۔ سکھوں کے زمانے میں یہ بوجھ لاد کر ہزارہ کے راستے کشمیر جایا کرتے تھے۔ اب بھی ان کا یہی کام ہے ابھی بابوسر کے درے سے برف کا ملا پگھلتی بھی

نہیں ہے کہ یہ اپنی بوجھ سے لدی ہوئی خچریں لے کر گلگت میں آموجود ہوتے ہیں۔ ان کے ساتھ تاجر پیشہ لوگ بھی آگئے تھے۔ یا غریب آئے تھے یہاں اپنی فراست اور محنت سے تاجر اور امیر بن گئے۔ کوئی تیس دکانیں ہزارہ والوں کی ہیں اور سب خوشحال ہیں۔ ڈوگرہ حکومت کا راستہ کشمیر میں سے تھا۔ بانڈی پور اس تجارت کا مرکز تھا۔ تاجروں نے گلگت۔ بانڈی پور۔ سری نگر اپنی دکان کی شاخیں بنا رکھی تھیں۔ پاکستان بنا تو یہ کشمیری تاجر یہیں رہ گئے۔ آج کل بھی کوئی چالیس دکانیں کشمیری تاجروں کی ہیں۔ صرف چند خوشحال ہیں اور غریب الوطن کا، کشمیر سے تعلق نہیں رہا۔ ان کے ساتھ چند کشمیری سنار اور لوہار بھی یہاں آگئے ہیں۔ ایک نائی ہے۔ چند ملازمت پیشہ۔ جب کبھی عہدِ قدیم میں یعنی ۱۴۰۰ عیسوی کے بعد گلگت یا بلتستان کو کاریگر صنّاعوں کی ضرورت ہوئی تو ان لوگوں نے کشمیر سے آدمی بلائے اور وہ یہیں رہ گئے ان کی اولاد اب موجود ہے۔

شناوطن کی وسعت اس بحث سے یہ امر واضح ہوگیا کہ گلگت کا قصبہ جغرافی اور سیاسی طور پر کتنا اہم ہے۔ صدر مقام بھی یہی ہے۔ اس لئے یہاں کی زبان کو بھی اہمیت دی جاتی ہے اور گلگت کی شنا کو، شنا زبان کا معیار مانا جاتا ہے۔

شنا زبان کے وطن کا رقبہ بارہ ہزار تین سو باون ۱۲،۳۵۲ مربع میل ہے۔ اس میں یہ علاقے شامل ہیں۔ گلگت ایجنسی۔ اس کے شمال کی طرف ریاست نگر کا تھوڑا سا حصہ۔ ریاست پنیال، داریل۔ تانگیر۔ تانگیر کے شمالی پہاڑ کی کمر۔ سندھ کوہستان . . . .

چلاس ۔ صوبہ "شمالی کشمیر" کی خوبصورت گریز وادی جس میں دریائے کشن گنگا بہتا ہے۔ اور صوبہ مظفر آباد کے شمال میں نیلم وادی۔ دریائے نیلم۔ اسی کشن گنگا کا ایک معاون ہے۔ شنا زبان بلتستان کے علاقے میں بھی گھس گئی ہے اور وہاں اس نے اپنا سکہ جما لیا ہے۔ دراس شہر میں عوام الناس زیادہ تر شنا بولتے ہیں۔ دراس سے شمال کی طرف ایک پٹی ہے جہاں شنا مادری زبان ہے۔ استور کا سارا صوبہ شنا برتتا ہے۔ سندھ کی وادی کا جو ٹکڑا رونڈو تک ہے اور بلتستان میں شامل ہے وہ بھی شنا بولتا ہے اس سارے علاقے کی مادری زبان شنا ہے۔ اس حد کے باہر دوسری زبانوں کی حکومت ہے۔ یہ ظاہر ہے

کہ جہاں دو زبانوں کی حکومت کی سرحدیں ملیں گی وہاں دونوں کا اقتدار ہوگا۔ اندر کی طرف شنا کا اثر بڑھتا جائے گا حتےٰ کہ لوگوں کی مادری زبان صرف شنا رہ جائے گی۔ اور باہر کی طرف گھٹتا جائیگا حتےٰ کہ شنا بولنے والوں کی تعداد کم ہو جائے گی۔ دراس کے گرد و نواح اور گریز کی وادی میں یہ امر صاف نمایاں ہے۔ لوگ دو بلکہ تین زبانیں بولتے ہیں۔ دراس میں شنا۔ پوریگی یعنی وہاں کی مقامی زبان اور کشمیری تینوں زبانیں بولی جاتی ہیں۔ مگر فیصدی نسبت کے لحاظ سے زیادہ تعداد شنا بولنے والوں کی ہے۔ اس لئے دراس اور گریز اور اس کے ملحقہ علاقے کو شنا کی مملکت میں شامل کر لیا گیا ہے۔ وہ خطہ جس میں دراس واقع ہے۔ پوریگ کا علاقہ کہلاتا ہے۔

شنا کی ہمسایہ زبانیں شنا کے لسانی ہمسائے بہت سے ہیں۔ وہ انواع و اقسام کے ہونے جا ہیں۔ چونکہ شنا وطن کے چاروں طرف ایسے لوگ آباد ہیں جو ایک دوسرے سے بہت مختلف ہیں۔ ہم گلگت ایجنسی کے شمال مشرقی کونے سے شروع کرتے ہیں۔ ریاست نگر کا تھوڑا سا حصہ گلگت ایجنسی کے ساتھ ملحق ہے۔ یہ علاقہ چھلت سے کچھ آگے تک شنا بولتا ہے۔ اس کے بعد نگر اور ہنزا کی ریاستیں ہیں۔ ان دونوں ریاستوں کے لوگ بروشسکی بولتے ہیں۔ مگر اکثر لوگ شنا سمجھتے ہیں۔ چونکہ ان کا روز کا آنا جانا گلگت کے علاقے میں ہوتا ہے۔ نگر کے مشرق میں اس کی پشت پر بلتستان ہے اور وہاں بلتی بولی جاتی ہے۔ ہنزا کی وادی میں سے شمال کو جائیں تو مسگر سے گذرتے ہوئے دروں کے پار چینی ترکستان آجاتا ہے۔ ہنزا کے شمال میں بلند پہاڑی ٹکڑا ہے جس کو گوہجال کہتے ہیں۔ یہاں کے لوگ اور اس کے مغرب میں ریاست نگر کے ملحقہ ٹکڑے کے لوگ گوہجالی زبان بولتے ہیں۔ ہنزا کے شمال میں دروں سے نکل جائیں تو کاشغر کے لوگ اپنی کاشغری زبان بولتے ہیں۔

گلگت ایجنسی کے مغرب میں پنیال کی ریاست ہے۔ پنیال کے شمال میں اشکومن کی تحصیل ہے اس میں فارسی اور چترال کی زبان (خور)، کا رواج ہے۔ اشکومن کے شمالی دروں سے نکل کر جائیں تو شمال کی طرف راستہ باہر کو جاتا ہے اور مغرب کی طرف بدخشاں کو چلا جاتا ہے جو اس وقت حکومت

افغانستان کے قبضے میں ہے۔ اشکومن کے مغرب میں شنا زبان کے وطن سے باہر یاسین کی تحصیل ہے۔ اس میں بلتم، خور اور شنا بولتے ہیں۔ بلتم صوبہ گلگت کے سازندوں کی مخصوص زبان ہے یہ سازندے ڈھول طوطی باجے بجاتے ہیں اور جہاں کہیں ہوں بلتم بولتے ہیں۔ یاسین میں ان کے کچھ گاؤں اپنے ہیں۔ اس لئے زبان نمایاں ہو گئی ہے۔ دیگر علاقوں میں سازندوں کے گھر خال خال اور بکھرے ہوئے ہیں۔

پنیال کے مغرب میں یاسین سے نیچے گوپس کی تحصیل ہے۔ اس کے دو ٹکڑے ہیں۔ مغربی حصہ کو "کوہ" کہتے ہیں۔ مشرقی کو "غذر" گوپس بڑا قصبہ ہے۔ جہاں فوج۔ خزانہ۔ سکول ہے۔ حاکم تحصیل جس کو سرکاری کاغذات میں گورنر لکھا جاتا ہے یہاں گوپس میں رہتا ہے۔ اس لئے اس تحصیل کا جدید نام گوپس ہو گیا ہے۔ تحصیل گوپس کے مغربی حصے میں خور (چترال کی زبان) اور قدیم فارسی مروج ہے۔ ان علاقوں میں جو پنیال کے ساتھ لگتے ہیں خور اور شنا بولی جاتی ہے۔

اب ہم شنا وطن کے شمال مغربی بیرونی کونے سے نیچے آئے تو شنا وطن کے مغرب میں تانگیر کے سامنے کلام کوہستان کا علاقہ ہے۔ کلام کوہستان کے مغربی حصہ میں خور۔ فارسی اور بشکار زبان بولی جاتی ہے۔ مشرقی حصہ میں جو تانگیر سے ملحق ہے شنیو زبان اور شنا کا رواج ہے۔ کلام کوہستان کے نیچے شنا وطن کے مغرب میں سوات ریاست ہے۔ یہاں پشتو بولی جاتی ہے

اب ہم شنا وطن کے جنوبی پہلو کی طرف آ گئے۔ اور سندھ کو عبور کر کے مشرق کی طرف چلے تو کچھ حصہ میں وادی کاغان میں داخل ہونے سے پہلے سوات ریاست کے زیر اثر لوگ پشتو بولتے ہیں۔ شنا وطن کے جنوبی پہلو کے وسط میں دو وادیاں آ کر ٹکرا کھاتی ہیں۔ یہ ایک دوسرے کے متوازی واقع ہیں۔ ان کی لمبائی جنوب مغربی سمت میں واقع ہے۔ وادئ کاغان اور وادئ مظفر آباد۔ ان دونوں میں پنجابی بولی جاتی ہے مظفر آباد کی وادی میں بالکل شمال کا چھوٹا سا کونہ ایک ماتحت وادی ہے جو تلیل کی وادی کہلاتی ہے تلیل دریا کی وادی چھوٹی سی ہی خوبصورت ہے جتنی گریز کی۔ یہ وادی چلاس اور استور کے جنوب میں واقع ہے۔ تلیل وادی کی

مادری زبان شنا ہے۔ اگرچہ وہ پنجابی بھی سمجھ لیتے ہیں

گریز کی خوبصورت وادی میں دریائے کشن گنگا بہتا ہے۔ یہ لوگ سب شنا بولتے ہیں۔ مگر کشمیری بھی اس صفائی سے بول لیتے ہیں۔ گویا دو زبانوں کے مالک ہیں۔ گریز کی وادی سے نیچے جو "صوبہ کشمیر شمالی" اور "صوبہ کشمیر جنوبی" کا حصہ ہے وہاں کشمیری بولی جاتی ہے۔

شنا وطن کا جنوب مشرقی کونا اب ہمارے پیش نظر ہے۔ دراس کا گردو نواح زبان کے لحاظ سے عجیب مقام ہے۔ یہاں عام لوگ تین زبانیں بولتے ہیں۔ شنا۔ کشمیری۔ پوریگ زبان۔ دراس کے گردو نواح میں شنا کا زور ہے اور گھروں میں شنا مادری زبان کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ اس کے نیچے کشمیر ہے۔ دائیں ہاتھ پر پوریگ۔ اس لئے نیچے کی طرف جائیں تو کشمیری کا زور بڑھتا چلا جاتا ہے۔ دائیں طرف جائیں تو پوریگ کا رواج عام ہوتا جاتا ہے۔ شنا وطن کے باھر جنوب مشرقی کونے میں گلشر اور متیال کے قصبے واقع ہیں۔

اب ہم شنا وطن کے مشرقی پہلو کی طرف آگئے۔ یہ خالص بلتستان ہے۔ اور یہاں بلتی زبان کا زور ہے۔ متیال سے اوپر باشا اور روندو تک بلتی بولی جاتی ہے۔ یہ سارا بلتستان کا علاقہ ہے اس کے شمال میں نگر کا علاقہ ہے۔ جہاں سے ہم نے اس بحث کی ابتدا کی تھی اور اس بات کا مطالعہ شروع کیا تھا کہ شنا زبان کے وطن کے بیرونی لسانی ہمسائے کون کون سے ہیں ؛

بولنے والوں کی تعداد

علاقہ جہاں شنا بولی جاتی ہے شنا زبان کے وطن کا نقشہ ملاحظہ کریں تو معلوم ہوگا کہ اس زبان کی حدود کے اندر یہ علاقے شامل ہیں۔ گلگت سب ڈویژن۔ استوار۔ چلاس۔ انڈس کوہستان۔ داریل تانگیر اور پنیال۔ یہ تو پورے علاقے اس حد کے اندر ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ حصے دیگر تحصیلوں کے ہیں نگر کا کچھ حصہ۔ اشکومن۔ غذر کے کچھ حصے۔ تلیل وادی جو مظفر آباد میں ہے گریز وادی جو ضلع شمالی کشمیر کی تحصیل از نچی پورہ کا تقریباً نصف شمالی حصہ ہے۔ ضلع تبت کی تحصیل پوریگ (کرگل) کا دراس کا علاقہ۔ ضلع تبت تحصیل سکردو (بلتستان) کا روندو کا علاقہ۔ یہ اسم نویسی ہم نے ڈوگرہ حکومت کی تقسیم کے مطابق کی ہے۔ ڈوگروں نے گلگت تحصیل ایک بنائی ہوئی تھی۔ اس میں موجودہ گلگت سب ڈویژن کا علاقہ اور استور کا علاقہ شامل تھے۔ اس تحصیل کو اتنی اہمیت حاصل تھی کہ اس کو ضلع کے حقوق حاصل تھے اور یہاں ایک وزیر وزارت رہتا تھا جو ضلع کا افسر ہوتا ہے۔ اس کا نام ہم گلگت وزارت رکھیں گے۔ فرنٹیر علاقہ جات ایک مشترکہ نام انہوں نے رکھا ہوا تھا۔ جس میں یہ وادیاں شامل تھیں (۱) ہنزا۔ نگر۔ پنیال۔ یاسین۔ کوہ۔ غذر۔ اشکومن۔ چلاس (آٹھ عدد) داریل۔ تانگیر۔ انڈس کوہستان ان کی حکومت سے باہر تھے۔ وہ ان کو یاغستان کہتے تھے۔ ان تینوں علاقوں کی مردم شماری انہوں نے کی۔ فرنٹیر علاقہ جات کے سیاسی انتظام میں ڈوگرے زیادہ دخل نہیں دیتے تھے۔ ان وادیوں کے راجا یا گورنر خود ہی سب انتظام کر لیتے تھے اور آج کل بھی تقریباً ایسا ہی ہے۔ اس لئے مردم شماری کا موازنہ بالکل صحیح نہیں ہو سکتا۔ ایک انگریز بالا دست حاکم یعنی پولیٹیکل ایجنٹ گلگت میں رہتا تھا جو فرنٹیر علاقہ جات کی نگرانی کرتا تھا۔ زیادہ نگرانی اس لحاظ سے کہ روس۔ افغانستان چین وغیرہ باہر کے ممالک کیا کر رہے ہیں۔ ان سب امور کی تشریح کرنا اس لئے ضروری ہوا کہ ہمارے

پیش نظر مردم شماری کی ۱۹۳۱ء کی رپورٹ ہے جو دورِ ڈوگرہ راج میں کی گئی تھی۔ اس وقت ملکی تقسیم اور سیاسی حدود اس طرح سے تھیں جیسے کہ صدر میں درج کیا گیا ہے۔

وادیوں کی آبادی

شنا بولنے والے افراد کی تعداد کا اندازہ اس طرح سے لگایا جا سکتا ہے کہ ہم دیکھیں ان علاقوں کی آبادی کیا ہے جو شنا وطن کے اندر شامل ہیں یا شنا وطن کے باہر ساتھ ملحق ہیں اور ان کا براہ راست تعلق شنا وطن کے ساتھ ہے۔

رپورٹ مردم شماری ۱۹۳۱ (جلد XXIV باب اول)

علاقے میں کل نفوس کی تعداد

(۱) گلگت وزارت (گلگت سب ڈویژن + استور) = ۳۱،۹۰۲

(۲) فرنٹیئر علاقہ جات :-

ہنزہ	نگر	پنیال
۱۳،۲۴۱	۱۳،۶۷۲	۶،۱۰۸

یاسین	کوہ	غذر	اشکومن	چلاس
۸،۰۸۳	۲،۸۸۸	۴،۱۱۲	۲،۹۸۶	۱۳،۵۳۴

فرنٹیئر علاقات جات کی کل آبادی = ۶۴،۵۴۴

(۳) داریل - تانگیر - انڈس کوہستان (سندھ کوہستان) = آبادی نامعلوم

(۴) تحصیل از مچھی پورہ - ضلع کشمیر شمالی میں - کل آبادی ہے - ۲۴۷،۸۴۹

اس میں گریز وادی ہے نصف شامل تقریباً۔ اس کا نصف ہم لیتے ہیں = ۱۲۳،۹۲۴

حشمت اللہ کی کتاب تاریخ جموں سے لیا گیا (صفحات ۵۲، ۶۷۴) - مردم شماری ۱۹۱۱

(۵) علاقہ دراس (تحصیل کرگل (پوریگ) = ۴۰۶۸

(۶) علاقہ رونڈو - تحصیل اسکردو (بلتستان) = ۹۶۵۵

نفوس کی کل تعداد بنی - ۲۳۴،۰۹۳ - (دو لاکھ چونتیس ہزار ۹۳)

اسی رپورٹ مردم شماری میں زبانوں کے باب کے ماتحت (باب IX مختلف زبانیں بولنے والوں کی تعداد

اس طرح سے درج کی ہے صفحہ ۲۸۵

رپورٹ مردم شماری کے مطابق تعداد | ڈوگرہ راج کے افسران مردم شماری نے اس علاقے کی زبانوں کی تقسیم حسب ذیل طریق سے کی ہے۔

ساری ریاست جموں و کشمیر کے اندر۔ بولنے والوں کی تعداد

پساچا زبانوں کے قبیلے میں۔ مختلف گروپ

	گرپ	بولنے والوں کی تعداد		علاقہ جہاں بولی جاتی ہے
		۱۹۲۱	۱۹۳۱	
(۱)	کھوار گرپ	۱۱۱	۶،۹۵۱	گلگت ایجنسی (گلگت سب ڈویژن + زیر حفاظت علاقہ جات)
(۲)	کافر گرپ	۵،۸۹۱	۲،۲۳۱	ضلع کشمیر شمالی ۔ ضلع کشمیر جنوبی
(۳) دردو گروپ	کوہستانی	۲،۶۴۰	۳،۱۲۱	ضلع کشمیر جنوبی
	کشمیری	۱،۲۵۶،۹۸۶	۱،۴۱۳،۱۹۶	صوبہ کشمیر ۔ ادھم پور ۔ ریاسی ۔ پونچھ
	شنا	۲۸،۴۷۸	۶۳،۹۱۸	گلگت ایجنسی

یہ امر قابل توجہ ہے کہ کافر زبان کا وطن اس جدول میں ضلع کشمیر شمالی اور ضلع کشمیر جنوبی لکھا گیا ہے۔ حالانکہ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ کافر لوگ اس علاقے میں رہتے ہیں جو چترال۔ افغانستان اور گلگت ایجنسی کے علاقہ کوہ کے درمیان ہے۔ اس میں سفید کافر رہتے ہیں اور ان کی زبان کافر کہلاتی ہے۔ شنا کو اس مردم شماری کے حاکموں نے گلگت ایجنسی تک ہی محدود رکھا ہے۔ حالانکہ یہ زبان ان حدود کے باہر بھی پھیلی ہوئی ہے۔

ان ۶۳،۹۱۸ شنا بولنے والے نفوس میں ۳۳،۳۷۹ مرد تھے اور ۳۰،۵۳۹ عورتیں۔ یہ تعداد ۱۹۳۱ کی ہے۔ اس میں ہر دس سال میں تقریباً ۱۱ فیصدی اضافہ ہوتا ہے۔ اگر اس اضافے کو پیش نظر رکھا جائے۔ تو ۱۹۳۱ سے لے کر ۱۹۴۱ تک یہ تعداد ۶۳،۹۱۸ + ۷،۰۳۰ = ۷۰،۹۴۸ ہو جانی چاہیئے۔ اور ۱۹۵۱ میں اسی ۱۱ فیصدی اضافے کے حساب سے ۷۰،۹۴۸ + ۷،۸۰۴ = ۷۸،۷۵۲ ہونی چاہیئے۔ لداخ میں جو بروکس پا قبیلے

آباد ہیں۔ ان کی مادری زبان بھی شنا کی ایک شاخ ہے۔ اگرچہ وہ اس شنا سے مختلف ہے۔ ان کی تعداد ۱۲،۱۰۴ نفوس ہے۔ آج کل گلگت ایجنسی کی آبادی ایک لاکھ دس ہزار کے قریب ہے اس لئے یہ کہنا مشکل نہیں کہ آج کل شنا بولنے والے تمام نفوس کی تعداد ڈیڑھ لاکھ کے قریب ہوگی

شنا کے زبانچے

سارے علاقے میں شنا قابلِ فہم ہے

اس تمام وسیع علاقے (۳۵۲،۱۲ مربع میل) میں شنا کچھ ایسے الفاظ اور لہجے میں بولی جاتی ہے کہ ایک کونے کا باشندہ دوسرے دور دراز کے کونے میں چلا جائے تو اس کی بولی کو وہاں لوگ بخوبی سمجھ لیتے ہیں۔ مقامی تفاوت اور مخصوص نشانیاں تو موجود ہوتی ہیں۔ مگر زبان وہی ہوتی ہے اور اس کے سمجھنے میں سننے والوں کو کوئی مشکل محسوس نہیں ہوتی گریز یا کوہستان کا رہنے والا۔ گلگت یا پنیال میں چلا جائے تو لوگ اس کی بات کو آسانی سے سمجھ لیں گے۔ مگر دراس کے لوگوں کی شنا ایک حد تک مختلف ہو گئی ہے۔ نسل کے لحاظ سے وہ لوگ بلتی یا نیم بلتی ہیں۔ جنہوں نے داردستان کے شنا بولنے والوں سے ازدواجی تعلقات پیدا کر لئے ہیں۔۔ بلتی زبان بلتی نسل اور بلتی خوراک نے شنا پر دراس کے علاقے میں اتنا اثر ڈالا ہے کہ صرف اس کونے میں نمایاں تفاوت پیدا ہو گیا ہے۔ باقی سارے علاقے کی زبان ایک دوسرے کے لئے آسانی سے قابلِ فہم ہے اگرچہ ہر علاقے میں مقامی زبانچے اور مقامی مخصوص الفاظ موجود ہیں۔

لسان میں تفاوت

ایک پرانی مثال ہے "بولی بدلے بارہ کوس" مطلب یہ کہ ہر بارہ کوس کے بعد مقامی گفتگو اور انداز بیان میں خفیف سا فرق آجاتا ہے۔ (ایک کوس تقریباً تین میل انگریزی سمجھ لیجئے۔ گا ایک میل انگریزی ہوتا ہے ۱۷۶۰ گز لمبا)۔ بولی کا فرق قلیل ہوتا ہے اگر مقامی زبان کو اس لسان کی وسیع بساط کے طرز و انداز سے موازنہ کیا جائے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی زبان ہے جو سارے علاقے میں بولی جارہی ہے۔ مگر مقامی زبان کے الفاظ۔ طرز ادا اور محاورات کا مقابلہ بنظر غائر معیاری زبان سے کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہر خطے میں بارہ کوس کے بعد چند مخصوص الفاظ۔ طریقہ تکلم کے انداز اور محاورات موجود ہیں۔ جو اس علاقے کے لئے خاص ہیں۔ اس لئے مقامی زبان معیاری زبان سے ایک حد

بلکہ مخصوص ہو گئی ہے۔ زبان وہی رہی۔ مگر تخصیص کی ہلکی سی صورت پیدا ہو گئی۔

معیاری زبان اور زبانچے

ایک لسان بہت بڑے وسیع علاقے پر حاوی ہوتی ہے جو اس کا وطن کہلاتا ہے۔ اس سارے علاقے میں ایک خطہ ایسا بھی ہوتا ہے جو سیاسی۔ سماجی اور علمی طور پر دوسرے علاقوں پر فوقیت رکھتا ہے۔ اس علاقے کی زبان کو سرکار دربار میں معیاری قرار دیا جاتا ہے۔ تحریری حوالوں میں اس کو سند مانا جاتا ہے اور سماجی کاروبار میں اس کو بلند منزلت دی جاتی ہے۔ مثلاً برطانیہ اعظم کی سرکاری اور سماجی زبان انگریزی ہے۔ لنڈن کے نواحی علاقہ کا انگریزی محاورہ اور گرامر جہاں شاہنشاہ اور دربار جلوہ افروز ہے سند مانا جاتا ہے۔ اس علاقے میں انگلستان کی دو مشہور عالم یونیورسٹیاں آکسفورڈ اور کیمبرج بھی شامل ہیں۔ ہندوستان میں اردو کو عروج ہوا تو دہلی اور لکھنؤ کا محاورہ اسی لئے سند مانا گیا

اس مرکزی علاقے میں جو زبان کا گہوارہ ہوتا ہے۔ عوام کی مادری زبان۔ خط و کتابت کی زبان۔ اعلیٰ طبقے کی تہذیبی زبان اور سرکار دربار کی رسمی زبان یہی معیاری زبان ہوتی ہے۔ مگر اس علاقے سے دور نکل جائیں تو بعض اوقات مقامی زبانیں بطور مادری زبان (گھریلو زبان) استعمال کی جاتی ہیں۔ مگر تحریر، بلند سماج اور دفاتر میں وہی مرکز کی معیاری زبان استعمال کی جاتی ہے۔ مثلاً برطانیہ اعظم کی اعلیٰ زبان انگریزی ہے جس کو ہر جگہ تحریر و تقریر میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر آئرلینڈ کی مقامی مادری زبان آئرش ہے۔ سکاٹ لینڈ کی سکاچ۔ ویلز کی ویلش۔ وہ صرف روزمرہ کے کاروبار میں ان زبانوں کو بولتے ہیں۔ مگر لکھتے وہ انگریزی میں ہیں۔ اسی طرح سے دہلی کے نواح میں پورب۔ اُتر۔ گڑگاؤں کی مقامی بولی میں فرق ہے۔ وہ اپنی مقامی مادری زبان بولتے ہیں۔ لکھتے اردو ہیں (یا تھے)، تقسیم ہند سے پہلے پنجاب کی مادری زبان پنجابی تھی مگر سب رسمی اور غیر رسمی کاروبار اردو میں ہوتا تھا۔ اسی طرح سے کشمیر میں بولتے کشمیری تھے۔ لکھتے اردو تھے۔ آج گلگت میں سرکار دربار کی زبان اردو ہے۔ خط و کتابت اردو میں ہوتی ہے۔ شہر کا سارا طبقہ اردو میں گفتگو کر سکتا ہے اور تمام کاروبار میں اردو استعمال کرتا ہے مگر ان کی مادری زبان شنا ہے۔

ایک لسان وسیع علاقے میں بولی جاتی ہے۔ مثلاً جزیرۃ العرب میں عربی۔ ایران میں فارسی پنجاب میں پنجابی۔ جیسے کہ اوپر ذکر ہوا۔ ہر بارہ کوس کے بعد بولی میں فرق آ جاتا ہے۔ اس وسیع علاقے میں سے ایک خطے

کی بولی کو معیاری ماننا ضروری ہے۔ تاکہ اس کے مطابق تحریر و تقریر کو پرکھا جائے۔ معیاری زبان کا خطہ مرکزی علاقہ ہوتا ہے۔ جہاں سرکار دربار کا کاروبار اثرانداز ہوتا ہے اور امراء اپنی مثال سے زبان کا رسوخ قائم رکھتے ہیں۔ اگر زبان تحریری ہے جیسا کہ آج دنیا کی سب مہذب زبانیں ہیں تو تحریر اور لغات کی کتابیں زبان کی ترقی کی حفاظت کرتی ہیں۔ گویا مستند مصنف کے قلم نے جو لکھا اور قاموس میں جو موجود ہے وہ سند کا کام دیتا ہے۔ وہ معیار ہے جس کے مطابق تمام لوگ اپنی زبان کو صحیح رکھتے ہیں۔ اگر زبان نے تحریری شکل اختیار نہ کی ہو۔ جیسے کہ شنا ابھی تک تحریری شکل میں قائم نہیں ہوئی تو وہ بلغ ہے اور آسانی سے اپنی شکل بدلتی رہتی ہے۔ مرکزی اہم زبان کو تو اس لسان کی معیاری شکل مانا جاتا ہے۔ یعنی عوام اس محاورے اور طرزِ تکلم کو اس زبان کا نام دے کر پکار رہے ہیں (LANGUAGE) انگریزی یا فارسی۔ یا عربی۔ اس زبان کے دوسرے ماتحت محاورے جو علاقہ جات میں مروج ہیں اور معیاری زبان سے قدرے متفاوت ہوتے ہیں "زبانچے" کہلاتے ہیں۔ (.DIALECTS)۔ شنا زبان کے بھی کئی زبانچے ہیں۔ ہم ان کی تشریح یہاں کریں گے۔

لسانی ارتقاء کے اسباب زبان ایک زندہ کیفیت ہے۔ ہر زندہ کیفیت مرورِ زمانہ کے ساتھ بدلتی رہتی ہے۔ بیرونی ماحول اور اندرونی تحریکات کے زیر اثر اس کے جسم اور روح میں فرق پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ تبدیلی تدریجی ہوتی ہے۔ بیرونی زبانوں کے زیر اثر۔ نئے حاکم کے زیر اثر۔ تہذیب کی تبدیلی کے زیر اثر۔ وطن میں نئے کارخانے اور نئے علوم کے داخل ہونے کے سبب۔ قائم اور دائم تو صرف خدا کا نام ہے۔ اس جہان فانی کی ہر چیز انقلاب کی قوتوں کے ماتحت اپنی شکل بدلتی رہتی ہے۔ جو چیز مردہ ہے مثلاً لکڑی۔ لوہا۔ پتھر۔ وہ بھی بدلتے ہیں۔ مگر ان پر بیرونی قوتیں مثلاً ہوا۔ دھوپ۔ بارش۔ زیر اثر انداز ہوتے ہیں۔ زندگی کی صفت یہ ہے کہ وہ اندرونی قوتوں کے زیر اثر خود بخود بدلتی رہتی ہے چونکہ ہر زندہ اکائی کے اندر ایک مشین مصروفِ کار ہے جو زندگی کو برقرار رکھتی ہے۔ اس کی حرکات اور تحریکات میں تفاوت ہوتا رہتا ہے تو زندہ اکائی پر بھی ان تبدیلیوں کا اثر پڑتا ہے اور اکائی میں تبدیلی ہو جاتی ہے

اگرچہ زبان تحریر کے سانچے میں ڈھل چکی ہو۔ اور اس کی صحت کو پرکھنے کے لئے کاغذی معیار

موجود ہو۔ پھر بھی اندرونی اور بیرونی قوتوں کے زیر اثر تبدیلی ہونے سے گریز نہیں کر سکتی۔ صدی بعد صدی ہر تحریری زبان میں کچھ نہ کچھ فرق آجاتا ہے۔ اگر زبان نے تحریری شکل اختیار نہ کی ہو تو اس میں تبدیلی بزودی ہو جاتی ہے۔ اگر زبان اپنے ابتدائی مراحل طے کر رہی ہو تو تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد یہ اپنی شکل بدلتی ہوئی صاف نظر آتی ہے۔

شنا میں تفاوت کے اسباب

شنا زبان ابھی تک کسی نے نہیں لکھی۔ یہ اولین کتاب ہے جو زبان شنا میں لکھی جا رہی ہے۔ ابھی یہ اپنی شکل میں پختہ ہو گی اور تحریری سانچے میں آنے کے بعد منجمد ہو گی۔ عوام اس ٹھوس شکل کو معیار سمجھیں گے اور آہستہ آہستہ اس کے مطابق تمام علاقے میں زبان مروج ہو جائے گی۔ زبان کی تحریری شکل یعنی ابجد کی اصوات اور تحریری محاورے تقریری زبان پر اثر انداز ہوں گے۔

دوسری بات یہ کہ شنا چونکہ اپنے ابتدائی مراحل طے کر رہی ہے اس لئے تبدیلی کے امکانات اس میں زیادہ ہیں۔ ہر چیز جو ترقی کے ابتدائی درجہ میں ہوتی ہے تربیت کے عناصر سے بسرعت اثر پذیر ہوتی ہے چونکہ اس میں تبدیلی کا سارا مقام خالی ہے اور خارجی قوتوں کے زیر اثر مختلف اجزاء کا نئی شکل اختیار کر لینا آسان بات ہے۔ اگر یہ اجزاء مرورِ زمانہ اور عاداتِ استعمال سے پختہ ہو کر اپنی شکل میں جامد اور سخت ہو چکے ہوں یا ہر مقام پر کسی جزو نے قبضہ جما لیا ہو تو اجزاء کی شکل اور مقام کا رد و بدل شدید قوت اور طویل وقت چاہتا ہے۔

تیسرا عنصر جو شنا میں لب و لہجے اور مقامی تفاوت پیدا کرنے کا سبب ہے وہ اس علاقے کی جغرافیائی حالت ہے۔ سر بفلک اونچے پہاڑ دیوار کی طرح عموداً کھڑے ہوئے۔ ان پر گھاس کا ایک تنکا بھی پیدا نہیں ہوتا۔ گہری وادیاں جن کے بیچ میں دریا کی تیز دھار بہتی ہے۔ دریا کے کناروں پر مسطح اور ہموار میدان اتنا قلیل کہ آبادی یہاں کی زرعی پیداوار پر مشکل سے گزارہ کر سکے۔ ہر وادی اپنی ذات میں ایک مستقل اکائی اور دوسری وادی سے جدا۔ قدرت نے اس کی حدود مقرر کر دی ہیں۔ دو وادیوں کے درمیان حد فاصل بلند کمر کوہ جو "پانی ڈھال" کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔ پہلے تو ہر وادی میں ایک مستقل اور آزاد راجہ حکومت کرتا تھا۔ آج کل بھی حدود تو تقریباً وہی ہیں۔ ہنزہ۔ نگر۔ یاسین۔ اشکومن

پنیال۔ گلگت الگ الگ خطے ہیں جو جغرافیائی طور پر ایک دوسرے سے نمایاں طور پر جُدا ہے۔ اس لئے آنا جانا ہو گیا ہے۔ آج سے دو سو سال پہلے ایک وادی سے دوسری میں جانا گویا ایک ملک سے دوسرے ملک میں سفر کرنا تھا۔ ظاہر ہے کہ ان حالات میں ہر وادی اپنی اپنی مادری زبان میں مقامی خصوصیات پیدا کر لے گی۔ اگرچہ وہ زبان شنا ہی رہے گی مگر اپنی مقامی خصوصیات کو شامل کرنے کے بعد جداگانہ نمایاں حیثیت پیدا کرنے کے سبب شنا کا الگ زبانچہ یا بولی بن جائے گی۔

چوتھا عنصر جو شنا میں زبانچے پیدا کرنے کا ذمہ دار ہے وہ اس زبان کے بولنے والوں کی "نسل" ہے۔ شنا آریائی زبان ہے جس پر منگولی واول اور کانسوننٹ اصوات نے قبضہ جمالیا ہے۔ جہاں کہیں آریائی نسل کے افراد یا زیادہ تعلیمیافتہ لوگ زیادہ تعداد میں موجود ہیں جو اس زبان کو بولتے ہیں شنا زیادہ پاکیزہ اور سلیس ہے۔ یہ خطہ گلگت کے قرب و جوار میں ہے اس سے نیچے شنا کی کا علاقہ۔ چترال کی طرف بڑھیں تو بدخشان اور ترکستان کے ترکمانی نسل کے لوگ ان علاقوں میں موجود ہیں۔ اس لئے باشندوں میں ان کے خون کی آمیزش کا عنصر غالب ہے وہ اپنی ترکیب سے شنا کو بولتے ہیں۔ اپنی مادری زبان کے کچھ الفاظ اور محاورے اس میں شامل کر دیتے ہیں۔ اس لئے یہ الگ زبانچہ بن جاتی ہے۔ اسی طرح سے دیگر علاقوں کا حال ہے۔ جہاں غیر نسل کے لوگ آباد ہیں بولنے والوں کی نسل کا اثر کیوں زبان پر پڑتا ہے۔ یہ بھی ایک مسئلہ ہے۔ ہر نسل کا گلا جوفِ دہن زبان یعنی بولنے کے قدرتی آلات جن سے اصوات نکال کر ہم گفتگو کرتے ہیں۔ اپنی اپنی مخصوص بناوٹ رکھتے ہیں۔ عضلات میں فرق ہوتا ہے۔ گلے۔ زبان وغیرہ کی شکل مختلف ہوتی ہے۔ جب قاری اپنے آلاتِ صوت کے مخارج سے ایک خاص آواز کو پیدا کرنا چاہتا ہے۔ تو گلا وغیرہ اس مخرج سے صرف وہی آواز پیدا کر سکتے ہیں۔ جس کی وہ اہلیت رکھتے ہیں۔ مختلف نسلوں کے لوگ ایک خاص آواز مثلاً س۔ ص۔ ث کو پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں مگر جب وہ آواز نکلے گی تو ہر نسل کے منہ سے نکلنے کے بعد اس میں فرق ہوگا۔ چونکہ وہ گلا یہی آواز پیدا کر سکتا تھا۔ ہر نسل کی مجبوب غذا بھی ہوتی ہے پھر مقامی زرعی پیداوار جو میسّر آ سکے۔ گوشت۔ اناج۔ روغنی بیج یا روغن۔ وہ یہاں کے لوگ بطور خوراک استعمال کر

سکتے ہیں۔ یہ جاکر ان کا جزوِ بدن بنتے ہیں۔ اس کی بناء پر بدن اور آلاتِ صوت نشو و نما پاتے ہیں۔ اس سے یہ ثابت ہوا کہ خوراک بھی لسان کی مخصوص آوازیں پیدا کرنے میں حصہ لیتی ہے۔ اسی طرح سے آب و ہوا کا بھی اثر ہوتا ہے۔

شنا وطن کے مشرق میں جو علاقے ہیں وہ تبت اور بلتستان سے تعلق رکھتے ہیں۔ بلتی لوگ نسل کے لحاظ سے تبتی منگول ہیں۔ دُبلے ناک کچھ چپٹا، چہرا گول نہیں ہموار۔ رخساروں کی ہڈیاں قدرے بلند۔ جب شنا کو بلتی لوگ بولیں گے تو اپنے سانچے میں ڈھال دیں گے چلاس کے شمال میں داریل اور تانگیر کا علاقہ ہے اس کے بعد کوہستان آجاتا ہے۔ ان کے پرے پشتو بولنے والوں کا علاقہ ہے۔ یہاں کی شنا پر پشتو کا اثر ہے۔ مغرب کی طرف جائیں تو شنا وطن کی حدود کشمیری سے جا ملتی ہے۔ اس لئے کشمیری زبان اور کشمیری نسل کا اثر شنا پر ہوتا ہے۔

شنا کے زبانچے ان سب عناصر کے زیر اثر شنا زبان کے تین عظیم زبانچے بن گئے ہیں۔ جن کی اپنی اپنی شاخیں موجود ہیں۔ چوتھا زبانچہ "بروک پا" اتنا مختلف ہو گیا ہے کہ شنا والے اسے سمجھ نہیں سکتے

شنا زبان کے زبانچے

زبانچہ	شاخیں	علاقہ زیر حکومت
(۱) گلگتی	(۱) اصل گلگتی	معیاری زبان۔ گلگت سب ڈویژن۔ مشرق میں بلتستان کا تھوڑا سا حصہ شمال میں نگر کا تھوڑا سا حصہ
	(۲) پونیالی	ریاست پنیال۔ اس کے ساتھ باہر شمال اور مغرب میں کچھ علاقہ
(۲) استوری	(۱) استوری	دریائے استور کی ساری وادی۔ بُرزل سے کر بونجی تک۔
	(۲) گریزی	دریائے کشن گنگا کی وادی گریز۔ اور دریائے تلیل کی وادی جو کشمیر کے شمال میں واقع ہیں۔
	(۳) دراسی	دریائے دراس اور دریائے شنگو کی وادیوں کے صرف اوپر کے حصوں میں۔
(۳) چلاسی	(۱) کوہستانی	داریل۔ تانگیر۔ سندھ کوہستان کے علاقوں میں
	(۲) چلاسی	چلاس اور گوہر کے علاقے میں

(۴) بروک پا ۔ شنا زبان کا ایک زبانچہ بروک پا ہے جو خاص طور پر قابل توجہ ہے۔ یہ ان دارد قوم کے لوگوں کی زبان ہے جو وادی سندھ میں سے گزر کر سکردو۔ پرکوتہ۔ طولتی۔ مردل کے راستے دراس کی وادی میں داخل ہوئے۔ ان کی اپنی بستیاں پوریگ میں موجود ہیں۔ لداخ کے اس علاقہ کو جو کارگل سے نیچے کشمیر کے مشرق کی طرف واقع ہے۔ پوریگ کہتے ہیں۔ قدیم سے اس کا یہی نام چلا آتا ہے۔ ڈوگرہ حکومت نے کارگل میں تحصیل قائم کی تو اس علاقے کا نام تحصیل کارگل سرکاری کاغذوں میں ہو گیا مگر اصلی باشندے اپنے علاقے کو پوریگ کا نام دیتے ہیں۔ یہ لداخ بزرگ کا ایک حصہ ہے۔

ہم نے یہ بحث اس سے پہلے (باب ۲ صفحات ۶۵ ـــ ۷۴) میں کر دی ہے کہ یہاں پر جو دارد لوگ آباد ہیں وہ پوریگ میں کس طرح سے اور کس راستے سے آئے۔ ان دارد لوگوں کا نام مقامی لوگوں نے "بروک پا" - "بلوک پا" یا "ڈوک پا" رکھا ہوا ہے۔ ان کی زبان کو بھی اسی نام سے یاد کرتے ہیں۔

شنا کا زبانچہ بروک پا۔ اصل زبان شنا سے بہت مختلف ہو گیا ہے۔ مقامی زبان کی آمیزش۔ اور اس علاقے کے ماحول نے شنا لسان پر اتنا اثر کیا ہے۔ کہ یہاں یہ بہت حد تک اپنی اصلی زبان سے مختلف ہو گئی ہے۔ وہ لوگ جو گلگت یا چلاس سے آتے ہیں وہ بروک پا شنا کو نہیں سمجھ سکتے۔ اگرچہ وہ ہے شنا کا ایک زبانچہ۔

بروک پا زبانچے کی دو شاخیں ہیں۔ ایک کا نام داہ ہنو زبانچہ یا بروک پا کی مرکزی شاخ ہے دوسرے کا نام شمال مغربی زبانچہ یا شمال مغربی شاخ ہے۔

اب ہم شنا کے تین اوپر والے زبانچوں پر بحث کریں گے۔ اس سارے وطن میں زبان بہت حد تک یکساں ہے اور ایک زبانچے کے خطے کا رہنے والا دوسرے خطے کے لوگوں کی زبان کو سمجھ لیتا ہے۔
مگر ان سب زبانچوں کی اپنی اپنی خصوصیات ہیں۔ ہر ایک میں اپنے اپنے مقامی مخصوص الفاظ اور محاورات ہیں طرز تکلم میں بھی اور زیر و بم میں بھی فرق ہے ان سب امور سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ زبانچہ دوسرے زبانچوں سے الگ ہے۔

اس کے علاوہ گرامر کے لحاظ سے بھی ان زبانوں میں چند ایک فرق موجود ہیں۔ مثلاً فعل متعدی جب فقرے میں استعمال کیا گیا ہو جو مفعول بھی چاہتا ہے۔ تو اسم کے لئے جو بطور حال (کسی کام کے براہ راست کرنے والا) استعمال کیا گیا ہو۔ گلگتی زبانچے میں حرف ایک شکل ہے۔ اس کے برخلاف استودی اور کوہستانی کے سب زبانچوں میں دو شکلیں ہیں۔ ایک شکل استعمال کی جاتی ہے۔ زمانہ ماضی کے لئے۔ اور دوسری شکل استعمال کی جاتی ہے۔ باقی تمام زمانوں کے لئے۔ کوہستانی میں یہ فرق موجود تو ہے مگر تحلیل ہو گیا ہے اور اس قدر نمایاں نہیں۔ ...

(۲) گریزی زبانچے میں چند ضمائر متصلہ مروّج ہیں۔ جو بظاہر کشمیری زبان سے لی گئی ہیں۔ فارسی اس لحاظ سے بہت معروف ہے۔ کردم (م ضمیر متصلہ) میں نے کیا۔ گفتمش (م اور ش ضمیر متصلہ) میں نے اس کو کہا۔ یہ ضمائر کسی اور زبانچے میں موجود نہیں۔

(۳) گریزی اور دراسی میں جب اسم کی حالت (فاعل۔ مفعول۔ وغیرہ) بدلتی ہے۔ تو اس کے ساتھ صفات کی شکل بھی بدل جاتی ہے۔ صفت میں تصریف ہوتی ہے اور وہ اسم کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے۔ باقی زبانچوں میں یہ بات نہیں۔

باب ۔ ۴

شنا کی خاندانی حیثیتؒ

باب ۴ - شنا کی خاندانی حیثیت

مندرجات (صفحات کے نمبر بریکٹ میں درج ہیں)

باب - ۴

شنا زبان کی خاندانی حیثیت

زبان اور زبانچے میں فرق زبان اور زبانچے میں کوئی بیّن فرق نہیں ہے۔ فاضلِ بے بدل لسانیات کا عالمِ اجل سر جارج گریرسن لکھتا ہے کہ زبان ایک پہاڑ کی مانند ہے اور زبانچہ ایک پہاڑی۔ زبان کو بعض حالات میں زبانچہ کہہ دیتے ہیں اور زبانچہ پر بعض آدمی زبان کا اطلاق کرتے ہیں۔ تاہم یہ مانا جاتا ہے کہ زبان قدیم اور وسیع اور بزرگ ہے۔ زبانچہ اس کے مقابلے میں جدید۔ حدود کے لحاظ سے مختصر اور کوچک ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ زبان ماں کی طرح ہے اور زبانچہ بیٹی کی مانند۔ زبان اور زبانچے کے فرق کو ہم ایک اور طرح سے بھی واضح کر سکتے ہیں۔ ایک زبان کے جتنے زبانچے ہوتے ہیں سب کے بولنے والے ایک دوسرے کی بولی سمجھ لیتے ہیں۔ یعنی ایک زبان کے مختلف زبانچوں میں فرق اتنا کم ہوتا ہے۔ کہ ایک کا جاننے والا دوسرے کو آسانی سے سمجھ لیتا ہے۔ مگر زبانوں کا یہ حال نہیں۔ ایک زبان دوسری زبان سے نمایاں طور پر مختلف ہوتی ہے۔ ایک زبان کا بولنے والا، دوسری زبان کو نہیں سمجھ سکتا۔ دوسری زبان کو سمجھنے یا بولنے کے لئے اس کو خاص مہارت حاصل کرنی پڑتی ہے۔

ایک زبان کا دوسری زبان سے اختصاص کی بنیاد زبانوں کو مختلف جماعتوں میں تقسیم کرنے کے لیے کونسی کسوٹی استعمال کی جاتی ہے۔ وہ کون سا معیار ہے جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ یہ زبان ایک خاندان سے تعلق رکھتی ہے اور دوسری زبان دوسرے لسانی خاندان سے۔ ایک زبان کو دوسری سے پہچاننے اور تخصیص کرنے کے لئے جو اساسی معیار استعمال کیا جاتا ہے وہ گرامر کی بناوٹ ہے۔ علم اللسانیات کے ماہروں کا مقولہ یہ ہے کہ زبانوں کو ان کی گرامروں کے مطابق جماعتوں میں تقسیم کرنا چاہیئے۔ فقرے میں

مختلف اجزاء، کو کس طرح سے نسبتی ربط دے کر با معنی کلام تعمیر کیا جاتا ہے۔ مختلف صیغوں میں جا کر الفاظ کی تعریف کن قاعدوں کے مطابق ہوتی ہے۔ فقرے میں کون کون سے اجزا (فاعل مفعول۔ فعل۔ حرف۔ متعلقات) استعمال کئے جاتے ہیں۔ اور ان کا اثر ایک دوسرے پر کیا ہوتا ہے۔ ذخیرۂ الفاظ بھی ایک معیار ہے۔ مگر یہ قابلِ اعتماد معیار نہیں۔ زبانیں مختلف زمانوں میں سیاسی ہنگاموں کے زیر اثر غیر زبانوں سے بہت سے الفاظ لے کر اسی شکل میں، یا ان کو اپنے مخصوص سانچے میں ڈھلنے کے بعد شامل کر لیتی ہیں۔ البتہ بنیادی الفاظ کا مقابلہ ایک زبان کا دوسری زبان سے تعلق اور رشتہ ظاہر کرتا ہے بنیادی الفاظ وہ ہیں جو انسان اپنی ضروری اور اساسی ضروریات کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کرتا ہے۔ یہ تعداد میں تقریباً بارہ سو ہیں۔ ان میں رشتہ داروں کے نام۔ ماں۔ باپ۔ وغیرہ دنوں کے نام کھانے پینے کی چیزوں کے نام۔ درختوں کے نام۔ لباس کے نام وغیرہ شامل ہیں۔ ان بنیادی الفاظ کی فہرست ہم نے اس کتاب کے باب ۱۴، ۱۵، ۱۶ و ۱۷ میں دی ہے۔ (حصہ چہارم) صفحات ۳۲۷-۳۸۳۔

کسی زبان کو ایک باوقار اور مکمل زبان بننے کے لئے، اس میں مندرجہ بالا اوصاف کے علاوہ چند اور خصوصیتوں کا موجود ہونا بھی ضروری ہے۔ اگرچہ کوئی زبان گرامر ذخیرہ الفاظ، اور قدامت کے لحاظ سے بلند اور معقول حیثیت رکھتی ہو مگر یہ دنیا کی نگاہوں میں مکمل زبان ہونے کا حق نہیں رکھتی، جب تک کہ اس میں چند اور صفات موجود نہ ہوں۔ مثلاً۔ اس زبان میں لٹریچر کا ایک وسیع اور قابل قدر ذخیرہ موجود ہو۔ یہ لٹریچر اس قوم سے تعلق رکھتا ہو، جو اس زبان کو بولتی ہے۔ اس لٹریچر کی روح اس جماعت کے کریکٹر کی کیفیات۔ روایات اور قومی جذبات اور ملی تاریخ سے معمور ہو۔ یعنی وہ قوم کا مخصوص لٹریچر ہو۔


تیسرا عنصر جو زبان کو مستقل حیثیت دیتا ہے وہ اس زبان کے بولنے والی جماعت کی حیثیت ہے۔ اگر یہ جماعت، آزاد، مستقل۔ بزرگ اور باشرف ہے تو اس کی زبان بھی آزاد، مستقل، بزرگ اور باشرف زبان ہے۔ نہیں تو یہ اپنی حیثیت میں پست ہے۔ اور زبانوں کے بعد ان میں اس کا مقام پچھلی صف میں ہوتا ہے۔

شنا زبان کو ہم ان تین عناصر کے معیار پر پرکھتے ہیں۔ (۱) گرامر (۲) لٹریچر (۳) قومیت۔ گرامر اور ذخیرۂ الفاظ کے لحاظ سے یہ مستقل اور پختہ زبان ہے۔ اس میں زبانی لٹریچر بہت ہے جو نسل بعد نسل

پیدا ہوتا اور مرتا رہتا ہے۔ قدیم تاریخی حقائق نظم کی شکل میں لوگوں کو یاد ہیں۔ مگر یہ سب خلق کے اذہان میں محفوظ ہے، جو قابلِ اعتماد اور مستقل حفاظت کا ذریعہ نہیں، یہ پہلی کتاب ہے جو شنا زبان میں ازل سے لے کر آج تک لکھی گئی ہے۔ اس کی ابجد کو تعمیر کیا گیا ہے۔ گرامر کے اصولوں کو مرتب کیا ہے اب انشاء اللہ تحریری زبان کی اساس بن جانے کے بعد لٹریچر کو تحریر کی شکل دی جائے گی اور اس کے املا اور محاورے کا معیار متعین ہوگا۔


تیسرا عنصر قومیت ہے۔ زبان اور قومیت کا گہرا تعلق ہے حتےٰ کہ اکثر جغرافیائی حدود میں زبان قوم کی حد کو مقرر کرتی ہے۔ دارد قوم قدیم سے ایک مستقل قوم رہی ہے اور دارد ستان میں آباد ہے دارد لوگ ایک مخصوص قوم ہیں۔ ان کا ایک خاص وطن ہے (دارد ستان) اور ان کی ایک خاص زبان ہے (شنا)۔ اس قوم کے خصائل رسوم اور اطوار مخصوص ہیں۔ اس لئے یہ الگ قوم کہلانے کی مستحق ہے۔ مگر اس قوم کے افراد کی تعداد اور ان کی آمدنی کے ذرائع بہت محدود ہیں۔ آج کل کی دنیا ذرائع آمد و رفت کی آسانی کے سبب مختصر ہو کر رہ گئی ہے۔ اس لئے کوئی چھوٹی قوم بڑی قوم کی یلغار کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ کوئی ڈیڑھ سو سال سے اس علاقے پر غیر قوموں کی بادشاہی قائم ہے۔ اور یہ تاریخی واقعات پر منحصر ہے۔

زبانوں کا
انڈو یورپین خاندان
(گریرسن کی تقسیم کے مطابق)



۱۹۳۱ کی مردم شماری کے مطابق شنا بولنے والوں کی تعداد ۶۳،۹۱۸ (ترسیٹھ ہزار نو سو اٹھارہ) تھی کشمیری بولنے والوں کی ۱۴،۱۳،۱۶۶ (چودہ لاکھ۔ تیرہ ہزار۔ ایک سو ۶۶)۔ کوہستانی بولنے والوں کی ۳،۱۲۱ (تین ہزار۔ ایک سو ۲۱) تھی۔

شنا زبان کے زبانچے



دارد زبانوں کا خاندان

آریائی زبانیں

دنیا میں زبانوں کے بہت سے خاندان ہیں۔ زبان کا نام اکثر اس زبان کے بولنے والوں کی نسل کے نام پر رکھا جاتا ہے۔ مثلاً منگول نسل کے لوگ منگولی زبان یا زبانیں بولتے ہیں۔ آریائی نسل کے لوگ آریائی زبان بولتے ہیں۔ دنیا کے سب آریا لوگوں کی زبان کو ایک بڑا خاندان تصور کیا جائے تو یہ آریائی زبانوں کا بڑا خاندان کہلاتا ہے۔

ہم آریائی زبانوں کو لیتے ہیں۔ جو کچھ تحقیق سے معلوم ہو سکا ہے۔ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آریا لوگ بحرۂ خضر کے شمال مشرقی کونے میں آباد تھے۔ وہ بحرۂ خضر کے شمال کی طرف سے چکر کاٹ کر مغربی کنارے کے ساتھ نیچے کو آئے اور کوہ قاف میں داخل ہوئے۔ یہاں سے ان کے قافلے در قافلے مختلف ممالک کو جانے شروع ہوئے۔ بعض نے مغرب کا رُخ کیا۔ وہ لوگ موجودہ ترکیہ میں سے گذر کر درۂ دانیال تک پہنچے۔ اس کو عبور کر کے یورپ میں داخل ہو گئے۔ اس سارے گروہ کی زبان یورپین آریائی کہلاتی ہے۔ یونانی۔ اطالوی وغیرہ اس خاندان کے خاندانچے ہیں۔ جن کے اپنے اندر اپنے قبیلے زبانیں اور زبانچے موجود ہیں۔

آریا لوگ جو ایشیا میں رہے۔ ان کی تمام زبانوں کو ملا کر ایک بزرگ خاندان قرار دیا گیا جس کو ایشیائی آریائی زبانوں کا بزرگ خاندان کہتے ہیں۔ اس میں تین کوچک خاندان ہیں۔ جو لوگ ایران میں آباد ہوئے ان کی زبانوں کے خاندان کو ایرانی آریائی زبانوں کا خاندان کہتے ہیں، جو لوگ ہندوستان میں آکر آباد ہوئے۔ ان کو ہند آریائی زبانوں کا خاندان کہتے ہیں۔ تیسرا آریائی خاندان دارد زبانوں کا ہے جو ایشیا میں آباد ہے۔ یہ لوگ من حیث الجماعت دارد کہلاتے ہیں۔ ان میں وہ تمام لوگ شامل ہیں جو چترال سے لے کر ہنزا اور نگر تک آباد ہیں اور ادھر اشکومن سے لے

کراستور تک ۔ جہاں شنا بولی جاتی ہے۔ دارد خاندان میں کشمیری اور کوہستانی بھی شامل ہے۔

زبان کے لحاظ سے کشمیری اور کوہستانی دارد خاندان میں شامل ہے۔ مگر نسل کے لحاظ سے کشمیری لوگ اور کوہستانی دارد قوم میں شامل نہیں۔ وہ بولتے دارد زبان ہیں مگر خود دارد نہیں۔ ایسا بھی ہوتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ سارے علاقے میں آریا نشین لوگوں کے وارد ہونے سے پہلے جو جنگلی قوم آباد تھی ان کا نام قدیم ہندو لٹریچر میں پساچا لکھا ہوا ہے۔ یہ لوگ شمال کی طرف سے وسط ایشیا سے گلگت ۔ چترال ۔ کشمیر ۔ کوہستان میں آکر آباد ہوئے۔ غالباً نسل کے لحاظ سے یہ ہُن تھے اور عادات کے لحاظ سے وحشی اور اطوار کے لحاظ سے جنگلی ۔ بعض کتابوں میں اس ملک کا نام پساچا وطن رکھا ہے اور ان چاروں زبانوں کا نام پساچا زبانیں رکھا ہے چترالی ۔ گلگتی ۔ کشمیری ۔ کوہستانی ۔

جب آریا لوگ آئے تو کشمیر اور کوہستان انڈس سے پساچا لوگ تقریباً سب خارج ہو چکے تھے اور وہ شمال کی طرف چلے گئے ۔ مگر اپنی زبان کا اثر کشمیر کے ملک میں چھوڑ گئے ۔ اس لیے زبان کے لحاظ سے کشمیری میں پساچا کا عنصر موجود ہے ۔ مگر نسل کے لحاظ سے کشمیری قوم تقریباً خالص آریائی ہے ۔ اس کے برخلاف گلگت میں جو یشکن لوگ آباد ہیں ان میں نصف یا زائد پساچا خون موجود ہے ۔ وہ زبان کے لحاظ سے اور نسل کے لحاظ سے ایک حد تک پساچا ہیں ۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم ان زبانوں اور اقوام کو آریائی کہیں یا پساچا ۔ بعض عالموں نے تخصیص کے لئے پساچا کا نام دے دیا ہے ۔ مگر میری رائے میں یہ غلط راہِ تحقیق ہے ۔ زبان کے لحاظ سے یہ لوگ آریائی کہلانے کے مستحق ہیں چونکہ شنا ۔ چترالی ۔ کشمیری اور کوہستانی میں زیادہ عنصر آریائی ہے ۔ اور پساچا عنصر کم ۔ اور ہم نے چونکہ اس خاندان کو آریائی قرار دیا ہے ۔ اس لئے پساچا کہنا غلط ہے ۔ چونکہ پساچا لوگ تو نسل کے لحاظ سے غیر آریائی ہیں ۔ اس لئے ہم نے اس بحث میں پہلے دارد شاخ (اور پھر اسی کو دارد خاندان) قرار دیا ہے یہ زبانوں کا وہ گروہ ہے جو آریائی زبانوں کے مشرقی قبیلہ کی شاخ ہے ۔ اس کے ماتحت جو شاخیں ہیں ان کا نام توار گروپ ۔ دارد گروپ اور کافر گروپ رکھ دیا ہے ۔

یعنی دارد خاندان کے ماتحت زبانوں کا ایک دارد گروپ موجود ہے۔ یہ تقسیم اس تقسیم سے مختلف ہے جو ہم نے اس کتاب کے دیگر حصوں میں کی ہے یا دیگر محققین نے کی ہے۔ مگر صحیح معلوم ہوتی ہے۔

آریائی زبانوں کا ارتقاء خصوصیات اور ادوار کے لحاظ سے پساچا دبانوں کی الگ حیثیت ہے۔ الگ الگ گروہوں میں تقسیم ہونے سے پہلے آریا لوگ جو زبان اپنے اصل مسکن میں بولتے تھے جو بحرۂ خضر کے کنارے پر تھا وہ ویدک زبان کی ماں تھی۔ آریا لوگوں کا بیشتر حصہ ہندوستان میں ۱۵ ویں صدی قبل از مسیح کے قریب وارد ہوا۔ اسی دور کے قریب یا اس سے کچھ پہلے چار وید وجود میں آئے۔ ان کی اپنی مخصوص زبان ہے۔ جو موجودہ سنسکرت سے بہت مختلف ہے۔ ویدک زبان کو سمجھنے کے لئے۔ خاص طور پر، طویل عرصے کے لئے اس مخصوص زبان کی تحصیل کی ضرورت ہے سنسکرت جاننے والا اس کو آسانی سے نہیں سمجھ سکتا کہتے ہیں۔ آخری وید یعنی یجر وید ہندوستان کی سرزمین میں لکھا گیا۔

ہم ایشیائی آریائی زبانوں کے ارتقاء کو دیکھتے ہیں۔ مرور زمانہ کے ساتھ ایشیا میں آریائی زبانوں کی شکل بدلتی رہی اور ان کی خصوصیتوں میں تبدیلی پیدا ہوتی رہی۔

زبان کی اصوات اور الفاظ کے اشکال کا مادہ پہلے سیال تھا۔ کسی چیز کے اسم یا فعل کی کیفیت کو بیان کرنے کے لئے جو لفظ استعمال کیا جاتا تھا اول تو اس کی کئی مختلف شکلیں تھیں۔ پھر ہر شکل کو مختلف اصوات سے ظاہر کرنا ممکن تھا۔ یہ زبان کی سیال شکل کا زمانہ تھا۔ جس صورت میں چاہو ڈھال لو۔ رفتہ رفتہ یہ مادہ منجمد ہو کر نیم سیال ہوا۔ پھر کچھ زیادہ جم کر موم کی طرح بن گیا اور آخرکار سخت ہوتا ہوتا ٹھوس ہو گیا۔ زبان نے ایک مستقل حیثیت اختیار کر لی۔ یعنی پہلے تو واول اور کانسوننٹ اپنی آواز میں مستقل ہو گئے۔ پھر ہر معنی کے لفظ کی صورت معین ہو گئی۔ لسان نے جامد شکل اختیار کر لی اس کی گرامر بن گئی۔ صوتی قدریں مقرر ہو گئیں ہم کہتے ہیں کہ اس عہد میں زبان نے معین شکل اختیار کر لی اور یہ زبان وجود میں آگئی۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس کے بعد زبان بالکل بدلتی ہی نہیں۔ زبان زندہ کیفیت اپنے ماحول کی قوتوں کے زیر اثر ہمیشہ بدلتی رہتی ہے پرانی قدروں کو ترک کرتی ہے اور نئی قدروں کو اپنے اندر داخل کر لیتی ہے۔ فرسودہ الفاظ متروک ہو جاتے ہیں۔ اور نئے الفاظ شامل کر لئے جاتے ہیں۔ مگر یہ تبدیلیاں اساسی نہیں ہوتیں

بلکہ جزوی۔ زبان کی گرامر۔ اس کی اصوات زیر وبم۔ واول اور کانسوننٹ کی آوازیں اور ذخیرہ الفاظ کا اساسی حصہ وہی رہتا ہے جو قدیم میں تھا اس میں صرف جزوی تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں۔

آریائی زبانوں کے بزرگ خاندان کے کوچک خاندانوں کے ارتقاء کو اب ہم دیکھتے ہیں۔ کون سے عہد میں اپنی اصل ساق سے یہ شاخیں الگ ہوئیں اور انہوں نے ایک جامد شکل اختیار کر لی جس سے ان کی حیثیت معین ہو گئی۔

مرورِ زمانہ کے ساتھ مختلف آریائی زبانوں کا ارتقا

اصل آریائی لسان قدیم وطن میں بحرِ خضر کے کنارے	ہندوستان میں آنے کے بعد آریو ویدک لسان ۱۵۰۰ قبل مسیح	ہند آریائی زبانوں کا وجود میں آنا ۱۲۰۰ سے ۱۰۰۰ قبل مسیح
پساچا زبانوں کی تعمیر کا دور ۸۵۰-۵۰۰، قبل مسیح	تحریری سنسکرت کی گرامر اور اصوات ۶۰۰-۵۰۰ ق-م	ایرانی زبانوں کا پختہ ہونا ۴۰۰ قبل مسیح

پساچا لوگ

کشمیر کے متعلق ایک قدیم کتاب ہے۔ جس کا نام ہے "نیلمتا پران" اس میں کشمیر کی قدیم روایات درج ہیں۔ نیلمتا پران کے مطابق کشمیر کے اصلی باشندے ناگا لوگ تھے کیشپ کشمیر میں انسان آباد کرنا چاہتا تھا۔ مگر ناگا لوگوں نے اعتراض کیا۔ کیشپ نے ان پر لعنت بھیجی اور حکم دیا کہ ناگا لوگ پساچا لوگوں کے ساتھ مل کر رہیں۔ بعد میں اسے یہ انتظام پسند نہ آیا اور اس نے فیصلہ کیا کہ کشمیر میں زمستان کے چھ مہینے تو پساچا لوگ اقامت کریں۔ یہ پساچا لوگ ایک زرخیز وادی سے آئے تھے جو ربت کے سمندر کے اندر واقع تھی۔ یہ وادی چھ کوس لمبی تھی۔ سردی کے چھ مہینے گزرنے کے بعد انسان پساچا لوگوں کو قتل کر دیں اور گرمی کے چھ مہینے اس علاقے میں خود رہائش کریں۔ چار جگ گذر گئے تو ایک برہمن چندرا دیو پیدا ہوا۔ اس نے چند منتر ایسے ایجاد کئے

جن کے زور سے کشمیر کے علاقے سے سردی اور برف کا زور بھی کم ہو گیا۔ اور پساچا لوگ بھی یہاں سے چلے گئے۔

اس روایت کو صحیح مان لیا جائے تو مطلب یہ ہوا کہ پساچا لوگ، شمالی علاقے کے رہنے والے سخت جان لوگ تھے جو سردی سے مانوس تھے اس لئے اپنے ملک سے زمستان کے موسم میں انتقالِ اقامت کر کے کشمیر میں آجاتے تھے جہاں نسبتاً سردی کم تھی۔ کشمیر کی قدیم مشہور تاریخ راج ترنگنی میں لکھا ہے کہ پساچا لوگ آدم خور تھے۔ یا کم از کم جانوروں کا کچا گوشت کھانے کے عادی تھے۔

جہاں تک میری تحقیق کام کر سکی ہے۔ ان روایات سے ہم یہ نتائج نکالتے ہیں۔ گلگت کے صوبہ میں جس کا مرکز وادئ گلگت ہے اور کشمیر کی وادی میں بہت قدیم زمانے میں ایک قوم ناگا آباد تھی۔ ان کا نام سنسکرت لٹریچر میں ناگا لکھا ہے۔ یہ لوگ کوہستان قراقرم کے شمال سے آئے تھے۔ نسل کے لحاظ سے یہ لوگ ہن تھے جیسا کہ ہنزا (ہن + زا) کے لوگ ہیں۔

صوبہ گلگت میں جو آریا شِین وارد ہوئے وہ وادی سندھ کے راستے سے گئے۔ جلکوٹ۔ چلاس۔ گلگت یہ قافلے بارہویں صدی عیسوی قبل مسیح کے قریب صوبہ گلگت میں آئے انہوں نے قدیم ناگا لوگوں سے لڑائیاں کیں۔ ان کو میدانوں سے نکال کر پہاڑوں میں دھکیل دیا۔ یہ لوگ کشمیر کے سنسکرت لٹریچر میں پساچا کہلائے۔ یہ چونکہ قدیم عہد میں ان پہاڑوں سے آگئے تھے اس لئے اپنی عادتوں کے لحاظ سے وحشی اور سخت کوش تھے۔ گلگت کی روایات میں بہت سے دیوتاؤں کا ذکر ہے جو آدم خور تھے۔ چند راجوں کے نام لئے جاتے ہیں۔ شری بدت۔ گوری تھم وغیرہ جو انسانوں کا گوشت کھاتے تھے۔ جانوروں کا کچا گوشت کھانا تو عام عادت تھی۔ اب بھی یہاں کے لوگ نیم پختہ گوشت کو کھانا۔ اور باسی گوشت کو کھانا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ آریا لوگوں کے قافلے بارھویں صدی قبل مسیح کے بعد یعنی میری رائے میں آٹھویں صدی قبل مسیح کے قریب وادی جہلم کے راستے کشمیر میں داخل ہونا شروع ہوئے۔ شِین لوگوں کے قدیم قافلے یعنی آریا لوگ تو وادی سندھ کے راستے گلگت میں گئے تھے۔ مگر آریا لوگوں کے قافلے جو آٹھویں صدی قبل مسیح میں کشمیر میں آئے وہ دریائے جہلم کے ساتھ ساتھ اوپر کو چڑھے اور کشمیر کے خطے میں داخل ہوئے۔ یہ لوگ تھے بھی زیادہ

مہذب اور تعلیم یافتہ۔ زراعت، حرفت اور آلاتِ حرب میں ان کا علم بہت ترقی یافتہ تھا۔ اس لئے یہ لوگ اپنے آپ کو "انسان" کہتے تھے اور پساچا لوگوں کو "زاکش" یا نیم مہذب۔ کشمیر میں نئے آنے والے قافلوں نے پساچا لوگوں کو یہاں سے بالکل نکال دیا اور ان کا رسوخ صرف گلگت کے علاقے میں محدود ہو گیا۔

موجودہ زمانے میں پساچا گروہ (یعنی دارد خاندان) میں یہ زبانیں شامل ہیں۔ کھوار (چترال کی زبان)۔ کافر (کافرستان کی زبان)، اور دارد گروپ۔ اس آخری یعنی زبانوں کے دارد گروپ میں شنا، کوہستانی، کشمیری شامل ہیں۔ اس کا صرف اتنا مطلب ہے کہ شنا، کوہستانی۔ کشمیری۔ الفاظ اور بندش کے لحاظ سے ایک دوسرے سے بہت قریب ہیں یعنی آپس میں ان کا ایک ربط موجود ہے، جو اس درجہ کھوار اور کافر کے ساتھ نہیں۔ لیکن پھر بھی یہ پانچوں زبانیں ایک دوسرے سے بہت قریبی تعلق رکھتی ہیں۔ یعنی ایک ہی گھرانے کی زبانیں ہیں۔ یہ کہنا آسان ہے کہ یہ پانچوں ایک ماں کی بیٹیاں ہیں۔ تین کی شکل و صورت آپس میں کچھ زیادہ مشابہت رکھتی ہے۔ لیکن سب نسل اور خاندان کے لحاظ سے ایک ماں باپ کی اولاد ہیں۔

ان زبانوں کی نسلی تحقیق اور آبائی تعلقات کے متعلق میں ذیل کے نتائج پر پہنچا ہوں۔ ان نتائج کو درست تسلیم کرنے سے پہلے، میں نے طویل تاریخی تحقیق کی۔ لسانی تعلقات اور تبدیلیوں کو پیشِ نظر رکھا اور عہد بہ عہد تبدیلیوں کا مطالعہ کیا۔

آریا لوگوں کے اس سرزمین میں آنے سے پہلے، اس تمام پہاڑی علاقے میں ایک قدیم قوم آباد تھی جس پہاڑی علاقے کا ہم ذکر کرتے ہیں۔ اس کا حدود اربعہ یہ سمجھنا چاہیئے۔

شمال میں قراقرم، مغرب میں ہندوکش۔ جنوب میں ہمالیہ اور مشرق میں قراقرم کے سلسلۂ کوہ کی مغربی حد یہ قدیم لوگ خون کے لحاظ سے تورانی تھے۔ ہُن لوگوں سے ملتے جلتے۔ شاید ان دونوں کے مشترک جدِ امجد تھے اس دور میں لوگوں کی تعداد بہت کم تھی۔ آبادی کہیں کہیں نام کو تھی۔ یہ لوگ وحشی تھے۔ کچھ کھیتی باڑی اور کچھ بھیڑ بکریوں پر اپنا گزارہ کرتے تھے۔ ان کی زبان اپنی تھی جو اب ناپید ہو چکی ہے اور دُنیا میں کہیں نہیں بولی جاتی۔ یہ لوگ نسل کے لحاظ سے بھی تورانی تھے اور ان کی زبان میں بھی تورانی زبانوں کی خصوصیات موجود تھیں۔

آریا لوگوں کے قافلے بارھویں اور دسویں صدی قبل مسیح کے درمیان دریائے سندھ کے کنارے اوپر چڑھے اور علاقہ شنا کی ہیں داخل ہوئے۔ ان وحشی لوگوں کو مغلوب کیا اور خود وہاں پر اپنی آبادیاں قائم کرلیں۔ یہ آریا لوگ شین تھے۔ وہ اپنی آریائی زبان ساتھ لائے جو ویدوں کی تحریر کی ایک شکل تھی اور اصل آریائی لسان سے بہت ملتی تھی۔ یہاں کے قدیم وحشی باشندوں سے ان کا اختلاط ہوا۔ شادیاں بھی ہوئیں اور ایک مرکب زبان وجود میں آگئی۔ اس نئی زبان میں بعض عناصر قدیم تورانی زبان سے شامل ہوئے۔ خاص طور پر کانسوننٹ اور واول اور کچھ ذخیرۂ الفاظ بھی، مگر زبان کی اصل اساس وہی آریائی زبان رہی۔

اسی اصل تورانی زبان کی ایک بیٹی ہنزا میں اپنی جدید شکل میں مروّج ہے۔ اس میں مرور زمانہ کے ساتھ بہت سی تبدیلیاں ہو چکی ہیں مگر اس کی بنیاد وہی قدیم تورانی زبان ہے۔ ہنزا میں جو زبان آج کل بولی جاتی ہے اس کو بروشسکی کہتے ہیں۔ بروشسکی اپنی فطرت میں ایسی عجیب زبان ہے کہ اس کا سنگی ساتھی یا ثانی کوئی دنیا میں آج موجود نہیں۔ اپنی ترکیب اور قسم کی ایک زبان ہے۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ وہ قوم اب ناپید ہو چکی ہے جو اس طرح کی زبان بولتی تھی۔ نہ ان کی زبان اب اور کہیں مروّج ہے نہ وہ خود موجود ہیں۔ ہنزا ایک دور افتادہ پہاڑی علاقہ ہے۔ جو فاتح کے لئے کوئی دلچسپی نہیں رکھتا۔ دشوار گزار اور بہت سرد ہے ضروریات زندگی مشکل سے مہیا ہوتی ہیں اس لئے ہنزا کے رہنے والوں کا ربط بیرونی دنیا سے کم ہے۔ یہ لوگ اپنی اصل حالت پر رہے اور ان کی قدیم زبان زندہ رہ سکی۔ اگرچہ وہ اپنی ظاہری شکل میں بہت بدل چکی ہے۔ بعض محققین کی رائے کے مطابق آسٹریلیا کے جزیرے میں چند اصلی زبانیں ایسی ہیں جو اپنی شباہت میں بروشسکی سے ملتی ہیں۔ ممکن ہے یہ شباہت کسی قدیم زبان کے سبب سے پیدا ہوئی ہو۔ جو اس سارے علاقے میں بولی جاتی تھی۔

شین لوگ شنا کی سے اوپر چڑھے اور وادی گلگت میں ہر طرف بڑھے اپنی زبان کو بھی ساتھ لے گئے۔ ہر علاقے میں دیسی قوم کے لوگ آباد تھے جو اپنی نسلی حیثیت اور زبان کے لحاظ سے دوسری وادیوں سے الگ تھے۔ صدیاں گزریں تو چترال میں شنا لوگوں کی زبان نے وہ شکل اختیار کر لی جو اب کھوار کہلاتی ہے۔ یہاں کے لوگ یشکن کہلاتے ہیں یعنی اصلی باشندوں اور شین لوگوں کا نسلی امتزاج۔ یہ یشکن گروہ دوسرے گروہوں سے اپنے خدوخال میں مختلف ہے۔ کافر گروہ بھی اسی طرح سے نسل اور زبان میں اپنے بلند و بالا۔ دشوار گزار اور دور افتادہ

پہاڑوں میں مخصوص ہو گیا۔

کشمیری کی لسانی تاریخ پساچا زبانوں کے دیگر اراکین سے مختلف ہے۔ گلگت میں بارھویں صدی ق م کے بعد شین لوگوں نے اپنا تسلط جمالیا۔ یہاں کے وحشی باشندوں کو جو اصل تورانی جماعت سے تعلق رکھتے تھے مغلوب کر لیا۔ ان سے شادیاں کیں اور یشکن وجود میں آگئے مگر شین لوگوں کی جماعت کا بیشتر زور شناکی میں رہا جو چلکوٹ سے چلاس کے درمیان کا علاقہ ہے یہ ابھی کوئی شکل اختیار نہ کر سکے تھے کہ وادی جہلم کے راستے آریا لوگوں کے نئے قافلے آنے شروع ہوئے انہوں نے دسویں اور آٹھویں صدی ق م کے درمیان ان پساچا لوگوں کو جو کشمیر میں آباد تھے شمال کی طرف دھکیل دیا۔ اور کشمیر کے خطے میں اپنا قبضہ جمالیا مگر قدیم لوگوں کی زبان نے ان حملہ آور آریاؤں کی زبان پر اثر ڈالا اور موجودہ کشمیری وجود میں آگئی۔ مرورِ زمانہ کے ساتھ اس میں تبدیلیاں ہوئیں۔ مگر اس کی اساس وہی رہی۔ تو لسانی لحاظ سے ہم ذیل کے نتائج پر پہنچے۔ شین حملہ آوروں کی زبان قدیم آریائی زبان تھی جو اصل آریا لوگوں کی زبان کے قریب ہے۔ اس زبان میں ابھی ایرانی آریائی اور ہند آریائی کی تخصیص پیدا نہیں ہوئی تھی اس لیے شین لوگوں کی زبان میں دونوں گروہوں کی زبان کے خصائل موجود ہیں۔ چونکہ شین لوگ وہ زبان بولتے تھے جو آریا زبانوں کی جڑ تھی۔ اس میں مرور زمانہ کے بعد تخصیص پیدا ہونے سے ایرانی آریائی گروہ اور ہند آریائی گروہ وجود میں آیا۔ اس لئے پساچا زبانوں میں ایسے محاورے۔ بندشیں اور صرفی خصائل موجود ہیں جو ایرانی آریائی زبانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور ایسے بھی ہیں جو ہند آریائی زبانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

اس سارے علاقے میں جہاں اب پساچا زبانیں بولی جاتی ہیں کوئی دو ہزار سال قبل مسیح ایک تورانی زبان رائج تھی جو اب دنیا سے ناپید ہو چکی ہے۔ اس قدیم تورانی زبان کی ایک شاخ ردوبدل کے بعد آجکل ہنزا میں مروج ہے جو بروششکی کہلاتی ہے۔ شین لوگوں کی قدیم آریائی زبان کا امتزاج تورانی لوگوں کی قدیم ابتدائی زبان سے ہوا اور موجودہ پساچا زبانیں وجود میں آگئیں اس لیے تمام پساچا زبانوں میں کم و بیش ایسے عناصر موجود ہیں جو بروششکی میں پائے جاتے ہیں۔ لغت۔ گرامر اور اصوات۔ چونکہ دونوں نے ایک ہی قدیم تورانی زبان کی سرزمین میں پرورش پائی ہے۔ بروششکی نو براہِ راست اس

کی بیٹی ہے اور پساچا زبانوں میں اس کا امتزاج ہے۔ ہر پساچا زبان اپنے ماحول اور تاریخی واقعات کے مطابق قدیم تورانی زبان سے متاثر ہوئی۔

گرامر کے لحاظ سے بھی پساچا زبانیں اپنی مثال آپ ہیں۔ بعض گراماٹی صورتیں صیغے اور تبدیلیاں ہند آریائی زبانوں کے گروہ سے تعلق رکھتی ہیں۔ کچھ ایرانی آریائی گروہ سے تعلق رکھتی ہیں اور بعض ایسی ہیں جو دونوں میں سے کسی کے ساتھ تعلق نہیں رکھتیں۔ یعنی یہ پساچا زبانوں کے ساتھ مخصوص ہیں اور صرف ان سے ہی تعلق رکھتی ہیں۔ ذخیرۂ الفاظ کے لحاظ سے پساچا زبانیں نصف کے قریب ایرانی گروہ سے تعلق رکھتی ہیں اور نصف ہندوستانی گروہ سے۔ یہ سب آریائی زبان کے الفاظ ہیں۔ کچھ الفاظ ایسے بھی ہیں جو آریائی نہیں بلکہ اپنی فطرت میں آریائی فطرت سے اختلاف رکھتے ہیں۔ یہ الفاظ بروشسکی سے تعلق رکھتے ہیں۔ مثلاً وہ الفاظ جن کے معنی 'لوہا' کے ہیں ان میں پساچا زبانوں میں ایرانی اور ہندی دونوں خصوصیات موجود ہیں۔ یہ کچھ دونوں کے امتزاج کا نتیجہ نہیں بلکہ یہ کہ پساچا زبانوں کی فطرت میں یہ دوہری صفت موجود ہے گرامر کو دیکھو یا اصوات کو یا ذخیرۂ الفاظ ہر جگہ یہی صورت جلوہ گر نظر آتی ہے اس کا مطلب یہ ہوا۔ کہ پساچا زبانوں نے ان دونوں سے عناصر مانگ کر اپنی تعمیر نہیں کی ہے۔ بلکہ ان میں ذاتی طور پر یہ خصائص ابتداء سے موجود تھے۔ (یہاں پساچا آپ دارد کا مترادف قرار دیں۔ دونوں ہم مطلب قرار پائے)

ہند آریائی زبانوں میں اپنی خصوصیات کے لحاظ سے جو زبانیں پساچا کے قریب تر ہیں وہ سندھی اور لہندا ہیں۔ یہی زبانیں ہیں جو پساچا دیس کے جنوب میں ہندوستان کے میدانوں میں آج مروج ہیں۔ آٹھویں صدی قبل مسیح کے قریب جو آریا قبائل پنجاب کے میدانوں میں داخل ہوئے وہ ایک زبان بولتے تھے جو موجودہ پنجابی۔ لہندا اور سندھی کی ماں تھی۔ ان سب زبانوں نے اپنے اپنے لیے چند عناصر اس اصل اساسی زبان سے انتخاب کر لیے اور ان کو رواج دیا یعنی ان کو اپنا بنا کر مخصوص کر لیا۔ اس طرح سے یہ زبانیں ایک دوسرے سے الگ ہو گئیں۔ یہی اصل اساسی زبان وہ آریا لوگ بولتے تھے جو پنجاب کے راستے وادی جہلم میں سے گزر کر کشمیر میں داخل ہوئے۔ انہوں نے اپنی زبان کی گراماٹی خصوصیات پساچا وطن کی زبان کو دے دیں۔ وہاں پر یہ عناصر گھل مل کر دوسرے لسانی عناصر میں

یکجان ہو گئے۔

ایرانی گروہ میں سے پساچا جن زبانوں سے سب سے زیادہ مشابہت رکھتی ہیں وہ غلچہ زبانوں کا گروہ کہلاتا ہے اور پامیر میں مروّج ہے۔ اس کو مشرقی ایرانی گروہ کہتے ہیں۔ پشتو سے بھی پساچا کی بہت مشابہت ہے جو ایرانی آریائی زبان ہے۔ فارسی زبان سے پساچا کی مشابہت بہت قلیل ہے۔ اس مشابہت کے مقابلے میں جو پساچا کی غیر فارسی۔ ایرانی آریائی گروہ کی زبانوں سے ہے۔

ان تمام تاریخی واقعات اور لسانی حقائق سے ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ جدید پساچا زبانیں (یعنی دارد خاندان کی زبانیں) اپنی ذات کے لحاظ سے نہ تو ایرانی آریائی ہیں اور نہ ہند آریائی۔ بلکہ زبانوں کا ایک جداگانہ گروہ ہیں۔ پساچا زبانوں نے اپنی مخصوص شخصیت کو ایسے وقت میں پختہ کیا جب کہ اصل آریائی زبان سے نکل کر ہند آریائی زبانوں نے اپنا وجود قائم کر لیا تھا۔ مگر ایرانی آریائی زبانوں نے اپنی ذات کو جداگانہ حیثیت نہیں دی تھی۔

باب-۵

شناکی الجد

باب ۵۔ شنا کی ابجد

مندرجات۔ (صفحات کے نمبر بریکٹ میں درج ہیں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب - ۵

شنا کی ابجد

شنا زبان کا خاندان شنا زبان السنہ کی دُنیا میں اس جماعت سے تعلق رکھتی ہے جو آریائی زبانوں کا خاندان کہلاتا ہے۔

اس خاندان کے دو عظیم قبیلے ہیں۔ ایک اروپائی آریائی قبیلہ۔ دوسرا ایشیائی آریائی السنہ کا قبیلہ اروپائی قبیلے میں۔ یونانی۔ لاطینی۔ انگریزی وغیرہ شامل ہیں۔ اس قبیلے کے اپنے گروہ اور شاخیں ہیں جن سے اس وقت ہمارا تعلق نہیں۔ ایشیائی قبیلے میں دو عظیم گروہ اور ایک کوچک گروہ ہے۔ ایک ایرانی آریائی گروہ کہلاتا ہے۔ ان زبانوں کا مرکز ایران ہے۔ اور فارسی زبان اس میں ایک اہم زبان ہے۔ دوسرا گروہ ہند آریائی گروہ کہلاتا ہے۔ اس میں مرہٹی۔ بنگالی۔ اردو۔ پنجابی وغیرہ شامل ہیں۔ تیسرا گروہ لپاچا زبانیں کہلاتا ہے۔ اس کی شاخیں ہیں خوار گروپ (چترالی)، کافر گروپ اور دارد گروپ۔ دارد گروپ میں تین زبانیں شامل ہیں (۱) شنا۔ (۲) کوہستانی (۳) کشمیری

شین حملہ آوروں کی آمد آریا لوگ بحیرۂ خضر کے کنارے سے ہجرت کر کے یورپ۔ ایران اور ہندوستان میں داخل ہوئے۔ شنا اصل میں شین لوگوں کی زبان ہے۔ شین آریا حملہ آوروں کے ایک طائفے کا نام ہے اس سرزمین میں پہنچ کر شین لوگوں نے سندھ کی وادی کے ایک حصہ کو اپنا خاص وطن بنایا جو جلکوٹ سے اوپر مشرق مغرب گور تک چلا گیا ہے۔ آبا سندھ (دریاؤں کا باپ) آریائی ادب میں ممتاز حیثیت رکھتا ہے دریائے سندھ کے کنارے گلگت سے چالیس میل نیچے تھلیچی کا قصبہ ہے جو گور کے علاقے میں شامل ہے۔ (گور کے معنی جنگل۔ دشوار گذار پہاڑ۔ سندھ میں بیش ہے۔ گور خر۔ یعنی جنگلی گدھا۔ اور بہرام گور:

چونکہ وہ جنگل میں اکثر شکار کرتا تھا) یہاں سے نیچے اسّی میل تک دریائے سندھ مشرق مغرب سمت میں بہتا ہے سندھ وادی کے اس حصّے کا نام شناکی ہے۔ یہ قطعہ برہن کے مقام تک چلا گیا ہے۔ تھیلچی سے کچھ نیچے تک دریا کا رُخ شمالاً جنوباً ہے۔ پھر شناکی میں شرقاً غرباً اسّی میل طے کرنے کے بعد اپنا رُخ یہ پھر شمالاً جنوباً کر لیتا ہے۔ اور نیچے کو بہتا ہُوا اٹک تک چلا جاتا ہے۔ شین لوگوں نے یہاں پہنچ کر اسّی میل کے ٹکڑے کو اپنا وطن بنایا۔ اس کا نام شناکی قرار دیا۔ یہاں سے انہوں نے اپنا اقتدار شمال۔ مشرق۔ اور جنوب میں بڑھانا شروع کیا مگر مغرب کی طرف ان کی فتوحات رُخ نہ کر سکیں۔ چونکہ پہاڑ بہت دشوار گزار تھے۔ آج بھی اس علاقے کو کلام کوہستان کہتے ہیں۔

آریا حملہ آور مسیح کی ولادت سے دو ہزار اور ایک ہزار سال قبل کے درمیان کئی طائفوں میں یکے بعد دیگرے ہندوستان میں وارد ہوئے۔ ان کے حملوں کا زیادہ زور ۱۵۰۰ قبل مسیح کے قریب تھا۔ ان میں شین لوگ بھی تھے۔ جنہوں نے سندھ کے کنارے کنارے اوپر چڑھ کر شناکی کو فتح کیا اور یہاں آباد ہو گئے۔ شنا بولی اس وقت کی سنسکرت کی ایک شکل ہے جو ان پہاڑوں میں تقریباً ایک ہزار سال قبل از مسیح داخل ہوئی۔ اس لئے شنا کی ابجد میں وہ تمام آوازیں شامل ہیں جو سنسکرت زبان میں موجود ہیں

شین لوگ جب شناکی میں وارد ہوئے تو یہاں آبادی کم تھی۔ اوپر کی شمال مشرقی۔ شمالی اور شمال مغربی حد۔ یعنی ہنزا سے لے کر یاسین تک سارے علاقے پر انہوں نے اپنا اقتدار قائم کر لیا۔ وہ اس تمام علاقے پر مسلّط ہو گئے جو اُن اونچے درّوں سے جنوب کی طرف واقع ہے۔ جن سے راستے نکل کر شمال کے علاقوں کی طرف جاتے ہیں۔ مشرق میں بلتستان کا مرتفع علاقہ ان کی حد بن گئی۔ جنوب میں دراس۔ سونا مرگ۔ ہرمکھ۔ تراگ بل درہ۔ کیل۔ بابوسر۔ انہوں نے حد بنالی۔ یعنی ان بلند پہاڑوں کی چوٹیاں جن کے درّوں سے گزر کر جائیں تو مغرب کی طرف کشمیر۔ مظفرآباد اور کاغان کی نئی سرزمین شروع ہوتی ہے۔ مغرب میں دریائے سندھ ہی ان کی اقتدار کی حد رہا۔ اس سارے علاقے کو شین لوگوں نے اس وقت اپنے زیر نگین کر لیا اور یہاں اپنی زبان رائج کر دی۔ آج بھی اس وسیع علاقے کی مادری زبان شنا ہے۔

داردستان کے اصلی باشندے مگر یہاں پر جو اصلی باشندے آباد تھے وہ شمال کی طرف سے آئے ہوئے تھے۔ یعنی کاشغر۔ ترکستان اور بدخشاں سے۔ ان کی زبان منگول خاندان کی زبانوں سے تعلق رکھتی تھی۔ وہ تورانی اور ترکمانی نسل سے تھے۔ کچھ منگول۔ دونوں قوموں کا امتزاج ہوا۔ شین تعداد میں کم تھے۔ اور ان میں مرد نسبتاً زیادہ تھے۔ بعض نے مجبوراً یہاں کے اصلی باشندوں کی عورتوں سے شادی کرلی۔ ان کی اولاد یشکن کہلائی۔ شین لوگ جیسا کہ آریا قوم کا دستور رہا ہے۔ اپنی شادی بیاہ کے سلسلے میں بہت محتاط تھے وہ غیر قوم اور گھٹیا نسل سے زوجیت کے تعلقات قائم کرنے سے گریز کرتے تھے چونکہ خون کی پاکیزگی اور دماغی قوتوں کی رفعت اسی صورت میں ہی قوم کی آنے والی نسلوں میں قائم رہ سکتی تھی۔ جو خالص شین رہ گئے۔ یہاں بھی انہوں نے یہی رواج قائم رکھا۔ اور بڑی سختی سے ایسے اصولوں پر کاربند رہے جن کے ماتحت وہ صرف شین گھرانوں میں شادی کر سکتے تھے۔ مگر ان کی تعداد یشکن کے مقابلے میں قلیل تھی اور آج بھی بہت قلیل ہے۔

لسان پر امتزاج کا اثر اس ربط و اتحاد۔ امتزاج و شراکت کا لسانی طور پر یہ نتیجہ نکلا کہ شین لوگوں نے اپنی زبان شنا کو اپنے زیر اقتدار سارے علاقے میں رائج تو کر دیا۔ مگر اصلی باشندوں کی منگولی زبان بھی سنسکرت کے خاندان کی لسان شنا پر اپنا اثر کئے بغیر نہ رہی۔ منگولی لسان نے شنا کو اپنے مخصوص کانسوننٹ (حروفِ قائم) اور داول (حروف علت) دے دیئے۔ ایسا ہونا بھی چاہیے تھا۔ یہاں کے باسی تو تھے منگول یا منگول نما جو اپنی بولی گلے اور زبان سے نکالتے تھے۔ ان کو اب بولنے پڑے سنسکرت خاندان کی لسان کے الفاظ۔ منگول حلق اور حنجرہ نے جب سنسکرت کے الفاظ کو بولنے کی کوشش کی تو ان کو اپنے سانچے میں ڈھال دیا۔ گویا لفظ وہی سنسکرت کا رہا مگر جب اس کو گلے سے ادا کیا تو اصوات وہ خارج کیں جو منگول زبان میں وہ اصلاً بولا کرتے تھے۔ آریائی لفظ کو منگول لباس میں پیش کر دیا۔ جیسے کہ پارس کی مہ پارہ کو پیکن کا دلفریب محلہ زیب تن کر دیا جائے۔ اس لئے شنا کی ابجد میں منگول زبانوں کے خاندان کی چند آوازیں موجود ہیں جو سنسکرت کی اصل ابجد میں موجود نہیں۔ ان کا نام ہم نے شنا کے خاص حروف رکھا ہے۔ چونکہ ہمارا تعلق

اس وقت چین اور منگولیا سے نہیں بلکہ زبان شنا سے ہے۔

اسلام کا اس وطن میں ورود اسلام کوئی تیرھویں صدی عیسوی میں آہستہ آہستہ کشمیر میں داخل ہوا اس کا اثر پھیلتا گیا۔ پہلے اسلام بلتستان میں پہنچا

بلتستان میں سب سے پہلے جو مسلمان مشہور بزرگ اور مذہبی پیشوا وارد ہوئے وہ سید محمد نوربخش تھے۔ جنہوں نے یہاں نوربخشی فرقہ کو رواج دیا جو شیعہ مذہب کی ایک شاخ ہے۔ ان کی وفات ۱۴۶۴ء میں ہوئی اور قیاساً وہ ۱۴۳۵ اور ۱۴۴۵ء کے درمیان بلتستان میں موجود تھے۔

گلگت کا ایک راجہ ترا خان اسی عہد کے قریب یعنی پندرھویں صدی کے وسط میں ہوا ہے۔ اس کے عہد میں بدخشاں کی طرف سے تاج مغل نے حملہ کیا۔ وہ وسط ایشیا سے آیا تھا۔ تاج مغل نے گلگت کے خطہ میں نئے مذہب کی اشاعت کی جو اسماعیلیہ یا آغا خانی کہلاتا ہے۔ ترا خان نے اس مذہب کو قبول کرلیا اور نئے مذہب کی اشاعت میں کوشش کی۔ ہنزہ۔ پونیال اور یاسین میں اسماعیلی لوگ آج کل موجود ہیں۔ تاج مغل کے نام پر اس مذہب کا نام مغلی رکھا گیا جو بگڑ کر مولائی ہوگیا۔

علی شیر خان انچن راجہ سکردو (۱۵۹۵ - ۱۶۳۳ء) نے گلگت پر حملہ کیا۔ اس کے پوتوں شیر شاہ۔ علی شاہ۔ شاہ مراد (۱۶۶۰ - ۱۷۱۰ء) نے بھی گلگت پر حملے کئے۔ گلگت کے راجہ مرزا خان (۱۵۶۵ - ۱۶۰۰ء) نے ان حملہ آوروں کے زیر اثر شیعہ مذہب اختیار کر لیا۔ اسکردو کی طرف سے وقتاً فوقتاً مجتہدین گلگت میں آتے رہے۔ نگر بلتستان سے ملحق ہے اس لئے آج کل نگر کا علاقہ سب شیعہ ہے گلگت میں تعداد کم ہے اور پونیال کی طرف نسبتاً کم ہوتی جاتی ہے۔ چترال۔ چیلاس۔ کوہستان۔ داریل کے لوگ تمام سُنی مذہب کے ہیں۔ سترہویں صدی میں چترال سے تعلق پختہ ہوگیا تو اس طرف سے داریل اور چلاس کے راستے کچھ بزرگ وارد ہوئے۔ انہوں نے سُنی مذہب کو یہاں پھیلایا۔

اسلام سے پہلے یہاں کا مذہب اسلام کے آنے سے پہلے یہ سارے علاقے بُت پرست تھے۔ کچھ بدھ مت کے پیرو تھے۔ مگر نام نہاد۔ بُت پرستی اور قدرت پرستی ان کا شیوہ تھا۔ اپنے بزرگوں کو دیوتا مانتے تھے۔ گلگت کی دینی اور روحانی فضا پر اسلام کے آسمانی اصولوں

نے اپنا اثر کہیں پندرھویں صدی میں ڈالنا شروع کیا۔ مگر یہ لوگ کچھ اپنی ہٹ کے سنگ وش فطرت کے لحاظ سے واقع ہوئے ہیں۔ اثر کو فضا پر چھانے میں دیر لگی۔ کہیں سترویں صدی عیسوی میں لوگوں نے نمایاں طور پر اسلام کو قبول کیا۔ یعنی اس علاقے میں اسلام کو ظاہری اور باطنی امور میں اپنے ظہور کو نمایاں کرنے کے بعد اب تک کچھ طویل عرصہ نہیں گزرا ہے۔ بس دو ڈھائی سو سال آج (۱۹۵۵) سے پہلے کا عرصہ معلوم ہوتا ہے

اس سے پہلے باب ۲۔ صفحہ ۵۷) ہم بحث کر چکے ہیں کہ سکھوں کے کمانڈر بہد نتھو شاہ نے ۱۸۴۲ میں گلگت فتح کیا۔ تو دیکھا کہ یہاں کے لوگ اسلام کے اصولوں پر پورے طور پر پابند نہیں۔ اس نے دینِ متین کو پختہ کیا۔

عربی کا اسلام سے تعلق

اسلام جہاں جاتا ہے۔ اپنے ساتھ عربی لے جاتا ہے۔ عربی کی بے پناہ منطقی وسعت اور اصوات کی شوکت کے سامنے اکثر زبانوں کا چاند جیسا چہرہ سونے سے روپے میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ آوازوں کے سامی اجتماع کا رعب کچھ اس طرح دماغ پر حاوی ہو جاتا ہے کہ دوسری لسان اس میں داخل ہونے کی جرأت نہیں کرتی۔ مسلمان کا قرآن عربی میں۔ اس کی نماز عربی میں۔ ان دونوں سے بہرہ مند ہونا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ اس لئے جہاں اسلام جاتا ہے۔ وہ عربی کی شوکت کو دل و دماغ پر رائج کر دیتا ہے۔ عربی زبان کی تحصیل کے سایہ میں عربی اصوات، محاورے۔ زبان کے چند اصول اس وطن کی فضا میں خود بخود اپنی جگہ بنا لیتے ہیں۔ گلگت کا تمام علاقہ جہاں شنا بولی جاتی ہے۔ اس وقت خالص مسلمان ہے۔ یعنی یہاں پر ایک فیصدی تعداد بھی غیر مسلموں کی موجود نہیں۔ شنا ابجد میں عربی کی اصوات موجود ہیں۔ عربی حروف لکھے اسی شکل میں جاتے ہیں۔ جیسے کہ عربی ابجد میں ہیں اور جب بولے جاتے ہیں تو قاری ان کو صحیح مخرج سے ادا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ جیسے کہ عرب خود کرتا ہے۔ اور گلگتی مذہبی عالم ان عربی آوازوں کو صحیح مخرج سے ادا کرنے میں بہت حد تک کامیاب ہے۔ بلتی عالم ان سے زیادہ کامیاب ہے اور وہ عربی اصوات کو صحیح مخرج سے ادا کرنے کے لئے بہت کاوش کرتا ہے۔ اس لئے شنا

ابجد میں عربی حروف اور ان کی آوازیں موجود ہیں۔

فارسی کا اسلام سے تعلق اسلام کی مذہبی زبان عربی ہے اور اسلام کی تمدنی اور ادبی زبان فارسی ہے۔ فارسی بہت سادہ اور شیریں زبان ہے۔ اتنی سادہ کہ بعض محققین کے قول کے مطابق اس کی گرامر ہی نہیں ہے۔ یعنی گرامر اتنی سادہ اور قلیل ہے کہ انسان آسانی سے اس پر حاوی ہو سکتا ہے۔ فارسی یاد کرنے سے کوئی دقت نہیں ہوتی اور آدمی چند مہینوں میں گفتگو میں مہارت حاصل کر لیتا ہے۔ مگر فارسی کی سب سے بڑی قابل قدر صنعت اس کے گرانبہا ادبیات کا ذخیرہ ہے۔ حافظ۔ سعدی۔ رومی۔ عطار۔ انوری۔ نظیری۔ یہ تو چند نام ہیں۔ فلک پیما اور ثریا بوس ادیبوں کا ایک گراں تعداد گروہ ہے۔ ان میں سے ہر ایک یا تو فرشتہ کہلانے کا مستحق ہے یا جن۔ چونکہ ہر ایک میں فوق العادہ صفات موجود ہیں۔ بس پڑھتے جاؤ اور جھومتے جاؤ۔ مزے لیتے رہو۔ اور روحانی لذت سے سرشار سر دھنتے رہو۔ ان میں نصائح بھی ہیں۔ زندگی کے حقائق بھی۔ جو علم نفسیات کے اصول بھی شیعہ فرقے سے فارسی کو خاص تعلق ہے۔ چونکہ شیعہ اصولوں نے ایران میں فروغ پایا۔ بلتستان تو نوے نیصدی شیعہ ہے اور خطۂ گلگت میں بھی بڑی تعداد شیعوں کی ہے۔ اسلام اور شیعہ اصولوں کے ساتھ فارسی بھی اس وطن میں داخل ہوئی۔ پامیر، واخان اور ترکستان کے بعض حصوں میں تو فارسی مادری زبان ہے۔

فارسی کی ابجد شنا کی ابجد میں فارسی کے وہ حروف موجود ہیں جو پہلوی اور دری فارسی میں اپنی اصوات کے لحاظ سے مروج تھے۔ اور اسلام کے ایران پر حاوی ہونے کے بعد اہل ایران نے ان کو عربی ابجد میں نئی شکلیں پہنا کر اپنے مطلب کے لئے رائج کر دیا۔ تاکہ وہ عجمی زبان یعنی جدید فارسی کی مخصوص آوازوں کو کاغذ پر ظاہر کر سکیں۔ جب وہ ایرانی بولی کو عربی ابجد میں کاغذ پر لکھتے ہیں تو اہلِ ایران اپنی زبان کی مخصوص آوازوں کو ابجد کے ان نئے حروف سے ظاہر کرتے ہیں جو انہوں نے اپنی مخصوص اصوات ظاہر کرنے کے لئے ایجاد کئے۔ ایرانیوں نے ان حروف کو عربی ابجد میں شامل کر لیا۔ اور اس کے بعد یہ ایرانی زبان کی ابجد بن گئی۔

(۳۷) سلطان غازی گوہر امان کا مزار

غازی سلطان راجہ گوہر امان گلگت کے علاقے کا آخری ملکی تاجدار ہے ۔ اپنے ایمان کی وسعت ، اور شان کی حقیقت میں ایک ہستی ، سوز نا تمام سے نا آشنا اور عشق تمام سے معرا ۔ سو بستیوں پر حاوی ہے ۔ خدا اس کے مزار کو نور سے معمور کرے اور خلد میں ضرور تاجدار میں حور و قصور کی فراوانی رہے ۔ مصنف (ڈاکٹر ناموس) قافلہ سالار راجگان ملک عشق کے دربار جاوداں میں یاسین کے مقام پر کھڑا ہے ۔

۱۸۴۲ء میں کریم خاں نے غیر ملکی سکھوں کو جا کر بلایا کہ آؤ میرے چمن وطن کو غلام بناؤ اور میرے آبا و اجداد کی آبرو کو خاک میں ملاؤ ۔ گوہر امان نے اپنے سوز و ساز کے سامان اور عسکری حکمت کی وسعت بے پایان کا ایسا جلوہ دکھایا کہ کفر کا کاہ برق عشق کی تجلی کے سامنے خاک سیاہ بن گیا ۔ (۱۸۵۲ء سے ۱۸۶۰ء تک) موت تو ابدی حقیقت ہے ۔ مگر غازی کا جب تک دم میں دم رہا کوہستانی شیر کا دبدبہ ، میدانی بہائم کو باہمہ مکر و فکر سندھ کے اس پار آنے کی اجازت نہیں دیتا تھا ۔

❋ ❋ ❋

(۳۸) شعلہ عشق

کریم خاں نے زہر کے درخت کا ایسا بیج گلگت کے گلگشت میں بویا کہ وادی کی آزادی ہمیشہ کے لئے سلب ہو گئی ۔ اور اب کتاب صبح و شام نے ملکی انصرام اور سیاسی اہتمام کے کئی ورق آلٹ ڈالے ہیں ۔ غازی گوہر امان دل عشاق کا سلطان اب تاریخ کے اوراق میں ہمیشہ کے لئے محبوب وادئ گلگت کا آخری آزاد تاجدار لکھا جائیگا ۔

شمع بجھتی ہے تو اس میں سے دھواں اٹھتا ہے ۔ شعلۂ عشق ، سیاہ پوش ہوا میرے بعد

غالب



سلطان غازی گوہر امان کے مزار پر مصنف یاسین میں کھڑا ہے ۔



شعلۂ عشق ۔

فارسی کا تاریخی دور ہندوستان کا مغل خاندان اپنی شاہانہ شان اور فتوحات کی داستان میں شہرۂ آفاق ہے۔ بابر نے ۱۵۲۶ میں پانی پت کے میدان میں ابراہیم لودھی کو شکست دی۔ اورنگزیب کی وفات ۱۷۰۷ میں ہوئی اور آخری مغل بادشاہ ابوظفر بہادر شاہ کو انگریزوں نے قید کرکے ۱۸۵۷ کی جنگ آزادی کے بعد برما پہنچایا۔ شاہجہان کے عہد (۱۶۲۸-۱۶۵۸) میں مغلوں نے بلتستان اور لداخ پر اپنا تسلط جمالیا۔

مولوی ذکاء اللہ اپنی تاریخ ہندوستان میں لکھتا ہے۔ "دسویں سال جلوس شاہجہانی (۱۰۴۶ھ مطابق ۱۶۳۶ء) میں بلتستان تسخیر ہوا۔ وہاں کا راجہ علی شیر خان انچن اسیر ہوا آدم خان کو بلتستان کا راجہ بنایا۔ بارھویں سال جلوس میں علی مردان خان کو ناظم کشمیر مقرر کیا گیا۔ لداخ کے راجہ سنگے نمگیل نے بلتستان کے ایک حصہ پوریگ پر قبضہ کرلیا۔ تو علی مردان خان نے فوج کشی کی۔ لداخ کو بھی اپنے تصرف میں کرلیا۔ لگان اور دہلی کے لئے پیشکش مقرر کردی۔"

مغلوں کی سرکاری زبان فارسی تھی۔ اور شاہی محلات میں بھی ترکی چھوڑ کر ان کی مادری زبان فارسی بن چکی تھی۔ کشمیر۔ بلتستان۔ لداخ میں ان کے زیر اقتدار فارسی نے رواج پایا۔

غیر ملکی حکومت سکندر خان والی گلگت کو گوہر امان راجہ یاسین نے ۱۸۴۱ میں شکست دے کر قتل کیا۔ اس کا بھائی کریم خان بدراستہ استور کشمیر پہنچا۔ اس وقت کشمیر پر رنجیت سنگھ کی حکومت تھی۔ کشمیر کے سکھ حاکم نے کریم خان کے ساتھ فوج بھیجی۔ فوج نے گلگت فتح کیا۔ کریم خان کو سکھوں نے اپنی سرپرستی میں گلگت کا راجہ مقرر کیا۔ (۱۸۴۲) سکھ حکومت کی بھی دربار سرکار کی زبان فارسی تھی۔ اس لئے سرکاری کاروبار اور شخصی خط و کتابت کے لئے فارسی کا استعمال عام ہوگیا۔

۱۸۴۶ میں مہاراجہ گلاب سنگھ نے بروئے عہدنامہ امرتسر۔ کشمیر خریدا اور اس میں لودر سے گلگت بھی شامل کرلیا۔ گلاب سنگھ نے ۱۸۴۷ میں سکھوں کی بجائے اپنا تسلط گلگت پر جمالیا۔ گوہر امان راجہ یاسین نے ۱۸۵۲ میں شکست دے کر ڈوگروں کو گلگت سے نکال دیا۔ ۱۸۶۰ میں مہاراجہ رنبیر سنگھ نے گلگت کو پھر فتح کیا۔ ۱۹۴۷ میں گلگت پر پاکستان کا پرچم لہرانے لگا۔ درمیانی عرصہ میں

انگریزوں نے گلگت میں اپنی ایجنسی قائم کی۔ علاقہ ڈوگرہ کے ماتحت ایجنسی انگریزوں کے ماتحت۔ ڈوگروں کی سرکاری زبان ابتدا میں فارسی تھی۔ بعد میں اردو اس غرض کے لئے استعمال ہونے لگا۔ انگریزوں نے انگریزی اور اردو دونوں کو استعمال کیا۔

برٹش ایجنسی

۱۸۷۶ میں میجر بڈلف کو سرکارِ انگلشیہ ہند نے گلگت میں آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی بنا کر بھیجا اس وقت لارڈ لٹن ہندوستان کا وائسرائے تھا۔ ۱۸۷۷ میں میجر بڈلف کو برٹش ایجنٹ گلگت بنا دیا گیا۔ انگریزی حکومت کا یہ خیال تھا کہ روس قراقرم کی طرف پیش قدمی کر رہا ہے۔ سیاسی طور پر اس سرحد پر نگاہ رکھنا ضروری ہے۔ انگریز ایجنٹ پولیٹیکل نگرانی سرحدات کی کرتا تھا اور راجگان کے کردار پر سیاسی نگاہ رکھتا تھا۔ فوج مہاراجہ کی رہتی تھی اور سارے صوبہ گلگت میں ملکی حکومت کے کارندے ڈوگرہ حکومت کے تھے۔ یہ ایجنسی ۱۸۸۰ میں توڑ دی گئی اور انگریز حاکم واپس چلا گیا۔ انگلشیہ سرکار ہند نے ۱۸۸۹ میں گلگت میں ایجنسی کو پھر قائم کرنا ضروری سمجھا اور کرنل ڈیورینڈ کو پولیٹیکل ایجنٹ مقرر کیا۔ اس صورت میں بھی گلگت کے صوبہ پر دو سیاسی طاقتوں کی حکومت تھی۔ انگریز اور ڈوگرہ دونوں مل کر کام کرتے تھے۔ کچھ انگریزوں کی فوج اور انگریزی افسر تھے۔ کچھ ڈوگروں کی فوج تھی مگر اعلیٰ کمان انگلش حکومت کے ہاتھ میں رہتی تھی۔ ۱۹۳۵ میں سرکار انگلشیہ نے مہاراجہ ہری سنگھ سے ایک معاہدہ کیا۔ صوبہ گلگت کا سارا علاقہ جو دریائے سندھ کے دائیں کنارے واقع ہے ساٹھ سال کیلئے اجارہ پر لے لیا ڈوگرہ فوج اور ملکی افسر سب رخصت ہو گئے۔ سرکار برطانیہ نے پورا فوجی اور ملکی انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا پھر بھی نام نہاد مہاراجہ کا جھنڈا ایجنسی دفتر پر لہراتا تھا۔ ۱۹۴۷ میں انگریزوں نے ہندوستان چھوڑا تو یہ علاقہ ڈوگروں کے سپرد کر دیا۔ گلگت کے رہنے والوں نے ڈوگروں کو زور سے نکال دیا۔ اور پاکستان کی حکومت سے درخواست کی کہ اس علاقے کو پاکستان میں شامل کر لے۔

انگریزی اور اردو

فارسی کے بعد یہاں انگریزی اور اردو کا دور دورہ ہوا۔ انگریزی اعلیٰ سرکاری کاروبار کے لئے رائج تو ہو گئی۔ مگر شنا کی ابجد میں اس نے کچھ اضافہ نہ کیا۔ اگر کسی شناکو کو انگریزی کا لفظ شنا بولی میں ادا کرنا ہوتا تو وہ اس کو شنا کی اصوات کے سانچے میں ڈھال کر

(۳۹) سدا بہار پھول

جہان فانی کی ہر چیز آنی جانی ہے - مگر وہ نشانی جو ابن آدم کے دل میں آسمانی احترام قائم کر دیتی ہے، جاودانی ہو جاتی ہے - جان و ایمان کے لئے باعث تسکین اور بنی نوع انسان کے لئے صورت تزئین -

پھول ہر موسم بہار میں ابرار اور اغیار کا دل گرماتے ہیں- مرجھائے تو فنا نہیں ہوتے چونکہ ان کی انتظار اور دیدار کی تمنا دل میں قائم رہتی ہے- یہی حیات جاودانی ہے-

❋ ❋ ❋

(۴۰) میجر اے ایف بروس (Major A. F. Bruce)

پولیٹیکل ایجنٹ گلگت

ہر آن جہان میں ہزاروں انسان آسمان کی پنہائی سے اُتر کر زمین کی کاروائی کا جائزہ لینے کیلئے آتے ہیں - پھول کی طرح فطرت کے قانون سے مجبور چند لمحے مسکرا کر مرجھا جاتے ہیں - اکثر تو خاموشی کے تاریک پردہ کے پیچھے منتقل ہو کر فراموشی کا سیاہ لباس اوڑھ لیتے ہیں - مگر چند نور کے پیکر عرفان الٰہی کی صورت میں جلوہ گر ہو جاتے ہیں جو فنا کی دسترس سے بالاتر ہیں -

بعد از وفات رہ نہ سکوں گا میں زیر خاک - میرا مزار سینۂ اہل نظر میں ہے
ناموس

میجر اے - ایف بروس پولیٹیکل ایجنٹ گلگت (۵ اکتوبر ۱۹۰۶ء تا اپریل ۱۹۰۸ء) انہیں زندہ جاوید ہستیوں میں سے ایک ہے جو دست بکار، واصل بحق ہوا -

❋ ❋ ❋

(۴۱) زندہ شد بہ عشق (میجر بروس کی لوح مزار)

MAJOR ARTHUR FRANCIS BRUCE.

Political Agent in Gilgit. Born December 1863, died May 1908.


(Died on duty at Gilgit)

Perfect service rendered, duties done
In charity, soft speech and stainless days.
These riches shall not fade away in life
Nor any death dispraise.

—E. Arnold

لوح مزار در فرنگی قبرستان گلگت

ہرگز نہ میرد آن کہ دلش زندہ شد بہ عشق - ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما
حافظ



سدا بہار پھول ۔



میجر اے ایف بروس
(Major A. F. Bruce)
پولیٹیکل ایجنٹ گلگت



زندہ شد بہ عشق ۔

اپنے ڈھب پر لے آتا اور شنا کی گلے کے اندر انگریزی لفظ شناٹی شکل اختیار کر لیتا۔

ڈوگرہ راج کے دوسرے تمدنی دور میں اردو کو یہاں رواج ہوا۔ اردو خود سنسکرت زبان کے خاندان کی ایک بیٹی ہے۔ ویدوں کی سنسکرت جو ۱۵۰۰ (پندرہ سو) قبل مسیح مروج تھی۔ اس زبان سے مختلف ہے جس کو ہم آج سنسکرت کہتے ہیں۔ اتنی مختلف کہ بعض مقامات پر سمجھنے کے لئے خاص عالموں کی ضرورت ہے۔ موجودہ سنسکرت کو بہت سے گرامر نویسوں نے صاف کیا۔ اصول بنائے اور نئے سانچے میں ڈھالا۔ آخری شکل اس کو مشہور گرامر نویس پانی نی نے دی۔ جو چوتھی صدی عیسوی قبل مسیح میں حیات تھا۔ اس کے علم و فضل کا دبدبہ آریائی دل پر ایسا بیٹھا کہ پانی نی کے بعد کسی کو سنسکرت گرامر یا لغت میں رد و بدل کرنے کی جرأت نہیں ہوئی۔

دُنیا بدلی۔ فاتح آئے۔ سلطنتیں زیر و زبر ہوئیں۔ ان کے ساتھ زبان میں تبدیلیاں واقع ہوتی رہیں راجپوت۔ ہُن۔ عرب۔ ترک۔ افغان۔ سب ہندوستان کی سرزمین میں حملہ آور بن کر داخل ہوئے اور اپنی اپنی بولی ساتھ لائے۔ ان سے پہلے اور ان کے زیر اثر اپنے اپنے علاقے میں نئی بولیاں وجود میں آگئیں۔ بنگالی۔ مرہٹی۔ سندھی۔ پنجابی۔ سب نے جنم لیا اور اپنی اپنی روش پر ترقی کرنا شروع کیا۔ پراکرتیں بنیں۔ اس کے بعد اپا بھرنشا زبانوں کا زمانہ آگیا۔ رد و کد۔ زیر و زبر۔ امتزاج و اختلاط سے موجودہ بولیاں وجود میں آگئیں جو سب سنسکرت زبان سے تعلق رکھتی ہیں اور اپنی حیثیت میں سنسکرت کی بیٹیاں۔ پوتیاں اور پڑپوتیاں ہیں۔ ارتقاء کی قوتوں کے زیر اثر انہوں نے موجودہ مخصوص صورتیں اختیار کر لیں۔

اردو بھی ان میں سے ایک ہے۔ جو اپنی گرامر کے لحاظ سے سنسکرت خاندان سے تعلق رکھتی ہے مگر اصوات کے لحاظ سے فارسی سے تعلق رکھتی ہے۔ اور بلند حلقوں میں عربی کے میدان میں داخل ہو جاتی ہے۔ مگر کہلاتی یہ آریائی زبانوں کے خاندان کا ایک رکن ہے۔ اردو جب شنا کے میدان میں داخل ہوئی تو یہاں کی دُنیا ان آوازوں سے پہلے ہی آشنا تھی۔ البتہ سنسکرت کی پراکرتوں کی ہائے دو چشمی مخلوط۔ بھ۔ تھ۔ زیادہ نمایاں ہو گئے۔ شنا میں وہ پہلے ہی موجود تھے۔ البتہ

اردو کے آنے سے محاورہ چمک گیا اور زبان میں صفائی اور چستی آگئی۔ اس لیے شنا میں وہ تمام آوازیں موجود ہیں جو اُردو کی ہندی الاصل زبان ہونے کے سبب، خاص آوازیں کہلاتی ہیں۔

شنا کے قائم حروف (کانسوننٹ)

اس کا یہ مطلب ہُوا کہ شنا زبان کی ابجد میں ان تمام زبانوں کے حروفِ تہجی موجود ہیں جو ان مختلف زبانوں کی آوازوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ آریائی حروفِ تہجی جو سنسکرت کے قدیم قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں منگول حروفِ تہجی جو قراقرم پار کے علاقوں کی زبان کی آوازیں ظاہر کرتے ہیں۔ عربی حرفِ تہجی جو عربی زبان کے لکھنے میں مستعمل ہیں۔ فارسی حروفِ تہجی جو ایرانیوں نے عربی ابجد میں اپنی مخصوص آوازیں ظاہر کرنے کے لئے ایجاد کئے۔ اور سب سے آخر میں اردو کے حروفِ تہجی۔ اگر کوئی حروف ایسے ہیں جن کو خالص اردو حروف تہجی کہنا ممکن ہے۔

شنا ابجد کی تعمیر کا اسلوب | مگر ہم شنا کی ابجد پر بحث کرتے وقت شنا کے حروفِ تہجی کو اس تاریخی قدامت کے سلسلہ کے مطابق نہیں لیں گے۔ جیسے کے یکے بعد دیگرے مرور زمانہ کے ساتھ مختلف لسانی ادوار میں سے ان کو گزرنا پڑا۔ بلکہ اہمیت اور اساس کے مطابق ان پر بحث کا پہلو نکالیں گے۔ ہم اردو میں اس بحث کو کر رہے ہیں۔ اردو کی ابجد کی بنا ٹھہری۔ فارسی حروف تہجی اور فارسی ابجد عجم کے باشندوں نے اختیار کی، ایران کی زبان کی آوازوں کو کاغذ پر ظاہر کرنے کے لئے عربوں کی فتوحات کے بعد۔ اسی عربی ابجد کو لیا اور اس میں چند حرف تہجی کی شکلوں کا اضافہ کر لیا جو مخصوص ایرانی اصوات کو ظاہر کرتی ہیں۔ عربی ابجد ان دونوں کی بنا ہوئی۔ اس لئے منطقی طور پر ہمیں عربی ابجد سے شروع کرنا چاہیئے۔

(۱) عربی زبان کی ابجد | عربی کے حروف جو شنا تحریر میں مستعمل ہیں۔ عربی تحریر کی ابجد یہ ہے۔

(۱)	(۲)	(۳)	(۴)	(۵)	(۶)	(۷)	(۸)	(۹)	(۱۰)	(۱۱)	(۱۲)	(۱۳)	(۱۴)
ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص

(۴۲) مسٹر ایم زیڈ کیانی پولیٹیکل ایجنٹ گلگت اور ان کی ذہین بیگم ناصرہ صدیقی

—— محمد زمان کیانی صاحب پی - اے گلگت جولائی ۱۹۵۵ء تا نومبر ۱۹۵۸ء ——

فرائض منصبی کو سر انجام دینے کا طریقہ اور دقائق اخلاق سے نیک نام ہونے کا سلیقہ گراں نہ ہو مگر کمیاب ضرور ہے - مبارک ہیں وہ ہستیاں جن کے گذشتہ تبسم سے راغ اب تک باغ میں تبدیل ہوتے جا رہے ہیں - کبھی قدرت نے مجھے اور کیانی صاحب کو گلگت کے گلگشت میں ہمنوا کر دیا تھا اس کی یاد سدا بہار گلزار بن کر دل کے دیار میں باقی ہے -

کیانی صاحب کی ذہین بیگم صاحبہ ناصرہ صدیقی نے سیاسی اور سماجی میدان میں گرانقدر کام سر انجام دیا ہے -

(۴۳) بدھوں کے زمانے کی لاٹھ - اس کے پاس لفٹیننٹ کرنل ایس - ڈبلیو - ایچ جعفری کھڑے ہیں

لاٹھ پر بودھی حروف میں عبارت کندہ ہے جو فوٹو میں کسی حد تک پڑھی جاتی ہے - یہ لاٹھ بدھوں کے قدیم قصبہ میں ملی تھی جو اس وقت کھنڈرات کی شکل میں ہے اور گلگت کے مضافات کے قصبہ نپورا کے اوپر واقع ہے -

لاٹھ کے ساتھ لفٹیننٹ کرنل ایس - ڈبلیو - ایچ جعفری کھڑے ہیں جو اس علاقے کے میرے قیام گلگت کے دوران میں پاکستان کی افواج کے آفیسر کمانڈنگ تھے - سید صاحب اپنی وجاہت کے لحاظ سے عسکری افسر ہیں مگر حسین خاندانی روایات کے لحاظ سے محبت معارف سے بہرہ ور - وقت بیت جاتا ہے مگر پیت کی ریت کی کلیاں ہمیشہ کھلتی رہتی ہیں -

(۴۴) بابر خان گلگت میں جنگ آزادی کا لیڈر

بابر خان کا تعلق ریاست نگر کے شاہی خاندان سے ہے - اب بابر خاں کپتان ہے - اسوقت ڈوگرہ حکمرانوں کے ماتحت گلگت سکوٹس میں نان کمشنڈ افسر تھا - اس کی ہمت اور ذہانت سے گلگت کی فوج نے ڈوگروں کو بدر کر دیا -

(۴۵) مظفرالدین شاہ - چلاس میں جنگ آزادی کا لیڈر


بابر خان نے اگر گلگت کے قصبہ میں یہ تحریک شروع کی تو مظفر الدین شاہ نے چلاس میں - دونوں کامیاب ہوئے -



مسٹر ایم زیڈ کیانی پولیٹیکل ایجنٹ گلگت اور ان کی ذہین بیگم 'ناصرہ صدیقی'



بابر خان ۔ گلگت میں جنگ
آزادی کا لیڈر ۔



مظفر الدین شاہ ۔ چلاس میں جنگ آزادی
کا لیڈر ۔



بدھوں کے زمانے کی لاٹھ ۔ اس کے پاس لفٹیننٹ کرنل
ایس ڈبلیو ایچ جعفری کھڑے ہیں ۔

(۱۵) ض (۱۶) ط (۱۷) ظ (۱۸) ع (۱۹) غ (۲۰) ف (۲۱) ق (۲۲) ک (۲۳) ل (۲۴) م (۲۵) ن (۲۶) و (۲۷) ہ (۲۸) ی

کل ۲۸ حروف سمجھے جاتے ہیں اور ء ملاکر ۲۹ ہو گئے۔

ان میں سے چند حروف ایسے ہیں جو خالص عربی حروف سمجھے جاتے ہیں۔ چونکہ وہ خالص فارسی کے الفاظ میں واقع نہیں ہوتے یعنی وہ اصوات جو ان حروف کو کانذ پر ظاہر کرتی ہیں۔ فارسی کے کسی ملکی لفظ میں استعمال نہیں کی جاتیں۔

حروفِ عربی یا تازی (۱) ث (۲) ح (۳) ذ (۴) ص (۵) ض (۶) ط (۷) ظ (۸) ع (۹) ق

حرفِ علت و صحیح ان ۲۹ حروف میں تین حروف ایسے ہیں جو بطور حروفِ قائم (یعنی حروفِ صحیح [illegible]) استعمال ہوتے ہیں اور ان کو بطور حروفِ مائع بھی استعمال کیا جاتا ہے (یعنی واول)۔ یہ ہیں۔ و۔ ا۔ ے ان کا نام حروفِ علت رکھا ہوا ہے۔ علت کے معنی عربی میں ہیں بیماری۔ جب عرب بیمار ہوتا ہے تو درد اور نقاہت کی وجہ سے اس کے منہ سے "وائے" کا لفظ نکلتا ہے۔ ان تین حروف کو وائے کی بناء پر حروفِ علت کہا جاتا ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ ان کو بطور واول بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

(۲) حروفِ فارسی یا عجمی مندرجہ بالا عربی ابجد میں ایرانیوں نے اپنی مخصوص آوازوں کو ظاہر کرنے کے لئے چار حروف کا اضافہ کیا۔ ان کو فارسی حروف کہتے ہیں۔ چونکہ یہ صرف ایرانی نژاد خالص فارسی الفاظ میں واقع ہوتے ہیں اور کسی عربی کے لفظ میں ان کو استعمال نہیں کیا جاتا یعنی عرب ان کو اپنی زبان سے کبھی نہیں بولتا۔

(۱) پ (۲) چ (۳) ژ (۴) گ

چونکہ شنا زبان میں فارسی کے الفاظ مروج ہیں۔ اس لئے یہ آوازیں بھی شنا زبان میں بولی جاتی ہیں۔ شنا زبان کو کاغذ پر لکھنے کے لئے ابجد میں ان کو شامل کرنا ضروری ہے۔

(۳) حروف ہندی اس کے بعد ہندی حروف کی باری آتی ہے جو شنا ابجد میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ ان حروف کو نہ تو عربی بولنے والا استعمال کرتا ہے اور نہ فارسی بولنے والا۔ ان دونوں کے گلے سے یہ آوازیں ہی نہیں نکلیں۔ اگر وہ ٹ بولنا چاہے تو وہ ت کی آواز ادا کرے گا۔ ڑ بولنا چاہے تو ر اس کے گلے سے نکلے گی۔

ہندی کے خاص حروف یہ ہیں۔ ٹ(۱) ڑ(۲) ڈ(۳) ے(۴)۔ یائے مجہول

(۴) ہندی حروف باہائے مخلوط ان چار حروف کے علاوہ ہندی کی بارہ آوازیں ایسی ہیں جن میں ہائے مختفی کی آمیزش ہے یعنی حرف اور ہائے مختفی دو الگ الگ آوازیں نہیں ہیں۔ بلکہ ہائے کی آواز حرف کے اندر شامل ہے۔ بولنے میں حرف اور ہائے دونوں کا آمیزہ بنا کر بولا جاتا ہے۔

بھ(۱) پھ(۲) تھ(۳) ٹھ(۴) جھ(۵) چھ(۶) دھ(۷) ڈھ(۸) ڑھ(۹) کھ(۱۰) گھ(۱۱)

(۵) شنا زبان کے مخصوص حروف اب شنا ابجد کے سب سے اہم حروف کی باری آئی۔ یہ حروف صرف شنا میں مستعمل ہیں۔ اور کسی زبان، عربی۔ فارسی۔ اردو میں ان کو استعمال نہیں کیا جاتا۔

ݫ(۱) ڇھ(۲) ې(۳) ݜ(۴) ڗ(۵) ڙ(۶) ڙّ(۷) ڼ(۸)

شنا زبان کے کل حروف ابجد کی تعداد تو اب ہم ان تمام حروف کو جمع کرتے ہیں جو شنا کی ابجد میں موجود ہیں اور جن کو ہم نے صدر میں درج کیا ہے۔

عربی ابجد کے حروف تہجی ۔	تعداد میں	۲۹
فارسی کے خاص حروف ۔	" "	۴
ہندی کے خاص حروف	" "	۴
ہائے مخلوط کے حروف ۔	" "	۱۱
شنا کے خاص حروف ۔	" "	۸
	چھپن عدد —	۵۶

بظاہر یہ خیال ہوتا ہے کہ ایک ابجد میں ۵۶ حروفِ تہجی ہوں تو یہ تعداد بہت بڑی ہے۔ اس لئے اس زبان کی تحصیل بھی مشکل ہوگی۔ مگر اردو جاننے والوں کے لئے یہ مشکل اس لئے آسان ہو جاتی ہے کہ اردو اور شنا خاندان کے لحاظ سے ایک ہیں۔ اور گرائمر کے لحاظ سے قریب ہیں۔ اصوات کے لحاظ سے شنا کی خاص آٹھ آوازیں زائد ہیں۔ شنا زبان کے حروفِ تہجی ایک جدول میں ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

شنا زبان کے قائم حروف (حروفِ تہجی) کانسوننٹ

(۱) مفرد حروف (۴۴ عدد)

ث	ٹ	ت	پ	ب		ا
s̈	ṭ	t	p	b		a
خ	ح		څ	چ		ج
k̇	h		c̈	c̦		j
ذ		ڈ		ڎ		د
ḋ		ḍ		d̈		d
چر	ژ	ز	ڑ	ڙ	ر̄	ر
z̤	z̈	ż	ṛ	r̈	r̄	r
ظ	ط	ض	ص	ڜ	ش	س
t	ị	ṡ	ṣ	ṣ̈	s̈	s
گ	ک	ق	ف		غ	ع
g	k	q	f		ġ	ȧ
ہ	و	ں	ن		م	ل
ḥ	v	ṅ	n		m	l
		ے	ی		ء	
		ay	y		ạ	

(۲) مرکب حروف (۱۲ عدد)

قائم حروف مرکب با ہائے مختفی

ثھ	چھ	جھ	ٹھ	تھ	پھ	بھ
ċh	çh	jh	ṭh	th	ph	bh
گھ	کھ		ڑھ		ڈھ	دھ
gh	kh		ṛh		ḍh	dh

شنا کے خاص قائم حروف کے گرد موٹی لکیر کا چوکٹا بنا دیا گیا ہے۔ تاکہ وہ ممیز ہو جائیں۔
کل حروف کی تعداد ۴۴+۱۲ = ۵۶ عدد

شنا کے اعراب (واول)

کسی زبان میں قائم حروف وہ ہیں جن کو بولتے وقت زبان۔ حلق۔ لب۔ وغیرہ کو حرکت دینی پڑتی ہے۔ مثلاً پ۔ ڈ۔ ل۔ ان کو صدر میں درج کر دیا گیا ہے اور یہ شنا ابجد میں ۵۶ ہیں۔ ان کو کانسونٹ بھی کہتے ہیں۔

کسی زبان کے مائع حروف وہ ہیں جن کو بولتے وقت زبان۔ حلق۔ لب۔ وغیرہ کو ایک خاص مقام اور شکل میں لے آتے ہیں۔ اور ان کو وہیں قائم رکھتے ہیں۔ پھر اندر سے سانس باہر نکالتے ہیں۔ مائع حرف کی آواز پیدا ہوتی ہے۔ ان کو واول بھی کہتے ہیں۔ عربی میں ان کا نام اعراب۔ یا حرکات ہے یہی عربی اعراب فارسی اور اردو میں مروج ہیں۔

دیگر زبانوں مثلاً انگریزی اور ہندی میں واولات کے لئے خاص حروف مقرر ہیں۔ مثلاً

انگریزی کے سادہ واول:- A (اے) E (ای) I (آئی) O (او) U (یُو)

ہندی کے سادہ واول،	اردو مترادف	آخر میں یا بیچ میں شکل جب مختصر لکھا جائے	انگریزی مترادف	سالم شکل	نمبر شمار
الف	ا	لکھا نہیں جاتا۔ فرض کر لیا جاتا ہے کہ موجود ہے	a	अ	(۱)
الف مدا	آ	ा	á	आ	(۲)
زیر	ِ	ि	i	इ	(۳)
یائے معروف	ی	ी	í	ई	(۴)
پیش	ُ	ु	u	उ	(۵)
پیش ماقبل واؤ	ُو	ू	ú	ऊ	(۶)
مستعمل نہیں			ri	ऋ	(۷)
یائے مجہول	ے	े	e	ए	(۸)
ہمزہ یائے معروف	ئ	ै	ai	ऐ	(۹)
واؤ	و	ो	o	ओ	(۱۰)
ہمزہ واؤ	ءو	ौ	au	औ	(۱۱)

ہم نے شنا کے واولات کو اردو کی ترکیب میں تجویز کیا ہے چونکہ ہم شنا کو اردو میں لکھ رہے ہیں۔ اس سے پہلے کہ ہم شنا کے واولات پر بحث کریں۔ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہم اردو کے واولات کا مطالعہ کرلیں۔

اردو کے واول (مفرد واول) ۹ عدد

I	چھوٹے واول	زبر َ	زیر ِ	پیش ُ
II	لمبے واول مجہول	الف ا	یائے مجہول ے	واؤ مجہول و
III	لمبے واول معروف		یائے معروف ِ ی	واؤ معروف ُ و
IV	بہت لمبا واول	الف ممدودہ آ		

تعداد = ۹ مفرد + ۲ مرکب = ۱۱ کل

(مرکب واول)

	ـَـ ی	ـَـ و
مثال	میلا	پکوڑا

اس طرح سے اردو کے کل (۹ مفرد + ۲ مرکب) گیارہ واول ہوئے۔ مگر شنا کے بیس[۲۰] مفرد اور دو[۲] مرکب واول ہیں۔ یعنی کل ۲۲۔

اردو کے واولات کی تشریح

(مفرد واول)

I۔ چھوٹے واول۔ اردو میں تین چھوٹے واول ہیں۔ ان کو حرکاتِ ثلاثہ کہتے ہیں۔ ایک واول کو حرکت کہتے ہیں۔

حرکاتِ ثلاثہ عربوں نے مفرد چھوٹے واولات کا نام حرکاتِ ثلاثہ رکھا ہوا ہے۔ یعنی زبر۔ زیر پیش۔ ثلاثہ کے معنی تین یا تینوں۔ ان حرکات کو لفظ میں حرف کے اوپر یا نیچے لگایا جاتا ہے۔ تاکہ حروف آپس میں ربط پیدا کرکے لفظ کی شکل اختیار کرلیں۔ ایک کو حرکت کہتے ہیں

(۱) زبر (ـَـ) اس کو فتح (فتحہ) بھی کہتے ہیں۔ جس حرف پر فتح ہو اس کو مفتوح کہتے ہیں۔

(۲) زیر (ـِـ) اس کو کسرہ (کسر) بھی کہتے ہیں۔ جس حرف کے نیچے زیر ہوتی ہے اس کو مکسور کہتے ہیں۔

(۳) پیش (ـُـ) اس کو ضمہ (ضم) بھی کہتے ہیں۔ جس حرف پر پیش ہو اس کو مضموم کہتے ہیں۔

متحرک۔ جس حرف پر کوئی حرکت۔ زیر۔ زبر یا پیش موجود ہو اس کو متحرک کہتے ہیں۔ جس حرف پر کوئی حرکت موجود نہ ہو اس کو ساکن کہتے ہیں۔ ساکن کی علامت ہے : ـْ یعنی سیدھی ٹوپی۔ (سکون)

II **لمبے واول** (A) مجہول۔ اردو میں تین چھوٹے واول ہیں۔ یعنی زبر۔ زیر۔ پیش۔ ان کا ذکر اوپر کیا گیا۔ تین لمبے واول ہیں یعنی الف یائے اور واؤ۔ یہی عربوں کے تین حروفِ علت ہیں۔ ان کا بیان صدر میں کردیا گیا ہے۔ (صفحہ ۱۲۷) یہ کانسونینٹ کا کام بھی دیتے ہیں اور یہاں واول کا کام دیتے ہیں۔ اس لئے یہ دو طرح سے عربی املا میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ علت کے معنی بیماری۔ عرب بیمار ہوتا ہے

تو اظہارِ تکلیف کے لئے وائے کہتا ہے۔ اس لئے ان کا نام حروفِ علت رکھا گیا۔

غور سے دیکھا جائے تو لمبے واول حرکاتِ ثلاثہ کی لمبی شکل ہے۔ الف۔ زبر سے (لمبا) بقت رکھتا ہے۔ یائے زیر کی لمبی شکل ہے اور واؤ پیش کو لمبا کرکے بولا جائے تو پیدا ہوتی ہے۔ مگر یہ مجہول آوازیں ہیں۔ یائے مجہول کو اردو میں ہم بڑی یائے (ے) سے لکھتے ہیں اگر آخر میں واقع ہو۔ مثلاً لے گے۔ کرے۔ بیچ میں ہو تو یائے کے دندانہ کے نیچے دو نکتے موجود ہوتے ہیں (یـ) مگر حرفِ ماقبل کوئی حرکت نہیں ہوتی مثلاً لینا۔ تیل۔ بیلن۔

بولنے میں لمبائی غالباً دوگنی کے قریب ہے۔ مثلاً ہم بولتے ہیں کَم (تھوڑا)۔ ک متحرک مفتوح۔ اور پھر کہتے ہیں کام (کام کاج)۔ تو الف اندازاً یوں معلوم ہوتا ہے کہ زبر کی نسبت دوگنی لمبائی کا ہے۔ اسی طرح زیر کی نسبت یائے بولنے میں دگنی لمبائی کی ہے۔ اور پیش کی نسبت واؤ دگنی لمبائی کی ہے۔

III لمبے واول: (B) معروف ہم نے دو مجہول واولات کا صدر میں ذکر کیا۔ اردو میں ان کے مقابلے میں معروف واولات بھی ہیں۔ (a) یائی معروف۔ لفظ کے آخر میں واقع ہو تو اس کو چھوٹی یائی (ی) کی شکل میں لکھتے ہیں۔ مثلاً جی۔ ٹوپی۔ دہلی۔ ج اور پ کو مکسور لکھنا ضروری نہیں۔ چونکہ یائی کی شکل یعنی (چھوٹی یائی) یہ ظاہر کرتی ہے کہ یہ یائی معروف ہے۔ اگر لفظ کے بیچ میں واقع ہو۔ تو دندانہ اور نکتوں (یـ) سے جو حرف پہلے واقع ہوتا ہے (حرفِ ماقبل) اس کے نیچے کسرہ ہوتا ہے۔ مثلاً جِینا۔ رَنگیلا۔ مِسکین۔

IV بہت لمبا واول اردو میں صرف ایک بہت لمبا واول ہے۔ یعنی الف ممدودہ۔ یعنی مدّہ لگایا ہوا یعنی کھینچا ہُوا۔ اس الف کی بولنے میں لمبائی معمولی الف کی لمبائی سے دوگنی سمجھی جاتی ہے۔ لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو یہ ڈیوڑھی یعنی ۱½ گنا۔ لکھنے میں الف ممدودہ کی شکل آ ہے۔ اصل میں کتابت اور ابجد کے عالموں نے اس کو آ لکھا تھا یعنی ایک الف کے اوپر دوسرا الف لیٹا ہُوا اوپر والے الف کو مختصر کرکے آ کیا گیا تو شکل موزوں نظر نہ آئی۔ اس لیئے ہمزے الف کو خوش شکل بنا کر ذرا سا خم دے دیا گیا اور آخری شکل بن گئی "آ"۔ اس کو کہتے ہیں الف اور مدّہ۔ اور سارے کو الف ممدودہ۔

V مرکب واول

اردو میں دو مرکب واول بھی ہیں۔

(۱) ےَ یعنی۔ حرفِ ماقبل پر فتح اور اس کے بعد یائے۔ مثلاً مَیلا۔ بَیل (چارپایہ جانور گائے کا نر) بَیر۔ جَیسا۔

(۲) ےَ و ۔ حرفِ ماقبل پر فتح اور اس کے بعد واؤ۔ مثلاً چَوڑا۔ دَوڑا۔ عَورت۔ نَوکر۔

مفرد اور مرکب واولات کے طریقِ اخراجِ صوت میں فرق

(A) مفرد واول کا طریقِ اخراج

ہم مفرد واول اس طرح سے بولتے ہیں کہ منہ۔ حلق۔ زبان۔ تالو۔ گلے۔ کو ایک خاص مقام پر اور ایک خاص تسبیحی شکل میں لے آتے ہیں۔ پھر اندر سے سانس نکالتے ہیں۔ جب تک اس واول کو بولتے رہتے ہیں۔ منہ۔ حلق۔ زبان۔ تالو۔ گلا۔ اپنے مقام اور شکل میں قائم رہتے ہیں۔ ان میں کوئی حرکت نہیں ہوتی۔ صرف سانس اندر سے باہر نکلتا ہے۔ سانس کے نکلنے سے دہن کے جوف اور گلے کے سوراخ کی مخصوص شکل اس واول کو پیدا کرتی ہے۔ عضلات حرکت نہیں کرتے۔ الف۔ یائے مجہول۔ یائے معروف واؤ مجہول۔ واؤ معروف سب اسی طرح کے واول ہیں۔

اس بات کا صحت سے سمجھ لینا ضروری ہے کہ جب ہم کوئی لفظ بولتے ہیں تو اس میں واول کی آواز صرف وہ حصہ ہوتی ہے جو پہلے کانسوننٹ اور دوسرے کانسوننٹ کے درمیان واقع ہوتی ہے۔ مثلاً لفظ بول کو لیجیے۔ ب کانسوننٹ۔ اس کو جب ہم ادا کر چکتے ہیں تو اس کے بعد واول واؤ۔ واؤ مجہول کو ادا کرنا شروع کرتے ہیں۔ ب کے ادا کرنے میں گلا وغیرہ اور لب حرکت کرتے ہیں۔ اس کے بعد سب ایک مقام اور شکل میں کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اندر سے سانس نکلتا ہے اور واؤ مجہول کی صوت انسان ادا کرتا ہے۔ جب یہ صوت ختم ہو جاتی ہے تو ل بولنے کی باری آتی ہے۔ پھر گلا اور زبان حرکت کرتے ہیں اور ل کو ادا کرتے ہیں۔ ہم نے صرف واول کی آواز کو پیشِ نظر رکھنا ہے۔ ماقبل اور مابعد کی کانسوننٹ آوازوں کو الگ کر دینا ہے۔

جب ہم واؤ کا لفظ زبان سے بولتے ہیں تو ہم واول واؤ مجہول کی صوت ادا نہیں کرتے بلکہ لفظ

واؤ کا تلفظ منہ سے نکالتے ہیں۔ اس لفظ کے تلفظ کا تعلق واول واؤ مجہول کی صوت سے کوئی نہیں۔ یہ تو اس صوت کا نام ہے۔ واول واؤ مجہول کی صوت کو نکالنے کے لئے ہمیں وہ طریقہ اختیار کرنا پڑے گا جو صدر میں لفظ "بول" کی تشریح میں بیان کیا گیا ہے۔ ہم نے صرف واؤ کی صوت کو لینا ہے درمیانی واؤ کی آواز جب ادا کر رہے ہوں تو غور سے سُنیں۔ یہ واؤ مجہول کی آواز ہے۔ اس کو لمبا کریں۔ سانس کو گلے سے باہر نکالتے رہیں۔ گلے کے عضلات۔ زبان وغیرہ کو بالکل حرکت نہ دیں تو واؤ مجہول کی آواز پیدا ہوگی۔ اس سے آپ کے کان آشنا ہو جائیں گے۔ اسی طرح سے واؤ معروف یائے مجہول۔ یائے معروف کی آوازیں گلے سے نکال کر مشق کریں تو کان ان مخصوص آوازوں سے آشنا ہو جائیں گے اور یہ معلوم ہو جائے گا کہ ان میں فرق کیا ہے۔ ان الفاظ کی مثالیں۔ جن میں یہ واولات واقع ہوتے ہیں۔ ہم نے صدر میں لکھ دی ہیں

(B) مرکب واول کا طریقِ اخراج

اب آپ مرکب واول مثلاً میلا۔ چوڑا کا واول بولنے کی کوشش کریں۔ اردو میں صرف دو ہی مرکب واول ہیں ے بیا اور ے و مرکب واول اصل میں دو الگ الگ واول ہیں جو ایک دوسرے کے ہم پہلو واقع ہوئے ہیں۔ جیسے کہ دو کانسونٹ ہو سکتے ہیں اس واول کو بولتے وقت پہلے ہم گلے۔ منہ کے عضلات کو ایک خاص نسبتی مقام پر رکھتے ہیں تاکہ وہ پہلا واول ادا کر سکیں۔ اس کے بعد دوسرا واول بولنا چاہتے ہیں تو گلے منہ کے عضلات کے نسبتی مقام کو بدلتے ہیں تاکہ وہ دوسرا واول بولنے کی شکل کو اختیار کر لیں۔ پھر منہ سے دوسرا واول نکلتا ہے۔ اس کے بعد کانسونٹ بولنے کی باری آتی ہے۔ مثلاً ہم کہتے ہیں بَیل (جانور۔ گائے کا نر) تو پہلے ہم ہونٹوں سے ب کی آواز پیدا کرتے ہیں۔ اس کے بعد فتحہ (ـَـ) نکالنے کے لیئے لبوں کو ذرا سا کھُلا رکھتے ہیں۔ زبان کی نوک کو نچلے دانتوں کی جڑوں کے ساتھ لگا دیتے ہیں۔ دہن کے جوف کو کھول کر سیدھا رکھتے ہیں۔ گلے کے اوپر کے حصے کے عضلات سے ہلکا سا زور لگا کر اَے کی آواز نکالتے ہیں۔ گلا اور دہن کا جوف اس ایک حالت میں قائم رہتا ہے۔ اس کے بعد یائے (بیا) بولنے کی باری آتی ہے تو ہم گلے کے عضلات اور

دہن کے جوف کی حالت کو تبدیل کرتے ہیں تاکہ یہ ببا کی آواز نکالنے کے قابل ہو جائیں۔ جب ہم ببا کی آواز نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تو گلے کے درمیانی حصے کے اگلے عضلات متحرک ہوتے ہیں جو اُن عضلات سے بیچے ہیں جنہوں نے ے کی آواز نکالنے میں حصہ لیا تھا بب کی صورت میں حصہ لینے والے گلے کے عضلات کی جہد خفیف ہوتی ہے۔ دونوں واول ایک دوسرے کے بعد یعنی پیوستہ بولے جاتے ہیں۔ اس کے بعد ل بولنے کی باری آتی ہے۔ ل بولنے کے لیئے ہم زبان کی نوک کو تالو کے اگلے حصّے کے ساتھ دبا کر لگاتے ہیں۔ ہونٹ کُھلے رہتے ہیں۔ صوت کو خارج کرنا شروع کرتے ہیں۔ پھر زبان کو وہاں سے ہٹا کر نیچے لے آتے ہیں اور سیدھا رکھتے ہیں۔ لب جو اب تک کھلے ہوئے تھے ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں۔ اور لام کی آواز مکمل ہو جاتی ہے۔ اس مرکب داول میں فتح اور یائے پہلو بہ پہلو موجود ہیں۔ حقیقت میں مرکب داول بنانے کے لیئے ان دو اصوات کا ادغام ہوتا ہے اور وہ ایک مشترکہ آواز پیدا کرتی ہیں جو ان دونوں کے ملنے سے پیدا ہوتی ہے۔

شنا کے اعراب (۲۰ عدد)

(مفرد واول) — اور — اُن کی مثالیں

		خفیف	کوتاہ	معیاری	طویل
	نسبتی لمبائی	½	½	۱	1½
الف	شنا میں شکل	◌َ٘	◌َ	ا	آ
	انگریزی حرف	a̧	ă	a	ā
	اردو مثال	×	اَب - چَل	کالا - گھوڑا	آم - بال
	شنا مثال	وَ٘تو = آیا رَ٘ہ = کہو کَ٘ھ = کھاؤ نَ٘ = نہیں	اَدا = یہاں اَش = آج اَکی = خود دَنو = انار	کالے = کپڑے کا ٹکڑا پاچو = کپڑا را = راجہ کاکو = بڑا بھائی	آپو = تھوڑا آٹو = کچّا عدآلت = کچہری
یائے مجہول	شنا میں شکل	ے ۂ	ے بَے	آخر میں - ے بیچ میں - یب	ے یبَ
	انگریزی حرف	e̦	ĕ	e	ē
	اردو مثال	×	×	ایک بڑے میرا چلے	×
	شنا مثال	آپنوٗ = یہاں رکتابے = کتاب کی جمع کتابیں	جیک = کیا ریز = مالیہ	نے = نہیں دین = دیتا ہے	پالے = بلتستان رَین = روتا ہے
یائے معروف	شنا میں شکل	◌ِ٘	◌ِ	آخر میں - ی بیچ میں - ◌ِ بب	آخر میں - ی بیچ میں - اِبَا
	انگریزی حرف	i̧	ĭ	i	ī
	اردو مثال	×	اِس - کابِل - ہِلنا	کلی - دینی - ایمان گیلا	×
	شنا مثال	چِ٘مَر = لوہا بِ٘رُوں = چاول	رِس = انہوں نے سِن = دریا	بی = بیس ریشَن = فوج	بَتّی = لمپ کی بتّی نیلی = سبز

آ چی = انار

ترتیز = قطار

		خفیف	کوتاہ	معیاری	طویل
	نسبتی لمبائی	۱/۳	۱/۲	۱	۱ ۱/۲
واؤ مجہول	شنا میں شکل	وٖ	و̱	و	و̄
	انگریزی حرف	o̥	ŏ	o	ō
	اردو مثال	×	×	ادس بولو بوتل تول	×
	شنا مثال	بدُوٖ = بہت ڈَنگوٖ = پاجامہ ژگوٖ = باغ	آنْپیو̱ = آنسو × دَپیٖنو̱ = دائیاں	جَروٹی = خوبانی تول تیو = خمیری روٹی تنُو = بڑا ٹوکرہ	تھوک = کرنا کھوک = کھانا
واؤ معروف	شنا میں شکل	ـُٖـ	ـُـ	ـُـ و	ـُ̄ـ و
	انگریزی حرف	u̥	ŭ	u	ū
	اردو مثال	×	اُس گُل	اُون مُولی پھُول	×
	شنا مثال	چُھک = چپ ہو جاؤ مُک = چہرہ جَکُر = بال تُو = تم اَنُو = یہ	کھُرڑو = لنگڑا یُر = پن چکّی کھُوکُن = مٹر یُک = زیبائش تُس = آپ	جُول = راضی کرنا کھُوئی = اخلاق عادت بُونُو = تونبا	جُوک = درد مُور = مغرب کوُس = حسد تھوُن = ستون

شنا زبان کے اعراب (مفرد واولات) کا جدول (۲۰ عدد)

		خفیف	کوتاہ	معیاری	طویل
(۱)	الف	ےٗ	ے	ا	آ
(۲)	یائے مجہول	بیچ میں: بیٗ — آخر میں: ےٗ	بیچ میں: بیٖ — آخر میں: ےٖ	بیچ میں: بیا — آخر میں: ے	بیچ میں: بیٓ — آخر میں: ےٓ
(۳)	یائے معروف	ےٖ یٖ	ے یٖ	ی ے بیا	ی ے بیٓ
(۴)	واؤ مجہول	وٗ	وٖ	و	وٓ
(۵)	واؤ معروف	ےٗ ےٗ وٗ	ےٗ	ےٗ و	ےٓ وٓ

(مرکب واول) (۲ عدد)

اور اُن کی مثالیں

شنا میں شکل	ے بیا	ے و
انگریزی حرف	ai	au
اردو مثال	بَیل - مَیلا	عَورت - چَوڑا
شنا مثال	شَیے و = سفید	دَو لِوک = جہنم

املا کی علامات

علامات جو حروف پر استعمال کی جاتی ہیں۔

شکل	ْ	ّ	ً ٍ ٌ	ں	^
نام	سکون	تشدید	تنوین	ں نون غنہ	وقف

کتابت کی علامات

جو کتابت میں استعمال کی جاتی ہیں

شکل	۔	،	؟	!	:
نام	وقف کامل	وقف ناقص	استفہام	ندا	بیان
شکل	" "	( )	.....	ــــ	؎
نام	اقتباس	وحدانی	خلا	اسم معرفہ	مصرعہ

اردو کے ہیں ۔ ۹ مفرد + ۲ مرکب = ۱۱ واول کل
شنا کے ہیں ۔ ۲۰ مفرد + ۲ مرکب = ۲۲ واول کل

قائم حروف پر بحث

ابجد میں بعض حروف ایسے ہیں کہ ان کو پہچاننے اور بولنے میں کوئی دقّت پیش نہیں آتی۔ بعض ایسے ہیں کہ وہ شکل میں ایک دوسرے کے متشابہ ہیں یا ان کی اصوات کے مخرج بہت قریب ہیں۔ ان کو ایک دوسرے سے تمیز کرنا ضروری ہے۔ اس لئے ہم ذیل میں صرف ایسے الفاظ کی تشریح کر دیں گے

ب ۔ بائے موحدہ ۔ ایک نقطے والی ب ۔ پ ۔ بائے فارسی ۔ چونکہ یہ صرف فارسی الفاظ میں

مستعمل ہے۔ ت۔ تائے مثناۃ فوقانی۔ مطلب یہ کہ اس کے اوپر دو نقطے ہیں۔ ث۔ تائے مثلثہ، یعنی تین نقطوں والی ت۔ ج۔ جیم تازی یعنی عربی۔ چونکہ اصل عربی زبان میں مروّج ہے۔ چ۔ جیم فارسی چونکہ یہ صرف فارسی میں مروج ہے اور عربی میں استعمال نہیں کیا جاتا۔ ح۔ حائے حُطّی؛ چونکہ یہ ح ابجدی کلمات کے تیسرے کلمہ حُطّی میں واقع ہوتی ہے۔ ق۔ قرشت۔ چونکہ یہ ق ابجدی کلمات کے چھٹے کلمہ قرشت میں واقع ہوتا ہے۔ ک۔ کاف تازی یعنی عربی گ۔ کاف فارسی؛ چونکہ یہ صرف فارسی حروف میں واقع ہوتا ہے۔ اور عربی میں استعمال نہیں کیا جاتا۔ ہ۔ ہائے ہوز چونکہ یہ ہ ابجدی کلمات کے دوسرے کلمہ ہوّز میں واقع ہوتی ہے۔ ی۔ یائے معروف۔ چونکہ اس کا تلفظ معروف ہے لفظ کے درمیان اگر واقع ہو تو اس کے ماقبل حرف کے نیچے زیر ہوتی ہے۔ ے۔ یائے مجہول۔ اس کا تلفظ مجہول کی طرح ہے۔ لفظ کے درمیان واقع ہو تو اس کے حرفِ ماقبل پر کوئی حرکت نہیں ہوتی۔

ابجدی کلمات ہم نے صدر میں ابجدی کلمات کا ذکر کیا ہے۔ ان کو سمجھ لینا بھی ضروری ہے عربوں نے ابجد کے حروف کی قیمتیں مقرر کر دی تھیں اور ان سے حساب کا کام بھی ابتدا میں لیا کرتے تھے۔ ۲۸ حروف کو اس طرح سے ترتیب دیا کہ ا سے لے کر ۱۰۰۰ تک رقوم درجہ وار مقرر ہو گئیں

اَبجد			
ا	ب	ج	د
۱	۲	۳	۴

ہَوّز		
ہ	و	ز
۵	۶	۷

حُطّی		
ح	ط	ی
۸	۹	۱۰

کَلِمَن			
ک	ل	م	ن
۲۰	۳۰	۴۰	۵۰

سَعفَص			
س	ع	ف	ص
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰

قَرشَت			
ق	ر	ش	ت
۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰

ثخذ		
ث	خ	ذ
۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰

ضظغ		
ض	ظ	غ
۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ان ابجدی کلمات کی قیمتوں سے مادہ تاریخ نکالتے ہیں۔ کسی کی پیدائش یا وفات یا مشہور واقعہ کے لئے ایک لفظ یا کئی الفاظ اس طرح کے پیدا کرتے ہیں کہ ان کے حروف کی قیمتیں جمع کر لے سے اس واقعہ کا سن نکل آئے۔ اکثر ان الفاظ کو ایک مصرعہ کی شکل دے دیتے ہیں۔ مثلاً ہندوستان کے بادشاہ فیروز شاہ تغلق کی تاریخِ وفات۔ "وفات فیروز" ہے یعنی ۷۹۰ھ ہجری۔

و	ف	ا	ت		ف	ی	ر	و	ز	
۶	۸۰	۱	۴۰۰		۸۰	۱۰	۲۰۰	۶	۷	= ۷۹۰

بابر کا سنِ وفات اس تاریخ سے نکلتا ہے۔ "ہائے بابر وفات کردہ" = ۹۳۷ھ

ہ	ا	ے	ب	ا	ب	ر	و	ف	ا	ت	ک	ر	د	ہ	
۵	۱	۱۰	۲	۱	۲	۲۰۰	۶	۸۰	۱	۴۰۰	۲۰	۲۰۰	۴	۵	= ۹۳۷


اکبر بادشاہ کی وفات کی تاریخ ہے۔ "فوتِ اکبر شہ" = ۱۰۱۴ ہجری

عربی کے قائم حروف

ہم نے صدر میں دیکھا ہے کہ شامی ابجد میں عربی کی ابجد کے ۲۹ حروف شامل ہیں۔ شامی زبان میں جو عربی، فارسی یا اردو کے حروف شامل ہیں ان کو بولتے وقت ہمیں ان حروف کی اصوات کا استعمال کرنا پڑتا ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ ہم اس بات کو سمجھ لیں کہ ان حروف کے مخارج کون کون سے ہیں۔

یہ بات ظاہر ہے کہ عجمی یا ہندی گلا۔ عربی اصوات کو ان مخارج سے ادا نہیں کرتا جہاں سے عرب کرتا ہے۔ بلکہ اس حرف کی آواز کو آسان کر دیتا ہے۔ مگر اصل صوت کے قریب رہنے کی کوشش کرتا ہے۔ قرآن خوانی کے وقت وہ حتی الامکان پوری کوشش کرتا ہے کہ عربی کے صحیح مخرج سے ان اصوات کو ادا کرے۔ اس لئے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ پہلے ہم ان مخارج کا مطالعہ کریں جو عربی زبان میں صحیح تلفظ ادا کرنے کے لئے ضروری ہیں۔ اگرچہ فارسی اور اردو میں ہم اس صحت اور ادائیگی کی صفائی کو نہ پہنچ سکیں۔ پھر بھی اصل مخرج کا معلوم ہونا ضروری ہے۔ قلیل سا رد و بدل جو ہر گروہ یا ہر فرد اپنے مخصوص حالات کے ماتحت کرتا ہے۔ اس کی کمی بیشی کو ہم بعد میں حسب ضرورت داخل کر سکتے ہیں۔

عرب قاریوں نے اس کا نام "علمِ تجوید" رکھا ہوا ہے۔ قراءت کے معنی پڑھنے کا عمل۔ قرآن مصدر ہے معنی پڑھنا۔ مفعول کے معنوں میں استعمال ہو کر کتاب اور کتاب کلام اللہ کا نام ہو گیا۔ قرآن کو صحیح قراءت سے پڑھنا ضروری ہے۔ اس لئے عربوں نے اس بات کا مطالعہ بڑی صحت اور تحقیق سے کیا کہ فلاں حرف انسان کے آلاتِ صوت کے کس مقام سے خارج ہوتا ہے اس کو معین کیا۔ اس پر بحث کی اور اس علم کا نام۔ "علمِ تجوید" رکھا۔ ہم نے عربی علمِ تجوید کے ایک بزرگ استاد کی کتاب سے مخارج کی بحث کو لیا ہے۔ تاکہ معاملہ اصل عبارت میں ہی صاف ہو جائے۔ مصنف کا نام ہے۔ مُلّا مصطفےٰ قاری۔ کتاب فارسی میں لکھی ہوئی ہے۔ اور اس کا نام ہے۔ رسالہ تحفۃ القراء المعروف تجوید۔ مجھے یہ رسالہ سید حیدر شاہ ساکن ڈمیال گلگت سے ملا، جس نے اسے اصل کتاب سے نقل کیا تھا۔ میں نے اصل فارسی اور اس کا ترجمہ دونوں اس مضمون میں شامل کر دیئے ہیں۔



انسان کے دانتوں کے نام (عربی علم التجوید کے علماء کے مطابق)

تشریح انسان کے دانتوں کے نام (عربی علم التجوید کے علماء کے مطابق)

انسان کے منہ میں کل ۳۲ دانت ہیں۔ ۱۶ اوپر۔ ۱۶ نیچے کے جبڑے میں۔ ۸ نیچے دائیں طرف۔ ۸ نیچے بائیں طرف۔ بالکل سامنے جو منہ کھولنے پر دکھائی دیتے ہیں۔ دو نیچے اور دو اوپر دانت ہیں۔ ان کو ثنایا کہتے ہیں۔ دو اوپر والوں کو ثنایا علیا اور دو نیچے والوں کو ثنایا سفلی۔ کل ۴ عدد۔ ثنایا کے ساتھ پیچھے اسی شکل کا ایک ایک دانت ہے۔ ان کو رباعیات (دوسرا نام۔ قواطع) کہتے ہیں (کل ۴ عدد)۔ رباعیات کے پیچھے ایک ایک دانت اوپر نیچے تیز نوک والا ہے جیسے کتّے کا پھاڑنے والا دانت ہوتا ہے۔ ایک نیچے دائیں ایک نیچے بائیں۔ ایک اوپر دائیں۔ ایک اوپر بائیں۔ یہ سب چار ہوئے۔ ان کو انیاب (دوسرا نام کواسر) کہتے ہیں۔ انیاب کے پیچھے ایک ایک دانت۔ اوپر نیچے دائیں بائیں موجود ہے۔ یہ دانت نسبتاً چوڑا ہے۔ ان کو ضواحک کہتے ہیں۔ ضواحک تعداد میں چار ہیں۔ ضواحک کے پیچھے۔ تین تین دانت نیچے اوپر دائیں بائیں موجود ہیں جو کھانے میں خوراک کو باریک کرتے ہیں۔ ان کا نام طواحن ہے۔ تعداد میں سارے طواحن ۱۲ عدد ہے۔ طواحن کے پیچھے یعنی سب سے آخر میں ایک ایک دانت ہے جو بیس سال کے بعد پیدا ہوتا ہے۔ جب آدمی کی عمر پختہ ہو چکتی ہے اس کو عقل داڑھ کہتے ہیں۔ مگر یہ شکل میں اوپر سے چوڑا نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کا سر نوکدار ہوتا ہے۔ یہ خوراک کو پیسنے میں امداد نہیں دیتا۔ بلکہ فالتو اور تکلیف دہ چیز ہے۔ ان کو نواجذ کہتے ہیں۔ تعداد میں نواجذ ۴ ہیں۔ تین قسم کے دانتوں کو بعض دفعہ ایک گروہ میں شامل کرتے ہیں۔ ضواحک (۴) + طواحن (۱۲) + نواجذ (۴ عدد)۔ کل ۲۰ عدد۔ ان سب کا یعنی دانتوں کے اس گروہ کا نام اضراس یعنی داڑھیں رکھا ہوا ہے۔

اقتباس

از کتاب: "رسالہ تحفۃ القراء المعروف بتجوید" ۔ مؤلف: ملّا مصطفٰی قاری
(نقل از نقل کہ سید حیدر شاہ گلگتی۔ کردہ بود) ۔ سوانح حیات مصنف، باسعی کثیریم، معلوم نشد، الّا اینکہ

بیان مخارج حروف

عربی حروف کے مخارج

بدانکہ مخارج جمع مخرج است و مخرج مکانیرا گویند کہ حرف از آں تولّد کند
اس بات کو جاننا چاہیئے کہ مخارج، لفظ مخرج کی جمع ہے۔ مخرج اس مقام کو کہتے ہیں جہاں سے حرف پیدا ہوتا ہے۔

و حروف تہجی بر وجہ اصح جیست ونہہ است و بنا بر قول اصح مخارج
ان عالموں کے قول کے مطابق جو اس علم کو نہایت صحت کے ساتھ جانتے ہیں۔ حروفِ تہجی کی تعداد انتیس (۲۹) ہے۔ اور انہیں کے قول کے

ہفدہ است اول ابتداء حلق است از جانب قصبہ شُش و آن مخرج ہمزہ
مطابق مخارج کی تعداد سترہ (۱۷) ہے (شکل ملاحظہ ہو صفحہ ۱۴۷ انسان کے آلاتِ صوت)۔ اول مخرج۔ حلق کی ابتدا ہے۔ نیچے کی طرف سے یعنی پھیپھڑے کی نالی کی طرف سے۔ پائینی حلق۔ یہ مقام ہمزہ

و ہاست دوم میان حلق است و آں مخرج عین و حاء مہملہ است
اور ہ کا مخرج ہے۔ دوسرا مخرج۔ درمیانی حلق ہے۔ اور وہ عین اور حائے مہملہ (یعنی غیر منقوط ح) کا مخرج ہے۔


سوم آخر حلق است و آن مخرج غین و خاء معجمہ است۔
تیسرا مخرج۔ بالائی حلق ہے اور وہ غین اور خائے معجمہ (یعنی نقطہ دار خ) کا مخرج ہے۔

و آں شش حرفرا حلقی گویند۔ چہارم اول بیخ زبانست باآنچہ برابر آنست
ان چھ حروف کو حلقی کہتے ہیں۔ چوتھا مخرج۔ زبان کی جڑ ہے۔ اور تالو کے پچھلے حصے

از حنک اعلیٰ و آن مخرج قافست۔ پنجم نیز بیخ زبانست لیکن بعد از مخرج
سے جتنا ٹکڑا زبان کی جڑ کے اوپر واقع ہے۔ یہ قاف کا مخرج ہے۔ پانچواں مخرج۔ یہ بھی زبان کی جڑ ہے۔ لیکن

قاف باندک فاصلہ بآنچہ برابر اوست از کام بالا و آں مخرج کاف است
قاف کے مخرج سے ذرا آگے اور پچھلے تالو کا وہ ٹکڑا جو اس کے اوپر واقع ہے۔ یہ کاف کا مخرج ہے۔

و ایں دو حرف را لھوی گویند و لہات آں گوشت پارچہ ایست کہ از بیخ زبان
ان دو حرفوں کو لھوی کہتے ہیں۔ اور لہات (اردو میں کوّا) گوشت کے اس ٹکڑے کا نام ہے جو زبان کی جڑ کے پاس ہے۔



انسان کے آلاتِ صوت (عربی علم تجوید کے مطابق)

بجانب حلق آویزانست کہ بفارسی آنرا ملازہ گویند
حلق کی جانب لٹکا ہوا ہے۔ فارسی میں اس کو ملازہ کہتے ہیں۔ (اردو میں گلے کا کوا)

امّا قاف را غلصمی گویند و کاف را علکدی و غلصمہ اول لہات را گویند کہ بجانب حلق
لیکن قاف کو غلصمی کہا جاتا ہے اور کاف کو علکدی۔ غلصمہ کوّے کا وہ حصہ ہے جو حلق کی طرف

آویزانست و علکدہ آخر لہات را میگویند کہ بجانب دہن است
یعنی نیچے کی طرف واقع ہے۔ اور علکدہ کوّے کا اوپر کا حصہ ہے جو جوفِ دہن کی طرف واقع ہے۔

ششم۔ میان زبانست بآنچہ برابر اوست از کام بالا و آن مخرج جیم و شین
چھٹا مخرج۔ زبان کا درمیانی حصہ ہے۔ اور تالو کا وہ ٹکڑا جو اس کے مقابل میں اوپر واقع ہے۔ یہ

نقطہ دار و یای غیر مدلیست و آں سہ حرف را شجری گویند و مراد ایں جا کشادگی
جیم اور شین نقطہ دار اور یائے قائم (کانسوننٹ) کا مخرج ہے۔ ان تین حرفوں کو شجری کہتے ہیں۔ شجر سے مطلب شجر الفم

ہونٹوں کو کھلا رکھتے ہیں یعنی منہ کو کشادہ رکھتے ہیں۔ اور ہونٹوں کے درمیان کا سوراخ۔ کچھ گول سا بنا لیتے ہیں۔ جوفِ دہن کو

شجر کی طرح گول سا بناتے ہیں اور اس میں سے لمبی آواز ج یا ش۔ یا یائے قائم کی نکالتے ہیں۔ (ان کا نام بعض کتابوں میں شجری

کی بجائے شجریہ لکھا ہے۔)

دھن است۔ ہفتم۔ اوّل کنارۂ زبانست کہ آنرا حافہ گویند از جانب چپ
ساتواں مخرج۔ زبان کی جڑ کے ساتھ کا زبان کا کنارہ۔ یہاں حافہ سے زبان کی کروٹ مراد ہے خواہ ہم بائیں طرف

سے۔ اس کنارے کو لیں خواہ دائیں طرف سے۔ اس

یا راست بآنچہ برابر اوست از دندانہائے اضراس و آں مخرج ضاد معجمہ است
کے مقابل میں جو پچھلی داڑھیں (تین اوپر تین نیچے پچھلی داڑھیں) ہیں۔ یہ ضاد نقطہ دار کا مخرج ہے۔ زبان کے کنارے کے اس

حصے اور داڑھوں کے بیچ میں سے حرف ضاد خارج ہوتا ہے۔ اضراس ملیا (یعنی اوپر کی داڑھوں) کی جڑ سے حق

خارج ہوتا ہے۔ شکل ملاحظہ ہو۔ بعض کے مطابق بائیں طرف سے ض کا نکالنا آسان ہے۔ دائیں بائیں دونوں طرف سے نکالنا بھی

جاتا ہے۔ مگر ہے مشکل جس کو حافیہ کہتے ہیں۔

و ایں حرف را ضرسی و حافی گفته اند و حافه کناره زباں را گویند و بعضی شجری

اس حرف کو ضرسی (ڈاڑھوں والا) اور حافی (کنارے والا) کہتے ہیں۔ حافہ زبان کے کنارے کو کہتے ہیں۔ اور بعض

میدانند ہشتم آخر پہلوی زبانست باآنچہ برابر اوست از بیخ دندانہای بالا

عالم اس حرف کو شجری مانتے ہیں۔ آٹھوں مخرج۔ زبان کی نوک کا حصہ اور سامنے کے بالائی دانتوں کی جڑ کا جتنا حصہ اس کے مقابل میں ہے

و آں مخرج لام است نہم سر زبانست نزدیک مخرج لام باآنچہ برابر اوست از

یہ لام کا مخرج ہے۔ لام (ل) کے خارج کرنے میں زبان کے اگلے حصے کے ساتھ زبان کا پہلو یعنی اس کی کروٹ بھی کام

کرتے ہیں۔ زبان کا کنارہ تالو کی طرف مائل ہو کر مسوڑے کے اس حصے کے ساتھ ٹکر کھاتا ہے جو رباعی اور ناب اور ضاحک

دانتوں کے نیچے واقع ہے۔ (شکل ملاحظہ ہو) اس آواز کے نکالنے میں خواہ دائیں طرف کے یہ دانت استعمال کئے جائیں یا بائیں طرف

کے۔ دائیں طرف آسان ہے۔ دونوں طرفوں سے بیک وقت نکالنا بھی صحیح ہے مگر مشکل ہے۔

نواں مخرج۔ زبان کی نوک کا اگلا حصہ ہے جو لام کے مخرج سے ذرا آگے۔ مگر اس کے نزدیک ہے۔ اور بالائی دانتوں کی جڑ سے جتنا حصہ نوک زبان کے

اس حصہ کے مقابل میں ہے۔

بیخ دندانہائے بالا و آں مخرج نون است۔ دہم سر زبانست بعد از مخرج نون

اور یہ نون کا مخرج ہے۔ نون کے خارج کرنے میں بھی زبان کا پہلو کام کرتا ہے۔ مگر کم پہلو سامنے کے دانتوں کے مسوڑوں

سے ٹکر کھاتا ہے۔ مگر ضاحک کو اس میں دخل نہیں۔ زبان کا پہلو صرف رباعی اور ناب کیساتھ لگتا ہے۔ دسواں مخرج۔ زبان کی موٹی نوک ہے یعنی سرا

باندک فاصلہ باآنچہ محاذی و لسیت از بیخ دندانہائے بالا و آں مخرج رائے عربی بے نقطہ است

جو نون کے مخرج کے آگے تھوڑے فاصلے پر واقع ہے۔ اس میں وہ حصہ بھی شامل ہے جو بالائی دانتوں کی جڑ میں سے وہاں کے

اس حصہ کے قریب ہے۔ یہ حصہ مخرج ہے۔ عربی بے نقط رائے (یعنی ر) کا۔ ر کے خارج کرنے میں زبان کی پشت کو

بھی دخل ہے۔ زبان کی پشت تالو کے حصہ نطع کے بالکل قریب پہنچ جاتی ہے اور اس میں سے سانس باہر آتا ہے۔

و ایں سہ حرف را لثوی گفته اند و بعضی لثوی و ذلقی میدانند و لثہ گوشت بُن دندا نرا

ان تین حرفوں کو لثوی کہتے ہیں۔ بعض عالم ان کو لثوی اور ذلقی مانتے ہیں۔ دانتوں کی جڑ میں جو

گویند و ذلق کنارہ و تیزی ہر چیز را مینامند یازدہم سر زبانست باآنچہ بیخ دندانہای

گوشت واقع ہے (یعنی مسوڑہ) اس کو لثہ کہتے ہیں۔ اور ذلق نام ہے ہر چیز کے کنارے کا اور تیزی کا۔ چونکہ یہ حروف دہان کے پہلو اور مسوڑے کی امداد سے خارج ہوتے ہیں۔ گیارھواں مخرج

ثنایای علیا و آن مخرج طاء بی نقطه و دال بی نقطه و تاء مثنات فوقانی است

زبان کی نوک کا سرا ہے جو اوپر والے کاٹنے والے دانتوں کی جڑ کے ساتھ مل کر یہ صوت پیدا کرتا ہے یہ مخرج ہے بے نقطہ طائے (ط) کا اور تائے مثنات فوقانی (یعنی ت کا جس کے اوپر دو نقطے ہیں)

وایں سه حرف را نطعی گویند و نطع سقف دهن و شکنهای کام بالا ست

ان تین حرفوں کو نطعی کہتے ہیں۔ نطع جوفِ دہن کی چھت کا وہ حصہ ہے جو مسوڑے کے ساتھ پیچھے اگلے تالو میں واقع ہے اور جس میں شکن شکن پڑے ہوئے ہیں۔

دوازدہم نیز سر زبانست با سرِ دو دندان پیش بالا و آن مخرج ذال و ظاء معجمه

بارھواں مخرج۔ یہ بھی زبان کی نوک کا سرہے۔ جو سامنے کے دو اوپر والے دانتوں (ثنایا علیہ) کے انجام کے ساتھ مل کر یہ صوت پیدا کرتا ہے۔ یہ مخرج ہے ذال نقطہ دار (ذ) اور ظائے نقطہ دار (ظ) کا

و ثاء مثلثه است۔ وایں سه حرف را ذلقی گفته اند و بعضی ذلقی و لثوی

اور ثائے مثلثہ کا (ث، جس کے اوپر تین نقطے ہیں) ان تین حرفوں کو ذلقی کہتے ہیں۔ اور بعض انکو ذلقی اور لثوی مانتے ہیں

میدانند معنی ذلق ولثه مذکور شد۔ سیزدہم سرِ زبانست با سرِ دو دندان ثنایای

ذلق اور لثہ کے معنی ہم نے بیان کر دیئے ہیں۔ تیرھواں مخرج۔ زبان کی نوک کا سرا ہے جو ثنایا سفلی یعنی

سفلے و آں مخرج سین مهمله و صاد مهمله و زای معجمه است وایں سه حرف را اسلے خوانند و اسله باریکی سر

نچلے کاٹنے والے دو دانتوں کے سر کی امداد سے یہ صوت نکالتا ہے۔ اس کام میں ثنایا علیا (اوپر والے سامنے کے دو دانت) کا پیچھے کا سرا بھی ذرا سا امداد دیتا ہے۔ اور یہ مخرج ہے سین مہملہ (بے نقطہ س) اور ص مہملہ (بے نقطہ ص) اور زائی نقطہ دار (ز) کا۔ ان تین حروف کو اسلی کہتے ہیں اور اسلہ

زبانست چهاردهم۔ سرِ دو دندان پیش بالا ست باشکم لب پائیں و آں مخرج فاء است

زبان کی نوک باریک نوک ہے۔ چودھواں مخرج۔ سامنے کے دو اوپر والے دانتوں کا انجام اور نچلے ہونٹ کا شکم۔ یہ فائے (ف) کا مخرج ہے۔

پانزدہم میان دولب است و آں مخرج واو غیر مدّی و بای موحّدہ و میم است امّا بائے از تری لب

پندرھواں مخرج- دو ہونٹوں کے درمیان- یہ واؤ قائم (کانسونینٹ) ایک نقطے والی بائے (ب) اور میم (م) کا مخرج ہے
لیکن بائے، ہونٹوں کے اُس حصے سے خارج ہوتی ہے۔ جو تر ہے۔ اور

خیزد و میم از خشکی لب و در واو لب نیک مقبوض نگردد و این حروف را شفوی گویند

میم دونوں ہونٹوں کے اس حصے سے خارج ہوتا ہے جو خشک ہے۔ واؤ کے بولتے وقت دونوں ہونٹ بالکل بند نہیں ہوتے (بلکہ
کچھ کھلے رہتے ہیں۔) ان حروف کو شفوی کہتے ہیں۔ شَفَۃ کے معنی ہونٹ (اس کی جمع شفاہ) بائے چونکہ ہونٹوں کے اس حصے
سے نکلتی ہے جو تر ہے۔ اس لئے بائے کو بحری کہتے ہیں۔ اور میم چونکہ خشک حصے سے نکلتا ہے اس لئے میم کو بری کہتے ہیں۔

شانزدہم فضای ہوائی دھن است و آن مخرج الف و واو مدّیست و یای مدّیست

سولہواں مخرج- جوفِ دہن سے سانس کا باہر نکلنا۔ اور یہ مخرج ہے۔ الف- واؤ- یائی کا جو مدّی ہوں (یعنی واول)

و ایں سہ حرف را ہوائی و جوفی خوانند- ہفدہم خیشوم است یعنی سوراخ بینی کہ غنہ از وی بیرون آید

ان تین حرفوں کو ہوائی اور جوفی کہتے ہیں (جو جوفِ دہن کے اندر سے پیدا ہوتے ہیں اور منہ بند نہیں کیا جاتا)
سترھواں مخرج- خیشوم (ناک کا پردہ) ہے۔ یعنی ناک کا سوراخ کہ غنہ اس سے برآمد ہوتا ہے۔

و آں مخرج میم و نون است درحالِ اخفا با غنہ یا ادغام با غنّہ مراد از غنہ آواز یستکہ در دماغ پیچیدہ شود

یہ میم اور نون کا مخرج ہے اس حالت میں جب کہ کوئی صوت غنہ میں پوشیدہ ہو۔ یا غنہ سے مل جل ہو تو غنہ سے وہ آواز مراد ہوتی ہے
جو دماغ اور ناک سے پیچ کھا کر نکلتی ہے۔ (فارسی میں دماغ کے معنی ناک کے بھی لیے جاتے ہیں)

بدانکہ آداب و طریقہ در امتحان دانستن مخرج آنستکہ آں حرف را ساکن کُن و ہمزہ مفتوحہ

یہ بات معلوم ہونی چاہیے کہ کسی صوت کے مخرج کے امتحان کرنے کا طریقہ اور سلیقہ یہ ہے اس حرف کو ساکن کیا جائے
اس حرف کے پہلے ہمزہ مفتوحہ (یعنی اَ الف جس پر فتح لگی ہو) لگا دیا جاتا ہے۔

در اول او در آورند و مکرّر بآن حرف تکلّم کنند تا در مخرج خود قرار گیرد مثل اَب و اَت و

پھر اس حرف کو بار بار دہرالتے ہیں۔ حتےکہ اپنے مخرج میں صوت نکالتے وقت وہ حرف قائم ہو جاتا ہے۔ مثلاً اَب۔ اَت

اث علیٰ ہٰذا القیاس الّا حروف مدّ کہ امتحان در ایشان ممکن نیست زیراکہ ایشانرا مخرج مُعیّنی نیست

اُٹ اسی طرح سے اور اس طریق سے حرف کو خارج کرتے ہیں جہاں زبان آگ آخر میں ٹھہر جائے وہی اس حرف کا مخرج ہے۔

سوائے مدّ کے حروف (الف۔ واوؔ یائے۔ جب وہ واو لی ہوں) کے۔ کہ ان کا امتحان کرنا ممکن نہیں ہے۔ چونکہ ان کا کوئی معین مخرج نہیں

ہے (بلکہ وہ جوفِ دہن کو کھول کر خارج کئے جاتے ہیں۔)

باب دوم دربیان صفات حروف بدانکہ صفاتیکہ ضدّیت بایکدیگر دارند دہ اند ہر پنج صفت

دوسرا باب: حروف کی صفات ہیں۔ یہ بات معلوم ہونی چاہیئے کہ وہ صفات جو ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ تعداد میں دس ہیں۔ پانچ صفات

ضدّ پنج صفت دیگر اند ہَمس ضدّ جَہر، شَدید ضدّ رَخوَہ ، اِستِعلا ضدّ اِستِفال

ضد ہیں دیگر پانچ صفات کی۔ ہَمس - ضد ہے جَہر کی۔ شَدید ضد ہے رَخوَہ کی - اِستِعلا ضد ہے اِستِفال کی

اِطباق ضدّ انفتاح اِنذلاق ضد اصمتات ، ہمس در لغت آواز خفی و ضعیف

اِطباق ضد ہے اِنفتاح کی۔ اِنذلاق ضد ہے اصمتات کی ہَمس لغت میں دھیمی اور کمزور آواز کو

را گویند چوں حروفیکہ صفت ہمس دارند در مخرج خود ضعیف مے شوند۔

کہتے ہیں۔ چونکہ وہ حروف جو ہَمس کی صفت رکھتے ہیں وہ اپنے مخرج میں ضعیف ہو جاتے ہیں۔

و آواز در محل تکلم بایشاں ضعیف مے شود و جریان بہم میرساند تا آنکہ در

ان کو بولتے وقت آواز کمزور ہو جاتی ہے۔ اور کمزوری تدریجاً بڑھتی چلی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ

صفت ضعف منقطع میگردد ازیں جہت آں حروف را مہوسہ نامیدہ اند و حروفیکہ

اپنی کمزوری کے سبب ختم ہو جاتی ہے۔ اس سبب سے ان حروف کا نام مہوسہ رکھا ہوا ہے۔

متصف بصفت ہمس اند مجتمع اند در ترکیب فحثہ شخص سکت و باقی حروف ہمہ صفت

وہ حروف جن میں ہَمس کی صفت ہے۔ وہ سب ترکیب کھا کر ان تین لفظوں کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

فحثہ شخص۔ سکت۔ باقی سب حروف میں صفت

جہر دارند

جہر کی ہے

و جہر در لغت آواز بلند را گویند و چوں حروفیکہ صفت جہر دارند در مخرج بلند میشوند
لغت میں بلند آواز کو جہر کہتے ہیں۔ اور چونکہ وہ حروف جن میں جہر کی صفت ہے۔ وہ اپنے مخرج میں بلند

و در محل تکلم بایشاں آواز بلند میشود و بہ بستگی بہم میرسد ازیں جہت ایں حروفرا
ہو جاتے ہیں اور بولتے وقت ان سے بلند آواز پیدا ہوتی ہے۔ اور بستہ ہو کر نکلتی ہے۔ اس سبب سے ان حروف کو

مجہورہ گفتہ اند و حروفیکہ متصف بہ صفت جہر اند نوزدہ اند أ ب ج د ذ ر ز ض
مجہورہ کہتے ہیں۔ اور وہ حروف جن میں جہر کی صفت موجود ہے۔ انیس ۱۹ ہیں۔ أ ب ج د ذ ر ز ض

ط ظ ع غ ق ل م ن و ی، الف، شدیدہ در لغت سختی را گویند
ط ظ ع غ ق ل م ن و ی، الف۔ شدیدہ: لغت میں سختی کو کہتے ہیں۔

حروفیکہ متصف بصفت شدیدہ اند مجتمع اند در ترکیب اجدک قطبت
وہ حروف جن میں شدیدہ صفت موجود ہے، وہ سب اس ترکیب میں جمع ہیں۔ اجدک قطبت

و باقی حروف ہمہ صفت رخوہ دارند رخوہ در لغت سستی را گویند چوں حروفیکہ
اور باقی سب حروف رخوہ کی صفت رکھتے ہیں۔ رخوہ لغت میں سستی کو کہتے ہیں۔ چونکہ وہ حروف

متصف بصفت رخوہ اند بسستی از مخرج خود ادا میشوند ازیں
جن میں رخوہ کی صفت موجود ہے۔ اپنے مخرج سے سستی کے ساتھ ادا ہوتے ہیں۔ اس سبب سے

جہت ایں حروف را رخوہ گفتہ اند و حروفیکہ متصف بصفت رخوہ اند
ان حروف کو رخوہ کہتے ہیں۔ وہ حروف جن میں رخوہ کی صفت موجود ہے۔

بیست و یک حرف اند ث ح خ ذ ر ز س ش ص ض ط ع غ
تعداد میں اکیس ہیں۔ ث ح خ ذ ر ز س ش ص ض ط ع غ

ف ل م ن و ھ ی، الف۔ و اکثر از علمائے قراءت پنج حروف را شدیدہ
ف ل م ن و ہ ی، الف۔ قراءت کے اکثر علماء نے پانچ حروف کو شدیدہ

و رخوہ اخراج کردہ اند زیرا کہ نہ چناں در مخرج خود سخت مے شوند کہ

اور رخوہ سے خارج کر دیا ہے۔ چونکہ وہ اپنے مخرج میں نہ اتنے سخت ہو جاتے ہیں۔ کہ

ازشدیدہ باشند و نہ چناں سست میشوند کہ از رخوہ باشند۔ پس

شدیدہ حروف کے زمرے میں شمار ہوں۔ اور نہ اتنے سست ہو جاتے ہیں کہ رخوہ حروف کے گروہ میں ہوں

ایشانرا میان شدیدہ و رخوہ نامیدہ اند و در وقتیکہ خواہند بیان صفت

پس ان کو شدیدہ اور رخوہ حروف کے درمیان شمار کرتے ہیں۔ (ان کا نام متوسط رکھا ہوا ہے) اور جس وقت کہ حروف کی صفت

حروف کنند۔ نہ نسبت شدیدہ میدہند و نہ برخوہ ایشاں را ما بین

کو بیان کرنا چاہتے ہیں۔ ان حروف کو نہ شدیدہ سے نسبت دیتے ہیں۔ اور نہ رخوہ سے۔ ان کو شدیدہ

شدیدہ و رخوہ مے شمارند و آں پنج حرف مجتمع اند در ترکیب

اور رخوہ کے درمیان شمار کرتے ہیں۔ اور یہ پانچ حروف اس ترکیب میں جمع ہیں۔

لم نرح یعنی لام و میم و نون و را و عین است

لم نرح یعنی لام اور میم اور نون اور را اور عین۔

استعلا در لغت طلب بلندی کردنست و چوں حروفیکہ صفت استعلا دارند

لغت میں استعلا کے معنی ہیں بلندی کی طلب کرنا اور چونکہ جن حروف میں استعلا کی صفت ہوتی ہے

زبان در محل تکلم بایشاں میل بکام بالا مے کند ازیں جہت

ان کو بولتے وقت زبان اوپر کے تالو کی طرف رجوع کرتی ہے۔ اوپر کی طرف اٹھتی ہے جس کے سبب سے یہ حروف موٹے ہو جاتے ہیں۔ اس سبب

ایں حروف را مُستَعلِیَہ نامیدہ اند و حروفیکہ متصف بصفت استعلا اند

ان حروف کو مستعلیہ کہتے ہیں۔ وہ حروف جن میں استعلا کی صفت موجود ہے۔

مجتمع اند در ترکیب خص ضغط قظ و باقی حرف ہمہ صفت استفال دارند

وہ اس ترکیب میں جمع ہیں: خص ضغط۔ قظ و باقی سب حروف میں استفال کی صفت ہے۔

زبان در محل کلام بایشاں میل بکام پائیں مے کند ازیں جہت ایں حروف را

زبان ان کو بولتے وقت جوف دہن کے نچلے حصے کی طرف رجوع کرتی ہے۔ (یعنی اگرچہ پہلے اوپر کو جائے۔ پھر

صوت کی تکمیل کے لئے نیچے کی طرف جاتی ہے، اس سبب سے ان حروف کو

استفلیہ منیامند و حروفیکہ متصف بصفتِ استفال اند بیست[۲۲] و دو حرف اند۔
اِستفلِیَہ کہتے ہیں۔ وہ حروف جن میں استفال کی صفت ہے۔ بائیس[۲۲] ہیں۔

أ ب ت ث ج ح د ذ ر ز س ش ع ف ک ل م ن و ہ ی، الف۔
أ ب ت ث ج ح د ذ ر ز س ش ع ف ک ل م ن و ہ ی۔ الف

اطباق در لغت طبق کردن و پوشانیدن است چوں حرفیکہ صفت اطباق
اطباق۔ لغت میں اطباق کے معنی کسی چیز پر تہ با پرت لگانا، ڈھانپنا۔ چونکہ وہ

دارند زبان در محل تکلم بایشاں کام بالا رامیپوشانند ازیں جہت مطبقہ نامیدہ اند
حروف جن میں اطباق کی صفت ہوتی ہے۔ ان کو بولتے وقت زبان تالو کو ڈھانپ لیتی ہے۔ اس لئے ان

و حروفیکہ صفت اطباق دارند مجتمع اند در ترکیب صضطظ۔ وغیر
کو مطبقہ کہتے ہیں۔ وہ حروف جو اطباق کی صفت رکھتے ہیں۔ اس ترکیب میں جمع ہیں۔ صضطظ۔ ان

ایں چہار حرف ہمہ صفت انفتاح دارند۔ انفتاح در لغت کشودن
چار حروف کے علاوہ باقی سب میں انفتاح کی صفت ہے۔ انفتاح لغت میں

و جدا شدن است چوں حروفیکہ صفت انفتاح دارند زبان در محل تکلم بایشاں ز کام بالا
کھولنے اور جدا ہونے کے معنی رکھتا ہے۔ اور چونکہ جن حروف میں انفتاح کی صفت ہے۔ ان کو بولتے وقت زبان بالائی

جدا میشود ازیں جہت منفتحہ نامیدہ اند و حروفیکہ متصف بصفت انفتاح دارند
تالو سے جدا ہوتی ہے۔ اگرچہ ابتدا میں زبان کی جڑ اوپر کی طرف اٹھے اس لئے ان حروف کو منفتحہ کہتے ہیں وہ حروف جن میں انفتاح کی صفت

بیست و پنج حرفند ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ع غ ف
موجود ہے۔ تعداد میں پچیس ہیں۔ ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ع غ ف

ق ک ل م ن و ہ ی۔ انذلاق در لغت تیزی و سبکی است و
ق ک ل م ن و ہ ی انذلاق۔ لغت میں انذلاق کے معنی تیزی اور ہلکا پن ہے لہ

کنارہ ہرچیزے را نیز ذلق گویند چوں حروفیکہ صفت انذلاق
اور ہر چیز کے کنارے کو بھی ذلق کہتے ہیں۔ چونکہ وہ حروف جن میں انذلاق

دارند بسرعت وتیزی وسبکی از مخرج خود ادا میشود ازاں جہت مذلقہ گفتہ اند
ہوتی ہے وہ اپنے مخرج سے جلدی اور تیزی اور ہلکے پن سے ادا ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کو مذلقہ کہتے ہیں

و حروفیکہ صفت انذلاق دارند مجتمع اند در ترکیب فَرَّ مِنْ لُبٍّ و غیر این
اور وہ حروف جن میں انذلاق کی صفت موجود ہے۔ فَرَّ مِنْ لُبٍّ کی ترکیب میں جمع ہیں۔ اس کے علاوہ

شش حرف ہمہ صفت اصمتات دارند
سارے ۲۳ حرفوں میں اصمات کی صفت ہے۔ (بعض کتابوں میں اصمات لکھا ہے۔ بعض میں اصمتات۔ اس لئے اس
بحث میں دونوں الفاظ ان معنوں میں واقع ہو گئے ہیں۔)

اصمتات در لغت گرانی را گویند۔
اصمتات لغت میں بھاری پن اور سختی کو کہتے ہیں۔

صفت اصمتات دارند گراں وسنگین از مخرج خود ادا مے شود ازیں جہت
حروف جن میں اصمتات کی صفت ہوتی ہے اپنے مخرج سے گراں اور سنگین ادا ہوتے ہیں۔ اس سبب سے

ایں حروف را مصمتہ گفتہ اند و حروفیکہ متصف بصفت اصمتات اند بیست وسہ حرف اند
ان حروف کو مصمتہ کہتے ہیں۔ اور وہ حروف جن میں اصمتات کی صفت موجود ہے تعداد میں تئیس (۲۳) ہیں

أ ت ث ج ح خ د ذ ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک و ہ ی ، الف۔
أ ت ث ج ح خ د ذ ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک و ہ ی ، الف۔

و اگرچہ جہت تمامی عدد بیست و نہ حرف الف نیز در صفات ذکر شدہ امّا استادان
اگرچہ ۲۹ حروف ابجد کا عدد پورا کرنے کے لئے الف کو بھی ان میں شامل کر لیا جاتا ہے۔ لیکن اس فن

ایں فن الف را اخراج کردہ اند و گفتہ اند الف تابع ماقبل خود است۔
کے استادوں نے الف کو اس زمرے سے خارج کر دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ الف اپنے ماقبل کے تابع ہے

وصفاتیکہ ضدّیت با صفات ما تقدم ندارند شش اند اول صفیر دوم قلقلہ
حرف کی وہ صفات جو کہ اپنے پہلے حروف کی صفات کے مخالف نہیں ہیں۔ تعداد میں چھ ہیں۔ اول صفیر دوم قلقلہ

سویم تفشی چہارم لین پنجم انحراف ششم استطالہ
سوم تفشی۔ چہارم لین۔ پنجم انحراف۔ ششم استطالہ

صفیر در لغت آواز پرندگانست کہ مراد صفیر گنجشک باشد و مقصد اینجا صوت
صفیر کے معنی لغت میں پرندوں کی آواز ہے۔ یہاں مراد چڑیا کی آواز ہے (جو سیٹی کی طرح ہوتی ہے)

ضعیفی است کہ از بیخ دندانہا بیروں آید و آں مخصوص صاد و سین و زاست
یہاں مطلب ضعیف آواز ہے۔ جو دانتوں کی جڑ سے نکلتی ہے۔ اور یہ مخصوص ہے ص۔ سین۔ ز کے لئے

قلقلہ در لغت جنبیدن و حرکت دادنست و مراد اینجا حرکت حرفی است در مخرج خود
قلقلہ لغت میں جنبش دینے اور ہلانے کو کہتے ہیں اور یہاں مراد یہ ہے کہ جن حروف میں یہ صفت ہوتی ہے ان کو ادا کرتے وقت ان کے مخرج میں حرکت پیدا ہوتی ہے (یعنی ادا کرتے وقت انسان کے آلات صوت حرکت میں آتے ہیں)

تفشی در لغت افشا کردن و منتشر کردن است و مراد ایں جا منتشر و پراگندہ
تفشی کے معنی لغت میں ظاہر کرنا اور منتشر کرنا ہے۔ یہاں پر مطلب ہے۔ کسی حرف کا جس میں

گردانیدن حرفی است در مخرج خود کہ متصف بایں بصفت است و خاصہ شین است و بس
یہ صفت موجود ہو۔ اس کے مخرج ہیں منتشر اور پراگندہ کرنا۔ یہ صفت صرف شین کے ساتھ مخصوص ہے اور کسی حرف میں نہیں

لین در لغت معنیٔ نرمی است و مقصد ایں جا بنرمی ادا کردن حرفی است از مخرج خود
لین۔ لغت میں لین کے معنی نرمی کے ہیں۔ یہاں مقصد یہ ہے کہ کسی حرف کو جس

کہ متصف بایں صفت باشند و آں مخصوص واو و یای ساکنین مسبوق بفتحہ است
میں یہ صفت موجود ہو اس کے مخرج سے نرمی کے ساتھ ادا کرنا۔ یہ امر مخصوص ہے۔ واؤ اور یائی کے ساتھ جب یہ ساکن ہوں اور ان سے پہلے حرف پر فتح ہو۔

(مثلاً مَولےٰ۔ دَور۔ گوہر۔ نَیل۔ نَے۔ قَیصر)

انحراف در لغت منحرف شدن و گردیدن است و مراد اینجا منحرف شدن و برگشتن
انحراف۔ لغت میں اس کے معنی پھرنے یا بدلنے کے ہیں۔ یہاں مراد یہ ہے کہ وہ حرف جس میں یہ صفت موجود ہو

حرفی است از مخرج کہ متصف باین صفت باشد و آن خاصہ لام و را است
اپنے مخرج سے بدل کر کوئی دوسرا مخرج اختیار کر لیتا ہے۔ یہ امر مخصوص ہے لام اور رائے کے ساتھ۔

مطلب اس کا یہ ہے کہ بعض الفاظ کے نفس میں ل موجود ہے۔ جب اس کو کم تعلیم یافتہ یا نا تربیت یافتہ آدمی گلے سے ادا کرتا ہے تو ل اپنا مخرج بدل لیتا ہے اور ر کی جگہ سے ادا ہوتا ہے (ہندی میں اس عمل کو ساندھی کہتے ہیں) اسی طرح سے ر کی بجائے بولنے والا ل کا حرف ادا کرتا ہے۔ بروک پا = بلوک پا۔ معنی وہی رہے۔ بچوں کے منہ میں اکثر یہ تبدیلی ہو جاتی ہے۔ بدلی (چھوٹا بادل) کو بدری کہہ دیتے ہیں۔

استطالہ۔ در لغت طلب درازی کردنست و مراد اینجا دراز شدن حرفی است
استطالہ۔ لغت میں اس کے معنی ہیں زیادہ لمبا ہونے کی طرف رجوع کرنا۔ یہاں مراد ہے۔ کسی حرف کا اپنے

از مخرج خود کہ متصف باین صفت باشد و آں خاصہ ضاد است و بس۔ چنانکہ
مخرج میں لمبا ہو جانا۔ اگر اس حرف میں یہ صفت موجود ہو۔ یہ امر مخصوص ہے ضاد کے لئے اور بس کسی اور میں نہیں۔ چنانچہ

گفتہ اند بمرتبۂ دراز میشود در مخرج خود کہ بمخرج لام میرسد بدانکہ ہر حرفی
علماء کہتے ہیں کہ یہ حرف ضاد (ض) اپنے مخرج میں اتنا دراز ہو جاتا ہے کہ لام کے مخرج تک جا پہنچتا ہے۔ اس بات

از حروف تہجی را پنج صفت است و بعض را زیاد بر پنج نیز ہست
کو جاننا چاہیئے کہ حروف تہجی میں سے ہر حروف کی پانچ صفات ہیں۔ اور بعض کی پانچ سے زیادہ بھی ہیں۔

چنانکہ مذکور میگردد۔ ہمزہ را پنج صفت است: جہر شدت
جس طرح سے کہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ ہمزہ کی پانچ صفات ہیں۔ جہر۔ شدت

استفال انفتاح انزلاق قلقلہ۔ تا را پنج صفت است ہمس
استفال انفتاح انزلاق قلقلہ ت۔ کی پانچ صفات ہیں۔ ہمس۔

شدت استفال انفتاح اصمتات۔ ثا را پنج صفت است ہمس

شدت استفلال انفتاح اصمتات ث کی پانچ صفات ہیں۔ ہمس

رخوه استفلال انفتاح اصمتات۔ جیم راشش صفت است

رخوہ۔ استفلال انفتاح اصمتات۔ ج کی چھ صفات ہیں۔

جهر شدت استفال انفتاح اصمتات۔ خاء را پنج صفتست۔

جہر۔ شدت استفال انفتاح اصمتات۔ خ کی پانچ صفات ہیں۔

همس رخوه استعلا انفتاح اصمتات۔ دال راشش صفتست

ہمس رخوہ استعلا انفتاح اصمتات دال کی چھ صفات ہیں۔

جهر شدت استفال انفتاح اصمتات۔ قلقله۔ ذال را پنج صفتست

جہر شدت استفال انفتاح اصمتات قلقلہ ذ کی پانچ صفات ہیں

جهر رخوه استفال انفتاح اصمتات رآ راشش صفت است جهر

جہر رخوہ استفال انفتاح اصمتات۔ را کی چھ صفات ہیں۔ جہر

بین الشدّه والرّخاوه استفال انفتاح اندلاق انحراف۔

شدید اور رخوہ کے درمیان استفال انفتاح انذلاق انحراف

زآ راشش صفتست جهر رخوه استفال انفتاح اصمتات صفیر۔ شین

ز کی چھ صفات ہیں۔ جہر رخوہ استفال انفتاح اصمتات صفیر۔ ش کی

راشش صفتست همس رخوه استفال انفتاح اصمتات۔ تفشی۔

چھ صفات ہیں۔ ہمس رخوہ استفال انفتاح اصمتات تفشی۔

صاد راشش صفتست۔ همس رخوه استعلا اطباق اصمتات صفیر۔

ص کی چھ صفات ہیں۔ ہمس رخوہ استعلا اطباق اصمتات صفیر۔

ضاد راشش صفتست جهر رخوه استعلا اصمتات استطاله اطباق

ض کی چھ صفات ہیں جہر رخوہ استعلا اصمتات استطالہ اطباق

طا را شش صفت است جہر شدت استعلا اطباق اصمات قلقلہ-
ط کی چھ صفات ہیں - جہر - شدت - استعلا اطباق اصمات قلقلہ

ظا را پنج صفت است جہر رخوہ استعلا اطباق اصمات- عین را پنج صفت است
ظ کی پانچ صفات ہیں- جہر - رخوہ - استعلا - اطباق - اصمات - ع کی پانچ صفات ہیں

جہر- مابین الشدہ والرخاوۃ استفال انفتاح اصمات- غین را پنج صفت است
جہر- شدت اور رخوہ کے درمیان استفال انفتاح ت. غین کی پانچ صفات ہیں

جہر رخوہ استعلا انفتاح اصمات فا را پنج صفت است ہمس رخوہ
جہر- رخوہ- استعلا- انفتاح- اصمات- اصمات کو دونوں طرح سے لکھا گیا ہے- اصمات اور اصمات- ف کی پانچ صفات ہیں- ہمس - رخوہ .

استفال انفتاح اندلاق- قاف را شش صفت است جہر شدت
استفال انفتاح اندلاق ق کی چھ صفات ہیں- جہر . شدت

استعلا انفتاح اصمات قلقلہ - کاف را پنج صفت است ہمس شدت استفال
استعلا انفتاح اصمات قلقلہ ک کی پانچ صفات ہیں- ہمس- شدت- استفال-

انفتاح اصمات- لام را شش صفت است جہر مابین الشدہ والرخاوہ
انفتاح ل کی چھ صفات ہیں- جہر- شدت اور رخوہ کے درمیان

استفال انفتاح اندلاق انحراف- میم را پنج صفت است جہر مابین الشدہ
استفال انفتاح اندلاق انحراف م کی پانچ صفات ہیں- جہر- شدت اور

والرخاوہ استفال انفتاح اندلاق- نون را پنج صفت است جہر مابین الشدہ والرخاوہ
رخوہ کے درمیان- استفال انفتاح اندلاق ن کی پانچ صفات ہیں- جہر- شدت اور رخوہ کے درمیان

استفال انفتاح اندلاق - واو را شش صفت است-
استفال انفتاح اندلاق و کی چھ صفات ہیں

جہر رخوہ استفال انفتاح اصمات لین- ہا را پنج صفت است

جہر رخوہ استفال انفتاح۔ اصمات لین — ھ کی پانچ صفات ہیں۔

ہمس رخوہ استفال انفتاح اصمات :۔ یائی را شش صفت است

ہمس رخوہ استفال انفتاح اصمات ی کی چھ صفات ہیں

جہر رخوہ استفال انفتاح اصمات لین۔ الف را پنج صفتست

جہر رخوہ استفال انفتاح اصمات لین الف کی پانچ صفات ہیں۔

جہر رخوہ استفال انفتاح اصمات تَمَّتْ

جہر رخوہ استفال انفتاح اصمات

ہندی حروف کے مخارج

اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہندی ابجد کا بھی سرسری جائزہ لے لیں۔ شنا کی بنیاد سنسکرت کے حروف ہیں۔ مرورِ زمانہ کے ساتھ انہوں نے اپنی آوازیں بدل لیں۔ دیگر الفاظ کے اس ذخیرہ الفاظ میں شامل ہونے کے سبب تبدیلیاں وقوع پذیر ہو گئیں مگر اصل ماخذ چونکہ ویدک زبان کی ایک شاخ ہے اس لئے سنسکرت کے ابجدی حروف اور ان کی اصوات کا مطالعہ کرنا سودمند ہوگا۔ ہمیں کم از کم یہ تو معلوم ہو جائے گا کہ شنا زبان کی فراست کی بنیادی روش کس نہج پر ہے۔ اس کے حروف جب آپس میں مل کر الفاظ بناتے ہیں تو ان کو کون سی شکل اختیار کرنی چاہیئے۔ جب فقرے میں آکر افعال اور ضمائر کے زیر اثر پلٹا کھا کر اپنے پہلو بدلتے ہیں تو ان کی نئی شکلیں کیا بن جاتی ہیں۔ کہاں کہاں یہ اپنے جوڑ چھوڑ کر سادہ ہو جاتے ہیں اور کہاں کہاں اپنے مرکزی عنصر کو قائم رکھتے ہیں اس طرح سے نئے الفاظ کے تعمیر کرنے یا نئے الفاظ کی مکمل شکل کو سمجھنے میں ہمیں امداد ملے گی۔ ہمارے لئے یہ معلوم کرنا آسان ہوگا کہ کون سے مادے کو گرامر کے کن اصولوں کے ماتحت جوڑ کر یہ لفظ تیار کیا گیا ہے۔

ہم دورِ جدید کی شنا پر بحث کر رہے ہیں۔ اس شنا پر نہیں جو مسیح سے پانچ سو سال قبل بولی جاتی تھی۔ یا اس کے بعد مختلف لسانی ادوار میں شنا وطن میں بولی جاتی رہی۔ اس لئے

ہم نے یہی بہتر سمجھا کہ شنا کی بناوٹ اور لسانی تغیّرات کو سمجھنے کے لئے ہم سنسکرت کو پیش نظر نہ رکھیں بلکہ موجودہ ہندی کو۔ موجودہ ہندی قدیم سنسکرت کی سب سے نمایاں شاخ ہے۔ اس میں بھی اسی طرح کی تبدیلیاں ہو تی رہی ہیں جیسا کہ شنا میں مگر بنیاد اس کی بھی سنسکرت زبان ہے۔ اس لیئے ہندی پر بحث کرنے سے شنا زبان کی تبدیلیوں کا نقشہ زیادہ واضح صورت میں ہمارے سامنے آجائے گا۔ اور سنسکرت پر بحث تو بنیادی زبان ہونے کے سبب از خود ہو جائے گی۔

ہندی کے کانسوننٹ یعنی قائم حروف

ङ	घ	ग	ख	क	GUTTURALS.	حلقی حروف (جو حلق سے نکلتے ہیں)	١
ña	gha	ga	Kha	Ka			
آنگا	گھ	گ	کھ	ک			
ञ	झ	ज	छ	च	PALATALS.	تالوی حروف (جو تالو سے نکلتے ہیں)	٢
ṅa	Jha	Ja	chha	cha			
یاآن	جھ	ج	چھ	چ			
ण	ढ	ड	ठ	ट	CEREBRALS.	نطعی حروف اگلے دانتوں کے ساتھ لگا ہوا تالو کا حصہ نطع۔ اس سے نکلتے ہیں	٣
ṇa	ḍha	ḍa	ṭha	ṭa			
ڑآن	ڈھا	ڈ	ٹھ	ٹ			
न	ध	द	थ	त	DENTALS.	ثنائی حروف (جو دانتوں سے نکلتے ہیں)	٤
na	dha	da	tha	ta			
ن	دھ	د	تھ	ت			
म	भ	ब	फ	प	LABIALS.	شفوی حروف (جو ہونٹوں سے نکلتے ہیں)	٥
ma	bha	ba	pha	pa			
م	بھ	ب	پھ	پ			
	व	ल	र	य	SEMIVOWELS.	نیم واول	٦
	va	la	ra	ya			
	و	ل	ر	ی			

		स	ष	श	SIBILANTS.	جو ہس ہس کی آواز پیدا کرتے ہیں	۷
		Sa	Sha	Sha			
		س	ش	ش			
				ह	ASPIRATE.	جن کے پیدا کرنے میں سانس تدریجاً اندر نہیں کھینچا جاتا جیسا کہ دوسرے تمام حروف میں بلکہ باہر کو فوراً خارج کیا جاتا ہے۔	۸
				ha			
				ح۔ اصل میں ہ			

ان حروف کے علاوہ سنسکرت میں تین کانسوننٹ موجود ہیں جو ہندی میں استعمال نہیں کیے جاتے۔

ऋ (ri - رِی)- ॠ (ri - رِی)- ऌ (Lri - لرِی)- ॡ (lri - لرِیٓ)-

اردو میں یہ آوازیں استعمال نہیں کی جاتیں۔ ان کے لئے ابجد میں کوئی حرف بھی موجود نہیں اس لیے ان کا مترادف اردو میں لکھنا ممکن نہیں۔ ویدک سنسکرت میں ان تین آوازوں کے علاوہ ایک اور بھی آواز تھی ळ (ḷa - لا)۔ مرہٹی میں اب تک یہ مروّج ہے۔ پنجابی اور گجراتی میں بھی کبھی کبھی اس کو اب تک استعمال کرتے ہیں مگر اسے لکھا اور شکل میں جاتا ہے

ہندی میں یہ فرض کیا جاتا ہے کہ ہر کانسوننٹ کے ساتھ پیچھے ایک چھوٹا داول الف (a) لگا ہوا ہے۔ اس کو اردو میں زبر کہہ لیں تو درست ہے۔ مگر اس لیے زبر کے لئے الگ کوئی نشان ہندی میں نہیں۔ مثلاً چَل لکھنا ہو تو चल اور چال لکھنا ہو تو चाल لکھتے ہیں حروف کو ہندی میں اَچھر کہتے ہیں achchhar अच्छर آج کل اس کو بگاڑ کر اس کا نام اکشر अक्षर رکھا ہوا ہے۔ جب لفظ کے آخر میں کانسوننٹ واقع ہوتا ہے تو اس کانسوننٹ میں زبر مضمر ہوتی ہے۔ بعض دفعہ اس کو بولا بھی جاتا ہے۔ مثلاً رام لکھا تو राम جائے گا۔ مگر مشرقی بولیوں میں مثلاً بنگالی اوڑیا میں جب اسے پڑھیں گے تو آخری زبر بھی ساتھ ملا دیں گے رامَ

اردو میں آخری حرف ساکن ہوتا ہے اور اس لئے اکثر اردو نویس جب اس طرح کا تلفظ کرنا منظور ہو تو راما لکھ دیتے ہیں۔ اس شکل کو رفع کرنے کے لئے ایک اور نشان ایجاد کیا گیا ् زیادہ وضاحت کے لئے جدید ہندی میں جب رام لکھنا ہو تو ہم राम لکھیں گے اور جب آخری زبر کا اظہار کرنا ہو تو ہم राम् لکھیں گے۔ رامؔ

ہندی کے واول

شروع میں	درمیان یا آخر میں	شروع میں	درمیان یا آخر میں	شروع میں	درمیان یا آخر میں	شروع میں	درمیان یا آخر میں	شروع میں	درمیان یا آخر میں	شروع میں	درمیان یا آخر میں
अ	[illegible] ا	आ	ा	इ	ि	ई	ी	उ	ु	ऊ	ू
a		á		i		í		u		ú	
الف		آ- الف مدا		ـِ زیر		یائے معروف	ی-	ـُ پیش		وُ- واؤ پیش	
ऋ	ृ	ए	े	ऐ	ै	ओ	ो	औ	ौ		
ri		e		ai		o		au			
اردو میں مستعمل نہیں ری		ے- یائے مجہول		ئی- ہمزہ یائے معروف		و- واؤ		ئو- ہمزہ واؤ			

ہندی میں ہر حرف میں ـَ یا چھوٹا الف مضمر ہے۔ اس لئے اس حرف کے لئے کوئی شکل نہیں بنائی گئی البتہ شروع میں جب ا واقع ہو تو اس کا لکھنا ضروری ہے۔ اناج अनाज اور آج لکھنا ہو تو لمبا الف استعمال کریں گے۔ آج आज۔ اسی طرح سے جب واول شروع میں واقع ہو تو مندرجہ صدر پہلی شکل استعمال کی جاتی ہے۔ جیسے۔ اُن उन۔ جب لفظ کے ٹکڑے (SYLLABLE) کے شروع میں واقع ہو تو بھی واول کی مختصر شکل استعمال نہیں کی جاتی بلکہ پوری شکل مثلاً گاؤ गाउ۔ دائی दाई۔ بعض واول کسی کانسوننٹ کو اپنی آواز بخشتے ہیں اس کانسوننٹ سے کچھ واول پہلے لکھے جاتے ہیں۔ کچھ بعد میں۔ کچھ اوپر۔ کچھ نیچے۔

واول. جو بعد میں لکھے جاتے ہیں۔

واول	مثال	واول	مثال	واول	مثال	واول	مثال
ा	का	ी	की	ो	को	ौ	कौल
á	Ká	i	Ki	o	Ko	au	Kaul
الف	کا	ی	کی	و	کو	ـُو	کئول

واول جو پہلے لکھے جاتے ہیں:-

واول	مثال
ि	गिन
i	gin
ـِ	گِن

واول جو اوپر لکھے جاتے ہیں:-

واول	مثال	واول	مثال
े	बेल	ै	कै
e	bel	ai	Kai
ـے	بیل (نباتات)		کئی

واول جو نیچے لکھے جاتے ہیں:

واول	مثال	واول	مثال	واول	مثال
ु	तुम	ू	दूर	ृ	शृ
u	tum	ú	dúr	ri	Shri
ـُ	تُم	ـُو	دُور	رِی	شری

عربی ہندی شنا مخارج کا مقابلہ

سنسکرت کے الفاظ میں ایک کیفیت کا یاد رکھنا ضروری ہے۔ جب الفاظ حروف سے بنتے ہیں تو بعض الفاظ میں حروف کے درمیان زبر موجود ہوتی ہے یعنی چونکہ زبر ہر حرف کے بعد مضمر ہے اسی لئے وہ بولی جاتی ہے مثلاً کرتا لکھنا ہو تو ہم करता (Karta) لکھیں گے اور جب یہ कर्ता لکھا ہو تو اس کو (KARttā) کرتّا پڑھیں گے یعنی ان دو حروف کے درمیان کوئی حرکت موجود نہیں یہ دونوں کے بغیر ہی آپس میں جڑے ہوتے ہیں सत سَت ہے یا سَتا کہہ لیجئے گا sata۔ مگر स्त شتا ہے۔ س اور ت آپس میں جڑے ہوئے sta۔ سنسکرت کے الفاظ میں یہ شکل اکثر واقع ہوتی ہے۔ ان کا تلفظ ہی اس طرح کا ہے اس لئے ان کو کاغذ پر ظاہر کرنے کے لئے اس طرح کے جوڑواں الفاظ بنانے کی ضرورت ہوئی۔ پشتو میں بھی ایسے الفاظ موجود ہیں۔ شنا میں بھی ہیں۔ اس لئے اس امر کی تشریح کر دینا یہاں ضروری ہو گیا۔ البتہ ہندی اور اردو بولنے اور لکھنے والے اس عادت کو چھوڑ رہے ہیں۔ چونکہ تلفظ میں دشواری ہوتی ہے وہ کوشش یہ کرتے ہیں کہ جہاں کہیں ضرورت ہو لفظ کے بیچ میں اعراب لگا دیئے جائیں اور لفظ کا تلفظ آسان کر دیا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ سنسکرت یعنی شدھ ہندی کے الفاظ کو صحیح طور پر تلفظ کرنے کے لئے اردو ابجد میں کافی آلات موجود نہیں۔ چونکہ عربی فارسی ابجد کی اساس مختلف اصوات پر مبنی ہے اور سنسکرت کی اصوات لکھنے کی اردو میں ضرورت نہیں ہوتی۔ ہم نے ہندی یعنی سنسکرت کے قائم حروف کو اردو کے حروف کا مترادف قرار دے دیا ہے اور قاری نے یہ سمجھ لیا ہوگا کہ म کی وہی آواز ہے جو م کی ہے۔ مگر یہ درست نہیں۔ آلات صوت میں سے ہندی بولنے والے ایک کانسوننٹ کو مختلف مقام سے ادا کرتا ہے۔ بمقابلہ اس مخرج کے جہاں سے اردو بولنے والا اس کے مترادف حرف کو خارج کرتا ہے۔ گویا ہندی بولتے وقت اصوات کچھ مختلف ہوتی ہیں اور اردو بولتے وقت مختلف۔ ملتی جلتی ضرور ہیں مگر سو فیصدی منطبق نہیں ہوتیں۔ یہی صورت شنا

زبان کی ہے۔ ہم اس کو اردو میں لکھتے ہیں۔ مگر ابجد کا ہر حرف جو اردو میں لکھا ہوا ہے بالکل وہی آواز نہیں دیتا۔ جو یہ اردو اہل زبان کے منہ میں دیتا ہے۔ اس میں فرق رہتا ہے اس کا سبب شنا بولنے والوں کی نسل۔ ان کی خوراک۔ اس وطن کی آب و ہوا۔ ان کے گلے کی بناوٹ

ہندی میں عربی فارسی کے حروف کی کتابت

اردو کے بہت سے الفاظ ہندی میں شامل ہو گئے ہیں۔ یہ الفاظ عربی اور فارسی اصل سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان الفاظ کی صحیح کتابت کرنے کے لئے ہندی کے عالموں نے چند نشانات یا اعراب مقرر کئے ہیں۔ ع ہر جگہ مشکل پیدا کرتا ہے چونکہ یہ اَ کی طرح سے بولا جاتا ہے۔ ہندی میں اگر کسی واول کے نیچے نقطہ لگا دیا جائے تو اس کا یہ مطلب ہے کہ اس واول سے پہلے عین کا حرف موجود ہے اور یہ واول اس کے ساتھ چپکا ہوا ہے۔ مثلاً سعید لکھنا ہو تو सइ़द لکھیں گے (اِی इ़ کے نیچے نقطہ ہے) لیکن جب لفظ کا پہلا حرف عین ہو अ़ لکھ کر اس کے نیچے نقطہ بنا دیتے ہیں۔ अ़ عقل۔ अ़क़ल ۔ دیگر حروف کے یہ مترادف مقرر کئے گئے ہیں۔

क़ = ق	ज़ = ظ۔ ض۔ ژ۔ ذ۔ ز	ہندی بولنے والا ان سب کا تلفظ ایک ہی طرح کرتا ہے۔
त़ = ط	ह़ = ح	स़ = ص۔ ث
ग़ = غ	फ़ = ف	ہائے مختفی (ہ) = ः

اس تعلق میں اردو کے باقی حروف کے مترادفات بھی یہاں لکھ دیئے جائیں تو بہتر معلوم ہوتا ہے۔

(۱) ت اور ط کا تلفظ ایک ہی طرح سے کیا جاتا ہے اور ان کو त سے لکھا جاتا ہے۔

طلب۔ तलब تکرار तकरार

(۲) تین سیٹی دار حروف: س، ص، ث کا تلفظ ایک ہی طرح کیا جاتا ہے۔ اور ان سب کو स سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ ثابت साबित ۔ سوار सवार صورت सूरत

ہندی لکھنے میں ش کی آواز بھی اکثر س میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ شروع = शुरू کہنے کی

یل (خون)، ہم یائے مجہول کی صوت تو پیدا کریں گے مگر بولیں گے اس کو صرف ½ لمبائی کا اور وے (لاؤ) میں یائے مجہول خفیف ہے تو یہ یائے مجہول بہت مختصر سی ½ لمبائی کی ہوگی۔ اردو میں ایسے الفاظ تو موجود ہیں جن میں یائے مجہول طویل اور یائے مجہول معیاری مستعمل ہیں۔ مگر ایسے الفاظ موجود نہیں جن میں یائے مجہول کوتاہ یا یائے مجہول خفیف استعمال کی جائے۔ یعنی کوئی مثال ہی موجود نہیں۔ مگر شنا میں یہ واولات مستعمل ہیں اور مثالیں موجود ہیں۔

یائے معروف صرف معیاری لمبائی کی اور کوتاہ لمبائی کی اردو میں مروّج ہے۔ معیاری لمبائی کی یائے معروف کو اردو میں ی سے تعبیر کرتے ہیں۔ اگر وہ لفظ کے آخر میں واقع ہو مثلاً کلی۔ اگر بیچ میں ہو تو حرفِ ماقبل کے نیچے کسرہ ہوتی ہے اور پھر یا یعنی یائے لکھی جاتی ہے مثلاً ایمان۔ اردو دان زبان یائے معروف کی آواز سے واقف ہے۔ شنا زبان میں یائے معروف کی چاروں لمبائیاں مختلف الفاظ میں موجود ہیں (۱) طویل (۲) معیاری (۳) کوتاہ۔ (۴) خفیف۔ ان کی مثالیں شنا کے اعراب (۲۰ عدد) میں لکھ دی گئی ہیں۔

واؤ مجہول کی صرف معیاری لمبائی اردو میں مروج ہے جو لفظ اوس اور بوتل میں مستعمل ہے شنا میں واؤ مجہول کی چاروں لمبائیاں موجود ہیں۔ ان کے بولنے میں صوت کی صورت تو اسی طرح قائم رکھی جاتی ہے جو اوس اور بوتل میں ہے۔ صرف طول کو کم و بیش کرنا ہے۔

واؤ معروف کی بھی یہی صورت ہے۔ چاروں لمبائیاں موجود ہیں۔ ہم لکھتے اس طرح سے ہیں کہ حرفِ ماقبل پر پیش ہوتی ہے اور اس کے آگے واؤ واقع ہوتی ہے۔ مثلاً اُون۔ بھُول اردو میں واؤ معروف کی دو لمبائیاں یعنی معیاری اور کوتاہ مستعمل ہے۔ شنا میں چاروں لمبائیاں واؤ معروف کی استعمال کی جاتی ہیں۔

شنا کے مفرد واولات کا جدول

	نسبتی طول	الف		یائے مجہول		یائے معروف		واؤ مجہول		واؤ معروف	
		آخر میں	بیچ میں	آخر میں	بیچ میں	آخر میں	بیچ میں	آخر میں	بیچ میں	آخر میں	بیچ میں
خفیف	$\frac{1}{3}$	ےؐ	یہی شکل ہے	ے	ییہ	یؐ	ـــؐ	وؐ		ـُـوؐ	ـُـؐ
کوتاہ	$\frac{1}{2}$	ـــَ	یہی شکل ہے	ـــٍے	ییا	یِ	ـــِ	وِ	واؤ کی کتابت میں ہمیشہ لفظ کے طور سے آخر میں واضح ہوتی ہے	ـُـوِ	ـُـِ
معیاری	۱	ا	بیچ میں تحریر ہوتا ہے یا آخر میں واضح ہوتا ہے	ے	ییا	ی	ـــییا	و		ـُـو	بیچ میں نہیں لکھی جاتی
طویل	$1\frac{1}{2}$	آ	بیچ میں تحریر ہوتا ہے یا آخر میں واضح ہوتا ہے	ـــٓے	ییآ	یٓ	ـــییآ	وٓ		ـُـوٓ	بیچ میں نہیں لکھی جاتی

اس طرح شنا کے بیس[۲۰] عدد مفرد واول ہوئے جن کو صدر کے جدول میں درج کر دیا گیا ہے

میں نے جب ابتدا میں شنا کے الفاظ کو سنا تو محسوس کیا کہ ان میں چند بہت چھوٹے یعنی خفیف واول بھی ہیں۔ ان کو تحریر کرنے کے لئے واول کی شکل بنانی چاہیئے۔ چونکہ بحث اردو میں ہو رہی تھی اس لئے مروجہ اردو واولات کو پیش نظر رکھنا ضروری تھا۔

اردو کے واول ایک جدول میں ترتیب دیئے گئے۔ ان کی مثالیں لکھی گئیں اور شنا کے الفاظ کے واولات کا ان سے مقابلہ کیا گیا۔ مواد اور واقفیت جب بڑھی تو معلوم ہوا کہ شنا میں اردو کے

اعراب۔ زبر۔ زیر۔ پیش سے کمتر لمبائی کے واول بھی موجود ہیں۔ اردو میں ایک لمبا واول ہے۔ الف ممدودہ جو آم اور آڈ میں واقع ہوتا ہے۔ شنا میں مختلف لمبائیوں کے چار واول موجود ہیں ۔ ان واولات کے نام (۱) خفیف (۲) کوتاہ (۳) معیاری (۴) طویل رکھے گئے۔ ان کی نسبتی لمبائی پر غور کیا گیا تو ذہن نے ابتدا میں اپنی سہولت کے لیئے $\frac{1}{4}$ ، ا ، $\frac{1}{2}$ و $1\frac{1}{2}$ نسبتیں مقرر کر لیں۔ چونکہ یہ آسان ہیں میرے ساتھ شنا وطن کے اہل بصیرت کئی کام کرتے تھے۔ ان کو انفرادی طور پر اور پھر اجتماعی طور پر یہ مسئلہ پیش کیا گیا۔ تو معلوم ہوا کہ یہ نسبت جائز نہیں۔ پھر غور کرنے کے بعد ان کو بدل کر $\frac{1}{3}$ ، ا ، $\frac{1}{2}$ ، $1\frac{1}{2}$ کر دیا گیا۔ جو حقیقت کے بہت قریب معلوم ہوئیں۔ ان واولات کی شنا کے حروف کی مثالیں ہم نے بڑے جدول میں درج کر دی ہیں۔

جب یہ مسئلہ حل ہو گیا تو اب یہ سوال در پیش ہوا کہ ان چار واولات کو کاغذ پر کس طرح سے ظاہر کیا جائے۔ یعنی ان کا نسبتی طول ظاہر کرنے کے لئے کاغذ پر کون سی علامات مقرر کی جائیں۔

	خفیف	کوتاہ	معیاری	طویل
نسبتی لمبائی	$\frac{1}{3}$	$\frac{1}{2}$	۱	$1\frac{1}{2}$
انگریزی میں علامت	a̭ نیچے سیدھی ٹوپی	ă ۔اوپر الٹی ٹوپی	a خالی حرف	ā اوپر لکیر
شنا میں علامت	دائرہ اوپر یا نیچے بِجّے اور ھِے کے اوپر زبر یائے مجہول بیٖ اور وٖ کے نیچے کسرہ	ـَ ـِ ـُ ویسے ہی جیسے اردو میں ہے۔ یائے مجہول بیٖ اور واؤ مجہول وٖ کے نیچے لکیر	خالی حروف ویسے ہی جیسے اردو میں ہے۔	ـٰ اوپر لکیر

اردو کے ہیں۔ ۹ مفرد + ۲ مرکب = ۱۱ داول کل
شنا کے ہیں۔ ۲۰ مفرد + ۲ مرکب = ۲۲ داول کل

انگریزی میں اس مسئلے کا حل آسان نظر آیا۔ پانچ داول انگریزی میں ہیں ۔ a e i o u
اگر ان حروف کو بغیر کسی علامت کے لکھا جائے۔ یعنی نہ کوئی علامت اوپر ہو نہ نیچے۔ تو بولنے میں حرف کی لمبائی معیاری ہوگی۔ اگر ان حروف کے اوپر ایک چھوٹی افقی لکیر کھینچی جائے تو یہ سب طویل لمبائی (1½) کے بن جاتے ہیں۔ ā ē ī ō ū ۔ اگر ان کو کوتاہ لکھنا ہو (½ لمبائی) تو حرف کے اوپر الٹی ٹوپی لگا دیتے ہیں ŭ ŏ ĭ ĕ ă ۔ اگر ان کو خفیف لکھنا ہو۔ (¼ لمبائی) تو حرف کے نیچے سیدھی ٹوپی لگا دیتے ہیں ṷ o̭ i̭ ḙ a̭ معاملہ آسان اور صاف ہے۔ کسی اشتباہ کی جگہ باقی نہیں رہتی۔

اردو میں معاملہ دگرگوں ہے۔ صفحہ ۱۳۲، ۱۳۳ پر ہم نے اردو کے داولات کو ایک جدول کی شکل میں پیش کیا ہے۔ ان کی ترکیب اور نسبتی صورت جدول میں مختلف ہے۔ جب ان داولات کو ہم شنا زبان کے اعراب (مفرد داولات) کی ترکیب اور نسبتی صورت میں جدول کی شکل میں بناتے ہیں تو ان کا مقام بدل جاتا ہے مثلاً کوتاہ میں کسرہ۔ ضمہ تو موجود ہوا۔ مگر یائے مجہول کوتاہ بیا اور واؤ مجہول کوتاہ ؤ موجود نہیں۔ اس لئے فتح۔ کسرہ ضمہ تو اپنی اصلی شکل میں موجود رہے۔ اور ان کے برابر لمبائی کا یائے مجہول اور واؤ مجہول ظاہر کرنے کے لئے ہم نے ببا اور و کے نیچے چھوٹی افقی لکیر کھینچ دی۔ اردو میں ایسے کوئی الفاظ ہی موجود نہیں جن میں ان دو داولات یعنی یائے مجہول کوتاہ اور واؤ مجہول کوتاہ کو استعمال کرنے کی ضرورت ہو۔

عمل میں ہم نے ان علامات کی کئی شکلیں بدلیں اور مختلف طریقے اختیار کئے۔ آخر بحث اور اجتماعی فیصلے کے بعد اس نتیجے پہ پہنچے کہ طویل داول کے اوپر چھوٹی افقی لکیر کھینچی جائے آ تے (بیچ میں ببا) تی (بیچ میں ـــے بیا) تو ـــے و یہ ممدودہ داول کی شکل بن گئی شنا کے معیاری لمبائی کے داول اسی شکل کے رہے جیسے کہ وہ اردو میں ہیں۔ یعنی ا ـ ے (بیچ میں بیا)

ی دیئج میں ـــِ ہیں)۔ وَ۔ ئے وُ ۔ کوتاہ واولات کے لیئے ئے۔ ـــِ ے تو موجود ہیں۔ اس لیئے ان کو ویسے ہی رہنے دیا گیا۔ جیسے کہ یہ اصلی شکل میں ہیں۔ باقی دو واولات یائے مجہول (یٖ) اور واؤ مجہول (وٖ) کے نیچے لکیر کھینچ دی گئی۔ تو ان کی شکل بن گئی۔ ئے، یٖ، ـــِ، وٖ، ے سب سے کم لمبائی کے واول یعنی خفیف کے لیئے ہم نے بھی ابتدا میں سیدھی اور پھر اُلٹی ٹوپی تجویز کی۔ مگر اتفاق سے یہ دونوں علامتیں اردو میں اس سے پہلے مروّج ہیں۔ یعنی سیدھی ٹوپی (^) سکون یا وقف ظاہر کرنے کے لیئے اور اُلٹی ٹوپی (ں) نون غنہ ظاہر کرنے کے لیئے۔ اس لیئے ابتدائی کوشش کے بعد یہ مسئلہ پیچیدہ ثابت ہوا۔ خفیف واول کی علامت کو بدل کر پورا دائرہ بنا دیا گیا۔ بعض عالم عربی کی کتابت میں سکون ظاہر کرنے کے لیئے دائرے کا استعمال کرتے ہیں مگر ہم ایک علامت کو ایک کام کے لیئے مخصوص کرنے کی غرض سے ایسا نہیں کریں گے۔ یعنی جہاں سکون اور وقف ظاہر کرنا ہوگا اس کو سیدھی ٹوپی سے ظاہر کریں گے۔ نون غنہ کو الٹی ٹوپی سے ظاہر کریں گے۔ اور خفیف واول کو پورے دائرے (ہ) سے ظاہر کریں گے۔ اس مختصر دائرے کا نام تجویز کرنے کی ضرورت ہوئی۔ تو کئی الفاظ ذہن میں آئے۔ کنڈل۔ گھنڈی۔ چشمک۔ قمری۔ قمرہ۔ قمرش۔ آخر دل نے یہ فیصلہ کیا کہ اس کا نام چھوٹا قمر تجویز کرنا بالکل مناسب ہے۔ چونکہ یہ گول ہے۔ مگر اس کو ایسا ظاہر کرنا ضروری ہے کہ یہ بہت چھوٹا ہے۔ اردو۔ فارسی میں اسم تصغیر بنانے کے لیئے ک کا لاحقہ مروج ہے مثلاً عینک (عین کے معنی آنکھ۔ یہاں مطلب چھوٹی آنکھ)۔ طفلک (چھوٹا لڑکا)۔ مردک (حقیر یا کم حیثیت مرد)۔ ڈھولک (چھوٹا ڈھول)۔ ک قمر کے ساتھ لگانے کے لیئے سب سے زیادہ موزوں ثابت ہوا تاکہ قمر کا اسمِ تصغیر بن جائے۔ قمرک = ہ۔ اردو میں اسمِ تصغیر بنانے کے اور علامتیں بھی ہیں۔ مثلاً ڑا (مکھڑا)۔ ڑی (بلنگڑی)۔ چہ (صندوقچہ)۔ چی (دیگچی) وا (مردوا)۔ ولا (کھٹولا)۔ ولیا (سپولیا)۔ یزہ (مشکیزہ)۔ مگر ان سب سے بہتر ک کا لاحقہ نظر آیا جو اسم تصغیر کی نشانی ہے۔ اس لیئے قمرک بنا لیا گیا۔ گویا ہم خفیف واول بنانے کے

لئے اوپر یا نیچے قمرک لگاتے ہیں۔

پہلے ہم نے یہ کوشش کی کہ یہ مختصر دائرہ (قمرک) ہر واول کے نیچے لگایا جائے۔ فتح ہے تو ؎ لکھا جائے۔ یائے مجہول ہے تو یٖ لکھا جائے۔ واؤ معروف خفیف ہے تو اس کو ؎ لکھا جائے۔ مگر یہ ترکیب کارگر نہ ہوئی۔ اس کا سبب یہ ہوا کہ فتح حرف کے اوپر لکھی جاتی ہے اور اکثر حرف کے بالکل اوپر قریب آکر بیٹھتی ہے۔ فتح اور حرف کے درمیان اتنی جگہ نہیں رہتی کہ ہ کو ان کے درمیان لکھا جا سکے۔ پھر حرف کی اجتماعی شکل بمع فتح کچھ بدل جاتی ہے۔ اس لئے یہی مناسب معلوم ہوا کہ اصلی حرکات کو ان کے اصلی مقام پر رہنے دیا جائے اور قمرک ان کے اوپر یا نیچے جہاں مناسب ہو وہاں لگایا جائے۔ اس ترکیب پر عمل کرنے سے فتح کے اوپر قمرک لگا ؎ اور ضمہ کے اوپر قمرک لگا ؎۔ چونکہ یہ دونوں حرکات حرف کے اوپر واقع ہوتی ہیں۔ یائے مجہول خفیف یٖ اور یائے معروف خفیف یٖ ظاہر کرنے کے لئے بھی قمرک ان کے نیچے لگا دیا گیا۔ واؤ مجہول (و) کے اوپر پہلے قمرک لگا کر (وٚ) عبارت میں لکھی گئی۔ مگر تجربہ نے بتایا کہ اس میں زیادہ الجھن پیدا ہوتی ہے۔ و کے نیچے قمرک لگانا (وٖ) زیادہ مناسب ہے اس لئے واؤ مجہول خفیف کی یہ شکل بن گئی وٖ۔ ان سب علامتوں کو پہچاننا بہت آسان ہے۔ جس حرف پر ـــ مختصر افقی لکیر ہو وہ طویل۔ جس پر کوئی علامت نہ ہو وہ معیاری۔ زبر۔ زیر۔ پیش۔ اور جس حرف کے نیچے مختصر افقی لکیر ـــ ہو وہ کوتاہ۔ جس پر قمرک ہو نیچے یا اوپر وہ خفیف۔ یہی سب سے زیادہ سائنٹیفک اور عملی طریقہ نظر آیا۔

مرکب واول

شنا میں دو مرکب واول بھی ہیں۔ وہی دو جو اردو میں مروّج ہیں

واول	اردو مثال	شنا مثال
ےَ بیَ	بَیل۔ مَیلا	شیےد = سفید
ےَ وَ	عورت۔ چَوڑا	دَولوک = جہنم

مرکب اور مفرد واولات کی صوت اور طریقِ اخراج پر ہم صدر میں بحث کر چکے ہیں (صفحہ ۱۳۵)

املا کی علامات

شنا کی تحریر میں دو طرح کی علامات مروّج ہیں۔ املا کی علامات :۔ جو کسی حرف پر اس حرف کی مخصوص صوت ظاہر کرنے کے لئے لگائی جاتی ہیں۔ یعنی

سکون ۔ وقف ۔ تشدید ۔ تنوین۔ نون غنہ ۔

اب ہم ان میں ہر ایک کی تشریح کریں گے ۔

سکون ۔ (سیدھی ٹوپی ^) اس کو جزم بھی کہتے ہیں۔ یہ علامت اس حرف پر لکھی جاتی ہے جس پر کوئی حرکت نہ ہو یعنی وہ ساکن ہو۔ مثلاً چِل۔ صُوَرْث۔ جس حرف پر سکون ہوتا ہے اس حرف کو ساکن۔ یا مجزوم کہتے ہیں۔

وقف ۔ (^) ایک لفظ میں دو ساکن حرف پہلو بہ پہلو موجود ہیں تو پہلے حرف پر سکون کی علامت لگائی جاتی ہے ۔اس حرف کو ساکن کہتے ہیں۔ دوسرے حرف پر وہی علامت (سیدھی ٹوپی ^) لگائی جاتی ہے مگر اس علامت کا نام اب وقف ہو جاتا ہے۔ اس حرف کو جس پر وقف لگا ہوا ہوتا ہے موقوف کہتے ہیں۔ مثلاً پَشت ۔ (ریچھ) گَرْم ۔ مُلک (سرزمین)۔ ان سب الفاظ میں دو حروف پہلو بہ پہلو موجود ہیں جن پر سیدھی ٹوپی لگی ہوئی ہے۔ پَشت ، کا ش اس صورت میں ساکن کہلاتا ہے۔ اور ت موقوف۔ اسی طرح سے گَرْم کی ر ساکن ہے م موقوف۔ مُلک کا ل ساکن ہے اور ک موقوف۔

تشدید ۔ (ّ) بعض الفاظ میں ایک حرف ایسا واقع ہوتا ہے جو دو دفعہ پڑھا جاتا ہے۔ مثلاً ہِمّت۔ اس لفظ میں ہم حرف م کو دو دفعہ بولتے ہیں۔ م یہاں مشدد کہلاتا ہے۔ مُشَدَّد حرف کے اوپر ایک علامت لگائی جاتی ہے (ّ)۔ اس کو تشدید کہتے ہیں۔ مُشَدَّد حرف کو پہلی دفعہ ساکن بولا جاتا ہے اور دوسری دفعہ متحرک۔ مثلاً لفظ۔ ہِمَّت میں پہلی دفعہ ہم حرف م کو ساکن بولتے ہیں۔ اور دوسری مرتبہ مفتوح۔

تنوین۔ (ً ٍ ٌ)۔ یہ علامت صرف عربی الفاظ میں واقع ہوتی ہے۔ ً دو زبریں

حرف کے اوپر۔ دو زیریں حرف کے نیچے۔ دو پیش حرف کے اوپر۔ بولنے میں یہ نون کی آواز دیتے ہیں۔ اس علامت کو تنوین کہتے ہیں۔ مثلاً فوراً۔ نسلاً بعد نسلاً۔ مشارٌ الیہ۔ جس حرف پر تنوین ہوتی ہے اس کو مُنوّن کہتے ہیں۔ مثلاً فوراً میں الف۔ نسلاً اور نسلاٍ میں الف۔ مشارٌ میں ر۔

نون غنہ۔ (ں۔ ںؐ)۔ بعض الفاظ میں ن کی آواز قائم آواز نہیں ہوتی بلکہ ناک سے نکالی جاتی ہے۔ مثلاً جنگ۔ یہ علامت الٹی ٹوپی ں کی طرح ہے (سیدھی ٹوپی سکون کی علامت ہے) اس نون کو نون غنہ کہتے ہیں۔ جب یہ نون غنہ لفظ کے درمیان میں واقع ہوتا ہے تو ںؐ لکھا جاتا ہے۔ مثلاً چاند۔ گیند۔ چھینک۔ جب آخر میں واقع ہوتا ہے تو اس نون کے اندر نقطہ نہیں لگایا جاتا۔ اگر ضرورت ہو تو نون غنہ کی نشانی یعنی ں لگائی جاتی ہے جہاں۔ تمہیں۔ کیوں۔

کتابت کی علامات

ہم گفتگو کرتے ہیں۔ تو کبھی سانس لیتے ہیں۔ کبھی تھوڑے سے وقفے کے لئے ٹھہر جاتے ہیں۔ کبھی کوئی سوال پوچھنے کی غرض سے جملے کے آخر میں آواز کو بلند اور طویل کرتے ہیں کبھی تعجب کا اظہار کرنا ہوتا ہے تو چہرے کی صورت کو بدلتے ہیں۔ ماتھے پر شکن ڈالتے ہیں۔ کبھی ہاتھوں سے اشارہ کر کے اپنا مطلب حل کرتے ہیں۔ کبھی صرف سر کو ہلا کر ہاں یا نہ کا جواب دیتے ہیں۔

بولتے وقت تو اشاروں سے حرکات اور تقریر کے اتار چڑھاؤ سے ہم یہ سب امور ادا کر دیتے ہیں مگر تحریر میں یہ ممکن نہیں۔ ان امور کو تحریر میں ادا کرنے کے لئے چند نشانیاں مقرر کی گئی ہیں۔ جو "کتابت کی علامات" کہلاتی ہیں۔ اگرچہ یہ اپنی وسعت اور اظہار بیان کو مخصوص کرنے میں نامکمل ہیں۔ پھر بھی کتابت میں ان علامات سے کافی فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اب ہم ہر علامتِ کتابت کی باری باری تشریح کریں گے۔

(۱) وقفِ کامل۔ (۔) اس کو سکتہ یا ختمہ بھی کہتے ہیں۔ انگریزی میں اس کا نام فل سٹاف ہے یہ علامت ہر فقرے اور ہر پیرے کے بعد استعمال کی جاتی ہے۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ ایک بات تکمیل کو پہنچ جائے۔ جہاں وقفِ کامل ہو وہاں سانس لے سکتے ہیں۔

(۲) وقفِ ناقص۔ (،)۔ بعض دفعہ فقرے کے بیچ میں ذرا سا وقفہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ گفتگو کا پہلا حصہ، دوسرے حصے سے علیحدہ پہچانا جا سکے۔ اگرچہ دونوں حصے مربوط ہیں پھر بھی بیان میں صفائی پیدا کرنے کے لئے ان کو علیحدہ کرنا ضروری ہے۔ اس مقام پر، علامت لگائی جاتی ہے۔ اس کو وقفِ ناقص کہتے ہیں۔ انگریزی میں اس کا نام کاماں ہے۔ مثلاً

تیری محفل بھی گئی، چاہنے والے بھی گئے
شب کی آہیں بھی گئیں، صبح کے نالے بھی گئے
دِل تجھے دے بھی گئے، اپنا صِلہ لے بھی گئے
آ کے بیٹھے بھی نہ تھے، اور نکالے بھی گئے

اے خوش آں روز، کہ آئی و بصد ناز آئی
بے حجابانہ، سوئے محفلِ ما باز آئی

(۳) استفہام (؟)۔ اس علامت کو سوالیہ بھی کہتے ہیں۔ اس فقرے کے بعد ؟ کی نشانی لگائی جاتی ہے، جس میں ہم کسی سے سوال کرتے ہیں۔

(۴) ندا (!) اِس علامت کو کئی موقعوں پر استعمال کیا جاتا ہے۔

(۱) ندا کے بعد۔ کسی کو بلاتے وقت۔ جیسے ارے بھائی اسلم!۔ اے خدا!

(۲) تعجب۔ اور تمنا کے اظہار کے لئے۔ یہ حسن خداداد!۔ کاش! وہ بادشاہ ہوتا۔

(۳) خوشی۔ اور افسوس کے اظہار کے لئے۔ واہ! وا!! چہرہ ہے یا چودھویں کا چاند۔ ہائے افسوس!

(۴) تعریف۔ اور مذمت کے لئے۔ سبحان اللہ! سرو محوِ خرام ناز ہے۔ خبردار! یہ کام نہ کرنا۔

(۵) بیان (:) جب کسی امر کی تفصیل یا وضاحت بیان کرنی ہوتی ہے تو : علامت کو استعمال کرتے ہیں۔

مثلاً۔

تمام معاملہ سمجھانے کے بعد استاد نے شاگرد سے کہا: "تم میرا کہنا مان جاتے تو بہتر ی تھی"۔

مغربی پاکستان کے بڑے شہر یہ ہیں: کراچی۔ لاہور۔ پشاور۔ ملتان۔ کوئٹہ۔ سکھر۔

(۶) اقتباس (" ")۔ یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ یہ متکلم کے کلام کا اقتباس ہے۔ اس کلام کے دونوں طرف یہ نشانی لگائی جاتی ہے۔ اس کو 'واوین' بھی کہتے ہیں۔ چونکہ ان کی شکل واؤ سے ملتی ہے۔ مثلاً

کمانڈر نے کہا "دس قدم آگے بڑھ کر فائر کرو"۔

(۷) وحدانی ( ) ۔ اس علامت کو خطوط وحدانی بھی کہتے ہیں۔ کلام میں بعض دفعہ ہم چند الفاظ ایسے بولتے ہیں جن کا جملے کی عبارت سے براہ راست تعلق تو نہیں ہوتا مگر وہ مضمون کے ایک جزو کی تشریح کرتے ہیں یا اس کا تعارف کراتے ہیں۔ اس زائد جملے کو "جملہ معترضہ" کہتے ہیں۔ جملہ معترضہ کو وحدانی کی علامت ( ) کے درمیان لکھا جاتا ہے تاکہ معلوم ہو جائے کہ یہ جملہ معترضہ ہے۔ مثلاً

شبلی نعمانی (اردو میں تنقید کی نئی طرز کا بانی) عرصے تک علیگڑھ میں پروفیسر رہا۔

(۸) خلا (.....)؛ اس کو علامتِ نقاط بھی کہتے ہیں۔ بعض دفعہ نقطوں کی بجائے ایک خط کھینچ دیا جاتا ہے۔ یہ علامت اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ عبارت میں سے کچھ حذف کر دیا گیا ہے اور اس کا یہ مقام خالی چھوڑ کر نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے۔ حذف کرنے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ راز کی بات۔ خلاف تہذیب الفاظ۔ دوسرے کی منشا معلوم کرنا۔ مثلاً

آپ مجھ سے محبت کرتے ہیں اور میں .... بعض دفعہ ہم بولنے میں بھی فقرہ نامکمل رکھتے ہیں۔ یا بیچ میں خلا چھوڑ دیتے ہیں تاکہ سننے والا خود اپنی منشا کے مطابق اس خلا کو پُر کر لے۔ مثلاً

میں نہیں کہتا کہ تم ..... آدمی ہو۔ مگر اپنے اعمال پر غور کرو۔

(۹) اسمِ معرفہ (ـــ) ۔ عبارت میں جہاں کہیں اسم معرفہ واقع ہوتا ہے ۔ یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ یہ اسم معرفہ ہے اس کے اوپر یہ علامت بنائی جاتی ہے اس کو علامتِ بَط بھی کہتے ہیں۔ مثلاً

عشق نے غالبؔ نکما کر دیا ۔ ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے

یہاں غالبؔ اسم معرفہ ہے اس غالبؔ پر یہ علامت بنائی گئی ۔

(۱۰) مصرعہ ۔ (؎) تحریر میں ہم بعض دفعہ مصرعہ داخل کرتے ہیں ۔ اگر شعر ہوتا تو وہ الگ سطر میں لکھا جاتا اور نمایاں معلوم ہوتا کہ شعر ہے ۔ مگر مصرعہ سطر کے اندر داخل ہو جاتا ہے اور بعض دفعہ پہچانا نہیں جاتا ۔ یہ دکھانے کے لئے کہ اب یہاں سے مصرعہ شروع ہوتا ہے ۔ مصرعہ سے پہلے علامت ؎ لکھی جاتی ہے ۔ مثلاً

زمانہ جلدی سے کروٹ بدل رہا ہے ۔ نئے حالات کو دیکھ کر دل کہتا ہے ۔

؎ محوِ حیرت ہوں کہ دُنیا کیا سے کیا ہو جائے گی

اقبالؒ

باب ۶

چند الفاظ کا صحیح تلفّظ

باب ۶- چند الفاظ کا صحیح تلفّظ

مندرجات (صفحات کے نمبر بریکٹ میں درج ہیں)

باب ۶

چند الفاظ کا صحیح تلفّظ

یہ شِنا کی اوّلین کتاب ہے جو تحریر کا لباس زیبِ تن کر کے عالمِ غیاب سے منصّۂ شہود پر ظہور پذیر ہو رہی ہے۔ اس تحقیق اور تدقیق میں کوئی تین سال کا عرصہ صرف ہوا۔ پہلے تحقیق کا دور، پھر تحریرِ صاف کا دور، پھر تحقیق کے بعد نظرِ ثانی، پھر نظرِ ثالث کے بعد نئی تحریر غرض یہ نئی ترکیب اور تحقیق کئی ادوار میں سے گزری۔ پانچ سے زائد مرتبہ یہ تمام کتاب یکے بعد دیگرے نئے سرے سے کاغذ پر تحریر ہوئی۔ پہلے تو ہم نے حروفِ تہجی تجویز کئے ان کی شکلوں کو تحقیق کے دوران میں حسب ضرورت بدلا اور آخر گلگت کے عوام اور عالموں سے بڑی بحث رَدّ و کد کے بعد معین کیا۔ مختلف لوگوں کے مُنہ سے ہم نے ایک ہی لفظ کو ہزار دفعہ سُن کر کان کو آشنا کیا۔ الفاظ کو مختلف منہ جو بولتے تو اُن میں بھی کچھ نہ کچھ تفاوت ہوتا۔ خاص طور پر واولات میں کوئی معیاری بولتا۔ کوئی کوتاہ۔ بعض کوتاہ کی بجائے خفیف بولتے۔ اسی طرح یائے معروف اور یائے مجہول میں بھی بعض مقامات پر ادلی بدلی ہوتی۔

آپ خوب جانتے ہیں تحقیق کا کام کرنا کوئی آسان بات نہیں۔ اور پھر ایسا کام جو اپنے اصل میں بالکل نیا ہو جو کسی نے اب تک نہ کیا ہو۔ بدنی محنت۔ صرفِ زر اور دماغی کاوش کے علاوہ گلگت کے تمام پڑھے لکھے آدمیوں اور علماء کو بھی اس کام میں شامل کرنا ضروری ہوگیا۔

ہمارا غریب خانہ، مہمان خانہ بن گیا۔ شہر گلگت کے معروف، سنجیدہ اور تعلیم یافتہ اصحاب ہر شام کو گروہ در گروہ تشریف لاتے۔ ان کی دعوت کے سامان مہیّا کیے جاتے۔ خورد و نوش، خوش اخلاق اور علمی گفتگو سے ان کی دلچسپی قائم رسی گئی تاکہ وہ آتے رہیں۔ ایک پارٹی سے بحث طے ہوئی۔ اس کا ماحصل دوسری پارٹی میں پیش کیا گیا۔ ہر شام یہی ہوتا۔ کوئی

چھ سات مہینے کے بعد جاکر صرف ابجد کی زمین صاف ہوسکی اور ہم ان مختلف آوازوں پر حاوی ہوسکا۔

جب مجھے یقین ہوگیا کہ یہ مخارجِ اصوات، تلفظ اور املا صحیح ہے تو میں نے مختلف پارٹیوں کو جو فصیح اور صحیح گلگتی زبان بولنے کے دعویدار تھے۔ باری باری اپنے ہاں بلایا۔ ان کے سامنے مفصل طریق سے تمام تحریر کو پڑھا۔ تنقید کے لئے اور رائے طلب کی۔ جب سب نے اس کو صحیح مانا تو ساری کتاب کو اس سانچے میں ڈھال دیا گیا۔

ابتدا میں شناتحریر ہم نے اردو کے املا کی کتابت میں شروع کی۔ ترقی کے مدارج طے ہوتے گئے اور کانسوننٹ۔ واول۔ مجہول۔ معروف۔ شدت یا نرمی کے پیش نظر الفاظ کی کتابت ہمیں بدلنی پڑی۔ ہر لفظ کا طریقِ املا صحیح ہونا چاہیئے۔ ایک بزرگوار یا پارٹی یا محقق یا ناقد تشریف لاتے ان سے مشورہ ہوتا تو الفاظ کو ان کے مشورہ کے مطابق لکھا جاتا۔ دوسرے صاحب وارد ہوتے تو وہ اپنی ترکیب سے ان الفاظ کا تلفظ کرتے۔ اس لئے الفاظ کو بدلنا پڑتا۔ اس طرح سے کئی مرتبہ ہم نے ردوبدل کیا۔ آخر طویل اور عمیق تحقیق اور فکر کے بعد ہم نے ان الفاظ کا تلفظ اور اس کے ساتھ صحیح طریقِ کتابت معین کر دیا۔ ذیل کے چند الفاظ اس آخری صحیح املا اور معین کردہ کتابت کی شکل میں لکھے جا رہے ہیں۔ تاکہ وہ سند رہیں اور آئندہ ان الفاظ کو اسی طریقہ سے لکھا جائے۔

بجائے सुबह کہا جاتا ہے۔

(۳) چار حروف ذ۔ ز۔ ض۔ ظ۔ جن کو اردو گلا ز کی آواز دے دیتا ہے۔ ہندی گلے میں وہ ج کی آواز اختیار کر لیتے ہیں۔ مثلاً ذرا = जरा (جرا) - زمین जमीन (جمین) ضامن जामिन (جامن) - ظاہر = जाहिर (جاہر) بن جاتا ہے۔

(۴) ح اور ہ دونوں کو ایک ہی طرح سے ادا کیا جاتا ہے۔ اور یہ آواز ح کی نسبت ہ سے زیادہ مشابہت رکھتی ہے مگر پھر بھی ہ سے زیادہ لمبی ہوتی ہے۔ مثلاً حال = हाल - ہر हर

(۵) حلقی حروف۔ خ کو کھ میں بدل دیا جاتا ہے اور غ کو گ میں۔

خاک۔ खाक، کھاک پکارا جاتا ہے اور غلام کو गुलाम : گُلام

(۶) ق اور ک کا ایک ہی تلفظ ہے۔ اور وہ ک کی طرح ہے۔ قول = कौल

(۷) ع کو تلفظ سے خارج کر دیا جاتا ہے اور ا داخل کر دیا جاتا ہے یا محض زبر کو کچھ لمبا کر لیا جاتا ہے۔ عقل = अकल (اَکل) واقع = वाकि (واکی) بولنے میں کچھ اصل صورت کے قریب ہی معلوم ہوتا ہے

(۸) ف کو پھ میں بدلنے کا شوق ہے اور پھ کو ف میں۔ صراف کو صراپھ بولتے ہیں۔ सराफ اور پھل کو فل۔ ف کی آواز تو ہندی میں موجود ہی نہیں اگر لکھنا ہو تو फ پھ کے نیچے نقطہ لگا کر फ़ ف بنا لیتے ہیں۔ یہ جدید ترمیم ہے۔ پھل = फल

ہندی حروف کی جماعت بندی

سنسکرت کے عالموں نے سنسکرت کی ابجد کو مصدرِ صوت یعنی مخرج کے لحاظ سے جماعتوں میں تقسیم کیا ہے۔ اب ہم اس جماعت بندی کا مطالعہ کرتے ہیں۔

SIBILANTS استطالہ صفیر	LIQUIDS. مائع حروف	NASALS. خیشومی	CONSONANTS (MUTES) حروف قائم — نرم	سخت	VOWELS داول (ہوائی یا جوفی حروف)	جماعت	سنسکرت حروف کے مخارج	عربی حروف کے مخارج
VI	V	IV	III	II	I			
ह	—	ङ	ग घ	क ख	अ आ	GUTTURALS.	حلقی	لہوی
श	य	ञ	ज झ	च छ	इ ई ए ऐ	PALATALS.	تالوے نکلتے ہیں	شجری
ष	र ळ	ण	ड ढ	ट ठ	ऋ (ॠ)	CEREBRALS.	اگلے تالو سے نکلتے ہیں	موجود نہیں
स	ल	न	द ध	त थ	(ऌ) (ॡ)	DENTALS.	دانتوں سے نکلتے ہیں	نطعی
—	व	म	ब भ	प फ	उ ऊ ओ औ	LABIALS.	ہونٹوں سے	شفوی

یہ ظاہر ہے کہ دونوں زبانوں میں حروف کو خارج کرنے کے اصول مختلف ہیں۔ عربی کے ض۔ ز۔ غ خاص خاص حروف کو چھوڑ دیجیے جو صرف عربی زبان اور عرب کے کام و دہن کی لذت سے آشنا ہیں چونکہ وہی حلق ان کو صحیح صوت کے ساتھ ادا کرسکتا ہے جو بدوی ماحول میں پرورش پاکر پروان چڑھا ہو۔ اسی طرح سے سنسکرت کے حروف ٹ۔ ٹھ۔ تھ وغیرہ عربی میں موجود ہی نہیں اس کا یہ مطلب ہوا کہ عربوں کا گلا ان کو ادا ہی نہیں کرسکتا۔ یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ فارسی کے مخصوص حروف: پ چ، ژ، گ عربی میں موجود نہیں۔ مگر ستم ظریفی یہ ہے کہ جو حروف موجود ہیں مثلاً ک۔ ل۔ م۔ ہ بظاہر سادہ معلوم ہوتے ہیں اور یوں دکھائی دیتا ہے کہ دونوں زبانوں میں صوتی لحاظ سے ان

کی قدریں برابر ہیں مگر ایسا نہیں۔ اگر غور سے دیکھا جائے اور آلات سے ناپا جائے تو معلوم ہوگا کہ ک۔ ل۔ م۔ ہ جیسے حروف کو عربی گلا جس مقام سے خارج کرتا ہے۔ بالکل اسی مقام سے سنسکرت اصوات کی مشق کا عادی گلا، خارج نہیں کرتا۔ دونوں کے مقامِ اخراج مختلف ہیں۔ نمایاں اصوات کی (ह) ، ح ، (ह) کی ہیں۔ عربی لحاظ سے یہ لہوی ہیں اور سنسکرت کے لحاظ سے حلقی۔ اب ج (ज) کو لو۔ تو نام تو دونوں زبانوں کے لحاظ سے ج ہے۔ مگر عملی طور پر سنو تو عربی حلق سے نکلا ہوا جیم ٹھوس۔ مضبوط۔ قوت دار ہوگا اور اس کا مخرج گلے میں نسبتاً نیچے ہوگا سنسکرت کا جیم خارج کرنے میں منہ کا جوف زیادہ کھلا رہے گا۔ اس لیے اس میں مائع پن زیادہ ہوگا۔ اس کا مخرج نسبتاً آگے ہوگا۔

شنا کا لسانی ارتقاء اس میں کوئی شک نہیں کہ شنا زبان سنسکرت کی ایک بیٹی ہے۔ ہندوستان میں ویدک سنسکرت کوئی ۱۵۰۰ قبل مسیح میں داخل ہوئی۔ کتابی سنسکرت جو آج سنسکرت کہلاتی ہے پنڈتوں نے مل کر ۵۰۰ اور ۳۰۰ قبل مسیح کے درمیان تیار کی۔ سنسکرت کا نام ہی شدھ کردہ یا مصفّا کردہ، تہذیب یافتہ ہے۔ سنسکرتی کے معنی تہذیب۔ عمدہ عمدہ الفاظ۔ نادر تشبیہیں۔ بیش قیمت صوتی قدریں اس وقت کی مروّج صوبائی بولیوں سے پنڈتوں نے نکال لیں۔ ان کو کتابی شکل میں ترتیب دیا۔ اور پھر ان کی ایک گرامر بنا ڈالی۔ یہ سنسکرت ایک عالم ساختہ زبان ہے جو کہیں کھلے میدان میں بولی نہیں جاتی۔ اگر کوئی اس میں تکلّم کرتا ہے تو وہ مردہ کتاب کی زبان ہے جو حرفوں میں اشارے کرتی ہے مگر منہ سے نہیں بولتی۔ یا پنڈت کی زبان جو اپنے شاگردوں کو درس دیتا ہے مگر اس کلاسک سنسکرت زبان میں ہندوستان کی بہترین ادبی کتابیں لکھی گئیں۔ اس لیے سنسکرت اپنی ساخت اور اساس کے لحاظ سے ایک مصنوعی زبان ہے جس کو کبھی اپنی زندگی میں کہیں زندہ سماج میں بڑھنے پھولنے کا موقع نہیں ملا۔ اس کو کوئی گروہ یا علاقہ بولتا نہیں۔ اس لیے سنسکرت کو کتاب کے اوراق میں مدفون زبان کہہ سکیں گے۔ یعنی مردہ جو خود تکلّم نہیں کرتی بلکہ صرف عالم اس میں مضمون آرائی کرتا ہے۔ البتہ اس روش سے ایک فائدہ پیدا ضرور ہوا۔ ارتقا اس زبان کا ہوتا ہے جو گلی

میدان میں استعمال ہو اور زندہ ہو۔ اس زبان کے نوک پلک محاورے اور ذخیرۂ الفاظ میں صدی بعد صدی بائے سیاسی اور تمدنی حالات کے ماتحت تبدیلی ہو جاتی ہے۔ مگر سنسکرت میں یہ ممکن نہیں۔ وہ چونکہ بولی نہیں جاتی اس لیے جوں کی توں کتابوں میں ویسی ہی موجود ہے۔ اس کے مقابل میں عربی کو لیجئے گا۔ قرآن کی عربی ساری دنیا میں فصاحت اور بلاغت کی کان ہے۔ جو قوم عربی بولے اُسے معیاری محاورہ اور فصیح زبان کو پرکھنے کے لیے قرآن کی طرف رجوع کرنا پڑے گا۔ تمام کتابیں اس عربی میں لکھی جاتی ہیں چونکہ قرآن قائم و دائم ہے اس لئے یہ عربی بھی تبدیلی کو قبول نہیں کرتی۔ اور ابتدائے اسلام سے لے کر اب تک ویسے کی ویسی ہی چلی آتی ہے۔ مگر عربی بولنے والے ممالک بھی کرۂ ارض پر موجود ہیں۔ عراق۔ شام۔ فلسطین۔ جزیرۃ العرب۔ مصر۔ تیونس اقصائے مغرب یہ اپنے اپنے ملک کی عربی بولتے ہیں۔ جو دارج کہلاتی ہے اور کتابی عربی سے مختلف ہے۔ زبان نے مقامی حالات کے ماتحت اپنے خدو خال اور ناک نقشے کو بدل لیا۔ وہ دارج کی شکل میں مخصوص مقامی سانچے میں ارتقاء کے مدارج طے کرتی چلی گئی۔ حالانکہ قرآن کی زبان یعنی کلاسیکل زبان اور معیاری محاورہ اپنے آسمانِ بلاغت پر قائم رہا۔

ہم شنا کے ارتقاء کے مدارج کو کچھ نہ کچھ معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ مگر مشکل یہ آگئی ہے کہ ابھی تک ریسرچ نے اس میدان کی کوئی منزل ہی طے نہیں کی ہے۔ ۵۰۰ قبل مسیح سے ۱۵۰۰ بعد مسیح تک گلگت کے علاقے کی سیاسی تاریخ اس درجہ غیر معلوم اور تاریکی کے پردے میں گم ہے۔ کہ ہم کچھ کہہ ہی نہیں سکتے زبان کو کن کن ادوار میں کون کون سے حالات سے دوچار ہونا پڑا۔ تاہم ہم نے یہ چند الفاظ اس لئے لکھ ڈالنے ضروری سمجھے کہ میرے بعد کوئی بزرگوار اس رشتہ کو دراز تر اور پختہ تر کرنے کی کوشش کریں گے تو ان کے لئے مشعلِ راہ کا کام دے سکیں گے۔

آریا لوگوں کے شنا دیس میں آنے سے پہلے یہاں پر تورانی نسل کے لوگ آباد تھے جو شمال کی طرف سے گلگت کے علاقے میں آئے تھے۔ ان کی اپنی زبان تھی جو ظاہر ہے کہ تورانی زبانوں سے تعلق رکھتی

ہوگی۔ اس پر آریا لوگوں کی ویدک زبان نے حملہ کیا۔ کلام الملوک ملوک الکلام۔ تمام لوگوں نے آریا ستین لوگوں کی زبان کو اختیار کیا جو یہاں فاتح کی حیثیت سے براجمان تھے۔ مگر اصلی باشندوں کی گلے کی ساخت ان کی خوراک اور طریقِ گفتار قدیم تورانی روش سے وابستہ تھا جب کوئی آریائی لفظ جو سنسکرت سے تعلق رکھتا تھا۔ اصلی باشندے کے گلے سے ادا ہوتا تو وہ اس گلے کی مخصوص اصوات سے مرصع ہو جاتا تھا۔ لفظ آریائی ہے۔ مگر اصوات تورانی ہیں۔ آج بھی آپ نے دیکھا ہے کہ جب انگریز اردو بولتا ہے تو انگریزی زبان کے واول اور کانسونٹ استعمال کر کے اردو کے الفاظ کا تلفظ ادا کرتا ہے۔ "ہم اُدھر جا سکتا مانگتا" یہی سبب ہے کہ شنا میں سنسکرت یا ہندی زبان کی ابجد سے بڑھ کر کئی کانسونٹ یا واول موجود ہیں جو اردو میں موجود نہیں۔ میں نے ان قائم حرفوں کے لیئے نئی شکلیں اس کتاب میں معین کی ہیں اور نئے اعراب یا واولوں کے لیئے نئی صورتیں بنا دی ہیں۔ جن کے ذریعہ ہم شنا زبان کی تمام اصوات اور ان اصوات کے مرکبات کی صحیح کتابت کاغذ پر کر سکتے ہیں۔ یوں کامل اور اکمل تو اللہ ہی کا نام ہے۔ اور کوئی زبان یا طریقِ کتابت اس بات کا دعویٰ نہیں کر سکتا مگر میں نے دیکھا ہے کہ یہ طریقہ ۹۵ فیصدی صحیح تلفظ پیدا کرتا ہے اور ایک شنا نہ جاننے والا شخص بھی جب وہ ابجد کی آوازوں پر حاوی ہو جاتا ہے۔ تو استاد کے بغیر ۹۵ فی صدی صحیح شنا بول لیتا ہے۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ شنا دارد زبان ہے۔ باقی دارد زبانیں۔ کشمیری۔ چترالی۔ کوہستانی۔ ہم ان تینوں کو بھی اسی ابجد میں لکھ سکتے ہیں۔ میں نے اسی ابجد میں پنجابی زبان کو لکھنے کی کوشش کی اور معلوم ہوا کہ یہ نظامِ تحریر بہت کامیاب ہے۔ مروجہ اردو ابجد میں پنجابی لکھیں تو لکھے ہوئے حروف صحیح اصوات کا اظہار نہیں کرتے وہ صرف نشانیاں ہیں۔ البتہ پڑھنے والا اپنی طرف سے ان حروف میں جان ڈالتا جاتا ہے۔ اور اس کچے قالب میں نئی روح پھونکتا ہے جس سے تحریری نشانیاں (الفاظ) پنجابی زبان کے زندہ اور جیتے جاگتے الفاظ سنائی

دیتے ہیں۔
شنا زبان کو ۵۰۰ ، اور ۵۰۰ قبل مسیح کے درمیان اس سانچے میں ڈھالا گیا۔ جو اس کا موجودہ سانچا ہے۔ ارتقا کے منازل یہ طے کرتی رہی۔ مگر اساس کے لحاظ سے یہ اپنی شکل اختیار کر چکی تھی فعل حرف معین ہو چکے تھے۔ بعد میں ذخیرۂ الفاظ بڑھتا رہا اور جزوی تبدیلیاں شنا میں عہد بعد عہد ہوتی رہیں۔ حتےٰ کہ ہم دورِ جدید میں آگئے اور شنا موجودہ زبان بن گئی۔ جو ہم آج گلگت کے علاقے میں سنتے ہیں۔ مگر مشکل یہ آگئی ہے کہ نہ تو سیاسی تاریخ۔ نہ لسانی تاریخ اس معاملے میں ہماری امداد کرتے ہیں۔ تمام تاریکی کا دور دورہ ہے۔

ہندوستان کی آریائی زبانوں کا ارتقا تاہم یہ امر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا اگر ہم ہندوستان کی آریائی زبانوں کے ارتقاء کو پیش نظر رکھیں۔ مقابلہ کرنے سے شاید کوئی مفید مطلب بات پیدا ہو جائے

کتاب A GRAMMER OF THE HINDI LANGUAGE.

کے مصنف REV. S. H. KELLOGG, نے اس مسئلے پر مفید روشنی ڈالی ہے۔

LONDON, KEGAN PAUL, TRENCH TRUBNER & CO LTD.

BROADWAY HOUSE, 68-74, CARTER LANE, E.C. 4.

1938: CHAPTER III, PP. 34-64.

ہم نے ذیل کا مواد وہیں سے اخذ کیا ہے۔ ہندوستان کی صوبائی زبانوں کے ارتقا کی مختصر تاریخ اس طرح سے ہے۔

(صفحہ ۳۴) جب میلادِ عیسیٰ سے بہت پہلے سنسکرت بولنے والے آریا لوگوں کے قافلے ہندوستان کے میدانوں میں وارد ہوئے تو یہاں پر وحشی اصلی باشندے آباد تھے۔ یہ زمانہ ہم ۱۵۰۰ اور ۱۲۰۰ قبل مسیح کے قریب قائم کر سکتے ہیں جب آریا لوگوں کے قافلے یکے بعد دیگرے ہندوستان میں وارد ہوئے۔ اس وقت آریا لوگ ویدوں کی زبان بولتے تھے جو موجودہ سنسکرت سے بہت مختلف ہے حتیٰ کہ وید کے عالم کو سمجھ میں نہیں آتی جب تک کہ وہ ویدک زبان کو خاص طور پر نہ سیکھے۔ جب آریا

شتین لوگ کوئی ۱۲۰۰ اور ۸۰۰ قبل مسیح کے درمیان شتاکی میں داخل ہوئے اور پھر انہوں نے اردگرد کے علاقے کو زیر نگیں کیا، تو ان کی اپنی مادری زبان بھی یہی ویدک زبان تھی۔ اگرچہ وہ مقامی اثرات کو قبول کرنے کے بعد کچھ ابتذال پذیر ہو چکی تھی۔ جب آریا حملہ آور آگے بڑھے تو گونڈ بھیل وسطی ہندوستان کے جنگلوں اور جنوبی ہندوستان کے صوبوں میں ہجرت کر گئے۔ یہ آج بھی وہاں موجود ہیں۔ مگر جب آریہ حملہ آوروں نے آکر نیا دیس آباد کیا تو سب اصلی باشندے بوریا بستر باندھ کر یک قلم نہیں چلے گئے بلکہ ان میں سے کچھ لوگ باقی رہ گئے۔ یہ شودر کہلائے اور وہ آریا گروہ کے غلام شمار ہوئے اصلی باشندوں کی زبان شمالی اور مغربی ہندوستان سے خارج تو ہو گئی۔ مگر عقل اس کو باور نہیں کرتی کہ اس نے آریاؤں کی سنسکرت زبان پر کوئی اثر نہ ڈالا ہو۔ آریاؤں کی زبان اصلی زبان کے زیر اثر بدلی۔ اس بیرونی تورانی لسانی اثر کے ماتحت ہندوستان کے گوشے گوشے میں مقامی زبانیں وجود میں آ گئیں جن کو پراکرت کہتے ہیں۔ پراکرت کے معنی ہے۔ عوام کی زبان۔ غیر مہذب زبان۔ صدیوں تک یہ پراکرتیں، سنسکرتی بولی کے ساتھ ساتھ استعمال ہوتی رہیں۔

اس کے بعد ۵۰۰ اور ۳۰۰ کے درمیان مصنوعی طور پر سنسکرت کو تعمیر کیا گیا۔ یہ کتابی معیاری زبان کہلائی۔ سنسکرت تو کتابی زبان تھی جو کبھی پنڈت اظہار خیال کے لئے تکلفاً استعمال کر لیتے تھے اور پراکرت گلی کوچوں کی زبان تھی جس میں عوام گفتگو کرتے تھے۔ صدیوں تک یہی حال رہا۔ ویدک بولی جو آریاؤں کی اصلی زبان تھی اب کسی شکل میں قائم نہ رہی۔ بلکہ دنیا سے ناپید ہو گئی۔

پراکرتوں کے دو گروہ بن گئے۔ شورسینی گروہ جو مغربی حصوں میں مروج تھا اور ماگدھی گروہ جو مشرقی حصوں میں بولا جاتا تھا۔ ان دونوں کے بیچ کا علاقہ ایک اور پراکرت کے قبضے میں تھا جس کو اردھا ماگدھی یعنی آدھی ماگدی کہتے تھے۔ کوئی چوتھی صدی عیسوی قبل مسیح میں سارے برصغیر ہندوستان میں مشرق سے مغرب تک ان تین پراکرتوں کا دور دورہ تھا۔ مرورِ زمانہ کے ساتھ پراکرتوں میں بھی تبدیلی ہوتی گئی۔ کچھ پراکرتوں نے تو مہذب اور صیقل ہو کر کلاسیکی شکل اختیار کر لی

کچھ روز بروز بد سے بدتر ہوتی چلی گئیں۔ ان کا گنوار و پن اور کرختی شدّت اختیار کرتی گئی۔ دیسی گرامر نویسوں نے ان کا نام اَپا بھرنشا رکھا ہوا ہے۔ اپا بھرنشا کے معنی ہیں۔ گری ہوئی۔ غیر فصیح غلط۔ مذموم۔ ہر دیس اور صوبے کی اپا بھرنشا مقامی حالات کے ماتحت نمودار ہوئی۔ اس لیئے مغرب میں شورسینی اپا بھرنشا زبانوں کا دور دورہ تھا۔ تو مشرق میں ماگھری اپا بھرنشاؤں کا۔ ان پراکرتی زبانوں۔ کلاسیکی شورسینی اور ماگھدی۔ اور اپا بھرنشا کی بازاری شکلوں کے امتزاج اور ارتقاء سے جدید ہندوستان کی موجودہ آریائی زبانوں کا ظہور ہوا۔ ہم اس طرح سے اندازہ کر سکتے ہیں کہ سنسکرت زبان کو موجودہ عہد کی مروّجہ زبانوں کی شکل اختیار کرنے کے لیئے کتنے مدارج طے کرنے پڑے۔

اس میں کیا شک ہے کہ شنا کی موجودہ بولی کو بھی اس طویل عرصے میں کئی لسانی ادوار میں سے گزرنا پڑا ہوگا۔ جن کا علم ہمیں اس وقت نہیں چونکہ شنا وطن کی تاریخ کا کوئی قدیم ورق ہمارے سامنے اس وقت موجود نہیں۔ تاہم تصوّر کی آنکھ اور ہندوستانی بولیوں کے ارتقاء کے مدارج سے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ۱۲۰۰ قبل مسیح سے لے کر ۱۹۰۰ بعد مسیح کی ۳۱ صدیوں کے طویل عرصے میں شنا زبان نے کیا کیا رنگ بدلے ہوں گے۔ اگرچہ وہ اتنے تو نہیں جتنے ہندوستان کی بولیوں کے لیئے ضروری ہو گئے۔ چونکہ یہاں ہنگاموں کی مجالس اور کارناموں کی داستانوں کو زیادہ فروغ ہوا۔ گلگت محدود اور رزم و بزم سے دور وطن ہے جو اپنے آہنی پہاڑوں کی برف آمیز مستی سے مسرور اور مجبور رہتا ہے۔

ہندوستان کی بزرگ آریائی صوبائی زبانیں سات مانی جاتی ہیں۔ (۱) پنجابی (۲) سندھی (۳) گجراتی (۴) مرہٹی (۵) ہندی (۶) اوڑیا اور (۷) بنگالی۔ ان میں سب سے پہلے ہندی جسے اُردو کہتے ہیں وجود میں آئی۔ تقریباً اسی دور میں موجودہ پنجابی اور گجراتی نے جنم لیا۔ یہ زمانہ کوئی ۱۰۰۰ بعد مسیح کا ہے۔ ہندی کی قدیم ترین کتاب جو اب تک زندہ ہے۔ چاند بردے کی کتاب ہے۔ جو بارہویں صدی عیسوی میں لکھی گئی۔ اس کے کچھ عرصے بعد مرہٹی نے صورت اختیار کی اور سب

آخر میں بنگالی نے پر پرُزے نکالے۔

ہندی نے مسلمان فاتحین کے زیرِ اثر اردو کی شکل اختیار کر لی۔ سرکاری اور درباری زبان بن گئی۔ اور شمالی ہندوستان کے سارے علاقے کی عوام کی زبان ہو گئی۔ اس طرح سے 'ہندوستانی' بننے کے بعد یہ سارے ہندوستان کی لسان العوام (LINGUA FRANCA) قرار پائی۔

ہندی پر اسلام کا اثر
(صفحہ ۳۶)

ابتدا سے ہی ہندی پر غیر ملکی عناصر کا اثر عمل کرنے لگا۔ بارھویں صدی کے آخری ایام میں اردو' وجود میں آئی۔ اردو کے معنی ہیں "لشکر" اور اصطلاحی معنوں میں "چھاؤنی" اور اس طرح سے وہ زبان جو چھاؤنی میں بولی جاتی ہے۔ چھاؤنی میں مختلف لسانی عناصر کو زود تر اور آسان تر طریقے سے ایک دوسرے پر عمل کرنے کا موقع ملتا تھا اور بارھویں صدی کے آخر تک جس عہد کا ہم ذکر کر رہے ہیں مسلمان حکومتیں ہندوستان میں قائم ہو چکی تھیں۔

ہندی اور اردو میں ایک مجلسی اور جماعتی فرق ہے۔ زبان کا ڈھانچہ۔ اس کا متن اور شاخیں اپنی اصلیت کے لحاظ سے وہی ہیں۔ جب اس میں سنسکرت ماخذ سے الفاظ کا عنصر نمایاں ہو تو یہ ہندی بن جاتی ہے۔ اور جب اس میں عربی فارسی سے اخذ کردہ الفاظ کا زور ظاہر ہو تو اس کو اُردو کہتے ہیں۔ اسلام کے ہندوستان میں ورود کا یہ اثر صرف ہندی تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ ہندوستان کی دیگر سنسکرت نژاد زبانوں پر بھی پڑا۔ کوئی صوبائی زبان ایسی نہیں جس میں عربی فارسی کے الفاظ اچھی خاصی تعداد میں موجود نہ ہوں۔

شنا زبان کا بھی یہی حال ہے۔ آریائی نسل کے الفاظ کے پہلو بہ پہلو عربی فارسی کے بیشمار الفاظ موجود ہیں۔ چونکہ مسلمان ہونے کے بعد ہر مسلمان کے لئے اسلامی رسومات اور طریق زندگی کا اختیار کرنا لازمی ہو جاتا ہے اور عربی فارسی کے الفاظ خود بخود اس کی زندگی کا جزو بن جاتے ہیں۔ ہندی بولنے والے علاقے میں ہندو مذہب کے لوگ آباد ہیں جن کو عربی فارسی کے الفاظ سے دلچسپی نہیں بلکہ نفرت ہے اور وہ چاہتے یہ ہیں کہ عربی

فارسی کے الفاظ سے ہندی کو پاک کر دیا جائے مگر یہ ممکن نہیں۔ اس کے برخلاف شنا وطن کے لوگ یہ چاہتے ہیں کہ عربی فارسی کے الفاظ کو قائم رکھا جائے۔ چونکہ یہ الفاظ ان کے مذہب اور رسومات سے وابستہ ہیں۔

ہندی میں تورانی عنصر (صفحہ ۷،۳) یہ امر بدیہی ہے کہ ہندی یعنی اردو اپنی ذات میں اساسی طور پر آریائی زبان ہے جس طرح سے کہ سنسکرت آریائی زبان ہے۔ مگر اس میں SEMITIC عنصر موجود ہے۔ جو عربی فارسی کے واسطہ سے اس میں داخل ہوا اور اس میں تورانی عنصر موجود ہے جو ہندوستان کے اصلی باشندوں کے واسطے سے اس میں شامل ہوا۔ یہ تورانی عنصر اپنی اہمیت کے لحاظ سے کس درجہ وقیع ہے؟ اس امر کا فیصلہ ہم فی الحال نہیں کر سکتے چونکہ نہ تو کوئی اتنا بڑا عالم اس وقت موجود ہے جو آریائی زبانوں اور دراوڑی زبانوں دونوں پر پورے طور پر حاوی ہو اور نہ ہی کسی نے سنجیدگی سے اس موضوع پر کام کیا ہے۔ تاہم موجودہ صورت میں ہمارا نتیجہ یہ ہے کہ تورانی عنصر اگرچہ ہندی میں موجود ہے مگر دبا ہوا ہے۔ اور اس کا وجود نمایاں نہیں۔ ہندی اپنے اصل اور عمل دونوں میں بین آریائی زبان ہے۔

شنا میں تورانی عنصر اس کے برخلاف شنا میں اصلی باشندوں کی زبان کا عنصر قابل توجہ مقدار میں موجود ہے۔ نہ تو مجھے موقع ملا۔ اور نہ حالات نے مساعدت کی کہ میں شنا کے ذخیرۂ الفاظ میں سے آریائی اور تورانی عنصر کو الگ الگ کر کے دونوں کی نسبتی مقدار کا اندازہ کر سکوں۔ مگر یہ ظاہر ہے کہ اصوات کے لحاظ سے شنا میں وہ قدیم عنصر موجود ہے جو تورانی سے تعلق رکھتا ہے اور سنسکرت میں موجود نہیں۔ اور میرے خیال میں وہ تمام الفاظ جن میں شنا کے مخصوص ۸ قائم حروف داخل ہیں تورانی اصلی زبان سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ آریائی الفاظ ہوں۔ مگر بولنے میں شنا گلان کو اپنے علاقے کی آواز یعنی قدیم تورانی صوت بخش دیتا ہو۔ تاہم تورانی عنصر قابل توجہ ہے۔

ہندی میں عربی فارسی عنصر چونکہ مسلمان ہندوستان میں فاتح تھے اس لئے ان کی زبان کی طرف بھی مفتوحین نے توجہ دی۔ بعض الفاظ ایسے تھے جو نئی بود و باش کے ساتھ مسلمان ہندوستان میں لائے۔ بعض ایسے تھے جن کے مترادف الفاظ پراکرتوں میں موجود نہ تھے۔ یا صوتی لحاظ سے ان کی قدر اتنی کمزور تھی کہ بولنے یا آواز دینے میں مافی الضمیر تشنہ رہتا تھا۔ اس لئے ہندوستان باسیوں نے عملی زندگی میں عربی فارسی ذخیرہ سے اخذ کردہ الفاظ کو خود بخود رائج کر دیا۔ اب ان الفاظ نے سماج اور راج دربار میں ایسی جگہ بنالی ہے کہ ان کو مکھن میں سے بال سمجھ کر نکال پھینکنا ممکن نہیں۔ ان کے بدلے میں جو الفاظ ادائے مطالب کے لئے کام آئیں گے ان کا ایجاد کرنا اور پھر ان نئی ایجادوں کو قبولیت کا شرف عطا کرنا یہ نہ تو کسی علمی سوسائٹی کے بس کا کھیل ہے نہ کسی گورنمنٹ کے زور بازو کا کارنامہ بن سکتا ہے۔ زبانوں کی ترویج اور ارتقاء کے اصول مختلف ہیں۔ ان کے حیات و دوام یا موت اور اخراج کا فیصلہ عملی زندگی اور بازار میں ہوا کرتا ہے نہ کہ مجلسِ علمی کی تابندگی اور دربار میں۔ الفاظ کا جو سکّہ سہل اور معنی خیز ہوتا ہے عوام اسی کو انتخاب کرتے ہیں اور وہ انسانی حیات کے ساتھ اپنی حیات کو چپکا کر بڑھتا پھولتا رہتا ہے

یہی سبب ہوا کہ عربی فارسی الفاظ اپنی صلاحیت اور افادیت کی بناء پر ہندی کے جسم میں نفوذ کر گئے اور وہاں انہوں نے اپنی مستقل جگہ بنالی۔ اب کوئی دیوانہ شیش محل پر پتھر مارنا چاہے تو محل چکنا چور ہو جائے گا۔ اس کی عمارت استوار تر نہیں ہوگی۔ یا عربی فارسی کی میخ اور چول سے لسان کے محل کے در و دیوار کو محروم کرنا چاہے تو سارا محل کھوکھلا ہو جائے گا یا نیچے گر جائے گا۔ وہ کھڑا ہی نہیں رہے گا۔ یہ تو عوام کی زبان کا مسئلہ ہے۔ یہ کوئی جہاں پناہ ظلِ الٰہی۔ شاہنشاہ بحر و بر کا فرمان تھوڑا ہے جس کی پذیرائی کے لئے ہر نواب برہنہ پا سات کوس اپنے محل سے باہر جائے گا۔ اور سر پہ رکھ کر احترام کا گرداگرد بجا لائے گا۔

ہندی کے قدیم ترین کلاسیکی صحائف میں بھی عربی فارسی کے الفاظ موجود ہیں۔ مثلاً نثر میں پریم ساگر اور نظم میں رامائن۔ رامائن جیسی شدھ کتاب میں عربی فارسی کے ذیل کے الفاظ موجود ہیں۔ ہم ان کی ہندی شکل یہاں درج کرتے ہیں۔ چونکہ رامائن میں وہی موجود ہے۔

بخشش (بکسیس)	बकसीस	غریب نواز = (گریب نواج)	गरीबनिवाज
بازار = (بجار)	बजार	صاحب = (ساحِب	साहिब
لائق = (لایک)	लायक	(صحیح شکل) برابری = (برابری)	बराबरी
(صحیح شکل) باگ = (باگ)	बाग	سوار = (اسوار)	अस्वार
فوج = (پھوج)	फौज	حال = (ہال)	हाल
حوالے = (ہوالے)	हवाले	بندی خانہ (بندی خان) (قید خانہ)	बन्दीखानः
(صحیح شکل) ہُنر (ہُنر)	हुनर	صرّاف (سراپھ)	सराफ
(صحیح شکل) گمان (گمان)	गुमान	شک = (شکّ)	सक्क
		خبر = (کھبر)	खबर
(صحیح شکل) دربار = (دربار)	दरबार	تلوار = (تروار)	तरवार
(صحیح شکل) تاج = (تاج)	ताज	(صحیح شکل) گرد = (گرد)	गर्द
کاغذ = (کاگد)	कागद	زور = (جور)	जोर
غریب = (گریب)	गरीब	غنی = (گنی)	गनी
(صحیح شکل) دام = (دام)	दाम	جنس = (جنِس)	जिनिस
بعد = (باد)	बाद	جہاز = (جہاج)	जहाज
زین = (جین)	जीन	(صحیح شکل) لگام = (لگام)	लगाम

ان عربی فارسی کے ۳۱ الفاظ میں سے جو ہم نے صدر میں درج کئے ہیں۔ صرف ۸ الفاظ نے

ہندی سانچے میں جاکر اپنی اصلی شکل کو قائم رکھا۔ اس کا سبب ہندی کی ساخت۔ ابجد کے حروف اور طرزِ تکلّم۔

اسی طرح سے جب عربی فارسی کے الفاظ شنا گلے سے ادا ہوتے ہیں تو وہ بھی اپنی شکل بدل لیتے ہیں۔ ہم نے اپنی کتاب کے متن میں کہیں کہیں کوشش کی ہے کہ عربی فارسی لفظ کی شنا شکل قائم رکھی جائے۔ اس کو انہیں اصوات میں لکھا جائے۔ جن میں گلگت کا باشندہ ادا کرتا ہے۔ یہ اس صورت میں ہے جب فرق نمایاں ہو۔ اگر فرق تھوڑا سا ہے اور اس تکلف سے کچھ فائدہ برآمد ہوتا نظر نہیں آتا تھا۔ تو ہم نے عربی فارسی کی شکل کو عمداً قائم رکھا ہے اور تھوڑا سا شنا آمیز فرق نظر انداز کر دیا ہے۔

ہم یہاں پر ان صوتی تبدیلیوں کا ذکر کر رہے ہیں جو مختلف عاملوں کے زیر اثر الفاظ میں واقع ہوتی ہیں۔ موقع اچھا ہے یہاں پر ایک نہایت اہم اور دلچسپ کیفیت کا ذکر کر دینا ضروری ہے۔ باتوں میں بات رہ نہ جائے۔ یہاں ہم اسے مفصل تو بیان نہیں کر سکیں گے مگر مجملاً اس کا ذکر کر دینا ضروری ہے۔ میرا مطلب سندھی سے ہے۔ सन्धि (UNION) جس کا مطلب ملاپ ہے۔

سندھی سنسکرت گرامر میں علم کی وہ شاخ ہے جس کے ماتحت مختلف حروف مل کر متحدہ آواز یا آوازیں پیدا کرتے ہیں۔ ان میں کیا کیا تبدیلیاں ہوتی ہیں اور کن کن ارکان کو حذف یا شامل کرنا پڑتا ہے۔ ہندی میں جتنے عناصر سنسکرت کے موجود ہیں۔ ان پر سندھی کے قوانین وارد ہوتے ہیں۔ دو یا زائد الفاظ (حروف نہیں) کو جوڑ کر جب نیا مرکب لفظ تیار کیا جاتا ہے تو اس میں کون کون سی صوتی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔

(صفحہ ۲۹) یہ عجیب بات ہے کہ اس دور میں ہندی میں جتنے پراکرت (یعنی گھٹیا) کے عناصر ہیں وہ سندھی کے قوانین کی متواتر نافرمانی کرتے رہتے ہیں۔ تاہم عہدِ قدیم میں یقینی طور پر پراکرت بھی سندھی کے قوانین کے مطابق کام کرتی تھی۔ ہندوستان کی زبانوں کی موجودہ شکلیں جو

اس عہد میں وجود میں آئیں سندھی کے مطابق ہیں۔ سندھی کے قوانین کو پیشِ نظر رکھ کر ہم یہ تحقیق آسانی سے کر سکتے ہیں۔ کہ عہدِ قدیم میں کون سے سنسکرت کے لفظ سے جدید ہندی کا کون سا لفظ مشتق ہوا۔ اس اشتقاق کی سائنس کو پیشِ نظر رکھنے سے الفاظ کے اصل ماخذ معلوم ہو جاتے ہیں۔ طالب علم کو لغت دیکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی اور پھر اس کی آنکھیں کھل جاتی ہیں کہ ہمارے جدید الفاظ جو ہندی یعنی اردو میں مروّج ہیں وہ کن اصولوں کے ماتحت سنسکرت کے الفاظ سے اختراع کیے گئے ہیں۔ شنا کا بھی یہی حال ہے۔ وہ بھی آریائی زبان ہے اور دورِ قدیم کی سنسکرت زبان سے برآمد ہوئی ہے۔ یقینی طور پر عہد قدیم میں جب اصل سنسکرت کے الفاظ سے شنا کے الفاظ نے جنم لینا شروع کیا ہوگا تو سندھی کے قوانین کے ماتحت نئے الفاظ تعمیر کیے گئے ہوں گے۔ اس سائنس کی رو سے ہم آسانی سے شنا کا رشتہ اور گہرا تعلق سنسکرت کے ساتھ معلوم کر سکتے ہیں۔ میں نے سنسکرت کی گرامر کی شاخ سندھی کا بہت سا حصہ لکھ کر یہاں داخل کیا تھا۔ پھر نکال دیا کہ معاملہ بہت دور افتادہ ہو گیا ہے اور کتاب شنا کی زبان کے متعلق ہے اور شاید اس مقصد کے حلقے میں جو اس کتاب نے معین کیا ہے۔ سنسکرت سندھی کو بالتفصیل شامل کر دینا کچھ تکلف ہے۔ تاہم مضمون دلچسپ ہے اور کوئی سوز و ساز کا طالب کتابوں کا کرم اگر اس شاخ پر کام کرے تو معاملہ بہت مفید اور دور رس نتائج برآمد کریگا دیکھنا یہ ہوگا کہ اصل ویدک سنسکرت آریا لوگ اپنے ساتھ لائے تھے۔ وہ انہوں نے اس دیس میں مروّج کر دی۔ مرور زمانہ نے اس ذخیرہ الفاظ میں تبدیلیاں پیدا کیں۔ سندھی کی رو سے وہ سنسکرت کا کون سا لفظ تھا جو بدل کر موجودہ شنا کا لفظ بن گیا ہے۔ اس کی اصل شکل کیا تھی آیا یہ تمام تفاوت سندھی یعنی سنسکرت گرامر کے مطابق ہوئے یا دیگر لسانی عناصر نے بھی ارتقاء کے مختلف ادوار میں شنا زبان پر اثر ڈالا۔ اگر یہ سنسکرت گرامر کے اصولوں کے مطابق نہیں تو پھر وہ کون سے عناصر ہیں جو اثر انداز ہوئے اور وہ کس خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس ترکیب سے ہم شنا زبان کے ارتقاء کی تاریخ مرتب کر سکیں گے۔

اس تحقیق سے یہ بھی معین ہو جائے گا کہ شنا زبان کے سارے ذخیرۂ الفاظ میں کتنے لفظ سنسکرت سے تعلق رکھتے ہیں۔ غیر سنسکرت کن کن زبانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ موجودہ پراکرتوں یعنی ہندی۔ پنجابی۔ بنگالی وغیرہ میں سنسکرت کے جتنے الفاظ موجود ہیں وہ دو قبیل کے ہیں (۱) ایک کو تتسمہ (तत्सम) جماعت کہتے ہیں (TATSAMA.) تتسمہ کے معنی ہیں۔ "وہی شکل جیسے وہ ہے" یعنی یہ سنسکرت کا لفظ ہو بہو اپنی اصل شکل میں مروّج ہے۔ جس طرح سے کہ یہ سنسکرت میں لکھا اور بولا جاتا ہے۔ اسی شکل میں پراکرت میں موجود ہے۔ الاّ ماشااللہ اس میں خفیف سی تبدیلی اس بات کے سبب ہوئی کہ جو زائد ٹکڑے قدیم عہد میں صرف کے لئے حروف کے مادے کے ساتھ لگایا کرتے تھے ان کو تخفیف کر دیا گیا۔ اب صرف اصل حرف باقی رہ گیا ہے۔ یہ تتسمہ الفاظ تمام پراکرتوں میں اسی شکل میں موجود ہیں۔

یہ ظاہر ہے کہ جس پراکرت میں علمی کام زیادہ ہو گا اس میں تتسمہ الفاظ کی تعداد زیادہ ہو گی چونکہ سنسکرت کے اصل الفاظ زیادہ تر علمی کاموں کے لئے ہی استعمال کئے جاتے ہیں۔ مسلمانوں کا اثر شمال سے شروع ہوتا ہے اور اس لئے ہندی میں عربی فارسی عناصر کی شمولیت ہندوستان کے شمالی صوبوں میں زیادہ ہوئی۔ یہاں پہ عربی فارسی الفاظ نے سنسکرت کے الفاظ کی جگہ لے لی۔ اور علمی کاموں میں استعمال ہونے لگے۔ ہم جتنا ہندوستان کے مشرقی صوبوں کی طرف جاتے ہیں تتسمہ الفاظ کی نسبتی تعداد ذخیرۂ الفاظ میں اتنی ہی بڑھتی جاتی ہے حتیٰ کہ بنگالی زبان میں سب سے زیادہ ہو جاتی ہے۔

तद्भव ہندی میں سنسکرت اصل کی دوسری جماعت کا نام تدبھوا (TADBHAVA) تدبھوا کے معنی ہیں۔ "اس فطرت یا اصل کا"۔ ان الفاظ میں تبدیلی واقع ہو گئی ہے۔ لفظ کے حروف میں کمی بیشی کی گئی ہے یا حرف کو کسی دوسرے حرف سے بدل دیا گیا ہے۔ اس طرح سے اندرونی تبدیلی کرنے کے بعد لفظ کا حلیہ۔ شکل اور روحانی زور بدل گیا ہے۔ گویا اس نے اپنا بہروپ بدل لیا ہے۔ بعض دفعہ ایک ہی مادے (ROOT) کے دونوں لفظ موجود ہوتے ہیں تتسمہ اور

تدبھوا۔ تتسمہ بلند خیال یا علمی خیال کو ظاہر کرتا ہے۔ اور تدبھوا بازاری خیال کو۔ مشکل یہ آپنی ہے کہ مضمون اس بحث کا متحمل نہیں ہوتا۔ مگر اس بات کی تحقیق کرنے سے کہ تدبھوا الفاظ کس ترکیب اور عمل سے وجود میں آئے ہیں۔ کسی پراکرت یا زبانچے کے ارتقاء کی تاریخ کو ہم مرتب کر سکتے ہیں اس مضمون کو ہم یہاں منقطع کرتے ہیں کسی طالب کو اگر شوق ہو تو وہ ان کتابوں سے استفادہ کرے جیسا کہ میں نے کیا ہے۔

JOHN BEAMES : Comparative Grammer of the Modern Aryan Languages of India.

Dr. A.D.F. HOERNLE : Comparative Grammer of the Gaudian languages.

TRUMP : Grammer of Sindhi ; Etherington : Hindi Grammer.

اور شنا کے لئے


GRIERSON : Seven Grammers. T Grahame Bailey: Grammer of the Shina Language.

شنا کے مخصوص حروف کا مخرج

یہ بحث اردو میں ہو رہی ہے۔ اس لئے یہ فرض کر لیا جاتا ہے کہ خوانندہ اردو ابجد کی آوازوں سے آشنا ہے۔ عربی حروف۔ فارسی حروف۔ ہندی حروف۔ ہندی حروف یا ہائے مخلوط کی آوازوں سے وہ خوب واقف ہے۔ شنا کے آٹھ مخصوص حروف ہیں جو اس ابجد میں شامل نہیں۔ ان کی آوازوں پر بحث کرنا ضروری ہے تاکہ ان کے مخرج کا صحیح علم ہو جائے اور بولنے والے کو یہ معلوم ہو جائے کہ شنا کی ان آوازوں کو گلے۔ منہ یا تالو، کس مقام سے نکالنا ہے اور ان کو کس طرح ادا کرنا ہے

شنا کے خاص حروف آٹھ ہیں

	(۸)	(۷)	(۶)	(۵)	(۴)	(۳)	(۲)	(۱)
	ںٔ	ڑ	ز	ذ	ڜ	ژ	ڇھ	ڇ
نام:	نون غنم	ر مرتعش	زے گلگتی	ذال شناکی	ش دنتا	ژ مدور	چھ دنتا	چ دنتا
مثال:	کھنگسر	کھڑۃ	زگوٗ	ذنگو	ڜیئو	ژکُن	ڇھیلو	ڇکاٹی
معنی:	(تلوار)	(خراٹے بھرنا)	(باغ)	(پاجامہ)	(دایاں)	(گدھا)	(قمیض)	(ترازو)




انسان کے منہ میں دانت اور زبان

(اروپائی قاعدے کے مطابق دانتوں کے نام)

شنا کی ان خاص اصوات کو بحث کے لئے مختلف اہل زبان حضرات کی خدمت میں پیش کیا گیا اور انھوں نے مخارج کی تصدیق کی ہے کہ یہ صحیح ہیں۔

(۱)

ثٖ۔ ج دنتا



مثالیں:۔

ثھکائی   ثھاکو

(ٹھکانا)   (ٹکلی)

{صفحہ ۱۸۵ کی شکل کو بھی پیش نظر رکھا جائے}

منہ کو اتنا کھولا کہ اگلے یعنی کیتبرد دانتوں کے درمیان (جو دکھانے کے دانت ہیں) 1/16 انچ (ایک بٹا سولہ انچ) کا فاصلہ ہو جائے۔ زبان کے دائیں پہلو کے حصہ C کو اوپر کے چیبرد دو دانتوں کے انجام کے ساتھ زور سے دبا کر رکھا۔ اوپر والے دانتوں کے انجام نیچے ہیں۔ اور نیچے والے کے اوپر۔ زبان صرف اوپر والے دانتوں کے انجام کو مس کرے گی۔ زبان کی نوک AB کو زبان کے اس حصے کے اوپر جو مسوڑے ہیں یعنی Y۔ ان کے اوپر Y کے مرکز میں رکھ دیا۔ زبان کی نوک کو خفیف سا دبایا۔ مگر چونکہ زبان دائیں طرف کو دبا کر رکھی ہوئی ہے اس لئے زبان کی نوک تالو کے مرکز میں عین اوپر نہیں ہوگی بلکہ کچھ دائیں طرف کھچ کر چلی جائے گی۔ اندر سے سانس نکالا تو ثٖ کی صورت برآمد ہوگی۔

(۲) څ - چھ دنتا   مثال: څر (آبشار)

منہ کو ذرا سا کھولو۔ اتنا کہ کیڑو دانتوں میں $\frac{1}{16}$ انچ کا فاصلہ رہے۔ زبان کو اتنا چوڑا کیا جائے کہ وہ منہ کے تمام عرض میں پھیل جائے۔ مگر بائیں طرف کے دانتوں سے مس نہ کرے زبان کا پہلو دائیں طرف کے صرف دو اوپر کے چبیرو دانتوں کے انجام کے ساتھ خفیف شدت سے مس کرے۔ بالکل سامنے کے دو کیڑو اوپر والے دانتوں کے پیچھے جو اگلے تالو کا حصہ ط لگا ہوا ہے اس پر زبان کے اگلے حصہ A کو رکھ دو۔ زبان کے سرے کو تالو کے حصہ ط کے ساتھ درمیانی شدت سے دباؤ۔ اس کے بعد چھ کہنے کی کوشش کرو۔ اور اس دوران میں زبان کو وہاں سے حرکت دے کر اس کی نوک A کو نیچے لاؤ۔ حتیٰ کہ یہ اس حصہ کے قریب آجائے جہاں اوپر اور نیچے کے دانت ملتے ہیں۔ یعنی اوپر اور نیچے کے دانتوں کے درمیان جو موقع ہے۔ زبان کا سرا اس کے قریب ہو مگر مس نہ کرے۔

دانتوں کا درمیانی فاصلہ جتنا پہلے تھا۔ اتنا ہی رہے گا۔ یعنی صوت کے اخراج کے عمل میں اوپر نیچے کے جبڑے حرکت نہیں کریں گے۔


(۳) ږ - ژ مدور   مثال: ږکن (گدھا)

کیڑو دانتوں میں $\frac{1}{16}$ انچ کا فاصلہ پیدا کیا۔ زبان کی جڑ کو دبا کر چوڑا کر لیا۔ زبان کے اگلے حصے کو لمبا کر کے اکڑا لیا۔ زبان کی نوک سیدھی آگے کو رہے۔ زبان کے سرے کے نیچے جوفِ دہن کا جو پیندا ہے اس کے عضلات نے شدت سے قوت لگائی۔ زبان کی نوک کو اوپر کیا تاکہ وہ تالو کے حصہ ط کے بہت قریب ہو جائے۔ مگر مس نہ کرے۔ اندر سے ہوا زور سے نکلتی ہے تو ږ کی آواز پیدا ہوتی ہے۔

(۴) ښ - ش دنتا   مثالیں: ڈیښکو (داٹیاں)   ښک (گردن)

سامنے کے دانتوں کے درمیان $\frac{1}{16}$ انچ کا فاصلہ پیدا کیا۔ زبان کے حصہ CE کے دائیں پہلو کو دو چبیرو دانتوں اور ایک اگلی داڑھ کے ساتھ لگا دیا۔ دبایا نہیں بلکہ صرف وہاں رکھا۔

اس کے بعد اندر سے سانس باہر کو نکالا جو زبان کے نیچے سے گزر کر باہر جاتا ہے۔ اسی دوران میں زبان کو بیدھا رکھا سخت کیا اور زبان کی نوک اکڑ کر ذرا اوپر کی طرف مائل ہوئی جب پ کی صوت پیدا کرنے کے لیے سانس باہر کو نکالا جا رہا ہو تو اسی دوران میں زبان کو پیچھے کی طرف حرکت دی۔ اس حرکت میں جوفِ دہن کے پیندے کے وہ عضلات کام کریں گے جو زبان کی جڑ کے ساتھ نیچے لگے ہوئے ہیں۔ اور زبان کو ذرا سا پیچھے کی طرف کھینچیں گے۔



(۵) ڈ ۔ ذال ثنائی　　　　مثال: ڈوکلو (پاجامہ)

اگلے دانتوں میں پہلے اپنچ فاصلہ پیدا کرو۔ زبان کی نوک کو نیچے کے دو سامنے کے کیٹر دانتوں کے ساتھ لگا دو۔ بس لگی رہتی ہے۔ دبائی نہیں جاتی۔ زبان کے حصہ C.E. کو اوپر اٹھایا۔ حتیٰ کہ یہ

(۴۶) مسٹر ھمایوں بیگ

(وزیر ھمایوں بیگ - تمغۂ خدمت پاکستان)

مشکلات کے میدان کارزار کے ھمکار اور مہمات ایقان نشیب و فراز کے ھمراز - ھم بھولنا چاھیں تو بھی نہیں بھولتے - سرکار دربار کے معاملات اور ھیں دل کے دیار کے محکمات اور - ھمایوں بیگ صاحب اس وقت ایجنسی دفتر میں ھیڈ کلرک تھے آج گلگت میں افسر خزانہ ھیں - بعض لوگ غیر معمولی ذھانت اور معمولی معاملات کو غیر معمولی طور پر کرنے کی قابلیت اپنے ساتھ ازل سے لے کر آتے ھیں - ھمایوں بیگ صاحب گلگت کے پرانے وزیر خاندان سے تعلق رکھتے ھیں - شنا زبان کے امتحانات کے ممتحن ھیں - اور شنا زبان کے متعلق ان کا فیصلہ سند مانا جاتا ھے - ان کے کئے ھوئے تراجم اس کتاب میں موجود ھیں - اور تلفظ کی سند امضا کردہ پشت پر درج ھے -

(۴۷) سید محمد عباس

سید ضرور ھیں یعنی عرب سے آئے ھیں - مگر گلگت میں رھتے رھتے زبان کے لحاظ سے بلند ترین اھل زبان اور فصاحت کے مالک مانے جاتے ھیں - گورنمنٹ ھائی سکول گلگت میں اورینٹل ٹیچر ھیں - اردو فارسی کے امتحانات انہوں نے پاس کئے ھوئے ھیں - ان کی قلم سے کئی تراجم اس کتاب میں درج ھیں - شنا زبان کے امتحانات کے ممتحن ھیں - ان کے دستخط اس امر کا ثبوت موجود ھے کہ شنا کے الفاظ کا صحیح تلفظ درج کیا گیا ھے -

(۴۸) سید حیدر شاہ

بستی ڈمیال کے رھنے والے ھیں اور دین متین کے عالم ھیں - انہوں نے پیوستہ میرے ساتھ طویل عرصہ تک اس کتاب پر کام کیا - آخری تین مہینے تو میں اور سید صاحب دن رات اسی کام میں مصروف رھے - کتاب کی تدوین میں محنت کے لحاظ سے حیدر شاہ صاحب کا حصہ سب سے گراں ھے -

(۴۹) تلفظ اور مخارج کے صحیح ھونے کی تصدیق

(کتاب گلگت اور شنا زبان کے مسودے کے صفحہ کا ایک حصہ)

شنا زبان کی ابجد مکمل ھو گئی - نئے قائم حروف اور اعراب کو معین شکل دے دی گئی - تلفظ کو صحت کے ساتھ قائم کیا گیا - مخارج کے مقام اور طریق کو لکھ دیا گیا - یوں تو میرے بنگلے پر شام کی محفل میں یہی بحث ھوا کرتی تھی - لیکن تصدیق اور یقین کے لحاظ سے مسٹر ھمایوں بیگ اور سید محمد عباس کو دعوت دی گئی - وہ مسودے کو پہلے بھی ھر مقام پر دیکھ چکے تھے بلکہ ان کی آنکھوں کے سامنے یہ نہال چمن گلگت آگا ، بڑھا ، پھولا اور بار ور ھوا - ھر مقام پر انہوں نے دست امانت سے سرفراز کیا - لیکن اب تمام مسودے اور مقامات کو اچھی طرح پڑھنے اور سمجھنے کے بعد انہوں نے دستخط کر کے اس امر کی تصدیق کی کہ یہ کتاب ھر لحاظ سے درست اور صحیح ھے - الفاظ کا تلفظ اور ان کے مخارج صحیح بیان کئے گئے -




مسٹر ہمایوں بیگ



سید محمد عباس



سید حیدر شاہ



(۸) ں ـ نون غنہ

اردو میں نون غنہ رائج ہے جیسے کہ دانت میں۔

(۱٤٠)

Approved by:

1. Wazir Humayun Beg
Head Clerk of Agency, Gilgit

16/7/55

2. Sayyid Mohd Abbas
Oradist Teacher, Govt. High School, Gilgit

R. E. Jamil
16th July 1955

16/7/55

تلفظ اور مخارج کے صحیح ہونے کی تصدیق
(کتاب گلگت اور شنا زبان کے مسودے کے صفحہ کا ایک حصہ)

اوپر جو تالو کا حصہ ہے اس کے ساتھ لگ جائے۔ تالو اور زبان کے درمیان سے سانس باہر نکالا مگر زور کے ساتھ۔ زبان کے حصہ C کو بھی اوپر ہی رکھا۔ ہوا اس خلا میں سے جو زبان اور تالو کے درمیان ہے دب کر زور سے باہر نکلتی ہے۔ اس عمل میں زبان کی جڑ کے ساتھ جو عضلات لگے ہوتے ہیں وہ حرکت کرتے ہیں۔ اس میں چ اردو کی صوت ½ ملی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

(۶) ز۔ زے گلگتی۔ مثال: زگڑ (باغ)

اگلے دانتوں میں ½ انچ فاصلہ پیدا کیا۔ زبان کی نوک کو نیچے کے دو سامنے کے کیٹرو دانتوں کے ساتھ لگا دیا۔ ذ کی نسبت ز بولنے میں زبان کی نوک کا دباؤ نچلے دانتوں کے ساتھ خفیف سا زیادہ ہو جاتا ہے۔ زبان کے حصہ G E کو منہ میں چوڑا کیا۔ زبان کے حصہ C.E کو اوپر کر کے تالو کے حصہ M N کے قریب کیا مگر ذ بولنے کی نسبت ز بولنے میں فاصلہ زیادہ رہتا ہے۔ اندر سے سانس باہر نکالا۔ اسی دوران میں جوف دہن کے وہ عضلات جو زبان کی نوک کے نیچے ہیں عمل کرتے ہیں۔ ز کی آواز پیدا ہوتی ہے۔ اس آواز میں اردو کی ث کی آواز ½ ملی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

(۷) ڑ۔ ر مرتعش مثال، کھرّ (خراٹے بھرنا)

یہ ر ہمیشہ لفظ کے آخر میں ہوتی ہے۔ کئی دفعہ بولی جاتی ہے۔ پہلے شدت کے ساتھ پھر اس سے ہلکی۔ پھر اس سے ہلکی یعنی آواز کم ہوتی چلی جاتی ہے۔ یہ ر کم از کم تین دفعہ بولی جاتی ہے۔ اور یوں معلوم ہوتا ہے جیسے کہ صوت اپنی شدت میں گاؤ دم ہوتی چلی جا رہی ہے۔ اردو کی ر اگر مشدد ہو تو صرف دو دفعہ بولی جاتی ہے۔ مگر ر مرتعش کم از کم تین دفعہ بولی جاتی ہے۔

(۸) ں۔ نون غنہ مثال، کھنگشر (تلوار)

اردو میں نون غنہ رائج ہے جیسے کہ دانت میں۔

جب ہم اردو کا نون غنہ بولتے ہیں تو نون کی آواز کو ناک کے نچلے حصے سے نکالتے ہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے جیسے ناک کا پردہ اس میں کام کر رہا ہے۔ یہ نون بھی بینی مخرج کا نون ہے مگر یہ ناک کے

اوپر کے حصے سے نکلتا ہے۔ (نون غنہ) جہاں پر ناک چہرے کے ساتھ لگا ہوا ہے۔ اور تکمیلِ صوت کے لئے ناک کا وہ حصہ بھی عمل کرتا ہے جس کے عضلات تالو میں لگے ہوتے ہیں۔

شنا کے مفرد واولات کی تعمیر | ہم نے صدر میں شنا کے واولات کو درج کیا ہے (صفحہ ۱۳۸ اور صفحہ ۱۴۰) ہم نے دیکھا ہے کہ اردو کے ۹ مفرد اور ۲ مرکب واول ہیں یعنی کل ۱۱ عدد۔ مگر شنا کے ۲۰ مفرد اور ۲ مرکب واول ہیں یعنی کل ۲۲ عدد۔ ان کے مخارج کو اب ہم معین کرنا چاہتے ہیں کہ یہ واول کہاں سے ادا کیے جاتے ہیں۔

چونکہ ہم اردو میں بحث کر رہے ہیں اور خوانندہ اردو کے واولات کے مخارج اور طریقِ ادا سے واقف ہے۔ اس لئے ہم اردو کے واولات کو اساس بنا کر بحث کا آغاز کریں گے۔ اردو میں ہم نے واولات کو مندرجہ ذیل نام دے رکھے ہیں۔ ہم ان کی صرف معیاری لمبائی کی مثال کو فی الحال لیں گے۔ اردو میں معیاری لمبائی کے واولات کی سب مثالیں موجود ہیں

واول کا نام	معیاری لمبائی کے واول کی شکل	مثالیں
(۱) الف	ا	کالا۔ گھوڑا
(۲) یائے مجہول	آخر میں ے	بڑے۔ چلے
	بیچ میں یـ	ایک۔ میرا

APPROVED BY:

1. WAZIR HUMAYUN BEG

HEAD CLERK OF AGENCY, GILGIT

2. SAYYAD MOHD ABBAS.

ORENTIAL TEACHER, GOVT. HIGH SCOOL GILGIT.

M.S. NAMUS 16TH JULY. 1955.

مثالیں	معیاری لمبائی کے واول کی شکل	واول کا نام
کلی۔ ہری ایمان۔ گیلا	آخر میں۔ ی بیچ میں۔ ـیـ بیا	(۳) یائے معروف
اوس۔ بوتل	و	(۴) واؤ مجہول
اُون۔ پھُول	ـُو و	(۵) واؤ معروف

اب آپ اس جدول کو پیشِ نظر رکھیں (صفحہ ۱۴۰) جس پر لکھا ہے۔ شنا زبان کے اعراب (مفرد واولات) کا جدول (۲۰ عدد) اس میں آپ دیکھیں گے کہ وہی ۵ واول درج ہیں جن کا ذکر ہم نے اوپر کیا ہے۔ اور " معیاری " کالم کے نیچے جو اعراب کی شکلیں درج کی گئی ہیں وہی ہیں جو ہم نے اوپر درج کی ہیں۔ مگر شنا میں ۹ مفرد واولات کی بجائے جو اردو میں ہیں ۲۰ مفرد واول ہیں۔

جدول کی سب سے اوپر کی سطر کو دیکھو تو اس میں (۱) خفیف۔ (۲) کوتاہ (۳) معیاری (۴) طویل لکھا ہے۔ ہر واول کی ایک معیاری لمبائی ہے مثلاً الف کی معیاری لمبائی کالا اور گھوڑا میں ہے۔ پانچوں واولات کی چار مختلف لمبائیاں ہیں۔ معیاری تو معیاری ہے جسے ہر اردو بولنے والا جانتا ہے۔ اور جو وہ اس لفظ کو بولنے میں استعمال کرتا ہے۔ باقی واولات کی لمبائیاں یہ ہیں۔

طویل	معیاری	کوتاہ	خفیف
$1\frac{1}{2}$	۱	$\frac{1}{2}$	$\frac{1}{4}$

اب فرض کیجئے ہم الف معیاری کی بجائے الف طویل لفظ میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو اس الف کو $1\frac{1}{2}$ گنا لمبا کر کے منہ سے ادا کریں گے۔ جس طرح سے ہم اُردو میں آم کے لفظ میں کرتے ہیں۔ یہ لمبائی دگنی نہیں جیسا کہ عام طور پر فرض کیا جاتا ہے بلکہ صرف $1\frac{1}{2}$ گنا ہے۔ اسی طرح سے کوتاہ الف کی لمبائی $\frac{1}{2}$ ہے اور خفیف کی $\frac{1}{4}$ - ہم نے

شروع میں کوشش کی کہ طویل کو ۲ گُنا سمجھیں۔ کوتاہ کو $\frac{1}{2}$ گنا اور خفیف کو $\frac{1}{4}$ گنا۔ مگر یہ نسبت صحیح ثابت نہ ہوئی چونکہ بولنے میں معلوم ہؤا کہ نسبت $1\frac{1}{2}$ ا د $1\frac{1}{2}$ اور $\frac{1}{4}$ ہونی چاہیئے۔ یہ نسبتی لمبائی ہم نے صرف آواز کی لمبائی کو سننے کے بعد اندازاً ماپنے سے قائم کی ہے۔ کوئی آلہ ایسا موجود نہ تھا کہ صوت کو میکانی طور پر ہم خط کی لمبائی میں تبدیل کر سکتے اور پھر اس کو ماپنے کے بعد "طولِ صوت" کی صحیح لمبائی دریافت کرتے۔ ایسے آلات موجود تو ہیں مگر میرے پاس نہیں تھے اس لیئے کان کے اندازہ پہ اکتفا کی گئی۔

باۓ مجا گنیگو۔ کریگہ گلفام سے پنور قتل تھوکے گارو تھے۔ کھنگر نکھلیگو۔
رسی میں باندھ لیا۔ جس وقت گلفام نے پنور کو قتل کرنے کے لئے تلوار نکالی۔

تو نیلی پریس کریو تھیگی۔ پنور دِیو سے رَیگو۔ مَس توم دی نیلی پریئی گر تو سال
تو سبز پری نے چیخ ماری۔ پنور دیو نے کہا۔ میں اپنی لڑکی سبز پری کی شادی تیرے ساتھ

تی تھم۔ تو مَا سال تی بوہ۔ نیلی پری پَرِ اَکی اَنے سَٹ خوش اَشی۔ گلفام
کروں گا۔ تو میرا ساتھی بن جا۔ سبز پری پہلے ہی (اسباب) سے خوش تھی۔ گلفام

سے رَیگو۔ مَس گر تھوکی دوبَم۔ مہ تو توم یَران گلنار اَڑ رو بجے نکھتنس۔
نے کہا۔ میں شادی کر نہیں سکتا۔ میں تو اپنی محبوبہ گلنار کو ڈھونڈتے ہوئے نکلا ہوں۔

مَس توم گر اَیسے سال تی تھم۔ بٹے دِیوس ایک نلا رَیگے۔ پرواہ نش۔ تو اَسیٔ
میں اپنی شادی اس کے ساتھ کروں گا۔ سب دیو ایک زبان ہو کر بولے۔ پرواہ نہیں۔ تو ہمارا

دوست ہنو۔ اَنو کوۓ مجا تھئیٔ امداد تھون۔
دوست ہے۔ اس کام میں تیری امداد کریں گے۔

کچاکک دیزو جو فتو گلفام آلی جو نکھتو ...... تو پنور سے رَیسٹ
کچھ دنوں کے بعد گلفام وہاں سے نکلا تو پنور نے اس کو

توم جکرئی بالک دیگو۔ نے رَیگو کریگہ تُس اَنو بالو اَگا رَیج ہریگا تو مَس توم
اپنے بالوں میں سے ایک بال دیدیا۔ اور کہا جس وقت تو اس بال کو آگ کے پاس لیجائیگا تو میں اپنا

بٹے سین گمنی۔ ڈیث تھے فتیٹ مجا تھئیٔ امدادٹ وام
تمام لشکرے کر چشم زدن میں تیری امداد کو آجاؤں گا۔

گلفام چِینئے رِعلاقاٹ گنیُو۔ آءِل رَئیسٹ یَئِل بِگی کہ اَنے دِشَئے بادشاس گلنار ایک اُتھلی

گلفام چین کے علاقے میں گیا۔ وہاں اسے معلوم ہوا کہ اسی جگہ کے بادشاہ نے گلنار کو ایک اونچے

چھیشیکِچ کو ٹکر بَن تھنگُن۔ روس راس کہ ہَیئِن چیغ بَر۔ گلنار سے نے مَنیش۔

پہاڑ کے قلعہ میں بند کیا ہے۔ وہ کہتا تھا کہ میرے بیٹے کے ساتھ شادی کرو۔ گلنار (اس کی) نہیں مانتی تھی۔

گلفام بوردو مُشکِل گنی آ یَئیٹ اُتھاتو۔ جَگرُئے بالو اَگار کچ ہَرَیگو۔ پنور سے توم بُٹے

گلفام بہت مشکل سے وہاں پہنچا۔ سر کے بالوں سے ایک بال کو آگ کے پاس لے گیا۔ پنور اپنی سب فوج

سِیئن گِنی اُتھشو۔ تَسلِی جَنگنک بِگی چِینئے بادشائے یُیچ قتل بگو۔ گلفام سے گلنار

لے کر پہنچا۔ بڑی معرکے کی لڑائی ہوئی۔ چین کے بادشاہ کا بیٹا قتل ہوا۔ گلفام نے گلنار (کو)

لَئی گو۔ یَرِبے رئیہ گلفامُئے ہِیئُمئے سونِ اَشِی تُرکستانَہ گے پُوری وطنئے سونِ بِگی

پایا۔ پہلے وہ گلفام کے دل کی ملکہ تھی ترکستان جاکر سارے ملک کی ملکہ بن گئی۔

جَگرہ کے معنی سر کے تمام بال۔ یعنی کیس۔ شنا بولتے وقت اسی طرح سے کہتے ہیں۔ جَگرُئے

بلل ۔ بال کے معنی بال۔ یعنی سر کے بالوں میں سے ایک بال۔

باب ۱۱

فعل

باب ۱۱۔ فعل

مندرجات (صفحات کے نمبر بریکٹ میں درج ہیں)

باب ۱۱۔ فعل

فعل کی تصریف

بلحاظ تذکیر و تانیث۔ واحد اور جمع۔ فاعل اور مفعول کے ساتھ فعل کی مطابقت ہوتی ہے۔

(۱) فعل لازم ۔ افعال کی تذکیر و تانیث، واحد اور جمع، فاعل کے مطابق ہوتی ہے۔ یعنی اگر فاعل مذکر، مؤنث۔ جمع یا واحد ہے تو فعل بھی اس کے مطابق استعمال ہوگا۔ مثلاً
مُشَا وَتُو (مرد آیا)۔ جَنیٔ وَتی (عورت آئی) مُشئے وَتے۔ (مرد آئے)۔ جَنیٔے وَتے (عورتیں آئیں)

(۲) فعل مُتعدی ۔ ماضی مطلق۔ ماضی قریب۔ ماضی بعید۔ ماضی احتمالی کی صورت میں تذکیر و تانیث، وحدت اور جمع، مفعول کے لحاظ سے ہوتی ہے۔ اگر متعدی بدو مفعول ہو تو دوسرے مفعول کے لحاظ سے اگر متعدی بہ سہ مفعول ہو تو تیسرے مفعول کے لحاظ سے ہوتی ہے۔ مثلاً۔ شَوکَت سے سَلیمَٹ بَستہ لَیارَیگو (شوکت نے سلیم کو بستہ دلوایا)۔ نسیم سَنے سَلیمَٹ حمید جو کتاب لَیارَیگو۔ (نسیم نے سلیم کو حمید سے کتاب دلوائی)

فعل تھوءِ کِی کا استعمال

(۱) لفظ تھوءِکِ کے عام معنی ہیں: کرنا۔ بنانا۔ جَیک تھَینَنَ (وہ کیا کرتے ہیں)۔ بآن تھَینَنَ (ہل چلا رہے ہیں)

(۲) چُک تھوءِکِی۔ (خاموش ہونا)۔ نماز تھوءِکِی (نماز پڑھنا)۔ سلام تھوءِکِی (سلام کرنا)۔ لوکوٗ تھوءِکِی۔ (جلدی کرنا)۔ مِیشِٹو تھوءِکِی (اچھا کرنا)۔ ٹَپکٹ تھوءِکِی (بھرنا)

(۳) کسی زبان کا بولنا۔

(۴) کھانا تیار کرنا

(۵) بچے کی پیدائش

(۶) بطور حرف جار

تھوءِکِ ان کثیر معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ کئی طرح سے استعمال کیا جاتا ہے۔ مصادر کے آخر میں کِ آتا ہے۔ مثلاً زموءِکِ (مارنا)

ـِ = يِ جب لفظ کے آخر میں واقع ہو۔ اس لئے کتابت میں زموءِکِ = زموءِ کِيِ اس طرح سے دیگر مصادر اور افعال کے آخر میں جب کسرہ واقع ہوگا تو يِ کی شکل میں لکھا جائے گا۔

فعل

فعل وہ کلمہ ہے جس میں زمانے کے تعلق کے ساتھ کسی کام کا کرنا۔ ہونا یا سہنا پایا جائے۔

زمانے تین ہیں (۱) زمانہ ماضی۔ جو گذر چکا ہے۔ (۲) زمانہ حال جو گذر رہا ہے۔ (۳) زمانہ مستقبل جو آئندہ آئے گا۔

فعل کی قسمیں

فعل کی قسمیں کئی لحاظ سے کی جاتی ہیں (۱) مفرد، مرکب کے لحاظ سے (۲) معانی کے لحاظ سے (۳) فاعل کے لحاظ سے (۴) اثبات نفی کے لحاظ سے (۵) بناوٹ کے لحاظ سے

(۱) مفرد مرکب کے لحاظ سے

(۱) فعل مفرد۔ وہ فعل ہے جو مفرد مصدر سے بنایا گیا ہو۔ مثلاً کھوءِکِ مصدر سے کھئے گوءُ (دکھایا)

(۲) فعل مرکب۔ وہ فعل ہے جو دو فعلوں کو ملا کر۔ یا ایک اسم اور ایک فعل کو ملا کر بنایا گیا ہو مثلاً نفوٗ جا بَنَیْش (کرتا رہا)۔

(۲) معانی کے لحاظ سے

(۱) فعل لازم۔ وہ فعل ہے جس کے لئے صرف فاعل کی ضرورت ہو۔ صَفر خاں گوءُتَر (صفر خاں گیا)

(۲) فعل متعدی۔ وہ فعل ہے جس کے لئے فاعل کے علاوہ مفعول کی بھی ضرورت ہو۔

شاہ خاں سے رگی کھیگوءُ (شاہ خاں نے روٹی کھائی۔)

(۳) فاعل کے لحاظ سے

(۱) فعل معروف۔ وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم ہو۔ حاجی خلیفہ وَ توُ (حاجی خلیفہ آیا)۔

(۲) فعل مجہول۔ وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ زَید توُ ءُ دِ مگوُ (زید مارا گیا)

(۴) اثبات و نفی کے لحاظ سے

(۱) مثبت۔ وہ فعل ہیں جن میں کسی کام کا کرنا پایا جائے۔ کھَان (کھاتا ہے)

(۲) منفی۔ وہ فعل ہیں جن میں کسی کام کا نہ کرنا پایا جائے۔ نے کھَان (نہیں کھاتا ہے)

(۵) بناوٹ کے لحاظ سے

بناوٹ کے لحاظ سے فعل کی پانچ قسمیں ہیں۔

(۱) فعل ماضی جس کا واقع ہونا گزرے زمانے میں پایا جاوے۔ کھیَگس (کھایا تھا)

فعل ماضی کی چھ قسمیں ہیں۔

(ا) ماضی مطلق۔ جس میں مطلق گزرا ہوا زمانہ پایا جائے۔ اس سے یہ معلوم نہ ہو کہ فعل کو گزرے زیادہ عرصہ گزرا ہے یا کم۔ ریگوُ (پڑھا)

(ب) ماضی قریب۔ وہ فعل ہے جس میں قریب کا گزرا ہوا زمانہ پایا جائے۔ کھیگُن (کھایا ہے)

(ج) ماضی بعید۔ وہ فعل ہے جس میں بعید کا گزرا ہوا زمانہ پایا جائے۔ گوس (گیا تھا)

(د) ماضی استمراری۔ وہ فعل ہے جس میں فعل کا بار بار ہونا زمانہ گذشتہ میں پایا جائے۔ مثلاً کھاس (کھاتا تھا)

(س) ماضی شکیہ۔ وہ فعل ہے جس میں فعل کا ہونا زمانہ گذشتہ میں شک کے ساتھ پایا جائے۔ گے نیے ئیٹی (گیا ہوگا)

(ص) ماضی تمنائی۔ وہ فعل ہے جس میں فعل کا گذشتہ زمانے میں واقع ہونا تمنا کے ساتھ پایا جائے۔ اختنا ترؤس کھے گِتْ توَ (اگر تم کھاتے تو)۔

(۲) فعل مضارع۔ وہ فعل ہے جس میں زمانہ حال اور آئندہ دونوں پائے جائیں۔ مثلاً وَبوٹ (آئے)

(۳) **فعل حال** - وہ فعل ہے جس میں فعل کا موجودہ زمانے میں واقع ہونا پایا جائے۔
مثلاً وَان (آتا ہے)

(۴) **فعل مستقبل** - وہ فعل ہے جس میں فعل کا آئندہ زمانے میں واقع ہونا پایا جائے۔ مثلاً وَائی (آئیگا)

(۵) **فعل امر** - وہ فعل ہے جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم پایا جائے۔ وَہ (آؤ) - کھُھ (کھاؤ)

(٦) **فعل نہی** - وہ فعل ہے جس میں کسی کام کے نہ کرنے کا حکم پایا جائے۔
مثلاً نے وَہْ (مت آؤ) - نے سوہ (نہ سو)

صیغے اور گردان

صیغہ کے لغوی معنی ہیں۔ ڈھلی ہوئی چیز۔ اصطلاح میں لفظ کی اس شکل کو کہتے ہیں جو گرامر کے لحاظ سے اس لفظ کو خاص معنی دینے کے لئے حروف اور حرکات کے اضافے اور بدل سے پیدا ہو۔

فعل کے صیغوں کو ترتیب وار بیان کرنے کا نام گردان یا تصریف ہے۔ ہر فعل کے فاعل کی تین حالتیں ہیں (۱) فاعل مذکر ہوگا یا مؤنث (۲) واحد ہوگا یا جمع۔ (۳) غائب۔ حاضر یا متکلم ہوگا۔ اس لئے ان تین حالتوں کے لحاظ سے فعل کی گردان کی بارہ صورتیں پیدا ہوتی ہیں۔ (۱) واحد مذکر غائب (۲) جمع مذکر غائب۔ (۳) واحد مذکر حاضر (۴) جمع مذکر حاضر (۵) واحد مذکر متکلم (۶) جمع مذکر متکلم (۷) واحد غائب مونث (۸) جمع غائب مؤنث (۹) واحد حاضر مؤنث (۱۰) جمع حاضر مؤنث (۱۱) واحد متکلم مؤنث (۱۲) جمع متکلم مؤنث۔

فعل ماضی مطلق معروف

بنانے کا قاعدہ : علامت مصدر دُور کرنے کے بعد اگر آ آخیر میں رہے تو واحد مذکر کے لئے تُوۡ ۔ جمع مذکر کے لئے تَےۡ ۔ واحد حاضر کے لئے تُوۡ جمع حاضر کے لئے نَتَ ۔ واحد متکلم کے لئے تُسَ ۔ جمع متکلم کے لئے تَسَ ۔ لگانے سے فعل ماضی مطلق معروف بن جاتا ہے ۔

مؤنث کے صیغے بنانے کے لئے : واحد مؤنث کے لئے تِیۡ ۔ جمع مؤنث کے لئے تَےۡ ۔ واحد حاضر کے لئے تَےۡ ۔ جمع حاضر کے لئے نَتَ ۔ واحد متکلم کے لیے تِس ۔ اور جمع مؤنث متکلم کے لیے تَسَ لگاتے ہیں ۔

ماضی مطلق معروف کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	یَا لِوَءِ کِي	اَؤ یا تُوۡ	اَئِ یا تَےۡ	تُوۡ یا تُوۡ	تَوَہ یا نَتَ	مُہد یا تُسَ	بیٹہ یا تَسَ
اردو ترجمہ	چلنا	وہ چلا	وہ چلیں	تو چلا	تم چلیں	میں چلا	ہم چلیں
مؤنث	یَا لِوَءِ کِي	اَءِ یا تِیۡ	اَئِ یا تَےۡ	تُوۡ یا تَےۡ	تَوَہ یا تَتَ	مُہد یا تِس	بیٹہ یا تَسَ
اردو ترجمہ	چلنا	وہ چلی	وہ چلیں	تو چلی	تم چلیں	میں چلی	ہم چلیں

ماضی مطلق معروف کی دوسری گردان

بنانے کا قاعدہ : اگر علامت مصدر دور کرنے کے بعد الف کے علاوہ کوئی اور حرف آخر میں ہو تو

مذکر کے لئے : واحد غائب کی حالت میں گوُ لگاتے ہیں۔ جمع غائب میں گے۔ واحد حاضر کے لئے گا۔ جمع حاضر کے لئے گَٹ۔ واحد متکلم کے لئے گَس۔ جمع متکلم کے لئے گَئش

مونث کے لئے : واحد غائب کی حالت میں گِی۔ جمع غائب کے لئے گے۔ واحد حاضر کے لئے گئے۔ جمع حاضر کے لئے گئت۔ واحد متکلم کے لئے گِس۔ جمع متکلم کے لئے گئش لگاتے ہیں۔

ماضی مطلق معروف کی دوسری گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	ھئی تھوءِ ک	اَوْس ھئی تھئے گوُ	اَیْتس ھئی تھے گے	تُس ھئی تِھ گا	ترس ھئی تِھگئت	مَس ھئی تھگس	نَئس ھئی تِھگئش
اردو ترجمہ	دوڑنا	وہ دوڑا	وہ دوڑیں	تو دوڑا	تم دوڑیں	میں دوڑا	ہم دوڑیں
مونث	ھئی تھوءِ ک	اَیْتس ھئی تِھگِی	اَیْتس ھئی تِھگئے	تُس ھئی تِھگئے	ترس ھئی تِھگئت	مَس ھئی تِھگِس	نَئس ھئی تِھگئش
اردو ترجمہ	دوڑنا	وہ دوڑی	وہ دوڑیں	تم دوڑیں	تم دوڑیں	میں دوڑا	ہم دوڑیں

ماضی قریب معروف

بنانے کا قاعدہ : علامت مصدر حذف کرنے کے بعد۔

مذکر کی حالت میں: واحد غائب کے لئے گُنُ ۔ جمع غائب کے لئے گَئُ ۔ واحد حاضر کے لئے گَنُوَ ۔ جمع حاضر کے لئے گَنَت ۔ واحد متکلم کے لئے گَنَسُ ۔ جمع متکلم کے لئے گَنَسِ ۔

مونث کی حالت میں : واحد غائب کے لئے گِنِ ۔ جمع غائب کے لئے گَنَ ۔ واحد حاضر کے لئے گَنئے ۔ جمع حاضر کے لئے گَنِث ۔ واحد متکلم کے لئے گَنِسِ ۔ جمع متکلم کے لئے گِینَسِ ۔ لگاتے ہیں۔

ماضی قریب معروف کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	ھَئِي تھوءِ کي	اُوس ھَئي تھيئگُنُ	اَيئيسُ ھَئي تھيئگَنَ	تُسُ ھَئي تھے گنو	تُرِسُ ھَئي تھيئگَنت	مَسُ ھَئي تھيئگَنسُ	يُسُ ھَئي تھيئگَنسِ
اردو ترجمہ	دوڑنا	وہ دوڑا ہے	وہ دوڑے ہیں	تو دوڑا ہے	تم دوڑے ہو	میں دوڑا ہوں	ہم دوڑے ہیں
مونث	ھَئي تھوءِ کِ	اَئيسُ ھَئي تھيئگِنِ	اَيئيسُ ھَئي رھي گَئَن	تُسُ ھَئي تھگَنئے	تَروشُ ھَئي تھگَنِث	مَسُ ھَئي تھگِنسِ	يَسُ ھَئي تھگيئنَسِ
اردو ترجمہ	دوڑنا	وہ دوڑی ہے	وہ دوڑیں ہیں	تو دوڑی ہے	تم دوڑیں ہو	میں دوڑی ہوں	ہم دوڑیں ہیں

ماضی بعید معروف

بنانے کا قاعدہ:

مذکر کے لئے :۔ ماضی مطلق کے صیغہ واحد پر س۔ جمع پر ئِیس۔ واحد حاضر پر سُو۔ جمع حاضر پر سَت۔ واحد متکلم پر سُس۔ جمع متکلم پر سَس۔ لگایا جاتا ہے۔

مؤنث کے لئے :۔ واحد غائب پر ئِش۔ جمع غائب پر ئِس۔ واحد حاضر پر سے۔ جمع حاضر پر سَت۔ واحد متکلم پر سِس۔ جمع متکلم پر سَس۔ لگایا جاتا ہے۔

ماضی بعید معروف کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	بجوءِ کي	اَو گوَس	اَئِ گیَش	تُو گا سُو	تَو ہ گیشَت	مَہ گا سُش	بیَہ گیَسَش
اردو ترجمہ	جانا	وہ گیا تھا	وہ گئے تھے	تو گیا تھا	تم گئے تھے	میں گیا تھا	ہم گئے تھے
مؤنث	بجوءِ کي	اَئے گیَئِش	اَئِ گیئِس	تُو گیئشے	تَوہ گیَشت	مہ گیسِس	بیَہ گیَسَش
اردو ترجمہ	جانا	وہ گئی تھی	وہ گئی تھیں	تم گئی تھی	تم گئی تھیں	میں گئی تھی	ہم گئیں تھیں

اَسُو (تھا) کی گردان

حالت	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	اَسُو او مُشنَا اَسُو	اَسے اَئی مُشنے اَسے	اَسو تو مُشنَا اَسو	اَسِت توہ مُشنے اَسِت	اَسُش مَہہ مُشنَا اَسُش	اَسِیس بیہ مُشنے اَسِیس
اردو ترجمہ	وہ مرد تھا	وہ مرد تھے	تو مرد تھا	تم مرد تھے	میں مرد تھا	ہم مرد تھے
مؤنث	اَشي اے چِھمُ اَشي	اَسے اَئی چِھمُ اے اَسے	اشئے تو چِھمُ اَشئے	اَسِت توہ چِھمُ اے اَسِت	اَسِش مَہہ چِھمُ اَسِش	اَسِش بیہ چھمُ اے اَسِش
اردو ترجمہ	وہ عورت تھی	وہ عورتیں تھیں	تو عورت تھی	تم عورتیں تھیں	میں عورت تھی	ہم عورتیں تھیں

نوٹ:۔ صیغہ واحد غائب مذکر۔ کے آخر میں اگر وٗ ہو تو وہ واؤ معروف ہوگی یعنی ـُو بولی جائے گی۔

ماضی استمراری معروف

بنانے کا قاعدہ:

مذکر کے لیئے - علامت مصدر دُور کرنے کے بعد- واحد غائب کے لیئے اُس- جمع غائب کے لیئے اَنس- واحد حاضر کے لیئے اَسو- جمع حاضر کے لیئے اَست- واحد متکلم کے لیئے مُسُس جمع متکلم کے لیئے نَسَس - لگاتے ہیں۔

مونث کے لیئے - واحد غائب کے لیئے اَش- جمع غائب کے لیئے اَنس- واحد حاضر کے لیئے اَشئے جمع حاضر کے لیئے اَست- واحد متکلم کے لیئے مِی بس اور جمع متکلم کے لیئے نَسَس لگاتے ہیں۔

ماضی استمراری معروف کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	کھوءِ کی	اوس کھاس	اَئیئش کھانش	تُس کھاسو	زوش کھاست	مَس کھمُسُس	بیشن کھونَسَس
اردو ترجمہ	کھانا	وہ کھاتا تھا	وہ کھاتے تھے	تو کھاتا تھا	تم کھاتے تھے	میں کھاتا تھا	ہم کھاتے تھے
مونث	کھوءِ کی	اَئیئس کھاش	اَئیئس کھانس	تُس کھاشئے	زوس کھاست	مَس کھمِ بس	بیشن کھونَسَس
اردو ترجمہ	کھانا	وہ کھاتی تھی	وہ کھاتی تھیں	تو کھاتی تھی	تم کھاتی تھیں	میں کھاتی تھی	ہم کھاتی تھیں

ماضی شکیہ معروف

بنانے کا قاعدہ :۔

مذکر کے لئے :۔ علامت مصدر دُور کرنے کے بعد۔ واحد غائب کے لئے بۓ یئ۔ جمع غائب کے لئے بۓ یئن۔ واحد حاضر کے لئے بے بیۓ۔ جمع حاضر کے لئے بۓ یئث۔ واحد متکلم کے لئے بے یم۔ جمع متکلم کے لئے بۓ یُن۔

مؤنث کے لئے۔ یہی علامتیں استعمال کی جاتی ہیں۔

ماضی شکیہ معروف کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	پَشتوء کي	اُوس پَشتیِ بَے بیِ	آئیٹس پَشتیِ بَے یئن	تُس پَشتیِ بَے بیۓ	تُوس پَشتیِ بَے یئث	مَش پَشتیِ بَے یم	ہٹس پَشتیِ بَے یُن
اُردو ترجمہ	دیکھنا	اس نے دیکھا ہو گا	انہوں نے دیکھا ہو گا	تو نے دیکھا ہو گا	تم نے دیکھا ہو گا	میں نے دیکھا ہو گا	ہم نے دیکھا ہو گا
مؤنث	پَشتوء کي	اَئیٹش پَشتیِ بَے یی	اَئیٹس پَشتیِ بَے یئن	تُس پَشتیِ بَے بیۓ	تُوش پَشتیِ بَے بیث	مَش پَشتیِ بَے یم	ہٹس پَشتیِ بَے یُن
اُردو ترجمہ	دیکھنا	اس نے دیکھا ہو گا	انہوں نے دیکھی ہو نگی	تو نے دیکھی ہو گی	تم نے دیکھی ہو نگی	میں نے دیکھی ہو گی	ہم نے دیکھی ہو گی

ماضی تمنائی معروف

پہلی صورت

بنانے کا قاعدہ :-

مذکر کے لئے - واحد غائب کی حالت میں گُشتُوَ - جمع غائب کے لیئے گُشتُوۡ - واحد حاضر کی حالت میں گُسُوۡ تو - جمع حاضر کی حالت میں گِسَٹ تُوۡ - واحد متکلم کے لیئے گُسُتُوَ - جمع متکلم کے لیئے گَسَشتُو -

مؤنث کے لیئے - واحد غائب کی حالت میں گِشتُوۡ - جمع غائب کی حالت میں گِشتُوۡ - واحد حاضر کی حالت میں گِشَے تُوۡ - جمع حاضر کی حالت میں گِسَٹ تُوۡ -

واحد متکلم کی حالت میں گِسِشتُوۡ - جمع متکلم کی حالت میں گَسَشتُوۡ لگایا جاتا ہے -

ماضی تمنائی معروف کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	ھَی تھُوءِ کِ	اَوس ھَئی تھگُشتُوَ	اَیئِش ھَئی تھگِشتوۡ	تُش ھَئ تھِگُسُو تُوۡ	تُوش ھَئی تھگِسَٹ تو	مَس ھَئی تھگُسُش تُوۡ	بَش ھَئ تھِگَسَس تُوۡ
اردو ترجمہ	دوڑنا	وہ دوڑتا	وہ دوڑتے	تو دوڑتا	تم دوڑتے	میں دوڑتا	ہم دوڑتے
مؤنث	ھَی تھُوءِ کِ	اَیئِش ھَئی تھگِشتوۡ	آیئِس ھَئ تھگِشتوۡ	تُش ھَئ تھگِشَے تو	تُوس ھَئی تھگِیَسَٹ تُوۡ	مَش ھَئی تھگِسِش تُوۡ	بَش ھَئی تھگِسَش تُوۡ
اردو ترجمہ	دوڑنا	وہ دوڑتی	وہ دوڑتیں	تو دوڑتی	تم دوڑتیں	میں دوڑتی	ہم دوڑتیں

ماضی تمنائی معروف

دوسری صورت

بنانے کا قاعدہ:

مذکر کے لئے ۔ علامت مصدر اور ماقبل واو کو دور کرنے کے بعد سے گُشتو۔ جمع مذکر غائب کے لئے ئیگَئشتو۔ واحد حاضر کے لئے ئیگَسْتو تو۔ جمع حاضر کے لئے ئیگَئسَت تو

مونث کے لئے: ئیگِشتو۔ جمع کے لئے ئیگَئشتو حاضر کے لئے ئیگِیسے تو۔ جمع کے لئے ئیگَئشت تو۔ متکلم کے لئے ئیگِیشتو۔ جمع کے لئے ئیگَئشتو

ماضی تمنائی معروف کی دوسری گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مفعول مذکر	پَشرڈِکی	اُوش پَشَرےگُشتو	اَئیش پشَرے گِگَئشتو	تُش پَشَرے گُسو تو	تِرش پَشَرے گِیَسَت تو	مَس پَشَرے گَرُش تو	بِئش پَشَرے گِیَئش تو
اردو ترجمہ	دکھانا	اُس نے دکھایا ہوتا	انہوں نے دکھایا ہوتا	تو نے دکھایا ہوتا	تم نے دکھایا ہوتا	میں نے دکھایا ہوتا	ہم نے دکھایا ہوتا
مفعول مؤنث	پَشرڈِکی	اوس پَشَرے گِشتو	اَئیش پَشَرے گِیشتو	تُش پَشَرے گِسو تو	تِروش پَشَرے گِیَئت تو	مَش پَشَرے گَیِس تو	بِئش پَشَرے گَشَئش تو
اردو ترجمہ	دکھانا	اس نے دکھائی ہوتی	انہوں نے دکھائی ہوتیں	تو نے دکھائی ہوتی	تم نے دکھائی ہوتیں	میں نے دکھائی ہوتی	ہم نے دکھائی ہوتیں

فعل مضارع معروف

بنانے کا قاعدہ : مذکر اور مؤنث فعل مضارع بنانے کے لئے تصریف ایک ہی طرح ہوتی ہے۔ البتہ ضمیریں بدلتی رہتی ہیں۔ خصوصاً واحد غائب کی صورت میں مثلاً واحد مذکر کے لئے او ہِجُت (وہ مرد جائے) اور واحد مؤنث کے لئے اَے ہِجُت (وہ عورت جائے) وغیرہ

مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے۔ علامت مصدر دور کرنے کے بعد واحد غائب کے لئے ت۔ جمع غائب کے لئے ث۔ واحد حاضر کے لئے ئے۔ جمع حاضر کے لئے ت۔ واحد متکلم کے لئے م اور جمع متکلم کے لئے ن لگاتے ہیں۔

کبھی کبھی خلاف قاعدہ جمع حاضر میں ماقبل ت کا الف ساکن آتا ہے۔ مثلاً
تَرُہ سَات (تم سوؤ)۔ تَرُس کھَات (تم کھاؤ)

فعل مضارع معروف کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر و مؤنث	ہِجوءِ کِی	او ہِجُت (م) اَے ہِجُت (مؤنث)	اَئے ہِجُث	تُو ہِجَے	تَرُہ ہِجَت	مہ ہِجَم	بثیہ ہِجَن
اردو ترجمہ	جانا	وہ جائے	وہ جائیں	تو جائے	تم جاؤ	میں جاؤں	ہم جائیں
مذکر و مؤنث	سوءِ کِی	اَو سُوت (م) اَے سُوت (مؤنث)	اَئے سُوث	تُو سَئے	تَرُہ سَات	مَہ سَم	بثیہ سُون
اردو ترجمہ	سونا	وہ سوئے	وہ سوئیں	تو سوئے	تم سوؤ	میں سوؤں	ہم سوئیں
مذکر و مؤنث	کھوءِ کِی	اَدُس کھُوت (م) اَیْس کھوت (مؤنث)	اَیْثُس کھُوث	تُس کھَا	تَرُس کھَات	مَش کھَم	بثیش کھُون
ترجمہ	کھانا	وہ کھائے	وہ کھائیں	تو کھائے	تم کھاؤ	میں کھاؤں	ہم کھائیں

فعل حال معروف

بنانے کا قاعدہ :

مذکر کے لئے ۔ واحد غائب کے لئے ئِن ۔ جمع غائب کے لئے ئِنَن ۔ واحد حاضر کے لئے نُو ۔ جمع حاضر کے لئے نَت ۔ واحد متکلم کے لئے مُس ۔ جمع متکلم کے لئے نَس ۔ لگاتے ہیں ۔

مؤنث کے لئے ۔ واحد غائب کے لئے ئِن ۔ جمع غائب کے لئے ئِنَن ۔ واحد حاضر کے لئے ئِنے ۔ جمع حاضر کے لئے اَنَث ۔ واحد متکلم کے لئے مِش ۔ جمع متکلم کے لئے وَنَش ۔ لگاتے ہیں ۔

فعل حال معروف کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر	زَموءِ کي	اوش زَئِن	اَئیش زَمِئنَن	تُش زمئینو	زَوِش زَمانَث	بَیش زَمہ مُش	بَیش زَموُ نَس
اردو ترجمہ	مارنا	وہ مارتا ہے	وہ مارتے ہیں	تو مارتا ہے	تم مارتے ہو	میں مارتا ہوں	ہم مارتے ہیں
مؤنث	زَموءِ کي	اَئیش زَئِن	اَئِیس زَمِئنَن	تُش زَمِئنے	زَوِش زَمانَث	سَس زَمہ مِش	بَیَس زَموُ نَش
اردو ترجمہ	مارنا	وہ مارتی ہے	وہ مارتی ہیں	تو مارتی ہے	تم مارتی ہو	میں مارتی ہوں	ہم مارتی ہیں

ہئِن = ہَئِن = ہَئِن (ہے) کی گردان

حالت		واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر		او مُشا ہَئِن	اَئی مُشے ہَنے	تُو مشا ہَنو	زَوہ مُشے ہَنِیت	مَہ مُشا ہَنس	بیہ مُشے ہَنَس
اردو ترجمہ		وہ مرد ہے	وہ مرد ہیں	تو مرد ہے	تم مرد ہو	میں مرد ہوں	ہم مرد ہیں

ہَئِن = ہِئِن = ہَہِن

حالت		واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مؤنث		اے چیئی ہَہِن	اَئی چیئی اے ہَنے	تُو چیئی ہَنے	زَوہ چیئی اے ہَنت	مہ چیئی ہَنس	بیہ چیئی اے ہَنس
اردو ترجمہ		وہ عورت ہے	وہ عورتیں ہیں	تو عورت ہے	تم عورتیں ہو	میں عورت ہوں	ہم عورتیں ہیں

فعل مستقبل معروف

بنانے کا قاعدہ :

فعل مستقبل کی مذکر اور مؤنث گردان ایک ہی ہے۔

مذکر اور مؤنث فعلوں کے لئے ۔ علامت مصدر دُور کرنے کے بعد۔ واحد غائب کے لئے ئیٔ ۔ جمع غائب کے لئے ئین۔ واحد حاضر کے لئے ے ۔ جمع حاضر کے لئے ات۔ واحد متکلم کے لئے م ۔ جمع متکلم کے لئے ون لگاتے ہیں۔

فعل مستقبل معروف کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
مذکر و مؤنث	تھوءِ کِ	اوش تھَئیٔ (مذکر) اَیس تھَئیٔ (مؤنث)	اَیٹش تھَئین	تُش تھَے	زوِس تھَات	مَش تھَم	بئیش تھَوَن
اردو ترجمہ	کرنا	وہ کریگا وہ کرے گی	وہ کریں گے وہ کریں گی	تو کرے گا تو کرے گی	تم کروگے تم کروگی	میں کرونگا میں کرونگی	ہم کریں گے ہم کریں گی
مذکر و مؤنث	زَمُوءِ کِ	اَدش زَمئیٔ (مذکر) اَیش زَمئیٔ (مؤنث)	اَیٹش زَمئین	تُش زَمے	زوِش زَمات	مَش زَمَم	بئیش زَموَن
اردو ترجمہ	مارنا	وہ مارے گا وہ مارے گی	وہ مارینگے وہ ماریں گی	تو ماریگا تو مارے گی	تم مارو گے تم مارو گی	میں مارونگا میں ماروں گی	ہم ماریں گے ہم ماریں گی

فعل امر

بنانے کا قاعدہ :

مذکر کے لئے ۔ علامت مصدر دور کرنے کے بعد۔ واحد غائب کے لئے ۆت جمع حاضر کے لئے ۆتَ ۔ واحد حاضر کے لئے ۂ ۔ جمع حاضر کے لئے ا لگاتے ہیں۔ اس میں متکلم کے صیغے نہیں ہوتے۔

فعل امر کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر
مذکر و مؤنث	وَبوٗ ءِ کِی	اۆ وَیوٗت	اَئے وَیوٗت	تُو وَۂ	تزٗہ وَا
اردو ترجمہ	آنا	وہ آئے	وہ آئیں	تو آ	تم آجاؤ
مذکر و مؤنث	دۆ ءِ کِی	اوش دَۆت	اَیئِش دَۆت	تُش دَیشہ	زۆش دَا
اردو ترجمہ	دینا	وہ دے	وہ دیں	تو دے	تم دو

فعل نہی

بنانے کا قاعدہ : فعل امر کے پہلے نَے بڑھانے سے فعل نہی بن جاتا ہے۔

فعل نہی کی گردان

حالت	مصدر	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر
مذکر اور مؤنث	ویوٗ ءِ کِ	اۆ نَے وَیوٗت	اَئے نَے وَیوٗت	تُو نَے وَہ	تزٗہ نَے وَا
اردو ترجمہ	آنا { مذکر اور مؤنث	وہ نہ آئے	وہ نہ آئیں	تو نہ آ	تم نہ آؤ

فعل مجہول

جس فعل معروف کو مجہول میں تبدیل کرنا ہو۔ اس کی ماضی مطلق بناؤ۔ اس کے بعد مصدر ہِجَوْءِ کِ (جانا) کا وہی صیغہ بڑھا دو۔ جو بنانا چاہتے ہو۔ مثلاً کُنَوْءِ کِ (کھانا) مصدر سے ماضی مطلق مجہول بنا۔ کِھیٹ ہِگُو (کھایا گیا) فعل حال مجہول بنا کھیتجیئ (کھایا جاتا ہے)۔

مجہول افعال کی گردانیں

نام فعل مجہول	جنس	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
ماضی مطلق	مذکر	اُوْ کِھیٹ ہِگُو	اَیْ کِھیتے ہِگَپہ	تُوْ کِھیتُو ہِگا	نُمْ کِھیتے ہِگَیْرَٹ	ای کِھیٹ ہِگُٹ	نَن کِھیتے ہِگَیْس
	اُردو ترجمہ	وہ کھایا گیا	وہ کھائے گئے	تو کھایا گیا	تم کھائے گئے	میں کھایا گیا	ہم کھائے گئے
	مؤنث	اَے کِھیتی ہِگَہ	اَیْ کِھیتے ہِگَپہ	تُوْ کِھیتی ہِگے	نُمْ کِھیتے ہِگَیْرَٹ	ای کِھیتی ہِگُٹ	نَن کِھیتے ہِگَیْس
	اُردو ترجمہ	وہ کھائی گئی	وہ کھائیں گئی	تو کھائی گئی	تم کھائی گئیں	میں کھائی گئی	ہم کھائی گئیں
ماضی قریب	مذکر	اُوْ کِھیتُو ہِگُن	اَیْ کِھیتے ہِگَپُن	تُوْ کِھیتُو ہِگَنُو	نُمْ کِھیتے ہِگَیْرَٹ	ای کِھیتُو ہِگُنُس	نَن کِھیتے ہِگَیْنُس
	اردو ترجمہ	وہ کھایا گیا ہے	وہ کھائے گئے ہیں	تو کھایا گیا ہے	تم کھائے گئے ہو	میں کھایا گیا ہوں	ہم کھائے گئے ہیں
	مؤنث	اَے کِھیتی ہِگَن	اَیْ کِھیتے ہِگَپُن	تُوْ کِھیتی ہِگَنے	نُمْ کِھیتے ہِگَیْنَٹ	ای کِھیتی ہِگُنُس	نَن کِھیتے ہِگَیْنُو
	اردو ترجمہ	وہ کھائی گئی ہے	وہ کھائی گئی ہیں	تو کھائی گئی ہے	تم کھائی گئی ہو	میں کھائی گئی ہوں	ہم کھائی گئی ہیں

مجہول افعال کی گردانیں

گھوہِکِ (کھانا) (مصدر سے)

نام فعل مجہول	جنس	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
ماضی بعید	مذکر	اُو کھیتوُ بگُش	اَئی کھیتے بگتش	تُو کھیتوُ بگسو	تژوہ کھیتے بگیشت	مُہہ کھیتوُ بگسس	بیَہ کھیتے بگیتس
	اردو ترجمہ	وہ کھایا گیا تھا	وہ کھائے گئے تھے	تو کھلایا گیا تھا	تم کھائے گئے تھے	میں کھایا گیا تھا	ہم کھائے گئے تھے
	مؤنث	اَے کھیتی بگش	اَئی کھیتے بگتش	تُو کھیتی بگشئے	تژوہ کھیتے بگیشت	مہ کھیتی بگسس	بیَہ کھیتے بگیتس
	اردو ترجمہ	وہ کھائی گئی تھی	وہ کھائی گئیں تھیں	تو کھائی گئی تھی	تم کھائی گئیں تھیں	میں کھائی گئی تھی	ہم کھائی گئیں تھیں
ماضی استمراری	مذکر	اُو کھیتے بنتش	اَئی کھیتے بنتش	تُو کھیتوُ بنتسو	تژوہ کھیتے بانست	مُہ کھیتوُ بنسس	بیَہ کھیتے بونسس
	اردو ترجمہ	وہ کھایا جاتا تھا	وہ کھائے جاتے تھے	تو کھایا جاتا تھا	تم کھائے جاتے تھے	میں کھایا جاتا تھا	ہم کھائے جاتے تھے
	مؤنث	اَے کھیتی بنتش	اَئی کھیتے بنتش	تُو کھیتی بنتئے	تژوہ کھیتے بانست	مہہ کھیتی بنسس	بیہ کھیتے بوانسس
	اردو ترجمہ	وہ کھائی جاتی تھی	وہ کھائی جاتی تھیں	تو کھائی جاتی تھی	تم کھائی جاتی تھیں	میں کھائی جاتی تھی	ہم کھائی جاتی تھیں
ماضی احتمالی	مذکر	اُو کھیتوُ بے بے بئی	اَئی کھیتے بے بے ین	تُو کھیتی بے بے یئے	تژوہ کھیتے بے بے یت	مہہ کھیتی بے بتیم	بیَہ کھیتے بے ین
	اردو ترجمہ	وہ کھایا ہوگا	وہ کھائے ہونگے	تو کھایا ہوگا	تم کھائے ہوں گے	میں کھایا ہوگا	ہم کھائے ہونگے
	مؤنث	اَے کھیتی بے بتیش	اَئی کھیتے بے بے ین	تُو کھیتی بے بے یئے	تژ کھیتے بے بنیت	مہہ کھیتی بے بتیم	بیَہ کھیتے بے بتیون
	اردو ترجمہ	وہ کھاتی گئی ہوگی	وہ کھاتی گئی ہونگی	تو کھاتی گئی ہوگی	تم کھاتی گئی ہوں گی	میں کھاتی گئی ہوگی	ہم کھاتی گئی ہونگی
ماضی تمنائی	مذکر	اوس کھیتوُ بلشتو	آییس کھیتے بلشتو	تس کھیتوُ بلو سو تو	تژوس کھیتے بلست تو	مس کھیتوُ بلسس تو	بتیس کھیتے بلتس تو
	اردو ترجمہ	وہ کھایا جاتا	وہ کھائے جاتے	تو کھایا جاتا	تم کھائے جاتے	میں کھایا جاتا	ہم کھائے جاتے
	مؤنث	اَے کھیتی بلشتو	اَئی کھیتے بلشتو	تُو کھیتی بلئے تو	تژوہ کھیتے بلست تو	مہ کھیتی بلسس تو	بیہ کھیتے بلتس تو
	اردو ترجمہ	وہ کھائی جاتی	وہ کھائی جاتیں	تو کھائی جاتی	تم کھائی جاتیں	میں کھائی جاتی	ہم کھائی جاتیں

مجہول افعال کی گردانیں

کھوءِکِ (کھانا) مصدر سے

نام فعل مجہول	جنس	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر	واحد متکلم	جمع متکلم
فعل مضارع	مذکر	او کھیتو بوئت	اَیْ کھیتے بوئت	تو کھیتو بیٔ	نرؤد کھیتے بات	مر کھیتو بم	بیٔہ کھیتے بوئن
	ترجمہ	وہ کھایا جائے	وہ کھائے جائیں	تو کھایا جائے	تم کھائے جائیں	میں کھایا جاؤں	ہم کھائیں جائیں
	مؤنث	اَئے کھیتی بوئت	اَیْ کھیتے بوئت	تو کھیتی بیٔ	نرؤد کھیتے بات	مہ کھیتی بم	بیٔہ کھیتے بوئن
	ترجمہ	وہ کھائی جائے	وہ کھائی جائیں	تو کھائی جائے	تم کھائی جائیں	میں کھائی جاؤں	ہم کھائی جائیں
فعل مستقبل	مذکر	او کھیتو بیٔ	اَیْ کھیتے بئن	تو کھیتو بیٔ	نرؤد کھیتے بات	مہ کھیتو بم	بیٔہ کھیتے بوئن
	ترجمہ	وہ کھایا جائیگا	وہ کھائے جائینگے	تو کھایا جائیگا	تم کھائے جاؤگے	میں کھایا جاؤنگا	ہم کھائے جائینگے
	مؤنث	اَئے کھیتی بیٔ	اَیْ کھیتے بئن	تو کھیتی بیٔ	نرؤہ کھیتے بات	مہ کھیتی بم	بیٔہ کھیتے بوئن
	ترجمہ	وہ کھائی جائیگی	وہ کھائی جائینگی	تو کھائی جائیگی	تم کھائی جاؤگی	میں کھائی جاؤنگی	ہم کھائی جائینگی
فعل حال	مذکر	او کھیتو بئن	اَیْ کھیتے بئین	تو کھیتو بیٔ نو	نرؤہ کھیتے بانت	مہ کھیتو بس	بیٔہ کھیتے بونس
	ترجمہ	وہ کھایا جاتا ہے	وہ کھائے جاتے ہیں	تو کھایا جاتا ہے	ہم کھائے جاتے ہیں	میں کھایا جاتا ہوں	ہم کھائے جاتے ہیں
	مؤنث	اَئے کھیتی بئن	اَیْ کھیتے بئین	تو کھیتی بیٔنے	نرؤہ کھیتے بانت	مہ کھیتی بس	بیٔہ کھیتے بونس
	ترجمہ	وہ کھائی جاتی ہے	وہ کھائی جاتی ہیں	تو کھائی جاتی ہے	تم کھائی جاتی ہو	میں کھائی جاتی ہوں	ہم کھائی جاتی ہیں

مجہول افعال کی گردانیں

کھُوعِوکِ (کھانا) مصدر سے

نام فعلِ مجہول	جنس	واحد غائب	جمع غائب	واحد حاضر	جمع حاضر
امر حاضر	مذکر	اُو کھیتوُ بوّت	اَئی کھیتے بوّت	تُو کھیتوُ بوّہ	ترُوہ کھیتے با
	ترجمہ	وہ کھایا جائے	وہ کھائے جائیں	تو کھایا جائے	تم کھائے جاؤ
	مؤنث	ائے کھیتی بوّت	اَئی کھیتے بوّت	تُو کھیتی بوّہ	ترُوہ کھیتے با
	ترجمہ	وہ کھائی جائے	وہ کھائے جائیں	تو کھائی جائے	تم کھائے جاؤ
نہی حاضر	مذکر	اُو کھیتوُ نئے بوّت	اَئی کھیتے نئے بوّت	تُو کھیتوُ نئے بوّہ	ترُوہ کھیتے نئے با
	ترجمہ	وہ نہ کھایا جائے	وہ نہ کھائے جائیں	تو نہ کھایا جائے	تم نہ کھائے جائیں
	مؤنث	اَئے کھیتی نئے بوّت	اَئی کھیتے نئے بوّت	تُو کھیتی نئے بوّہ	ترُوہ کھیتے نئے با
	ترجمہ	وہ نہ کھائی جائے	وہ نہ کھائی جائیں	تو نہ کھائی جائے	تم نہ کھائی جاؤ

مشق نمبر ۱۲ ــ افعال کا استعمال

(۱) جیک تُٹ شِنا تھوءِ کِ واناٗ
کیا آپ کو شنا بولنا آتا ہے

(۲) ماف تھیئہ، مہ تھئی موژتے بُژ دُس
معاف کیجئے۔ میں آپ کی بات نہیں سمجھا

(۳) تھئے نوم جیک ہَن
تمہارا نام کیا ہے۔

(۴) وَہ جٹیالے واڑ بوژن
آؤ۔ جٹیال کی طرف چلیں

(۵) اَیشِٹ رَہ کہ پَٹاک وی مَٹ ڈھوک بیی
اس کو کہو۔ کہ کل آکر مجھے ملے

(۶) مَش رَینوٹ رَیگش کہ ای تُو گِی گے ڈھوک بین
میں نے ان سے کہا کہ وہ تم سے جاکر ملیں

(۷) مَش درزیٹ رَیگش کہ ماکاروٹھے ایک سوٹ تھیئہ
میں نے درزی کو کہا۔ کہ میرے لئے ایک سوٹ بناؤ

(۸) اَنیہ چھیئے سَٹے بلٹ رَریگی۔ کہ اَنِ جو بُوژہ
اس عورت نے لڑکے سے کہا۔ کہ یہاں سے جاؤ

(۹) اَئی چیئی اُس بیشگئے۔ کہ مُولائی دریا واڑ بُو جش
ان عورتوں نے دیکھا۔ کہ لڑکی دریا کی طرف جاتی ہے

(۱۰) مَٹ بُڈی خوشی ہنی کہ اَو وَتُو
مجھے بہت خوشی ہے کہ وہ آگیا ہے۔

(۱۱) بُژہ۔ رمضان نَٹ رَہ۔ کہ لو کو وَاَئی
جاؤ۔ رمضان سے کہو۔ کہ جلدی آئے

(۱۲) اَو اَنِ جو گیٹ جو۔ کچاک کھیئن بلین
اس کو یہاں سے گئے۔ کتنی دیر ہوئی ہے۔

(۱۳) اَش بُلائی کھیل ہَئی بَیش تھکو کیٹ بوژن
آج پولو کا کھیل ہوگا۔ ہم دیکھنے جائیں گے

(۱۴) کَٹے کَٹے بُلکنیش کھیل مجا حصہ گنین
کون کون سی ٹیم میچ میں حصہ لے گی

(۱۵) گلگت سکوڑ گیہ۔ بازار ٹیم
گلگت سکوڈس کی ٹیم۔ اور بازار کی ٹیم

(۱۶) رَو کَئے وَقتَر اَتو تو۔ ماگی تھان
وہ جس وقت آئے۔ میرے پاس بھیج دو

(۱۷) اَنیہ ہیٹیہ جیک نوم ہَن
اس گاؤں کا کیا نام ہے۔

(۱۸) کمرائی دَرو بند تھیہ
کمرے کا دروازہ بند کردو۔

(۱۹) لگے تھکیہ دَرو کوش ہو تھین
جاکر دیکھو باہر کون آواز دیتا ہے۔

(۲۰) غلام محمد ہَن۔ تٹ ڈوک بوءِ کِ اَتو ن
غلام محمد ہے۔ آپ سے ملنے کے لئے آیا ہے۔

مشق نمبر ۱۳

شنا سے اردو ترجمہ (کہانی) عید الفطر کے بارے میں

پوشئِ سالُو بالَک سے توم مالَٹ رِیجِگُو۔ بابو۔ اَش تمام جگٹ بو ٹیش
پانچ سالہ لڑکے نے اپنے باپ سے کہا۔ ابّا جان۔ آج تمام لوگ سب

چِچئے گر شُو دارِیش اَدَے راَئش۔ کِے پَشٹاک عِیت ہَنُو۔ عیت بِجگَٹ ہَنُو مِٹھائی
چھوٹے بڑے بھی یہ کہتے تھے۔ کہ کل عید ہے۔ عید کیا چیز ہے۔ مٹھائی

کھانَنا۔ یا کوَم تھینَنُو مالوس آونُش بے رِیجِگُو۔ آلَہ بِیُنچ تھیُو ماس ٹٹ
کھاتے ہیں۔ یا کام کرتے ہیں۔ باپ نے مسکرا کر کہا۔ واہ بچہ تمہاری ماں نے تم کو

دَرمِتَم بو سَنگَشنَٹ عَیتِیَ چگا نَئے تھِگِنا۔ بیوہ گوٹ گے توم آجی جو کھُو جے
ابھی تک عید کا قصہ نہیں سنایا ہے۔ چلو گھر جاکر اپنی ماں سے دریافت کرو

عیت بِجگَٹ ہَنُو۔ بال خوش بے گوٹ گئے توم آجی جو کھُو جِیگُو
عید کیا چیز ہے۔ لڑکا خوش ہو گیا گھر جاکر اپنی ماں سے دریافت کیا۔

ماس مُحبت گِنی توم مُونَیرُ گِنیگی۔ نے رِیگی شُلدالو بِیُنچ اَنُو ماز رَمضانَئ ہَنُو
ماں نے پیار سے اپنے گود میں لے لیا۔ اور کہنے لگی۔ پیارے بیٹے یہ مہینہ رمضان کا ہے۔

اَنُسَتر تمام مُسلمانے بُٹِس رُوزَہ گِنینُو۔ نَئے اَنُو مازئی آخرِیرَ عَیت بَہِین۔
اس میں تمام مسلمان سب کے سب روزہ رکھتے ہیں۔ پھر اس مہینے کے آخر میں عید ہوتی ہے

کُھنُو تھگا تو رُوزَہ فِیش بوئِ کِی گِنی چُٹے جگ سے چُھنے بَہِین بَڑے
کھلنا روزے ختم ہونے پر تمام لوگ چھوٹے ہوں بڑے

جِن مُشتَے بَہِین چِچئے بَہِین مُٹے گہ بُٹِس شُو دِیار تھینَنُو
چھوٹے بڑے ہوں عید میں سب کے سب خوشی مناتے ہیں۔ قصہ ختم (دیکھ)، فِیش۔

باب ۱۲

حرف

باب ۱۲- حرف

مندرجات (صفحات کے نمبر بریکٹ میں درج ہیں)

باب ۱۲

حرف

حرف وہ کلمہ ہے جو دوسرے کلموں کے ساتھ ملے بغیر کوئی معنی نہ رکھتا ہو۔ مثلاً سے تک پر
حرف کی کئی قسمیں ہیں۔ (۱) حروفِ جارہ (۲) حروفِ عطف۔ (۳) حروفِ علت (۴) حروفِ اضافت۔ (۵) حروفِ تردید (۶) حروفِ اضراب (۷) حروفِ استثنا (۸) حروفِ استدراک (۹) حروفِ شرط و جزا (۱۰) حروفِ تنبیہ (۱۱) حروفِ تاکید (۱۲) حروفِ خصوصیت (۱۳) حروفِ ندا (۱۴) حروفِ ندبہ (۱۵) حروفِ ایجاب (۱۶) حروفِ تعجب (۱۷) حروفِ انبساط (۱۸) حروفِ بیان۔

اب ہم ان کی باری باری تشریح کریں گے۔

۱۔ حروفِ جار

حروفِ جار۔ وہ حروف ہیں جو اسم کو، اسم یا فعل کے ساتھ ربط دیں۔ جس اسم کے ساتھ حرفِ جار لگا ہوتا ہے اس کو مجرور کہتے ہیں۔

اسم کی ہر حالت کے لیئے الگ الگ حروفِ جار استعمال کیئے جاتے ہیں۔

(۱) حالتِ فاعلی کے لیئے سَے (نے)

(۲) حالتِ مفعولی کے لیئے۔ کوئی الگ لفظ موجود نہیں۔ مفعول کے بعد ٹ کا حرف اضافہ کیا جاتا ہے۔ تُنْڈ (تجھکو)۔ مَٹ (مجھ کو)

اَحْمَدْ سے مَحْمُودَٹ کتاب دِگوُ۔ (احمد نے محمود کو کتاب دی)

یہاں احمد فاعل ہے۔ اس کے ساتھ حرفِ جار سے لگا ہوا ہے اس لیئے احمد مجرور ہے

محمود مفعول ہے۔ اس کا حرفِ جار ٹ ہے۔ اس لئے محمود مجرور ہے۔
اگر ہم کہتے ہیں کہ۔ احمد نے محمود کو مارا۔ تو فقرہ بنتا۔ اَحْمَدْ سے مُحْمُودْ ئی زَمے گو۔
(احمد نے محمود کو مارا)۔ یہاں حرفِ جار محمود کے بعد - ئی موجود ہے۔
(۳) حالتِ اضافی۔ اسم کے بعد ئی (ہمزہ اور یائے معروف) لگائیں تو اسم کی اضافت ظاہر ہوتی ہے۔ کا۔کے۔کی۔ مثلاً احمدئی کتاب (احمد کی کتاب)

(۴) مندرجہ ذیل الفاظ بھی حروفِ جار کا کام دیتے ہیں۔
مَحْشُو (آگے) کُتْچُوْ (پیچھے)۔ رُوبِرُوْ (رُوبرو)۔ سَانْتِی (ساتھ)۔ مَجا (بیچ میں) اَرُوْ (اندر) دَرُو (باہر)۔ طرف (طرف)۔ کُچِہْ (نزدیک)۔ دُور (دور) اَجی (اوپر) کِھرتی (نیچے)۔ کَارُوْ (لیئے)۔ گَتَشْ (بعد)

۲- حروفِ عطف

حروف عطف۔ وہ حروف ہیں جو دو اسموں یا جملوں کو باہم ملاتے ہیں۔ حرف عطف سے پہلے جو اسم یا جملہ واقع ہوتا ہے اس کو معطوف علیہ کہتے ہیں اور بعد میں جو واقع ہوتا ہے اس کو معطوف۔ کریم گہ اَنْوَر سَکُوْلَٹ بَجَنْتْ (کریم اور انور سکول جا رہے ہیں)
علی وَتُوْ نے حَسَنْ گَتُو (علی آیا اور حسن گیا)

۳- حروفِ علّت

حروفِ علت وہ حروف ہیں جو سبب اور علت کا اظہار کرتے ہیں۔
تَبَش (پس)۔ اَنُسے کَارُوْ (اس لئے) کِیہ تِھگا تُو (کیونکہ) تَاکِہ (تاکہ) کِیہ (کہ)
اَنُسے کارو زید کامیاب بَگُو (اس لئے زید کامیاب ہوا)۔
خُدائی عِبادَت تھِیہ کِیہ تِھگَا تو تُجو خوش بُئی (خدا کی عبادت کر کیونکہ تجھ سے خوش ہو جائیگا)

۴- حرفِ اضافت

شنا میں ایک ہی حرفِ اضافت ہے یعنی ہمزہ یا ئی معروف (ئی)۔ حرفِ اضافت اسم کے بعد لگایا جاتا ہے۔ جس اسم کے بعد حرفِ اضافت لگایا جاتا ہے اس کو مضاف الیہ کہتے ہیں۔ جو اسم اس کے بعد واقع ہوتا ہے اس کو مضاف۔ مثلاً
اَحمَدَ ئیَ اَنشپُو (احمد کا گھوڑا)۔ وحدت، جمع۔ تذکیر۔ تانیث کے سبب حرفِ اضافت میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔

۵- حروفِ تردید

حروفِ تردید وہ حروف ہیں جو رد کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ یا (یا)۔ کہ (کہ) یا تو (یا تو)۔ خواہ (خواہ)۔ نہ نہ (نہ نہ) حرفِ تردید ہیں۔ مثلاً۔ آ دے تھے نوَ کہٗ نے (ایسا کرتا ہے کہ نہیں)۔ نہ خدا جو بجیلو نہ قیامتے جو (نہ خدا سے ڈرا نہ قیامت سے)۔

حرفِ اضراب

حرفِ اضراب وہ کلمہ ہے جو ترقی اور اعراض کے لیے استعمال کیا جائے۔
شنا میں صرف ایک حرفِ اضراب ہے۔ بلکہ۔ عادل خاں چوُرُو ٹُو نے بلکہ مومن ہَنُ (عادل خاں چور نہیں بلکہ مومن ہے)

۷- حرف استثنا

حروف استثنا وہ ہیں جو ایک چیز کو دوسری چیزوں سے علیحدگی کا اظہار کرتے ہیں۔

مگر۔ بغیر۔ اِلاّ۔ لیکن۔

مبڑے حجؔ ڈ گئے لیکن زَیدَ نے گیؤڈ (سب حج کو گئے لیکن زید نہیں گیا)

جس چیز کو حرفِ استثنا علیحدہ کرتا ہے اس کو مُستثنےٰ کہتے ہیں۔ اور جن چیزوں سے علیحدہ کرتا ہے۔ انہیں مستثنےٰ منہ کہتے ہیں۔

۸۔ حروفِ استدراک

حروفِ استدراک وہ حروف ہیں جو شبہ دُور کرنے کے لئے بولے جاتے ہیں۔

لیکن۔ مگر۔ الاّ۔ اَلبتہ۔

رَیڈیو کِ آسان ہتؔنِ مگر تصوِیرِ کِ مُشکِل ہتؔن (کہنا آسان ہے مگر کرنا مشکل ہے)

۹۔ حروفِ شرط وجزا

حروفِ شرط وہ حروف ہیں جو جملے میں شرط کے موقع پر بولے جاتے ہیں۔

اَخنَا (اگر)۔ کرَ بگَہ (جب)، کہ تھگا تو (چونکہ)۔ نَے تو (نہیں تو)۔ کیَو فترَہ (جس وقت)۔ اگرچہ (اگرچہ)

حروفِ جزا وہ ہیں جو شرط کے جواب میں آتے ہیں۔ تو (تو)۔ اَنَہ کَے کارو (اس لئے)

اَخنَا نیکی تھگا تو ثواب لائے۔ (اگر نیکی کروگے تو ثواب پاؤگے)

۱۰۔ حروفِ تنبیہ

حروفِ تنبیہ وہ ہیں جو کسی کو خبردار کرنے یا دھمکانے کے لئے بولے جاتے ہیں۔

خبردار (خبردار)۔ تُکلِہ (دیکھو)۔ خیر (خیر)۔ پَرُچ (سنو)

خبردار خَلتے نَے رَہ (خبردار جھوٹ مت بولنا)، تُکلِہ دُوکِنی اَدَے کو مِنے نے تھپہ

(دیکھو۔ پھر ایسے کام مت کرنا)۔ خیٚر مَٹ گَہ مَوقعہٕ اَکھ وَاتھ (خیر پھر ابھی موقع آئیگا)

۱۱۔ حروفِ تاکید

وہ حروف ہیں جو کلام میں زور پیدا کرتے ہیں۔ ہرگز (ہرگز)۔ کَرٕ بگہٕ (کبھی)۔ ضرور (ضرور)۔ صرف (صرف)۔ بُتھٕ (سب)۔ بُتھٕ گَہٕ بُتھٕ (سب کے سب)۔ کَرٕ بگہٕ شَریرَن جِگُو صحبتَس نٕے بِہٕ (کبھی بھی شریر لوگوں کی صحبت میں مت بیٹھو)

مجلِسَس بِتھٕ بُتھٕ بَتھٕ اَسِ جَنَس (مجلس میں سب کے سب ہنس رہے تھے)

۱۲۔ حروفِ خصوصیت

وہ حروف ہیں جو اسم یا فعل کے ساتھ مل کر اس میں ایک خصوصیت پیدا کرتے ہیں۔
تو (تو)۔ ہر (ہی)۔ گہ (بھی)۔ صرف (صرف)۔ اکالہٕ (اکیلا) فقط (فقط)۔ بس (بس)
مَیٚ تِہٕ کھیٚو کھنگَس (میں نے تو روٹی کھائی)۔ مَیٚ گہ نِوٚ سانٔتھ ملاقات کَرٕم (میں بھی تیرے ساتھ ملاقات کروں گا) دُنیات جِوٚ ہرَ اَکھ خالی اَتھٕ نِیچُھک (دنیا سے ہر ایک نے خالی ہاتھ جانا ہے۔)

۱۳۔ حروفِ ندا

حروف ندا پکارنے کے موقع پر بولے جاتے ہیں۔ یا (یا)۔ اے (اے)۔ اَکّہ (ارے او) مذکر کے لیے۔ مونث کے لئے اَری۔ (واحد۔ جمع دونوں صورتوں میں) یا اور اے میں چاروں صورتوں میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یا اَللہ مُشکِل آسان کَرِتھ (یا اللہ مشکل آسان کر)۔ اَکّہ اَکوٚٹ ہوش تھَیٚو (ارے اپنے ہوش قائم کرو)

۱۴-حروفِ ندبہ

حروفِ ندبہ وہ ہیں جو کسی چیز کا افسوس ظاہر کرتے ہیں۔ جس چیز کا افسوس کیا جائے اس کو مَندُوب کہتے ہیں۔ ہائے (ہائے)۔ افسوس۔ (افسوس)۔ آہ (آہ)۔ وای (وائی)۔ اُفو (اُف)۔ ہائے! مَہ وَئیّ کارہ کباب بگَسْ (ہائے میں پانی کے لئے کباب ہوا)۔ یعنی مجھے بہت پیاس لگی ہوئی ہے۔ افسوس! تو م تھیتگٹ چارہ نُشْ (افسوس اپنے کئے کا چارہ نہیں)۔ اُفوّ! تا تُشْ بے آرام تھرَ یگوُ (اُفّو! گرمی نے بے آرام کر دیا)

۱۵-حروفِ ایجاب

حروفِ ایجاب وہ حروف ہیں جو جواب کے لئے بولے جاتے ہیں۔
اَوْہ (ہاں)۔ جُوْ (جی)۔ اَوْہ جُوْ (ہاں جی)۔ مِیشٹو (اچھا)۔ میشٹو جُوْ (اچھا جی) بُو دو مِیشٹو (بہت اچھا)۔ کیہ نَے (کیوں نہیں)۔ مطلب یہ کہ میں آپ کا حکم ضرور مانوں گا ہاں یا نہ کہنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

۱۶-حروفِ تعجب

وہ حروفِ تعجب کہلاتے ہیں۔ جو کسی موقع پر تعجب کا اظہار کرنے کے لئے بولے جاتے ہیں۔ اَہّا (آہا)۔ اُفّوہ (افوہ)۔ اد ہو (اوہو)۔ بَجیک (کیا)۔ فارسی حروفِ تعجب اللہ اکبر اور اللہ اللہ بھی استعمال ہوتے ہیں۔

اُفّوہ اَنیسے جو گوہن دی تُن

اُفّوہ اس سے برابر دار ہو گیا ہے

خدائے جَیک شانگش بَنی دُنات پیدا تھوءِک تَجا (مطلب بہت زیادہ) خدا کی کیا شان ہے۔ دنیا کے پیدا کرنے میں)

۱۷۔ حروفِ انبساط

حروف انبساط وہ ہیں جو خوشی کے وقت منہ سے نکلتے ہیں۔ واہ وا (واہ وا)۔ اہاہا (آہا)۔ اوہو (اوہو)۔ اَخاہ (آخا)۔ اس کے علاوہ عربی حروفِ انبساط سبحان اللہ اور ماشاء اللہ کا بھی استعمال ہوتے ہیں۔

اہاہا! کھوۓ صاف وَئِ یَک ہَن (اہا۔ کتنا صاف پانی ہے)۔ ماشاء اللہ حسابئ عِلم مُجاٹُھ برابر کو گہۂ نُشْ۔ (ماشاء اللہ۔ علمِ حساب میں آپ کے برابر کوئی نہیں) اَخاہ!۔ اَوُ گتوہ تو اِشپا وُک ہَن (اخاہ یہ کتنا میٹھا ہے)۔

۱۸۔ حروفِ بیان

جو حروف کسی خیال کو بیان کرنے سے پہلے آتا ہے اس کو حرف بیان کہتے ہیں۔ شنا میں اردو کی طرح حرف کہ بطور حرف بیان استعمال کیا جاتا ہے۔ حرف بیان دو جملوں کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ تُھٹ خیال ہَنُا کہ اَجُو اَپِو د آئ (تمہارا خیال ہے کہ آج بارش ہوگی)، ہم نے یہاں خیال ہَنُا کا فعل استعمال کیا ہے اگر اس کی بجائے رَیوءِ کِ (کہنا) فعل کا کوئی مشتق استعمال کیا جائے تو جملہ ثانی کسی شخص کا قول ہوتا ہے اس لئے مقولہ کہلاتا ہے اؤس رَیگو کہ مَہ گوٹھ بجَم (اس نے کہا کہ میں گھر جاؤں گا)۔ اس مثال میں "مہ گوٹھ بجَم" (میں گھر جاؤں گا) مقولہ ہے۔

مشق نمبر ۱۴۱ - حروف کا استعمال

(۱) اَیُسۍ اَنٛشِیٖ فَجُو وُیٖ بالے پھگے ہَنٛ
اس کے گھوڑے کی دُم کے بال لمبے ہیں

(۲) عباسٛنۍ گوٛٹھۍ دارِۍ رونٛگ لوٛژ ہَنٛ
عباس کے گھر کے دروازے کا رنگ سُرخ ہے

(۳) اَجُو یوٗنۍ راتی نٕش اَنے گنی ٹُونٛگ بَجۍ
آج چاندنی رات نہیں۔ اس لئے اندھیرا ہے

(۴) رِتٕس بُلہ شَت تہٕگیٖہ کینہ تہٕگاتو نالے پَچھٕے اَسِیٖہ
وہ پولو کا میچ جیت گئے۔ کیونکہ ٹیم اچھی تھی

(۵) حَسَنکہ تُو بیٚنٛتُنٛہ بجاتا کہ ایک اکِیٚ امداد تھات
حسن اور تم دونوں جاؤ تاکہ ایک دوسرے کی مدد کرو

(۶) خواہ تُس ہیٚ تھِیٖہ مگر وقتس نے اُشٕچھے
خواہ تم دوڑو مگر وقت پر نہیں پہنچ سکوگے

(۷) یا انصاف تھیٖہ یا حکومتُک تخت نَش تھیٖہ
یا انصاف کرو یا حکومت کی گدی چھوڑ دو

(۸) کوٗم اَبتٕۍ دلوء کِ گِنی فَبَش نے بیٚنٛ بلکہ محنتَے سال تی
کام جی چرانے سے ختم نہیں ہوتا بلکہ محنت سے

(۹) محنتَنٛج بغیر شھیٖنٛچ نیلوٗنے بیٚن
محنت کے بغیر کھیتی ہری نہیں ہوتی

(۱۰) کوٗم بیگوٗ ہَنٛ لیکن تُس شروع تو تھیٖہ
کام لمبا ہے۔ لیکن تم شروع تو کرو

(۱۱) نَیٖہ نقصان بیٖ، البتہ تُس پسند تھگا تو اُسیٖ امداد تھیٖہ
تمہیں نقصان ہوگا، البتہ تم چاہو تو اس کی امداد کرو

(۱۲) اَختارِ وس نے مَنیٖنٛ تو یہو کیٖنٛہ مجبور تھینٛو
اگر وہ نہیں مانتا تو اسے کیوں مجبور کرتے ہو

(۱۳) کر ریگہ اَرُو وتُو تو ہوا شُدَ بُو بیٖ
جب بارش برسے گی تو ہوا خشک ہو جائے گی

(۱۴) اگرچہ پوٗن بِہ یگی ہَنٛ مگر اَبَش نٕش
اگرچہ راستہ لمبا ہے۔ مگر دشوار نہیں

(۱۵) پَرُو وچھا اَمورے گِنی جگہ نے بیٚن۔ تُوم فرض پوٗری تھا
سنو! باتوں سے کچھ حاصل نہیں۔ اپنا فرض پورا کرو۔

(۱۶) تُس کر یگہ اَزُو کوٗم نے تھیٖہ ورنہ مُصیبتس پیاچے
تم کبھی یہ کام نہ کرنا۔ ورنہ مصیبت میں پھنس جاؤ گے

(۱۷) اَہہ جوان! آئی ہَیٖنٛٹ کِچھاک دُور ہیٖنٛچن
ارے جوان! یہاں سے گاؤں کتنی دور ہے

(۱۸) آوہ جُو۔ پوٗن ہشرد کے کارِ تے تہٕ تو سال تی کوٗم
ہاں جی۔ راستہ دکھانے کے لئے میں آپ کے ساتھ چلوں گا

(۱۹) اُہوٗ! سبزار گُتوی رِشپلک ہَنٛ
آہا! سبزہ کتنا اچھا ہے

(۲۰) تر نگفش رَنگو کہ مَش بیٖ انتظام تھیٖم
نمبردار نے کہا کہ میں سب انتظام کر دوں گا۔

مشق نمبر ۱۵ ۔ سفر

آنوء گُوپَسٹ کچاک دُور ہَنُن مش الِٹ بجوکِ خواہش تھمَش

یہاں سے گوپس کتنا دور ہے ہم وہاں جانا چاہتا ہوں

گلتے جو گُوپَسٹ ۶۸ میل ہَنُن اَخنا مَنُوپُ آنُشِیچ گیُؤ تو ۵ دَیزے

گلگت سے گوپس ۶۸ میل ہے ۔ اگر آدمی گھوڑے پر جائے تو ۵ دن

بِیا جَنَن ۔ جیپے مجا گیُؤ تو چِلبجٹ نِکَھتک شَمیٹ اُتھچَن جیپیٔ کرایہ

لگ جاتے ہیں ۔ جیپ میں جائے تو بجے کا چلا ہوا شام کو پہنچ جاتا ہے ۔ جیپ کا کرایہ

کچاک ہَنُن ۔ پُوری جیپیٔ ایک شَل گہ بی رُوپایہ نے ایک مَنُوپَ ٹیٔ

کتنا ہے ۔ ساری جیپ کا ایک سو بیس روپیہ اور ایک سیٹ کا

۱۰ روپایہ

۱۰ روپیہ

آیا آءِن سفرے کارو اَنُشپے لَیٔ جَنَنا ۔ اَنُشپو انتظام ٹھیکیدارو تھے

کیا یہاں سفر کے لئے گھوڑے مل جائیں گے ۔ گھوڑوں کا انتظام ٹھیکیدار کے

حوالہ ہَنُن تُس تحصیلدار صابٹ رَۃ تو روس انتظام تھَمیٔ ۔ ہر میلے

سپرد ہے ۔ آپ تحصیلدار صاحب سے کہیں تو وہ انتظام کردیں گے ۔ فی میل

فتو اَنُشپیٔ کرایہ چھ پیسۓ ہَن اَنُشپو سواری ٹیٔ بوت یا بَرَ ٹیٔ کرایہ برابر

گھوڑے کا کرایہ چھ پیسے ہے ۔ گھوڑا سواری کا ہو یا باربرداری کا کرایہ برابر

ہَنُن ۔

ہے ۔

پونہ بیوگئی جیک انتظام ہئیں ہر پاڈ کر مسافرخاناک ہئی ایک منوپڑی

راستے میں ٹھہرنے کا کیا انتظام ہے۔ ہر منزل پر ریسٹ ہاؤس بنا ہوا ہے۔ ایک نفر کا

ایک راتی بیوء گئی کرایہ دُو روپائے ہئی آل ٹھیکدار ہئی رؤس قیمتیج مُٹے

ایک رات ٹھہرنے کا کرایہ دو روپے ہے۔ وہاں پر ٹھیکدار ہے جو قیمت پر سب

ضرُوریاتو انتظام تھیئی۔

ضروریات کا انتظام کر دیتا ہے۔

تو مسافرخانائے چوکیدار ہئو۔ مَٹ پُپٹا گیٹ دُو انشپے اَوا جَنَئی اَچُو

تم ریسٹ ہاؤس کے چوکیدار ہو۔ مجھے کل دو گھوڑے چاہئیں۔ آج

رَاتے کارو اَیک سیر آنٹے ایک پاؤ گھی ایک گرکامُش نے دو من جگ

شام کے لئے ایک سیر آٹا۔ ایک پاؤ گھی ایک مرغی اور دو من لکڑی

اُنی مُٹے چیزے اَسَئی مَنُو پَرٹ دیہہ۔ بو دوِمپٹو انی مُٹے چیزے ایک گھنٹا

یہ سب چیزیں ہمارے آدمی کو دے دو۔ بہت اچھا یہ سب چیزیں ایک گھنٹے کے

مَجا ٹٹ لئی جَئی نے انی نوبل لُشاکِٹ چَاںجُبَٹ لئی جئی

اندر آپ کو مل جائیں گی اور ان کا بل کل صبح ملے گا۔

باب ۱۳

شنا زبان میں اظہارِ خیال کی چند خصوصیات

باب ۱۳۔ شستہ زبان میں اظہارِ خیال کی چند خصوصیات

باب نمبر ۱۳

شنا زبان میں اظہار خیال کی چند خصوصیات

(۱) کسی لفظ کا مکرر استعمال - ایک لفظ کو فقرے میں دو مرتبہ استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر اس کا مطلب اس لفظ پر زور دینا نہیں ہوتا۔ اس عمل سے مطلوب یہ ہوتا ہے کہ اس معنی کو جو فقرے میں مقصود ہے: کئی چیزوں یا اوقات۔ یا مقامات پر تقسیم کر دیا جائے مثلاً

(۱) بُٹّے شُدارِوٹ دُو دُو روپائے انعام گئی دَے
سب بچوں کو دو دو روپے انعام ملا ہے

(۲) تُو مجُوَ یَرْ یَرْ یا ئی
تم میرے آگے آگے چلو

(۳) هَیْ تھوجے هَیْ تھوجے لوکو وَلیہ
دوڑ دوڑ کر جلدی لاؤ

(۴) منصف سے بُٹّی نوءٹ پونئی پونئی رُوپائے جرمانہ تھیگو
منصف نے سب کو پانچ پانچ روپے جرمانہ کر دیا۔

(۲) جملہ استفہامیہ ۔ اگر فقرے میں کوئی ایسا لفظ موجود ہو۔ مثلاً کہاں۔ کب۔ کیوں۔ کتنا (مقدار یا تعداد)۔ کس طرح۔ جو سوال کے لئے بولا جاتا ہے۔ تو یہ استفہام کے لئے کافی ہے۔ اور اس کے علاوہ کسی اور لفظ کی ضرورت نہیں جو استفہام کا اظہار کرنے میں امداد دے۔ جب استفہامیہ الفاظ کہاں۔ کب وغیرہ میں سے کوئی بھی فقرے میں موجود نہ ہو۔ تو آخری لفظ کے ساتھ جو عموماً فعل ہوتا ہے، لاحقہ آ (الف ممدودہ) کا اضافہ کیا جاتا ہے یہ الف ممدودہ استفہام کا اظہار کرتا ہے۔

بیانیہ فقرہ (۱) رو ہ تھئی پا ا بجن
وہ تمہارا بھائی جا رہا ہے۔

استفہامیہ فقرہ (۲) او تھئی پا ا بجنا ؟
کیا وہ تمہارا بھائی جا رہا ہے ؟

بیانیہ فقرہ (۳) او ہمی دُن
وہ تھک گیا ہے۔

استفہامیہ فقرہ (۴) او ہمی دُنا ؟
کیا وہ تھک گیا ہے ؟

استفہامیہ فقرہ (۵) مٹ ست رُوپائے ہتٹ وتے۔ تُٹ جیک ہتٹ وتا ؟
مجھ کو سات روپے ملے - تم کو کیا ملا ۔

جب کئی سوال یکے بعد دیگرے فقرے میں واقع ہوں تو صرف پہلے سوال کے ساتھ حرف آ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

تھئی اُشپو بدخشانی ہنآ یا کشگری ؟
آپ کا گھوڑا بدخشانی ہے یا کاشغری ؟

تَ ئی گیئی وئی میشو ہنآ یا کھچو ؟
تمہارے نالے کا پانی اچھا ہے یا بُرا ؟

(۳) کسی کا قول ۔ اس کا مطلب "نقلِ قول" ہے۔ یعنی کسی کی گفتگو کا حرف بحرف اسی طرح سے نقل کرنا۔ اس کا نام ہم " قو لک گفتگو " رکھ دیتے ہیں۔ (DIRECT SPEACH.)
اسی گفتگو کو ہم اس طرح سے بھی لکھ سکتے ہیں کہ مطلب وہی رہے۔ اور ضروری الفاظ وہی ہوں مگر فعل اور ضمیریں بدل جائیں۔
یعنی ایسا معلوم ہو کہ کوئی شخص اس قولک گفتگو کے متعلق رپورٹ کر رہا ہے۔ یا اس کا

ذکر کر رہا ہے۔ اس کا نام انگریزی میں (INDIRECT SPEECH) ہے اور ہم اس کا نام " اقوالک گفتگو " رکھیں گے۔

شِنا میں اقوالک گفتگو کا رواج نہیں۔ قولک گفتگو عام طور پر سب لوگ استعمال کرتے ہیں۔ جب یہ ظاہر کرنا ہو کہ یہ نقل قول ہے تو قول نقل کرنے کے بعد منفصلہ حرف ٹھوءِ کی کا اضافہ کرتے ہیں۔

ٹھوءِ کی کی بجائے حسب موقع اس لفظ کی دوسری گردانیں استعمال کی جاسکتی ہیں۔ لیکن یہ لفظ رکھا ہمیشہ قول کے بعد جاتا ہے۔

بعض دفعہ نقل قول ظاہر کرنے کے لئے لفظ ریوءِ کی (کہنا۔ کہا) کا استعمال کیا جاتا ہے مگر یہ ہمیشہ قول سے پہلے واقع ہوتا ہے۔ اسی طرح سے اگر کوئی اور لفظ نقل قول ظاہر کرنے کے لئے استعمال کیا جائے تو وہ بھی قول سے پہلے واقع ہوتا ہے۔

(۱) رَیسیَٹ ہدایت تھیئہ " کَچُوٗ کومئ نَتیجہ کچی بَیئنِ "
اس کو ہدایت کرو۔ " بُرے کام کا انجام بُرا ہوتا ہے "

(۲) مَیئِنْ عَرضْ ہَئِنْ " مَیئِنْ امانت مَرٹ دئیہ "
میری عرض ہے۔ " میری امانت مجھے دے دو "

(۳) مُلکی صاف سے حکم تھیگُنْ " تُو بگرُوٹ بُوہ "
ملکی صاحب نے حکم دیا ہے۔ " تم بگروٹ جاؤ "

(۴) " انُو موِرئ جیک ثبوتک ہَنَا ؟ کہ تَرئ مُکی اَنشپِس کھے گُنْ " رِوس کُھجے گُو
" اس بات کا کوئی ثبوت ہے کہ تمہاری مکئی گھوڑا کھا گیا ہے " اس نے پوچھا

(۵) او شَہرِ اَنُو پَرُو دِے " جرمَنِیِّ ننگاپربتیٗ جَگَٹ وَتِیْ "
اس نے شہر میں یہ سنا۔ " جرمن ہم نانگا پربت کے لوگ آئے ہوئے ہیں "

(۴) **شرطیہ جملے** ۔ ہشنا میں شرط بیان کرنے کا طریقہ بہت واضح نہیں ہے۔ کبھی تو جملے کے پہلے حرفِ شرطیہ لگایا جاتا ہے اور کبھی نہیں لگایا جاتا۔ مگر مفہوم میں شرط شامل ہوتی ہے۔

(A) جب حرفِ شرط لگایا جاتا ہے۔

(۱) اَخنا تزوس شور تھگیت تو ۔ ٹھوک بیٔ ۔ (یا۔ نکھلوک بیٔ)
اگر تم نے شور مچایا تو نکال دیئے جاؤ گے۔

(۲) اَخنا تزوس ہرِوک خواہش تھانث توہرا ۔ اَخنانے ہرنث تو آءِن فث تھا
اگر تم لے جانا چاہتے ہو تو لے جاؤ۔ اگر نہیں لے جارہے تو یہاں پر چھوڑ جاؤ

(۳) تزوس کوم نے تھگیت ۔ اَخنا تھگیسٹ تو مزدوری لایث سِیک
تم نے کام نہیں کیا ۔ اگر کرتے تو مزدوری مل جاتی

(۴) مَش اَخنا بلہ شروع تھگشتو آنو کوم اچو فنش بیئیک
میں اگر کل شروع کرتا تو یہ کام آج ختم ہو جاتا

(B) ۔ جب حرفِ شرط جملے میں موجود نہیں ہوتا ۔ مگر مضمر ہوتا ہے۔ اور یہ جملہ شرطیہ ہوتا ہے

(۱) مَش اَنیہ ٹِکی کھگشتو ۔ رگو ٹیو بَم
میں یہ روٹی کھالوں ۔ تو بیمار ہو جاؤں گا۔

(۲) محنت تھگا تو ۔ اِنعام لائے
محنت کروگے تو انعام ملے گا۔

(۳) حاکم مہربان بلو ۔ تو انصاف تھئی
حاکم مہربان ہو ۔ تو انصاف کرے گا

(۴) مَس ہو تھگستو ۔ لوکو ماکِ دَآ
میں آواز دوں ۔ تو جلدی میرے پاس آجایا کرو۔

(C) کبھی یوں معلوم ہوتا ہے کہ فقرے کو اردو میں ترجمہ کرتے وقت "اگر" کی بجائے "جب"

یا " جس وقت " کا استعمال ترجمہ میں کرنا چاہیے ۔ مگر جملہ شرطیہ ہی رہتا ہے ۔

(۱) مُہ کرگیہ واپس آلشتو ۔ ترِوٹ اَنِیش روپائے دَمِ
میں جب واپس آؤں گا ۔ تو تمہیں آٹھ روپے دوں گا

(۲) کریگہ تِرِدہ دَرُوٹ گیت تو مَٹ اطلاع دَا
(جب) تم باہر جاؤ ۔ تو مجھے اطلاع دو

(۳) روہ گیئو قشر تَروغ کِچے دَتُو تو ۔ روہ لاما
وہ جس وقت تمہارے قریب آئے ۔ اس کو پکڑو

(D) کبھی شرط پر زور دینے کے لئے لفظ گہ (بھی) کا فقرے میں اضافہ کیا جاتا ہے ۔ گہ کو فقرے میں دو مقامات پر رکھا جاسکتا ہے (۱) فعل اور تو سے پہلے (۲) تو کے فوراً بعد

(۱) اَخنا کو منوڑک گہ وِتُستو مَش رَبیسے ساں تی مِور تھم سپٹک
اگر کوئی آدمی بھی آتا تو میں اس سے بات کرتا

(۲) اخنا کوا ک گوس تو (گہ) مس خبر تھانم نیٹک
اگر کوئی جاتا تو (بھی) میں پیغام بھیج دیتا

(5) مناسب ۔ صحیح ۔ درست ۔ کا مفہوم اُو آجو سے ادا کیا جاتا ہے ۔ ضرورت ۔ کے وقت اس کی گردانیں استعمال کی جاتی ہیں ۔ لازم (معنی بجا، درست) اور مپشٹو (اچھا، درست) کا استعمال بھی کیا جاتا ہے

(۱) تُٹ اُو آجئی کہ بلَش پتھ
تمہارے لئے مناسب ہے کہ دوائی پی لو ۔

(۲) ہمیشہ دفتر دفتر دیوک مپشٹو ہَن
ہمیشہ دفتر میں وقت پر آنا درست ہے ۔

(۳) تہ ؤ کا روادے تھوک مناسب نے اَشُو

تمہارے لیے اس طرح سے کرنا مناسب نہ تھا

(۴) عِیتیٔ دیئز ژ خوشانی تھوکر لازمی ہیَٔن

عید کے دن خوشی کرنا بجا ہے۔

(۵) کے سے سال تی کھچٹار تھوک ہیشُوٗ نُش

کسی کے ساتھ برائی کرنا درست نہیں

(۶) جب یہ ظاہر کرنا ہو " میں اس کو کرنا جانتا ہوں "۔ میں اس کام سے بلکد ہوں۔

ژ شُو یوءِ ک۔ یا۔ دَ یشٹوء کی سے اس کا اظہار کرتے ہیں۔

لفظ شُو یوءِ ک اس وقت استعمال کرتے ہیں کہ جب کسی ہُنر یا کسب کے بارے میں مذاکرہ ہو۔

مثلاً = احمد سے کُرسیٔ تھوک شُو یَٔن

احمد کرسی بنانا جانتا ہے

لفظ دَ یشٹوءِ ک اس وقت استعمال کرتے ہیں کہ جب کسی بات یا تخیّل کے سمجھنے کا ذکر ہو۔

مثلاً۔ حمید سے دَ یشن تھبگُو کہ گلوءِ ک ہیشُوٗ نُش

حمید نے سمجھا کہ گالی نکالنا اچھا نہیں

(۱) مَش لِکھوک رَیوک شُوئی اے مُش

میں لکھنا پڑھنا جانتا ہوں

(۲) رہ س جیپ یاروک شُول یَٔن

وہ جیپ چلانا جانتا ہے

(۷) خواہش یا ارادے کا اظہار ان دونوں کو معین طور پر الگ الگ ظاہر کرنے والے الفاظ موجود نہیں۔ خیال (خیال)۔ ارمان (خواہش)۔ ارادہ (ارادہ) کا استعمال کیا جاتا ہے۔ کبھی نقرے کی بناوٹ ایسی ہوتی ہے کہ اس سے خواہش کا اظہار ہوتا ہے۔

(١) مَیئن زجوگئی ارادہ نُش
میرا جانے کا ارادہ نہیں

(٢) رَئیسئی راولپنڈی یٹ زجوگئی تمنّا ہئین
اس کی راولپنڈی جانے کی تمنّا ہے

(٣) توم ڈیر دعوتڑ ہشٹوک تھے سِیک تھوگئی رَئیسئی ارمان آشی
اپنا پیٹ دعوت میں خوب بھرنے کی اس کی خواہش تھی

(٤) مَش اجنسئی ہیڈ کلرک صاف ساںتی ڈوک بوءِ کی ارادہ تھَمُش
میں ایجنسی کے ہیڈ کلرک صاحب سے ملنا چاہتا ہوں

بعض دفعہ بغیر حرفِ ارادہ کے ارادہ ظاہر کیا جاتا ہے۔

(١) آرُو بوجوءِ ک رَکٹ نے تھے گوُ
اندر جانا خواہش نہ ہوئی (اس کی) (وہ اندر نہیں جانا چاہتا تھا)

(٢) روس وَئی پیوک رکٹ تھئیس
وہ پانی پینا خواہش تھی (مذکر واحد) (وہ پانی پینا چاہتا تھا)

(٣) وَئی آیٹ کاٹے دِتی
پانی کی خواہش پیدا ہوئی۔ (وہ پانی پینا چاہتا تھا)

(٨) **ضرورت کا اظہار** ۔ لفظ ۔ بچھونَس سے ضرورت کا اظہار کیا جاتا ہے۔

(١) مَس کھوءِ کی بچھمُش
میں کھانا مانگتا ہوں (مجھے کچھ کھانے کو چاہیئے)

(٢) بُش وَئی بچھونَس
ہم پانی مانگتے ہیں
(ہمیں پینے کو پانی چاہیئے)

(۳) سوارِئے کار مَٹ اَنْشپو آواَجَن
سواری کے لئے مجھے گھوڑا چاہیے

(۹) سوال پوچھنے کے لئے۔ کھوِجوءک کا لفظ بولنے کے بعد۔ قول کا فقرہ بولا جاتا ہے
یا قول کے بعد لفظ کھوِجوءک استعمال کیا جاتا ہے۔

(۱) تُش کونیٹ بجوک رک تھَیْنو۔ رِوس کھُوِجے گو
تم کہاں جانا چاہتے ہو۔ اس نے پوچھا

(۲) مَش کھُوِجمِش۔ کہ تُو اَچُو لَنگ بے کیٹہ دَتو
میں پوچھتا ہوں۔ کہ تم آج دیر میں کیوں آئے ہو

(۱۰) کسی کام کو شروع کرنے کا اظہار۔ پَیچوءکِ (لگنا)۔ لَموءکِ (پکڑنا)۔ لَموءکی
شروع تھوءکِ (شروع کرنا) کے استعمال سے کیا جاتا ہے۔

(۱) رِوس بکواس تھوءک لَمی گو
اس نے بکواس کرنا پکڑا (شروع کیا)

(۲) رِوس لِکھوءک پیا تو
اس نے لکھنا شروع کیا

(۳) رِش یَیَوءکِ شروع تھَیگے
انہوں نے چلنا شروع کیا

(۱۱) سبب کا اظہار:۔ لفظ و کا ریو۔ سبب کا اظہار کرنے کے لئے کیا جاتا ہے۔
مطلب ہوا۔ اس لئے۔ اس سبب سے۔

(۱) مَش بُلہ شکوکے کا ریو آلٹ گاس
میں بلو دیکھنے کے لئے وہاں گیا۔

(۲) رِوس پیزارے گنوکے کا ریو بازارٹ دَتو
وہ جوتا خریدنے کے لئے بازار میں آیا

جب فقرہ لمبا ہو تو آنے سے کاریو (اس سبب سے کہ) کا استعمال کیا جاتا ہے۔

آنے سے کاریو مَش کرِیئیِٹ دُو کھونی وِگَش کہ رَیِیسٹ راتو
اس سبب سے میں نے اس کو دو کمبل دیے کہ اُسے رات کو

شِدَ لُو نے پَیا چُٹ
سردی نہ لگے۔

(۱۲) کرسکتا۔ اور نہ کرسکتا۔ جب یہ کہنا ہو کہ میں فلاں کام کرسکتا ہوں۔ تو لفظ بوءِک۔ کا استعمال کرتے ہیں اور جب یہ ظاہر کرنا ہو کہ میں نہیں کرسکتا ہوں۔ تو دُو بوءِکی کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔

بوءِک : مستقبل : بوِم ماضی : بُلَش (یا۔ بیگَس)

دُو بوءِکِ : مستقبل : دُو بوِم ماضی دُو بُلش

(۱) مَش ثے مِیلَٹ ھَئِی تھوک بَمَش
میں تین میل دوڑ سکتا ہوں

(۲) مَش انگریزی ریوءِکِ بَمَش
میں انگریزی پڑھ سکتا ہوں

(۳) آیا تُش دونو بَیوءِکِ دُو بَئِیسو
کیا تم بیل چلانا نہیں سکتے تھے (کیا تم بل نہیں چلا سکتے تھے)

(۴) رو اُبیٹاکِٹ وَیوءِک دُو بَئِی
وہ کل آنا نہیں سکے گا (وہ کل نہیں آسکے گا)

(۱۲) تومولو گونے بئی لوگو تومونے بئی۔ اپنا بیگانہ نہیں ہوگا بیگانہ اپنا نہیں ہوگا۔	(اپنے وطن یا شہر کا آدمی آپ کی حمایت کرے گا)
(۱۳) گو مَج گون نُش سَتیج مون نُش کنک کے لئے باری نہیں۔ بیدوں کے ساتھ مقابلہ نہیں	(جندر میں پیسنے کے لئے سب سے پہلے کنک کی باری ہے۔ (یہاں بھی عام کھائی جاتی ہے) بید سب سے بلند ذات ہے۔)
(۱۴) مُلائی رُیتیک تھیہ تھیتک نے تھیہ مُلا کا کہا ہُوا کر کیا ہُوا نہ کر	(مُلا کے کریکٹر کو نہ دیکھو۔ اس کے عمدہ اور نیک وعظ پر عمل کرو۔)
(۱۵) اُشکوُن سے کھوریٹ تھلئی رشتہ دار اپنے رشتہ دار کے تاک میں رہتا ہے	(رشتہ دار اس انتظار میں رہتا ہے کہ کوئی بزرگ مرے تو اسکی جائیداد مجھے ملے)
(۱۶) بو دے موُرو مزہ نُش بو دے ویئی ویگا نُش بہت باتوں کا مزہ نہیں بہت پانی سے عبور نہیں	(باتیں تھوڑی اور حسب مطلب ہوں۔ تو مفید نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ پانی بہت ہو تو اس کو عبور کرنا مشکل ہے)
(۱۷) بَن تھکے کھٹار وِہ نوٹ تھکے دم ھر دِر تھکے میثیپ دیٹھ مال تھکے دی ھر بند کو دیکھکر چھری رکھ دریا کے پاٹ کو دیکھ کر تیر جگہ کو دیکھکر نہال لگا ماں کو دیکھ کر لڑکی سے بیاہ کر	اگر بکرے کو حلال کرنے کے بعد اس کے گوشت کو بند بند کاٹیں تو وہ زیادہ لذیذ ہوتا ہے اور مٹی مناسب نمی ہے۔ مٹی مناسب نہ ہو تو پودا زندہ نہیں رہتا چونکہ گلگت میں مٹی کم ہے۔ اس لئے یہ بات ضروری ہو گئی ہے۔ (ہر کام کو مناسب طریقے سے کیا جائے تو کامیابی ہوتی ہے۔ لڑکی سے بیاہ کرنے سے پہلے، اس کی ماں کا کیریکٹر پرکھ لو)

شنا محاورہ	اردو کا مقابل کا محاورہ یا مطلب
۱۸۔ کِنی کالے شئیہ نے بئی کالا کپڑا سفید نہیں ہوگا	(قدرت نے جو خاصیتیں یا عیب و ہنر کسی کو دیئے ہیں ان کا بدلنا نا ممکن ہے۔
۱۹۔ شدار سے اُشو کِی دِپ بھئی دِجو کِی دِپ نے بھئی بچہ بھاگنا جانتا ہے مگر گرنے کو نہیں سمجھتا	(کم سمجھ آدمی کام میں ہاتھ تو ڈالتا ہے۔ اسے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ وہ کہاں کہاں غلطی کرے گا)
۲۰۔ شدار روت گنے چھپی فُٹ گہ نے بچہ روئے بھی نہیں اور روٹی ٹوٹے بھی نہیں	(دوسرے کی تسلی بھی ہو جائے اور انسان کا کچھ خرچ بھی نہ ہو)
۲۱۔ شو نجو رای کٹ خدا سباہن سچ بولنے والے سے خدا راضی ہے۔	(جو سچ بولتا ہے وہ کامیاب ہوتا ہے)
۲۲۔ شو نومی فچو بای برش تر دِ گیتو گہ کو لو کتے کی دُم بارہ سال تک چھت میں دبا کر رکھی جائے پھر بھی ٹیڑھی	(انسان اپنی بری فطرت پر قائم رہتا ہے)
۲۳۔ برو وئی کو نو ریلچو برا کِی ریتو کانٹا شروع میں ہی تیز نکلتا ہے۔	(ہونہار بروے کے چکنے چکنے پات)
۲۴۔ دِیتہ جرِ بلو تو ماٹی کھائی بیٹا جب بوڑھا ہو جائیگا تو مٹی کھائے گا	(جب کوئی ہنرمند آدمی بڈھا ہو جاتا ہے۔ تو اپنے ہنر سے کمائی نہیں کر سکتا ہے۔ وہ دوسروں کے ہاتھ کو دیکھتا ہے۔ یعنی مٹی کھاتا ہے)
۲۵۔ پرکو نئی گو کے بای نکھتے تو گہ پرکو نٹ بار گدھے کے اگر بارہ بچے بھی ہوں پھر بھی گدھے پہ بار ہے۔	ہر کسی کو دنیا میں پیٹ پالنے کے لئے کام کرنا پڑتا ہے۔ خاص طور پہ غریبوں کو)
۲۶۔ ہستو مرِ گیہ شل تو لر جناگہ شل تو لر ہاتھی مر کر بھی سو تولے اور زندگی بھی سو تولے	(ہاتھی کی قیمت مر کر بھی وہی رہتی ہے۔ جو زندہ کی ہے چونکہ اس میں بہت سی قیمتی چیزیں موجود ہیں۔ بڑے آدمی کی مرنے کے بعد بھی وہی عزت ہوتی ہے)

شنا محاورہ	اردو کا مقابل کا محاورہ یا مطلب
۲۷۔ ڈبون سے کومٹ ثلگئ بوڈس ٹکپٹ مالک کام کو دیکھتا ہے اور تل روٹی کو	(ہر کوئی اپنے مطلب کی بات سوچتا ہے)
۲۸۔ پاکھوکٹ کھچی پیزار ہیو کھوکٹ کھچی چیئی پاؤں کو زخم کرنے کے لئے خراب جوتی اور دل کو زخم کرنے کے لیے خراب عورت	(جوتی خراب ہو تو پاؤں کو زخم ہوتا ہے۔ بیوی خراب ہو تو دل کو زخم ہوتا ہے۔)
۲۹۔ پون پُسمار پٹہ اکو نے پُسمار پٹہ راستہ کو تھکاؤ اپنے کو نہیں	(پیدل آہستہ چلو تا کہ تھک نہ جاؤ)
۳۰۔ تاتو بگس تھے کت فت نے تھیہ تُمش تھے ٹکی فت نے تھیہ گرمی محسوس کرکے کپڑے مت چھوڑو۔ سیری محسوس کرکے روٹی مت چھوڑو	(اگر کسی وقت موسم گرم معلوم ہو تو سفر پر جاتے وقت کپڑے نہ چھوڑ جاؤ۔ چونکہ موسم بدل جاتا ہے۔ اگر پیٹ بھرا ہوا ہو۔ تو سفر میں جاتے وقت روٹی ساتھ لے جاؤ۔ چونکہ ممکن ہے راستے میں نہ ملے۔
۳۱۔ نھگا تو روزی نے نھگا تو روزہ اگر کچھ کیا تو روزی ہے ورنہ روزہ	(انسان محنت کے بغیر اپنی روٹی نہیں کما سکتا۔)
۳۲۔ صبر ئی بالی پرگی ہئین صبر کی رسی لمبی ہے	(صبر کا پھل میٹھا ہے)
۳۳۔ رسن کم نے پاش را چُنو نے پاش دریا کو کم مت خیال کر اور راجے کو چھوٹا	(دریا کو حقیر مت سمجھ چونکہ بہا کر لے جائیگا اور راجے کو کم ہمت مت سمجھ چونکہ وہ تمہیں تکلیف دے گا۔)

اردو کا متقابل محاورہ یا مطلب

۳۴۔ پیٚپٔن مُشاٹ اَنٛشو دِگو تو تلِینٛٹ گہٕ پیاٚ

جب شین مرد کو گھوڑا ملا تو کاٹھی بھی مانگا

(شین پر ایک مہربانی کی جائے تو وہ دوسری مہربانی کی اپنے منہ سے درخواست کرتا ہے)

۳۵۔ تُوٚ روٗ تۄ ژٕ روٗ تۄ اَنٛٹِ تلِین کوٗس دِیٚن

تو بھی بڑا میں بھی بڑا گھوڑے کی زین کون باندھیگا

(جب دو نازک مزاج اور سرگراں آدمی ساتھی ہوں تو کام کاج کوئی بھی نہیں کرتا یعنی تکلیف ہوتی ہے اگر ان میں سے کوئی اکیلا ہوتا تو کر لیتا)

۳۶۔ بَٹہٕ تھٔمی ہَتہٕ ہَن اَنٛٹِ پاگوٗس فُٹِگے

پتھر تیرے ہاتھ میں ہے گھوڑے کے پاؤں کس نے توڑے

(یہ ظاہر ہے کہ تم مجرم ہو چونکہ واقعات شہادت دے رہے ہیں

۳۷۔ جوٗن فٔت تھٔے گٕشیرِ و مَرِتھ

سانپ چھوڑ کر کشیری کو مارو

(سانپ دشمن ہے۔ مگر کشیری ہمارے وطن کا۔
اس سے بڑا دشمن ہے)

۳۸۔ جوٗن ژٕشِن رَزِ ٹٕی جو گہٕ اَز

سانپ کو دیکھ کر رسی سے ڈر

(ایک دفعہ غلطی کی ہے۔ تو آئندہ مت کرو)

۳۹۔ دُنیاتہٕ مکرٕ سٕتی کھٔتہٕ ڈبل روٗٹی شکرٕ سٕتی کھٔتہٕ

دنیا کو مکر کے ساتھ کھا اور ڈبل روٹی کو شکر کے ساتھ

(اس دنیا میں خوشامد اور پالیسی سے کام نکلتا ہے۔

۴۰۔ یتیم رٔڈِ عادت ہَن

یتیم رونے کا عادی ہے

(غریب اور کم ہمت آدمی ایسے ہی واویلا کرتا رہتا ہے کہ کہیں سے امداد تو ملے گی۔)

۴۱۔ مٔنہٕ پُروہ ژَش بے نٔے مرِی جٔجی جوٗن ژٕرٕ گٕے نٔے مرِی جٔجی

آدمی بے شرم ہو کر نہیں مرتا۔ جوں گر کر نہیں مرتی

(آدمی بے حیائی اختیار کرے تو بھی دنیا میں بے شرمی کا کام کرتا رہتا ہے جیسے جوں گرے تو مرتی نہیں۔ چونکہ سخت جان ہے

شنا محاورہ	اُردو کا مقابل کا محاورہ یا مطلب
۴۲- اَجیٹ تھُو تھِگو تو تُو صُو مُکھَٹ جب اوپر کو تھوکا جائے تو اپنے چہرے پر آتا ہے	حق اور سچائی کیخلاف بات کی جائے تو آدمی خود جھوٹا ثابت ہوتا ہے ۔
۴۳- مُزَج کھَاش تو اَٹیج بِجاک جب گوشت کو کاٹا جاتا ہے تو ہڈی کو درد ہوتا ہے	(جب کسی کو تکلیف ہوتی ہے۔ تو اس کے خویش و اقربا کو دُکھ محسوس ہوتا ہے)
۴۴- بہشت دُوِلی چُرُو گو تَو بہشت کو تیار کرکے آخر میں کچھ خرابی	
۴۵- گئی گہوُر گئی وای گھوُرٹ ہوش تھِیِہ جو موج گذر گئی سو گذر گئی۔ آنے والی موج کی فکر کر۔	(گذشتہ را صلوٰۃ، آئندہ را احتیاط)
۴۶- رَسِن سے گوُر گوُل دَئین گمو گئی سیشج دریا جب ہی بہ سکتا ہے۔ جمی ہوئی برف کے سر پہ	(جب پہاڑ پر جمی ہوئی برف موجود ہو۔ تو وہ پگھل کر پانی بنتی ہے اور دریا بنتا ہے۔)
	(جب کوئی شخص کسی بزرگ کی خدمت کرتا ہے تو مطلب یہ ہوتا ہے کہ مجھے اس سے کچھ حاصل ہوگا۔)
۴۷- گوٹی دُوم گوُٹی تَسو مَٹ ئِیل گھر کا دھواں گھر کی چھت کے سوراخ کو معلوم ہے	(گھر کے بھیدی کو راز کی سب باتیں معلوم ہوتی ہیں۔)
۴۸- گوُ اَکو کارِی چارَئین بالے کارِی نے چارَشین گائے اپنے پیٹ کیلئے چرتی ہے نہ کہ بچے کے لئے	(کھانا ہر ایک کے اپنے پیٹ میں جاتا ہے۔ اسی طرح سے اپنی اپنی مصیبت ہر ایک کو بھگتنی پڑتی ہے۔)

شنا محاورہ	اُردو کا مقابل کا محاورہ
۴۹- اَنشپئی کونے بَنئی اے برابر ہَئن گھوڑے کے کان دونوں برابر ہیں	(کسی کے دو بیٹے۔ یا دو بیٹیاں۔ یا بیویاں ہوں تو کہتے ہیں میرے لئے دونوں برابر ہیں)
۵۰- وَئی چھوَرَے تیمم نَے بَیئن پانی رکھکر تیمم نہیں ہوتا	(جب ایک چیز سامنے موجود ہے۔ تو اس کا استعمال زیادہ مناسب ہے)
۵۱- اُونٹ ھَرَ رَے گَا لِنگ اُونٹ کے گزرنے کے بعد راستے کی درستی	(کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ۔ ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا۔ (غالب)
۵۲- یَتیم سَے رُوزَہ گِنی گو تو رَاتِی لَو نَے بَئی جب یتیم روزہ رکھتا ہے تو صبح نہیں ہوتی	(غریب اور نادار پر سب مصیبتیں نازل ہوتی ہیں) اور ختم ہونے میں نہیں آتیں۔
۵۳- تومی اُونٹ نے پیشئی ہَئی جگو جُوں پشی جَئی اپنا اونٹ بھی دیکھا نہیں جاتا لیکن دوسروں کی جوں دیکھی جاتی ہے	(انسان اپنے بڑے عیوب نہیں دیکھتا۔ دوسرے کے چھوٹے عیبوں پر نکتہ چینی کرتا ہے۔)
۵۴- چَال ٹُئی ماں چال ٹُئی بَآپ پَرُو جَئی گھونگے کی بولی گھونگے کی ماں جانتی ہے۔	(جو کسی سے آگاہ ہوتا ہے اس کے عیب و ثواب کو وہی جانتا ہے)
۵۵- بئیو جَے سَاتی گا تو مُوز کھیئرئی کاں سَاتِی گا تو نِجس جب باز کے ساتھ جائیگا تو گوشت کھلائے گا کوے کے ساتھ جائے گا تو نجس	(صحبتِ صالح ترا صالح کند۔ صحبتِ طالح ترا طالح کند) (جس طرح کا آدمی ویسا اس کا سلوک)

شنا محاورہ	اُردو کا مقابل کا محاورہ یا مطلب
۵۶۔ لوُلِی جِپ سے کنُوُ پیشیپٹ وَلیئِن لال زبان کالے سر کو مصیبت لاتی ہے	(جو آدمی سوچ سمجھ کر بات نہیں کرتا۔ اس کی تیز زبان سے اس پر مصیبت آجاتی ہے۔)
نِجَسَٹ بَٹ وِیگاتو ٹھیلے نِجَش بَیْن اگر نجاست پر پتھر پھینکیگا تو کپڑے نجس ہوں گے	(رذیل آدمی سے جھگڑا کیا جائے۔ تو اپنی بے عزتی ہوتی ہے۔
۵۷۔ اِتھِیْ یَجُہ دُوُر تو ہِیَ جو گہ دُوُر جب آنکھ سے دور تو دل سے بھی دُور	(سگِ حضوری بہ زبرادرِ دوری۔ جو آدمی بہت دور چلا جاتا ہے۔ انسان اس سے لاپرواہی برتتا ہے)
۵۸۔ اَیک ہنیٔ ائی تِیل نے نِکھائی ایک دانہ گری کا تیل نہیں نکلتا	(جماعت میں کرامت۔ اکیلے دُکیلے کا اللہ بیلی سب مل کر کام کریں تو کامیابی ہوتی ہے۔)

پشتو کی چند ضرب الامثال کی تشریح

کور تہ پے مسجد تہ پہ

گھر میں روشنی کر کے مسجد میں روشنی کرو

اس محاورے میں چراغ کا لفظ ملحوظ ہے۔ اور یہ فرض کیا گیا ہے۔ کہ جب روشنی کرنا کہا گیا ہے تو وہ چراغ ہی ہو سکتا ہے۔ جو روشنی کرے۔

مقصود محاورے کا یہ ہے کہ جس چیز کی ضرورت تمہاری ذات کو یا اہل خانہ کو ہے۔ وہ اظہار فیاضی کے لئے دوسروں پر نثار کرنا حماقت ہے۔ اسلام کا اصول بھی یہی ہے۔ اسی کو مدنظر رکھ کر حضرت علیؓ نے کہا تھا "چراغے کہ درخانہ لازم باشد در مسجد لازم نیست"

اس وطن میں جہاں اجناس خوراک اور ضروریات زندگی بہت محدود ہیں۔ یہ محاورہ زندگی کا اقتصادی قانون بن جاتا ہے۔ چونکہ اس کے بغیر تحفظِ ذات ممکن نہیں۔ اس ماحول میں بعض عیوب کی پیدائش اسی سبب سے ہو گئی ہے۔ چونکہ واجبات کی کمی سے حرص میں اضافہ ہوتا ہے۔ درآمدہ مصنوعی اور کارخانہ کی تیار کردہ اشیاء کے حصول میں دقت ہے۔ آج یہ حالت ہے۔ اس کی بہتری کی امید صرف ایک امید ہے۔

عید کا دن ہے گلے آج تو مل لے ظالم
کل خدا جانے یہ سامان رہے یا نہ رہے

آج کا سامان آج کے ساتھ اس لئے اس مفاد سے مستفید ہونا لازم

آج کی پیشِ نظر تازہ بات جو اس تخیلِ ذہن آدم پر منحصر ہے۔ فطرتِ مقامی کو اس تمنا کی طرف مائل کرتی ہے کہ ذات اور خاندان کے لئے آذوقہ لازم ہے۔ وہ چراغ جس کی ضرورت گھر میں ہے۔ چونکہ چراغ روشن کرنے کے لئے تیل کی ضرورت تو ہے۔ یہی تیل زر کے صرف کا اظہار کرتا ہے۔ اس لئے جب مجبوری ہو تو اسے اپنے استعمال کے لئے رکھو اور اس کی بخشش سے نمائش میں اضافہ کر کے اپنی معذوریوں میں اضافہ نہ کرو۔

محاورہ نمبر ۲

ٹھگائی سے جگ تُولے اکو لے تُو لگی

ترازو — مخلوق کو تولیگا اپنے کو نہیں تولیگا۔

میزانِ عدل دنیا میں مشہور ہے۔ غرض یہ کہ ترازو کسی کی رعایت نہیں کرتا۔ خدا ان کی روحوں کے شاہی دربار کو غریقِ رحمت کرے۔ ہندوستان کے مغل شاہنشاہوں نے میزانِ عدل شاہی نشان قرار دیا تھا وہ اپنے اور بیگانوں سے انصاف کرنا چاہتے تھے۔ انہوں نے میزان کو عدل کے پرچم پر اپنی حق کی طرفداری اور عزیز و اقارب سے غیر جانبداری کا کلمۃ الحق بنایا۔

مگر محیطِ سیاست کے شناوروں نے اپنے زورِ تخیّل سے اس قدیم صداقت میں ایک نئی بدعت تخلیق کی وہ کہتے ہیں یہ درست کہ ترازو انصاف کرتا ہے۔ میزانِ عدل ہے۔ کسی کی رعایت نہیں کرتا۔ مگر حاکم جب خود میزان بن جائے تو وہ دوسروں کے اعمال کو تو پرکھتا ہے۔ تولتا ہے۔ مگر اپنے افعال اور اقوال کردار کا موازنہ نہیں کرتا۔ اسی خیال کے زیرِ اثر علامہ اقبال نے مغرب کے سفید رو اور سیاہ باطن بعض حکومت پسند اور استبداد پرست دماغوں کے متعلق لکھا ہے۔

نیک و بد را بترازوی دگر سنجیدم   پیر ما گفت مس از سیم بیاید اندود (اقبال)

اقبال تو یہ کہتا ہے کہ ان مشّاق شاعروں نے جو بساطِ سیاست کے کہنہ مشق اُستاد ہیں۔ دو ترازو رکھے ہوئے ہیں ہمشکل۔ ہمرنگ۔ ہموزن۔ جب اپنی باری آتی ہے۔ تو ایک ترازو سے تولتے ہیں۔ جس میں ہمیشہ ان کا پلڑا بھاری رہتا ہے۔ اور جب دوسرے کی باری آتی ہے تو نظر بندی کا وہ معجزہ دکھاتے ہیں کہ آنکھوں کے سامنے دوسرا ترازو بدل لیتے ہیں۔ جس میں ہمیشہ فریقِ ثانی کو ہار رہتی ہے۔ یعنی وہ نیکی اور بدی جس کا معیار قدرتِ پروردگار اور اخلاق کے قوانین نے مقرر کیا ہے۔ اس کو بوسپ کے عیّار بدل لیتے ہیں مگر کس طرح سے بدل لینے ہیں یہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارے استاد بزرگوار کا قابلِ احترام و تقلید درس ہے اس لئے ہمارے لئے اس پر کاربند ہونا ضروری ہے اور چاندی میں تانبے کی آمیزش کر لیتے ہیں۔ پھر بھی یہ خالص چاندی کہلاتی ہے۔ یہ نیا معیار یہ نیا ترازو ہے۔

جو یورپ دوسروں کے لیئے استعمال کرتا ہے۔ مگر ہشتا کا محاورہ اس سے بڑھ گیا ہے اور عملی زندگی میں جو یہاں کے ماحول سے مربوط ہے اپنے رنگ دکھاتا ہے۔ جب انسان اپنے متعلق بات کرتا ہے۔ تو وہ نیا معیار اور نیا میزان مقرر کرتا ہے۔ وہ اپنے متعلق نہیں سوچتا کہ مجھ میں کیا عیب و ثواب ہیں بلکہ دوسروں پر اندھیرے سویرے میں نکتہ چینی کرتا رہتا ہے۔

۳ کھونٹ ٹکے پا پَرِیک تھیتھ

گھون۔ کمبل کو دیکھکر پاؤں پھیلا (امر ہے)

یہ عام محاورہ ہے جو غالباً ہر زبان میں موجود ہے۔ اگرچہ الفاظ بدلے ہوئے ہیں۔ مگر مفہوم وہی ہے۔ مقصود یہ ہے کہ اپنی موجودات کا موازنہ کرنے کے بعد مصارف کی طرف ہاتھ بڑھانا چاہیئے۔ جو چیز قبضے میں ہو یا حاصل ہو اسی کے مطابق اپنے اخراجات کو رکھنا چاہیئے۔ انگریزی کا محاورہ ہے CUT YOUR COAT ACCORDING TO YOUR CLOTH.

۴ چمر شی جَعِک عادت نے شِی جَعِک

لوہا کم ہو جائیگا۔ عادت نہ کم ہو گی

مصدر شِی جو عِرک کثیر مفہوم ادا کرتا ہے۔ مثلاً کسی چیز سے اس کا ایک حصہ گرتا رہے اور اس میں کمی ہو جائے۔ تو وہ بھی شی جو عِرک کہلائیگا۔ درخت سے پھل کا گرنا۔ جب کسی چیز کو مثلاً (لکڑی یا لوہا) زمین میں دبا گئے ہیں تو زمین کے اندر کی مائعات کے زیر اثر اس میں سے کچھ حصہ علیحدہ ہو کر ضائع ہو جاتا ہے۔ اسی کو بھی شِی جو عِرک کہتے ہیں۔ انسان اپنی عادات پر قائم ہے۔ اس کے اصلی عادات میں کمی ہو جائے تو اس کا بوجھ ہلکا ہو گیا۔ اس کی منیرے

مذموم خیالات خارج ہو گئے اس کے عُلو میں عظمت اور سِفل میں تکبیر واقع ہو گئی۔ یہ بھی شی جو عرک کہلایا۔

اب رہی عادات کی بات تو حالی فرماتے ہیں ؎

ممکن ہے کہ ٹل جائے جَبَل اپنے مُقر سے تبدیل کسی کی پہ جبلّت نہیں ہوتی (حالی)

مقر۔ کے معنی ہیں قرار کی جگہ۔ جہاں کوئی چیز کھڑی ہو۔ جَبَل کے معنی پہاڑ۔ اور جبلّت کے معنی عادت حالی کی قادر الکلامی نے جبل اور جبلت کو ایک شعر میں اکٹھا کیا ہے۔ اور ان میں توازن پیدا کیا ہے۔ شعر کا مطلب یہ کہ پہاڑ کے اپنی جگہ سے سرکنے کا امکان ہے۔ مگر عادت کے تبدیل ہونے کا امکان نہیں۔

مگر فقیر ناموس اِس دعوے سے بلند تر ہے۔

اگلے وقتوں کے ہیں یہ لوگ انہیں کچھ نہ کہو جو مے و نغمہ کو اندوہ ربا کہتے ہیں غالب

داد کا طالب غالب اس قول پر اصرار کرتا ہے کہ مے اور نغمہ اہل بصیرت اور صاحب حقیقت کے لئے اندوہ افزا ہیں۔ مگر اگلے وقتوں کے لوگ اپنے قدیم خیالات اور فرسودہ تجربات کی بنا پر ان کو اندوہ ربا کہتے ہیں۔ دور جدید کے محقق یہ کہتے ہیں کہ عادت کا بدلنا ممکن ہے اور ہم اپنی عمر کے ساتھ ساتھ زندگی کے مختلف ادوار میں بدلتے رہتے ہیں۔ بچپن کی شوخی۔ جوانی کی چالاکی۔ کہولت کی سہولت۔ بڑھاپے کی نرمی اور فکر۔ اگرچہ اندرونی فطرت قائم رہے مگر اس کی فیصدی مقدار بدل جاتی ہے۔ یعنی ٹوٹل عادت میں تبدیلی تو ہو گئی

اور پھر فن اخلاق کے ماہر یہ کہتے ہیں کہ دس سال تک تو یقینی اور بیس سال کی عمر تک کم و بیش تربیت اور ہدایت سے عادت میں تبدیلی آجاتی ہے۔ تاہم مثل بطور ضرب المثل وقت پر طنز کے لئے خوب کام دیتی ہے۔

۵- ڈوکو تھیگٹ ڈو کو مٹھو بٹی

گڑھا کرنیوالے کو گڑھا سامنے ہوگا

معلوم ہوتا ہے کہ یہ فارسی کے محاورہ کا ترجمہ ہے "چاہ کن را چاہ در پیش" کھودنے والے کو کنواں سامنے آتا ہے۔ بعض دفعہ تو وہی گڑھا جو اس نے خود کھودا چاہ کن کے سامنے آجاتا ہے۔ اور وہ اپنے کھودے ہوئے گڑھے میں خود ہی گرتا ہے۔ گویا اپنے عمل کی سزا پاتا ہے۔ اپنے کردار کا بدلہ اس کو اس کارزار ہستی میں مل جاتا ہے ؎

کیا خوب سودا نقد ہے اس ہاتھ دے اس ہاتھ لے

مگر قدرت عجیب ستم ظریف ہے۔ ایسے مذاق کے ڈرامے کھیلتی ہے کہ عام اخلاق اور معارف کے معیار سے ہم ان کا تصور ذہن میں نہیں لا سکتے۔ یہ درست ہے کہ

GOD'S MILLS GRIND SLOWLY, BUT THEY GRIND EXCEEDINGLY TRUE.

{ خدا کی چکیاں (آٹا پیسنے کی آسیا) آہستہ آہستہ آٹا پیستی ہے مگر نہایت صحیح پیستی ہے } غرض یہ کہ جو کرے سو بھرے۔ آدمی جو کرتا ہے وہی اس کے سامنے آتا ہے۔ قدرت اپنے کاروبار میں ہر دل پر نگاہ رکھتی ہے۔ اور جب اس کے مظالم کے ستور ایک حد سے تجاوز ہو جاتے ہیں تو اس پر ایک بالا دست قوت قادر کر دیتی ہے ؎ ہر فرعونے را موسےٰ۔ یہ کام قدرت کس طرح سرانجام دیتی ہے یہ ایک معمہ ہے جسے عقل انسانی سمجھنے سے قاصر ہے۔ تاہم اگر ایک فرد نے کمزور زیردست کو صرف اس لئے آزار دیا ہے کہ اس میں پلٹ کر جواب دینے کی ہمت یا جرأت نہیں ہے تو قدرت اس کو فراموش نہیں کرتی۔ بلکہ اپنی کتاب لیل ونہار کے اوراق میں ثبت کر دیتی ہے زمانہ بدلتا ہے اور بن بلائے ایک قہار جبار اور صاحب اختیار اس ظالم پر مسلط ہو جاتا ہے جس سے گڑھا بنانے والا ایک اور گڑھے میں گر جاتا ہے۔ اور اپنے کئے کا سزا پاتا ہے۔

توم تھیتکٹ بلئین نش

اپنے کیئے کی دوائی نہیں

ـ آدمی اپنے ہاتھ سے غلط کام کرتا ہے۔ تو وہ حرف اول سے اس امر کا اعتراف کرتا ہے۔ کہ
میں ضمیر اور ارادے کے لحاظ سے اس روش کا قائل ہوں۔ اس لئے انجام کے قریب پہنچ کر اپنے
غلط راہ سے الٹے پاؤں سفر کرنے کا اس کو اختیار نہیں رہتا ہے۔ فارسی میں موجود ہے۔

"خود را علاجے نیست"

کچی دُت پشتی بئی کھچو منئو پر وپشٹو نے بئی

بری دُنیا بھی ہوگی بُرا انسان اچھا نہیں ہو گا

یہ محاورہ علم النفسیات کے ایک اہم مسئلہ کا حامل ہے۔ اس میں فرق ظاہر کیا گیا ہے۔ بے زبان
بے ضمیر اور غیر صاحب ارادہ اشیاء ہیں۔ اور صاحب فکر و فہم ہیں جو اپنے دل سے کسی امر
کا تہیہ کرتا ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ اس کا فیصلہ علم۔ عقل۔ قانون اور دستور کے مطابق ہو۔ اکثر
وہ ان پر کاربند ہوتا ہے۔ مگر بعض دفعہ وہ نہیں بھی ہوتا۔ فیصلہ ہے۔ جس طرف دل کی منشا ہو۔

بس اک نگاہ سے ہوتا ہے فیصلہ دل کا   نہ ہو نگاہ میں شوخی تو دلبری کیا ہے

انسان ذی شعور اور صاحب ارادہ ہے۔ جس روش پہ چاہے فیصلہ کرے۔ بعض دفعہ ہزاروں
کے مقابلے میں ایک انسان کلمۃ الحق کا اعلان کرتا ہے۔ اور عشاق کے قافلہ سالار امام حسینؑ
ابن علیؑ کا ایمان افروز فیصلہ صادر کرتا ہے۔ بعض دفعہ منصور حلاج کے ارادہ سے دنیا میں نورِ عشق
کی تشہیر کرتا ہے اور اپنی قوت ارادی اور ہمتِ ضمیر سے واضح کر دیتا ہے کہ اس کا فیصلہ صحیح ہے۔

دُنیا کی تاریخ میں ہزاروں مثالیں ایسی ہیں کہ ایک مطلق العنان بادشاہ نے کسی حقیر سی بات پر قدم اٹھایا یعنی اپنے ایک مخصوص فیصلے پر وہ کاربند ہوا۔ اس کی سلطنت گیا۔ دنیا بدل گئی۔ جلال الدین خوارزم شاہ کا ہلاکو کے مغلوں سے پہلا تصادم اس امر کی دلیل ہے:۔ وزیر درباری۔ دشمن دوست اغیار ابرار سب کہتے ہیں۔ یہ جنگلی مغل معافی کے خواستگار ہیں۔ عفو شاہی جلوہ افروز ہو اور ان کا قصور معاف ہو جائے۔ مگر بادشاہ اپنے جلال میں ہے اور لشکر کو حکم دیتا ہے کہ مغلوں کا بیج و بن نکال دو۔ مغل اپنی پوری قوت سے سب قبیلے جمع ہو کر اپنی حیات کے قیام کے لیے بیدریغ لڑتے ہیں۔ جلال الدین خوارزم شاہی کو شکست ہوتی ہے۔ اور مغلوں کے فتنہ کا دروازہ کھُل جاتا ہے۔ چنگیز بڑھتا جاتا ہے۔ پہلے خوارزم شاہیان کی قدیم اور جلیل القدر سلطنت کو تباہ و برباد کرتا ہے۔ پھر تمام عالم اسلام پر ایسی چوٹ لگاتا ہے کہ اس کی تلوار کے زخم ملت اسلامیہ کے سینے میں اب تک ناسور بن کر رس رہے ہیں۔ ان کا علاج اب تک نہیں ہو سکا۔

رِضا کے محاورے کا مطلب یہ ہے کہ بے ضمیر اور بے جان مٹی۔ اینٹ۔ پتھر۔ اور دُنیا کی دیگر اشیاء کو تو انسان جس طرح سے چاہے شکل دے سکتا ہے۔ اور ان کے ظاہر کو تشکیل کرتا ہے۔ چونکہ وہ مقابلہ نہیں کرتی اور جہاں رکھی جاتی ہے وہاں پڑی رہتی ہے۔ مگر انسان جو صاحب ارادہ ہے اس کو مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ کہ تم ضرور اس طریق پر ایک خاص کام کو کرو۔ وہ چاہے تو اپنے ارادے کے مطابق برا یا بھلا کام کرے۔ ایک مذموم خصلت انسان کو ہزار طرح سمجھایا جائے مگر نصیحت کے اصول ہوتی اس کے دل کے پردوں سے ایسے ٹپک جاتے ہیں جیسے پیپل کے پتوں سے نرمل اکاس جل کی بوند خدا کی رحمت ساون کی گھٹا بن کر برستی ہے تو گلزار اور کشت کی قوت نمو ان کو رنگ بہشت بنا دیتی ہے مگر وہی ابر گوہر بار جب کوہسار و دشت پر اپنی مہربانی نچھاور کرتا ہے تو خس و خار سے سارا عالم معمور ہو جاتا ہے۔ فیصلہ دل کی خصلت کے زور پر ہوتا ہے۔ بیرونی قوتیں صرف اس میں رجحان پیدا کرتی ہیں۔ مجھ سے کیا تم پوچھتے ہو مرے ارمانوں کا حال۔ تم وہی آخر کرو گے جو تمہارے دل میں ہے۔

محاورہ نمبر ۸

اَشھِیٔ پَیٔی بوٹ پوٹن پَیٔی نَے بوٹ

آنکھ اندھی ہو جائے (لیکن) راستہ اندھا نہ ہو

یہ محاورہ مخصوص ہے جو اس وقت بولا جاتا ہے جب ثالث کوئی فیصلہ کرتے ہیں۔ گلگت وطن میں یہ دستور ہے مقدمہ عدالت میں ہوا۔ عدالت نے مدعی اور مدعا علیہ سے کہا کہ تم ثالث مقرر کرو۔ جب وہ مان گئے مدعی نے اپنی طرف سے ایک پنچ مقرر کیا۔ مدعا علیہ نے اپنی طرف سے دوسرا پنچ مقرر کیا۔ یہ دو حَکَم ہوئے عدالت اپنی طرف سے ایک سرپنچ یعنی صدر مقرر کرتی ہے جو صدر کے فرائض انجام دیتا ہے ان کو عدالت کی طرف سے پانچ روپے یومیہ کے حساب سے ملتا ہے یہ لوگ کھانا وہاں جا کر مدعی اور مدعا علیہ کے گھر سے کھاتے ہیں۔ اس کے علاوہ فریقین ان کے ہاتھ کی مالش کرتے ہیں کہ کام خوش اسلوبی سے سرانجام پائے اور آتے وقت ان کے بٹوے بھاری ہوتے ہیں پنچ کی کارروائی شروع ہونے سے پہلے سرپنچ فریقین کو کہتا ہے کہ تم آپس میں صلح کرلو۔ جب وہ اس بات کو نہیں مانتے تو پھر وہ ان کے سامنے چھوٹی سی تقریر کرتا ہے جس کا مفہوم یہ ہوتا ہے کہ میں فیصلہ قاعدہ اور دستور کے مطابق کروں گا۔ اس وقت سرپنچ یہ محاورہ بولتا ہے

اَشھِیٔ پَیٔی بوٹ پوٹن پَیٔی نَے بوٹ (آنکھ اندھی ہو جائے (لیکن) راستہ اندھا نہ ہو)، پوٹن کے معنی راستہ راستے سے مقصود یہاں دستور یا رواج یا قانون ملت۔ ناموس۔ شریعت۔

فریقین کو یہاں آنکھ مانا گیا ہے چونکہ انہوں نے آپس میں تفرقہ پیدا کیا اور اس تفرقے کا سبب ہے کہ ان کا تنازع عدالت تک پہنچا۔ وہ دونوں ایک راستے یعنی قانون یا دستور کو دیکھ رہے تھے اور اس پر چل رہے تھے یا ان کو چلنا چاہیئے تھا مگر وہ نہ چلے آپس میں انہوں نے لڑائی کی اور اب سرپنچ یہ کہتا ہے۔ کہ آپ اندھے ہو جائیں اور آپ کو دستور نظر نہ آئے چونکہ دونوں میں سے کوئی بھی دستور کو مان کر فیصلہ کرنے کو تیار نہیں ہے۔ مگر دستور کبھی اندھا نہیں ہوگا۔ ہم حق و انصاف کے مطابق فیصلہ کریں گے۔

محاورہ نمبر ۹

تومُو لُو گُو نےَ بَیَ لُو گُو تومُو نےَ بَیَ

اپنا بیگانہ نہیں ہوگا۔ بیگانہ اپنا نہیں ہوگا

ہر وطن میں وطن داری اور وضع داری کے مراسم موجود ہیں۔ مگر وہاں کی خاک کے اثر اور سماجی تار و پود کی بناوٹ کے مطابق اس سوسائٹی میں ان جذبات کو عملی شکل دی جاتی ہے۔

گلگت کے علاقے میں سیّد، شین یشکُن، رونو، ڈوم اور کمین رہتے ہیں۔ سیّد تو بظاہر پیغمبرِ اسلام کی اولاد ہونے کی حیثیت سے عرب سے یہاں آکر آباد ہوئے ہیں۔ کمین اور ڈوم تعداد میں کم ہیں۔ رونو بھی زیادہ تر گلگت اور نگر کے علاقے کی طرف رہتے ہیں۔ یہ لوگ قدیم راجگان کی اولاد ہیں جن کی ماں کسی راجہ کی بیٹی نہیں تھی بلکہ زمیندار کی بیٹی تھی۔ ان کی تعداد بھی کوئی ڈیڑھ سو گھر ہوگی۔ تمام علاقے میں شین اور یشکن لوگوں کی آبادی ہے۔ تو سب سے طاقتور جماعتیں شین اور یشکن ہیں۔ ان کی آپس میں نہیں بنتی۔ مگر ایک وطن میں رہنے کے سبب اور ایک دوسرے کا قدیم ہمسایہ ہونے کی بنا پر غیر کے مقابلے میں ان کے مراسم بہت استوار ہیں۔

بیگانہ سے یہاں مراد وہ افراد ہیں جو باہر سے آتے ہیں اور اپنے سے مقصد جو اس وطن کا رہنے والا ہو بیگانوں کے مقابلے میں اپنوں کی طرف داری کرنا اور ان سے رعایت کا برتاؤ کرنا۔ اس وطن کی خاص بات ہے۔ وہ کسی فرقے یا جماعت سے تعلق رکھتا ہو۔ اور اگرچہ ذاتی طور پر اس کے ساتھ کشمکش کی وجوہات موجود ہوں۔ مگر پھر بھی اس "اپنے" کو فیصلہ دیتے وقت عزیز رکھا جائے گا۔

اسی طرح کا ایک محاورہ اور ہے۔ "تَنگ تَنگ بَدَخشَان"

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر اپنا آدمی بدخشاں میں بھی ہو تو بھی اس کی طرفداری کرنی چاہیئے۔

ننگ سے مطلب ہُوا ننگ و ناموس عزت طرفداری اور اس میں اپنے عزیز یا وطن دار کا لفظ مُضمر ہے اگرچہ بولنے میں نہیں آیا مگر مطلب یہی ہوا کہ اپنا آدمی بدخشان ہی بھی ہو۔پھر بھی اس کی طرفداری کرنی چاہئے

ہم یہاں گلی کوچوں ہیں بازاروں میں اداروں میں احباب کا مظاہرہ دیکھتے ہیں کہ جہاں کوئی قابلِ تصفیہ معاملہ پیدا ہوا۔ گلگت کے ساکن اس شخص کے حق میں یک زبان ہوگئے۔ وہ غلط بھی ہو اور غیر ملکی شخص حق بجانب بھی ہو۔ پھر بھی یہاں کا دستور یہی ہے کہ اپنے آدمی کی طرفداری کی جائے۔ دلیل یہ دی جاتی ہے۔کہ یہ ہمارا اپنا آدمی ہے۔ ہماری توجہ کا محتاج ہے باپ دادے سے یہاں رہتا ہے۔ ہمیں اس سے سروکار ہے اگر ہم اس کی رعایت نہیں کریں گے تو یہ زندہ نہیں رہ سکے گا۔ یعنی ہم زندہ نہیں رہیں گے۔

محاورہ نمبر ۱۰

مُلّائے رِیمنگ تھَپہ تھیٹنگ نے تھَپہ

مُلّا کا کہا ہوا کر کیا ہُوا نہ کر

واعظان کین جلوہ بر محراب و منبر میکنند چون بخلوت میروند آں کار دیگر میکنند

اس دُنیائے اسباب و علل میں انسان ہزار پیچ و تاب میں گرفتار ہے اس کی ذاتی مجبوریاں وابستگان کی ضروریات اور ماحول کی استبدادی قوتیں اس بات کی اجازت نہیں دیتیں کہ وہ بن و عن اسی طرح سے کرے جس طرح واعظ کہتا ہے۔لیکن جہاں تک ممکن ہو اس کے کہنے پر کاربند ہونا چاہیئے۔ چونکہ ملا کی برسرِ مجلس تقریر حدیث و نصائح پر مبنی ہو گی۔ مگر اس کے عمل کو بطور مثال سامنے نہیں رکھنا چاہیئے۔ وہ اپنے عمل میں ناقص اور معیار سے پست رہتا ہے۔ وعظ نظری ہوتا ہے۔ کردار عمل۔

انسان جذبات و خواہشات کا پیکر ہے اس کو مادی زندگی قائم رکھنے کے لئے ان تمام چیزوں کی ضرورت ہے جن پہ زندگی کا قیام و دوام ہے مثلاً خوراک، لباس و جائے رہائش

واعظ جب منبر پر کھڑا ہوتا ہے تو وہ فرشتہ بن کر وعظ کرتا ہے لیکن جب عمل دنیا میں قدم رکھتا ہے تو اس کو یہاں کی مجبوریوں اور مشکلات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ اس لئے وہ بعض اوقات خود بھی وہ کام نہیں کرسکتا جس کا پرچار وہ بھری مجلس میں کرتا ہے۔

حضرت علی علیہ السلام کا قول ہے کہ "ایں را نہ بینید کہ کہ میگوید ایں را بہبینید کہ چہ میگوید" غرض یہ کہ اس بات سے پریشان مت ہو جاؤ کہ اتنی بڑی بات اتنے چھوٹے سے آدمی نے کی ہے۔ اگر بات اچھی ہے تو اس پر عمل کرو حضرت واعظ منبر پر کھڑے ہو کر صراطِ مستقیم بتانے کے لئے جو کچھ کہتے ہیں وہ حدیث اور نصائح پر مبنی ہوتا ہے لیکن بعض مجبوریوں کے سبب وہ خود بھی اس پر عمل نہیں کرسکتے ہیں اس کا یہ مطلب نہیں کہ ان کی اچھی بات پر ہم عمل نہ کریں۔ اگر بات اچھی ہو تو ہمیں اس پر عمل کرنا چاہئے۔

محاورہ نمبر ۱۱

اُشکوُن سے کھوُرِٹ ٹھکئی

رشتہ دار (اپنے رشتہ دار کی) ایڑی کو دیکھے گا

مقصود یہ کہ جو لوگ وراثت کے حقدار ہیں وہ اس امید میں رہتے ہیں کہ جب کوئی بزرگ اِس دُنیا سے رخصت ہو تو اس کی جائیداد ہمارے قبضے میں آئے۔

یوں تو دنیا میں یہ دستور ہے کہ جھگڑوں کی بنا تین اسباب پر منحصر ہے۔ زر۔ زن۔ زمین ہمارے زیر بحث امر میں اگر تینوں باتیں شامل نہ ہوں تو دو ضرور شامل ہیں یعنی زر اور زمین شنا بولی کی فضاء میں حصول زر اور حصول زمین دونوں کے ذرائع بہت مختصر ہیں۔ زیر کاشت زمین فی کس رقبہ میں بہت قلیل ہے یوں اگر اس خطے کے سارے رقبے کو دیکھا جائے تو جغرافیہ میں بے شک بڑی تعداد مربع میلوں کی لکھی ہوئی ہے۔ مگر مشکل یہ آگئی ہے کہ وہ سب بے برگ و گیاہ بلند و بالا پہاڑ ہیں نہ ان پہ گھاس اُگتی ہے نہ کوئی درخت موجود ہے ان کی چوٹیاں فلک شگاف اور پہلو عمودی دیوار کی طرح کھڑے ہیں۔ ان پہاڑوں کی سر بفلک دیواروں کے بیچ میں دریا بہتا ہے دریاؤں کے کنارے پر جہاں کہیں کچھ زرخیز مٹی ہو اور پانی بلندی سے نیچے آتا ہے جو پہلو کے نالے سے دستیاب ہو سکے وہاں کھیت بنائے جاتے ہیں اور گاؤں آباد ہو جاتا ہے اس مزروعہ زمین کا فی کس آبادی کے لحاظ سے حساب کیا جائے تو رقبہ اتنا قلیل رہ جاتا ہے کہ عملی معنوں میں اس کی پیداوار سے ہر فرد کے لئے سال بھر کی روٹی بھی نہیں نکلتی۔ اجناس خوردنی کو باہر سے درآمد کرنا ضروری ہے ان حالات میں اگر ایک مجبور اور خاندانی حیثیت سے زیر دست اپنے اس رشتہ دار کی موت کا انتظار کرے جو مختار ہے اور اس کی دنیاوی دولت کو اپنے قبضے میں لانے کے لئے بیٹھا ہے تو یہ کچھ عجیب بات نہیں۔

دوسرا امر حصول دولت اور ذریعہ معاش ہے گلگت کی سرزمین میں اس کے راستے بھی

بہت تنگ اور ناپید ہیں۔ زمین ہو تو ہل چلاؤ کہیں پہ دسترس ہو تو حکومت کی نوکری کر لو اگر پیسہ پاس ہو تو دوکان کھول کر شام تک بیٹھو اور روزی کما لو ہاتھ سے ہزاروں روپے یکمشت دے کر مال خریدو اور پھر دو دو آنے کا سودا بیچ کر اپنی رقم کو اکٹھا کرو۔

گلگت کے بازار میں یہ عجیب چیز دیکھنے میں آئی کہ ایک دوکاندار ہر قسم کا سامان بیچتا ہے۔ ایک ہی دکان پر کپڑا بوٹ۔ لوہے کا سامان منیاری اور سٹیشنری موجود ہے۔ فطرت انسانی مجبور کرتی ہے کہ اپنی آئندہ زندگی کو سوچ کر کسی بوڑھے کی پشت کی طرف نگاہ کی جائے۔

محاورہ نمبر ۱۲ بَن ثَگَلے گھٹارَوہ۔ دِرثَگَلے مَیٹیس دَپٹہ۔ نوٹ ثَگَلے تَم ھَر۔ مال ثَگَلے دِئی ھَر

بند دیکھکر چھری رکھ ۔ ورٹ دیکھکر نہال لگا ۔ منجدھار (کا رُخ) دیکھکر (دریا) پار کر۔ ماں دیکھکر لڑکی سے بیاہ کر

اس محاورہ میں قدرت کی ایک نہایت عام خاصیت پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔ وراثت اور تربیت انسان کو انسان بناتے ہیں بلکہ حیوان کی فطرت کو بھی بلند کر دیتے ہیں۔

گلگت کا علاقہ اپنی جغرافیائی مجبوریوں کے سبب چند حدود کے اندر اپنا قوتوں کا اظہار کر سکتا ہے۔ مثلاً یہاں پر زمین پتھریلی ہے۔ زرخیز مٹی کے قطعات کم ہیں۔ بعض ایسے مقامات ہیں کہ آبپاشی کے لئے پانی نہیں پہنچ سکتا۔ غلہ ضرورت سے کم پیدا ہوتا ہے۔ کپڑا تقریباً سب باہر سے آتا ہے۔ اسی طرح سے اور ضروریات زندگی بھی مشکل سے مہیا ہوتی ہے۔

مثل کے چار ٹکڑے ہیں بَن سے مطلب بکرے کے اعضاء کے بند جہاں جہاں اس کے اعضاء کا جوڑ ہے۔ یہ سب اہل بصیرت جانتے ہیں کہ اگر مرغے یا بکرے یا کسی اور جانور کو حلال کرنے کے بعد اسے بند بند سے جدا کیا جائے تو اس کے گوشت میں لذت ہوتی ہے۔ گوشت بوٹی کا ریشہ ترتیب میں رہتا ہے۔ اور اس ایک بند کے گوشت کے ٹکڑے، پکتے وقت کھل جاتے ہیں۔ اگر اس کے برخلاف کیا جائے یعنی بند نہ کھولے جائیں بلکہ ہڈیاں توڑ دی جائیں اور جہاں سے جی میں آئے گوشت کی بوٹیاں بنائی جائیں تو گوشت بدمزہ ہوتا ہے۔ پکنے کے بعد بعض بوٹیاں نرم اور بعض سخت ہوتی ہیں

اہلِ فن قصاب اس امر کو خوب جانتا ہے اور اس پر عمل کرتا ہے۔ اسی لئے بے استاد کے حلال کردہ جانور اور قدیم مشاق کے بنائے ہوئے گوشت میں مزہ کا فرق ہوتا ہے۔

اس محاورے کے پہلے ٹکڑے کا یہ مطلب ہوا کہ ہر کام کو انداز اور ترکیب اور قاعدے کے مطابق کرنا چاہیئے۔ "بند دیکھکر چھری رکھ" کا مطلب یہ ہوا کہ چونکہ اس کا اچھا قاعدہ یہ ہے اس لئے حلال شدہ جانور کے ٹکڑے اس ترکیب سے کرو۔ وادیٔ گلگت میں سبزی کم کھائی جاتی ہے اور

سردیوں میں تو اس کا نام و نشان نہیں ہوتا گوشت اور روٹی مکی یا گیہوں کی یہاں کی عام خوراک ہے مکی میں اکثر تیسرا حصہ وزن کے لحاظ سے گندم ملا کر اس کو پیس لیتے ہیں۔ حلال شدہ جانور کو قاعدے کے مطابق ٹکڑے کرنا نہایت ضروری ہے تاکہ اس کے گوشت کی لذت قائم رہے۔

اب محاورے کا دوسرا ٹکڑا لیجئے۔ وڑ کے لفظی معنی ہیں وَٹ یا کھیت کی منڈھیر یعنی وہ ابھرا ہوا نشان جو ایک کھیت کو دوسرے کھیت سے جدا کرتا ہے۔ محاورہ یہ کہتا ہے کہ وَٹ کو دیکھ کر درخت لگاؤ۔ یعنی بے ضابطگی نہ کرو۔ پہلا مقصد تو یہ ہے کہ اسے اپنے کھیت کے اندر لگاؤ تاکہ ہمسایہ کو تکلیف نہ ہو بلکہ اس سے زیادہ یہ کہ درخت پر ہمسایہ کا حق پیدا نہ ہو جائے۔ ان الفاظ میں یہ بھی مضمر ہے کہ زمین کو پہلے دیکھو آیا اس میں درخت نشو و نما پانے کی اہلیت بھی موجود ہے یا نہیں اس حالت میں درخت بڑا ہو کر پھل پیدا کر سکتا ہے۔ گلگت کی ہوا۔ پھل دار درخت پیدا کرنے کے لیے مناسب ہے۔ سیب۔ ناشپاتی۔ انگور۔ بادام۔ انجیر وغیرہ آسانی سے پیدا ہوتا ہے اور عمدہ پیدا ہو سکتا ہے اس لئے قبل از وقت اسبات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ جب درخت میں پھل لگے تو ہمسایہ خواہ مخواہ ہی اس میں شریک نہ ہو جائے۔

محاورے کا تیسرا ٹکڑا ہے " نوٹ ژُنگے تَم ہَر " نوٹ کے معنی ہیں دریا کے منجدھار کا رُخ۔ دریا کے بیچ میں پانی کا ایک حصہ ایسا ہوتا ہے جو بہت تیز بہتا ہے۔ اور گہرا بھی ہوتا ہے یہی حصہ اصل میں دریا کی جان ہے۔ اگر کوئی آدمی دریا کے پار جانا چاہیئے۔ تو یہ منجدار اسے اپنے ساتھ بہالے جاتی ہے اور جہاں یہ جاکر ساحل کے ساتھ ٹکراتی ہے۔ آدمی کو وہاں پھینک دیتی ہے۔

محاورہ یہ بیان کرتا ہے کہ فطرت کی قوتوں کے خلاف انسان کامیاب نہیں ہو سکتا۔ بلکہ ان کے مطابق اپنی قوت کو صرف کر کے کسی چیز کو فتح کرنا چاہیں۔ تو کام آسان ہو جاتا ہے۔ جب انسان دریا پار کرنے کی کوشش کرتا ہے تو منجدھار اس کو اپنے ساتھ بہالے جاتی ہے۔ یہی حال کشتی کا ہے اور جالا بھی اسی ترکیب سے پار ہوتا ہے۔ اس لئے جاوا ان جالا چلانے کے لئے ہمیشہ ایسی جگہ انتخاب کرتا ہے کہ جب وہ دریا کے اندر جائے تو منجدھار جالے کو خود بخود دوسرے پار لگا دے۔ کشتی بان خود کوشش تو کرتا

مگر منجدھار اس کی مدد و معاون ہوتی ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو جانوان کو بہت بڑی قوت کا مقابلہ کرنا پڑے اور امکان ہے کہ دوسرے پار ہی نہ جا سکے۔

انسان جب دریا میں سے دوسرے پار جانے کے لئے تیار ہوتا ہے تو وہ پہلے دریا کا معائنہ کرتا ہے سیٹرھ کے رُخ کا موازنہ کرتا ہے اگر ایک لکڑی کا ٹکڑا دریا میں ڈالیں تو سیٹرھ یعنی منجدھار اسے اپنے زور میں رخ کے مطابق بہا کر لے جاتی ہے اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ دریا' انسان کو کس طرف بہا کر لے جائے گا۔ وہ ایسے مقام پر دریا میں اترتا ہے۔ کہ تھوڑی دور آگے جانے کے بعد سیٹرھ کا رخ دوسرے کنارے کی طرف ہو دریا کی موجیں اسے خود بخود دوسرے کنارے پر لے جائیں۔ وہ اس مقصد کے لئے کوشش کو کرے گا۔ مگر دریا اس کی امداد کرتا رہے گا۔

وادی گلگت میں دریا کا پانی بہت گہرا نہیں ہوتا۔ لیکن چونکہ پہاڑی علاقہ ہونے کی سبب سرنشیبی بہت زیادہ ہے۔ اس لئے بہاؤ تیز ہوتا ہے۔ پانی بھی بہت سرد ہے گرمی کے موسم میں خاص طور پر منجدھار بڑی تیز بہتی ہے۔ اگر پانی کی گہرائی تین فٹ بھی ہو تو امکان اسبات کا ہے کہ پانی انسان کو بہا کر لے جائے گا۔ ندی کی تہ میں سنگریزے اور گول پتھر ہوتے ہیں جن پر کائی جم جاتی ہے انسان پاؤں رکھتا ہے تو اول تو پاؤں ہی پھسل جاتا ہے دوسرے یہ کہ پتھر گول ہونے کے سبب پاؤں کے نیچے سے سرک جاتے ہیں۔ اس ضمن میں یہ بتا دینا بھی دل چسپی سے خالی نہیں ہوگا۔ کہ یہاں کے دریاؤں کے کنارے ریت' ریگِ رواں کی صفت میں کامل ہے۔ پانی کے کنارے کنارے چار پانچ فٹ کی گہرائی تو بظاہر ریت نظر آتی ہے۔ لیکن یہ زمین اتنی نرم ہوتی ہے کہ ایک چھٹانک کا پتھر رکھو تو وہ فوراً ریگ رواں میں دھنس جاتا ہے۔ اور پھر پانی کا بہاؤ اُسے آن کی آن میں منجدھار میں دھکیل دیتا ہے۔ اسی طرح سے انسان بھی دریا کے کنارے کی ریت میں پاؤں رکھ دے تو نیچے ہی نیچے چلا جاتا ہے۔

محاورے کا جو تھا ٹکڑا ہے "ماں تُھکے دِئی ھَر" (ماں دیکھ کر اس کی بیٹی سے بیاہ کر)۔ فطرتِ انسانی کا یہی تقاضا ہے کہ ماں باپ کے فضائل بچوں کو وراثت میں پہنچتے ہیں۔ اسی طرح سے عیوب اور نقائص بھی جو ماں میں ہیں وہ بیٹی میں موجود ہوتے ہیں۔ اگر ماں کا چال چلن ناقص ہے تو بیٹی بھی آئندہ چل کر ایسی ہی ہوگی۔

محاورہ نمبر ۱۳

چھچٹِ ژُٹ گژھ نے ٹُندار رۄت گژھ نے

روٹی ٹوٹے بھی نہیں بچہ روئے بھی نہیں

جب چھوٹا بچہ روتا ہے تو اس کو بہلانے کے لئے اس کے ہاتھ میں ایک چھوٹی سی روٹی دے دیتے ہیں۔ یہ روٹی اپنی قسم کی ہوتی ہے جو اسی غرض کیلئے تیار کی جاتی ہے۔ چھوٹی سی مگر موٹی یہ فطیری بھی ہو سکتی ہے اور خمیری بھی۔ مگر ہوتی کچھ ایسی سخت اور جان میں مضبوط ہے کہ بچہ اس کو کاٹتا رہتا ہے۔ مگر روٹی اس سے کٹتی نہیں وہ روٹی سے کھیلتا ہے کھا نہیں سکتا۔ روٹی اس کے لئے کھلونا ہے۔ جس سے وہ دل بہلاتا ہے۔ مگر شکل میں غذا کی صورت رکھتی ہے اس لئے بچے کو زیادہ دل پسند ہے۔ یہ روٹی اپنی نوع کا مجسم فریب ہے۔ اس پیکر کی ظاہری شکل روٹی کی ہے مگر استعمال کھلونے کا۔

محاورہ صاف ہو گیا۔ مقصود ظاہر ہے کہ کوئی شخص آپ کے پاس مدعا لے کر آتا ہے لیکن آپ اِس مجبوریوں کی دنیا میں یا ان کدورتوں کے سمندر میں یا اپنی ضرورتوں کے بوجھ سے اُس شخص کی تمنا کو عملی صورت دینے سے قاصر ہیں تو یہ محاورہ بولا جاتا ہے۔ صاحب حاجت کو اس طرح سے جواب دو۔ اس کے جذبات کے ساتھ اس طرح سے کھیلو اور اس کی آرزو مندی کے شباب کو اس طرح سے قائم رکھو کہ اسے آپ سے رنجیدہ ہونے کا موقع نہ ملے۔ اور اگر اس کا کام احسن صورت اختیار نہ کرے تو اس کا گلہ نہ تو آپ کے دل میں ہو اور نہ وہ آپ سے رنجیدہ ہو۔ آپ نے واقعات کی گرہ کو اس خوش اسلوبی سے سلجھایا۔ کہ آپ پر کوئی حرف بھی نہ آیا اور حاجت مند بھی اپنا مسکراتا ہوا چہرہ لے کر واپس چلا گیا۔

محاورہ نمبر

۱۴

پَرگُوَنیٔ گُوَ گَے بَای نِکھَتَے تُوَگہ پَرگُوَنٹ بَار

گدھے کے بچے بارہ بھی نکلیں تو بھی گدھے پر بوجھ

ایک وقت تھا کہ دنیا کی دو بڑی طاقتیں انگلستان اور فرانس ہر ملک میں ایک دوسرے سے برسرپیکار تھی۔ بحری لڑائی کا نقشہ ملاحظہ فرمایئے۔ نپولین اور لارڈ نیلسن کے بحری بیڑے توپوں کے دہانے کھولنے کو تیار ہیں۔ صبر کا پیمانہ لبریز ہوچکا ہے۔ اس میں اور ایک قطرہ ڈالنے کی جگہ باقی نہیں ہے اس لڑائی کو ٹرائیفل گر کی جنگ کہتے ہیں۔

انگریزی امیرالبحر نیلسن نے لڑائی شروع کرنے سے پہلے اپنے تمام سپاہیوں اور افسروں کے نام ایک پیغام نشر کیا۔ اس خاص جہاز کے مستولوں سے جہاں سے وہ انگریزی بیڑے کی کمانڈ کر رہا تھا۔ جھنڈے آویزاں کئے۔ ان میں سے ہر جھنڈا انگریزی ابجد کا ایک حرف ظاہر کرتا ہے۔ ان حروف کو جوڑ کر پڑھا جائے تو جھنڈوں کا پیغام یہ تھا۔

" انگلستان ہر شخص سے توقع رکھتا ہے۔ کہ وہ اپنا فرض بجا لائے گا"۔ فتح ہوئی اور نیلسن کی بہادری اور عسکری قابلیت کے نام پہ ہوئی۔ انگلستان بالادست ہوگیا۔ اور فرانس زیر دست۔ انگلستان اس لڑائی کے بعد سمندروں کی ملکہ کہلایا۔ یہ فتح تاریخ کے اوراق میں سنہری حروف سے لکھی گئی اور نیلسن کا پیغام اس عالم گیر و دار میں کامیابی کی چابی بن گیا۔ غرض یہ کہ دنیا میں کامیابی کا تاج پہننے سے پہلے اپنے فرائض کی انجام دہی میں خون پسینہ ایک کرنا پڑتا ہے۔ ہمارا زیر نظر محاورہ نیلسن کے پیغام سے کم حیثیت نہیں رکھتا۔

مقصود یہ کہ اپنے فرائض کا بوجھ ہر شخص کو خود اٹھانا پڑتا ہے۔ کوئی اس میں شریک نہیں ہوتا۔ یہی روحانی پیغام کو جو نیلسن نے اپنے الفاظ میں دیا ہے۔ گلگت کی بے برگ وبار سرزمین نے شنا کے ان الفاظ میں دیا ہے جس میں گدھے کو تمثیلاً پیش کیا گیا ہے ؎ فکر ہر کس بقدرِ ہمت اوست۔

ہندستان دیس میں یہ محاورہ اکثر ایسے موقع پر بولا جاتا ہے۔ کہ جب غریب محنت کرتا ہُوا نظر آئے اس کے فرزند یا اقارب کتنے بھی ہوں مگر اپنا کام اسے خود کرنا پڑتا ہے۔ سچ پوچھو تو اس جہانِ عمل میں ہم سب مزدور ہیں اگر کوئی شخص آج اپنے فرض سے گریز کرتا ہے تو اس کو یقین رکھنا چاہیئے کہ یہ دُنیا چند روز کے بعد اسے روٹی کھانے کو نہیں دے گی۔ محنت کی طرف توجہ دینے کا اچھا سبق ہے۔

یہ محاورہ اور اس کی تشریح ہمنے ایک صاحب بصیرت کے سامنے پیش کی تو فرمانے لگے آپنے محاورے کی تشریح میں اتنی عالمانہ اور طویل بحث کی مگر حرف مطلب پھر بھی رہ گیا محاورے میں مضمر یہ ہے کہ گدھے کے بچے بارہ بھی ہوں تو وہ گدھے کا بوجھ اٹھانے میں اس کی امداد نہیں کرتے۔ انسان کا بچہ ایک بھی ہو تو بھی وہ اپنے والدین کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ غریب آدمی کے لئے بولا جاتا ہے۔ کہ اس کی اولاد اس کے کام نہیں آرہی ہے۔ غرض یہ کہ اولاد نااہل ہے۔ مگر یہ ضروری نہیں۔ فرمانبردار یا ناخلف ہونا فطرت اور تربیت پر منحصر ہے۔ بعض غریب ہیں جن کی اولاد بڑی تابعدار ہے۔ بعض امیر ہیں جن کی اولاد والدین کے حقوق سے لاپرواہ ہے۔ مگر جب ہم گدھے کو مثال کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ تو اس کا صبر استقلال اور شب و روز محنت کی عادت سب اس میں شامل ہو جاتے ہیں ۔

۱۵ دبون سے کومٹ ٹھکئی بوؤس ٹکرٹ

ہاڑی روٹی کو دیکھیگا کام کو مالک

جب فصل پکتی ہے تو اس کو کاٹنے کے لئے بہت سے آدمیوں کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ کام تھوڑے سے عرصے میں ختم ہو جائے۔ پکی ہوئی فصل اگر کھڑی رہے تو دانہ گر جاتا ہے اگر قبل از وقت کاٹی جائے تو دانہ کچا ہوتا ہے۔ اس لئے تھوڑے سے عرصہ میں سارے کھیتوں

کو کاٹ لینا ضروری ہے۔ اس معاملے میں امداد باہمی کے طریقے پر عمل کیا جاتا ہے۔ ہمسائے فصل مل کر کاٹتے ہیں۔ اور ان کو اس محنت کے عوض میں فقط کھانا دیا جاتا ہے۔ نقدی نہیں دی جاتی۔ یہاں کے کھانے سادہ بھی ہیں اور کم قیمت بھی۔ مثلاً اُبلے ہوئے چاول اور مونگی کی دال۔ گندم کی روٹی اور گوشت کا شوربہ۔ یہ شوربہ بنانے میں بھی سادگی کا اظہار کیا جاتا ہے۔ گوشت کو لیا اس میں نمک اور قلیل سی مرچ اور کافی مقدار میں پانی ڈال کر چڑھا دیا۔ وہ اپنی قسمت کے بھروسے پر پکتا رہا۔ پیالہ بھرا سفید پتلا شوربہ اور اس میں ایک بڑی سی بوٹی۔

گلگت ڈاکخانے کا ارتفاع سطح سمندر سے ۴۸۹۰ فٹ ہے۔ وادی کے باقی حصے اس سے بلند تر ہیں۔ بلندی کے سبب ہوا رقیق ہے پانی کم درجے پر کھولتا ہے۔ اور چیزوں کے پکنے میں دیر لگتی ہے۔ گوشت کو آپ یہاں آگ پر رکھیں تو غالباً تین گھنٹے کے بعد اتنا نرم ہوگا کہ آپ آسانی سے چبا سکیں۔ یوں بھی یہاں لوگوں کی عادت ہے۔ کہ پختہ عمر کے بکرے کا گوشت پسند کرتے ہیں جس میں چربی موجود ہو اور ریشہ سخت جان ہو۔ اس کو کچھ سخت ہی رکھ کر کھانا پسند ہے۔ بوٹی دانتوں میں پکڑ کر کھینچی جائے۔ تو کھانے کا مزہ ہے۔

فصل کاٹنے کے لئے جو شخص آتا ہے اس کو شنا میں بُوڈُو کہتے ہیں۔ پنجابی میں اس کا نام ہاڑی ہے ہاڑی آتا تو ہے ایک دن کے لئے۔ اپنا کام کرے گا۔ روٹی کھائے گا اور چلا جائے گا۔ اس کا فکر اسباب کی طرف مائل نہیں ہوتا کہ صاحب خانہ کا کتنا کام ہو چکا ہے۔ صاحب خانہ کو دَیُون کہتے ہیں۔ دَیُون یہ دیکھتا ہے کہ کتنا کام ہو چکا ہے۔ اور بُوڈُو یہ دیکھتا ہے کہ اس کے لئے کھانا تیار ہو گیا ہے یا کہ نہیں اور کیا تیار ہوُا۔

مطلب یہ ہوا کہ ہر کوئی اپنی اپنی فکر میں ہے۔ گھر والے کو فصل کاٹنے کی فکر اور ہاڑی کو اپنے کھانے کی فکر۔ اس دُنیا میں ہر متنفس ایک فرد ہے جو ہر لمحہ اس ہجوم سے دوچار ہوتا ہے جو دنیا کے لوگوں پر مشتمل ہے۔ ایک شخص کا مقابلہ، اس کے ماحول کی عامل طاقتوں سے ہر آن ہوتا رہتا ہے۔ یہ طاقتیں اسے زیر کرنے میں معروف رہتی ہیں اور وہ ان سے کام لے کر اپنے

حسب منشا نتائج پیدا کرنے میں مصروف رہتا ہے۔ ہر فرد اپنی تمنائیں اور اپنے مقاصد دل کے پردوں میں چھپا کر انہیں ساتھ لئے لئے پھرتا ہے۔ ہر کوئی اپنے مطلب کی بات کرتا ہے۔ اب رہی یہ بات کہ وہ اس کے حصول میں کہاں تک کامیاب ہے۔ یہ اس کی فراست معاملہ فہمی اور محنت پر منحصر ہے

محاورہ نمبر ۱۷ — یَا کھوکیٹ پَھچی پیزار ہیو کھوکیٹ پَھچی چیئ

پاؤں کو کھانے کے لئے خراب جوتی دل کو کھانے کے لئے خراب عورت

جوڑے خدا نے جنت میں پیدا کئے۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ جنت کے کاریگر اپنے کام کے رَسیا نہ تھے۔ ان کو یہ تو معلوم تھا کہ اس خاکی دنیا کی گاڑی دو پہیّوں سے چلے گی۔ ایک طرف مرد اور دوسری طرف عورت مگر وہ انسانوں کی طبیعت پر حاوی نہ تھے۔ بعض جوڑیاں دُنیا میں ایسی نظر آتی ہیں کہ ایک آسمان ہے دوسرا زمین۔ اتفاقات اور مجبوریاں انہیں میاں بیوی تو بنا دیتے ہیں۔ مگر رہتے آتش و آب ہیں۔ تمام عمر۔ کنول کے پتے پر پانی۔ یا دریا کے دو کنارے اگر قسمت سے بیوی اچھی مل جائے تو یہ عالم سفلی کا خرابہ عالمِ علوی کے بہشت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اگر بیوی بے سوز و ساز اور خشک میسر آئے تو انسان کی تر طبیعت بھی افریقہ کا صحرائے اعظم بن جاتی ہے۔

گلگت میں صنفِ نازک کے "مزاجات" زوجہ بننے کے بعد بہت ہی نازک ہو جاتے ہیں۔ کھانا۔ کپڑا۔ عشوہ و ناز، اور من مانی بات۔ اگر عورت شریف خاندان سے تعلق رکھتی ہے تو شرافت کی دیوار کے سائے میں کچھ بچاؤ ہو جاتا ہے۔ ورنہ نگاہ سے نگاہ۔ زبان سے زبان اور اِس سے بڑھکر مشت سے مشت مقابل ہو جاتی ہے۔ پھر میں کون اور تم کون۔ اس درخت کے سائے میں استراحت کرنا زیادہ خوشگوار ہے جس میں موسمِ بہار کے ابرِ نیسان نے

نئے برگ وبار پیدا کئے ہوں۔

دنیا میں عورت کا احترام تو ہر قوم کرتی ہے چونکہ یہ کمزور ہے اور صنف بہتر ہے ان سے نیک سلوک کرنا مردوں پر فرض ہے۔ ایک غریب بچاری عورت جو گھر کی چار دیواری میں بند رہتی ہے اور میاں کے سوا اس کا کوئی سہارا نہیں۔ اس بات کی حقدار ہے کہ تمام سہولتیں خود چل کر اس کے سامنے موجود ہو جائیں۔ لیکن جب وہ ان کو قبول کرنے کی اہلیت ہی نہ رکھتی ہو یا مزاج کہیں عرشِ معلیٰ پر لباسِ نو میں محوِ خرام ناز ہو تو اس کا کوئی علاج مرد کے پاس نہیں ہوتا۔

محاورۂ صدر میں عورت اور جوتی کو ایک سانس میں ادا کیا گیا ہے۔ دیگر زبانوں میں بھی ایسی تشبیہات موجود ہیں مقصود یہ ہے کہ انسان جُوتی کو پہنتا ہے۔ وہ تکلیف دہ ہو تو دوسری بدلتا ہے۔ دنیا کی مہذب اقوام میں مرد کو حق ہے کہ وہ عورت کو طلاق دے۔ عورت کو یہ حق صرف محدود حالتوں میں پہنچتا ہے۔ گھر مرد کا۔ جائیداد مرد کی اور عورت اس وقت تک رہنے کی حقدار ہے۔ جب تک وہ بیوی ہے۔ جوتے کو اتار پھینکنا یا بیوی کو گھر سے نکال دینا مرد کا حق ہے۔

اگر اتفاقات سے جوتا ایسا ہے کہ پاؤں کو کاٹتا ہے تو یہ بڑی تکلیف دہ صورت ہے۔ مگر یہ عذاب جسمانی ہے۔ روحانی عذاب عورت کی گز بھر کی زبان ہے اور صبح و شام ماتھے پر تیوری زندگی کا سارا مزہ کرکرا کر دیتی ہے اسی کا نام عَذَابٌ اَلِیْمٌ ہے۔ اگر منکوحہ کو وہ تمام سہولتیں میسر نہ آئیں جن کی وہ متوقع ہے تو وہ مصنوعی طور پر عذابٌ الیم بن جاتی ہے۔ اگرچہ فطرتاً خوش گوار اساس رکھتی ہو یا تخت یا تختہ۔ یا چنیں کن یا چُناں ؎

ایک ہنگامے پہ موقوف ہے گھر کی رونق\
نوحۂ غم ہی سہی نغمۂ شادی نہ سہی (غالب)

عورت کے جلوۂ دل میں جو جذبات مترنم ہو کر اس آہنگ کو بے آہنگی میں تبدیل کرتے ہیں وہ اپنی صورت میں دو پہلو لئے ہوتے ہیں یا تو مجھے اپنے خواہشات کے مطابق سہولتیں اور

ضروریات میسر آئیں گی۔ یا یہاں سے علیحدہ ہوکر میں کسی اور آئینے میں اپنا رُخ زیبا دیکھوں گی۔ مگر مرد کی مجبوری اس وقت قابلِ رحم حالت اختیار کرلیتی ہے۔ جب وہ اپنی گھر کی رانی کو اس تخت و تاج سے پیراستہ بھی نہیں کرسکتا جس کی وہ متمنی ہے۔ اور اس کو علیحدہ کرنے کی اجازت بھی حالات نہیں دیتے۔ بس خون جگر پیتا ہے اور خاموش ہو جاتا ہے۔ محاورے کا دوسرا ٹکڑا ہیئو کھوۓ کپیٹ ٹھگی چیئے (دل کو کھانے کے لئے خراب عورت)۔ اس مقام پر صادق آتا ہے یہ دل کا کھانا عذابُ اَلیمُ نہیں تو اور کیا ہے۔

۱۷ پلوٗن پُمارَیٔہ اَکوٗ نَے پُمارَیٔہ

راستے کو تھکاؤ اپنے کو نہیں تھکاؤ

گلگت کی سرزمین پیدل سفر کرنے کا علاقہ ہے۔ بلند پہاڑوں پر گھوڑا بھی نہیں جاسکتا۔ انسان ایسا بے پناہ جانور ہے کہ سب جانور اس سے ہار جاتے ہیں۔ اسباب کو قُلی اپنی پیٹھ پر اٹھاتے ہیں اور نانگا پربت کی سر بہ فلک بلندیوں پر چڑھ جاتے ہیں۔ جیپ تو چند سالوں کی بات ہے کہ اپنا ہارن بجاتی ہوئی ان سڑکوں پر نمودار ہوئی۔ گھوڑا متمول آدمیوں کا یہاں ساتھی ہے۔ اور اچھے گھوڑے کا رکھنا دولت مندی کی نشانی ہے۔ مگر گھوڑا رکھنے کے اخراجات اتنے ہیں کہ عام آدمی کے بس کا کھیل نہیں۔ اس لئے عوام اکثر پیدل چلتے ہیں اور میلہا میل چلے جاتے ہیں۔ ایک دن میں عام طور پر ۱۵-۲۰ میل طے کرتے ہیں۔ پیدل اور گھوڑے کی دن بھر کی منزل برابر ہے۔ اگر جلدی ہو تو دن بھر میں ۳۰-۳۵ میل طے کر لینا کوئی بڑی بات نہیں گرمی کا موسم ہو تو مسافر آدھی رات کو اٹھتا ہے پو پھٹنے تک وہ چاندنی رات میں آدھی منزل طے کرلیتا ہے۔ یہ بھی سچ ہے کہ یہاں کے باشندوں کو گرمی کچھ زیادہ محسوس ہوتی ہے سردی سے وہ آشنا ہیں۔ مگر گرمی کی شدت میں وہ بیتاب ہو جاتے ہیں۔

اب مسافر اگر اپنے اندازے سے نہ چلے اور عجلت میں جلدی جلدی قدم اُٹھائے تو لامحالہ وہ تھوڑے سے عرصے میں تھک جائے گا۔ اور منزلِ مقصود تک نہیں پہنچ سکے گا۔ اس لئے محاورہ کہتا ہے کہ اپنے اندازے چلو اور راستے کو تھکاؤ۔ اگر تعجیل سے کام لو گے تو خود تھک جاؤ گے اس لئے شنا محاورہ اس بات کی تلقین کرتا ہے کہ میانہ روی سے کام لو اور اپنے انداز سے کام کرو۔ منزلوں کی دوری اور مسافرت کی دشواری کا اندازہ بھی اِس سے ہو جاتا ہے۔

اگر محاورہ کو اور وسیع کر لیں اور اس کو دنیا کے میدانِ عمل پر حاوی کریں تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں۔ کہ ہمیں دنیا کے ہر کام میں میانہ روی اختیار کرنی چاہیئے۔ اس حیاتِ مستعار کے سفر میں ہمیں دوڑ دوڑ کر زندگی نہیں گزارنی چاہیئے۔ چونکہ مسافر کا دم پھول جائے گا۔ اور وہ راستے میں دم توڑ دے گا۔ بلکہ اس کو قدم قدم چلنا چاہیئے۔ تاکہ منزل تک پہنچ جائے۔

محاورہ نمبر ۱۸

راجنوٗ نے پاشِ سِن کَمہ نے پاشِ

راجے (کو) چھوٹا مت دیکھ دریا (کو) کم مت دیکھ

محاورے میں اگرچہ راجے کو پہلے لیا گیا ہے۔ مگر ہم دریا کو پہلے لیتے ہیں۔ دریا کا بہاؤ، قسمت کی موج ہے۔ ؎

دریا کو اپنی موج کی طغیانیوں سے کام
کشتی کسی کی پار ہو یا درمیاں رہے۔ (حالیؔ)

یہ تو دریا کی فطرت ہوئی کہ خالقِ لایزال کی طرح بے پرواہ ہے پھر یہ کہ دوست دشمن کسی کے ساتھ رعایت نہیں کرتا۔ وادی گلگت کے دریاؤں میں اس صفت کے ساتھ اور صفات بھی موجود ہیں پہلی یہ کہ بہاؤ بڑا تیز ہے۔ پہاڑی علاقہ ہے اور سرنشیبی اتنی کہ پانی کی لہر بڑی تیزی کے ساتھ نیچے کو جاتی ہے اگر پانی ۳ فٹ کے قریب بھی ہو تو اس میں سے پار ہونا مشکل ہے۔ دوسری بات یہ کہ شدید سرد ہے۔ تھوڑی سی دور سے برف پگھلی اور یہ پانی کی صورت اختیار کر کے نیچے کو چلا آتا ہے۔ ان دو امور کے ساتھ تیسری بات یہ بھی قابل ذکر ہے۔ کہ پانی کے کنارے کا ریتا ریگ رواں ہے۔ جہاں پاؤں رکھا آدمی اس میں دھنس گیا۔ اس لئے بزرگوں نے درست کہا ہے۔ کہ دریا کو کم مت دیکھ گویا اس کے مقابلے میں جب تو عمل پیرا ہو۔ تو دریا کی عظمت کو نہ بھول اور تمام احتیاطیں زیر نظر رکھ کر آگے بڑھ۔ تمام مسافروں کو جو خاک گلگت میں وارد ہوں۔ اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے

راجگان میں دریا کی صفات موجود ہیں۔ دونوں بے اعتبار ہیں۔ اپنے بیگانے سے وقت پڑا لاپرواہ۔ اور وہ سعدی کا مقولہ تو آپ نے سنا ہوگا ؎

مزاجِ شاہاں عجب است گاہے بسلامے برنجند و گاہے بدشنامے خلعتے بدہند ؎

مگر یہاں کے راجے، بیوقوف ہوتے ہوئے بھی، بیوقوف نہیں ہیں ان میں سے بظاہر آپ جن کو سادہ لوح بھی پہچانینگے۔ وہ اپنے دل کے پردوں میں ہزار ہزار راز و نیاز کا محشر برپا رکھتے ہیں۔ جس کو نہ چشم فلک پاسکتی ہے۔ نہ دریا کا دل پہچان سکتا ہے۔ اور آپ تو عالم خاکی کے ساکن۔ عالم بالا کی فضاء میں داخل ہی نہیں ہو سکتے۔ یہ دور قدیم کا محاورہ ہے جب کہ کسی وادی کے راجہ کو پورا اختیار حاصل تھا۔ اور وہ جو چاہے کر سکتا تھا۔ آج کل تو پاکستان کی حکومت ہے۔ فوج پولیس اور مجسٹریٹ موجود ہیں۔ فیصلہ کرنے کے لئے اگرچہ اس کو فرانٹیر کا علاقہ قرار دیا ہے۔ مگر ضابطہ دیوانی اور ضابطہ فوجداری کی دفعات کی طرف رجوع ضرور کیا جاتا ہے۔ یوں جب اپنی ترنگ میں فضاد کی قوتیں اظہار حق یا ناحق کرنا چاہتی ہیں۔ تو سرزمین بے آئین اپنے جلال میں آفتاب و مہتاب سے بڑھ جاتی ہے۔

فرانٹیر علاقہ ایک قانونی اصطلاح ہے۔ یعنی وہ علاقے جو مرکز سے دور افتادہ ہیں۔ جہاں کے لوگ ابھی متمدن نہیں ہیں اور اس سبب سے وہاں معمولی قانون چارہ گر نہیں ہو سکتا۔ فرانٹیر علاقوں کے لئے ایک الگ ضابطہ بنایا ہوا ہے اس کا نام رکھا ہوا ہے۔ فرنٹیئر کرائم ریگولیشنز FRONTIER CRIME REGULATIONS. (F.C.R.) یہ بے ضابطگی کا ضابطہ ہے۔ حاکم با اختیار ہے۔ جس طرح سے چاہے بغیر قانون کے حکم دے سکتا ہے۔ یہی ضابطہ یہاں پر مروّج ہے راجگان اپنی قوت میں وہ نہیں رہے۔ مگر اپنی فطرت میں وہی ہیں۔ اس لیئے اس محاورے پر عمل کرنا اب بھی ضروری ہے۔ عام آدمی کے لئے حکومت اور اقتدار کا احترام کرنا لازمی ہے۔ یہاں پر یہ امر فروعی نہیں بلکہ اساسی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اس لئے راجے کو کبھی چھوٹا نہیں دیکھنا چاہیئے اس کا رسوخ۔ اس کے ذرائع۔ اس کا اقتدار اور اس کی ترکیب کار ایسی ہے کہ عوام کو اس کے احترام سے کبھی سر نہیں پھیرنا چاہیئے۔

محاورہ نمبر ۱۹

تا تو بکش تھے کت فت نے تھپہ تٹش تھے ٹکی فت نے تھپہ

گرم ہوا کھکر کپڑے مت چھوڑ سیر ہوا کھکر روٹی مت چھوڑ

اس محاورے کو سنکر مجھے ایک شعر یاد آگیا ؎

ترے وعدے کو بتِ حیلہ جُو نہ قرار ہے نہ قیام ہے
کبھی شام ہے کبھی صبح ہے کبھی صبح ہے کبھی شام ہے

شعر کا مقصود یہ ہُوا کہ بت عشوہ گر وعدہ شکن ہے مگر اپنے فریب کو طول دیتا چلا جاتا ہے۔ امید کا رشتہ پیوستہ قائم رہتا ہے۔ اگرچہ اس کا رنگ بدلتا چلا جاتا ہے۔

گلگت کا موسم اپنے عشوہ وناز میں، ہر لحظہ نئی صورت اختیار کرتا ہے۔ بتِ عشوہ گر تو امید کو پیوستہ قائم رکھتا ہے توڑتا نہیں مگر یہاں کا موسم توڑتا بھی ہے اور جوڑتا بھی ہے جوڑتا اس خوبی سے ہے کہ امید کی گرہ جو جوڑنے میں لگی تھی وہ تلاش کرو تو کہیں نظر نہیں آتی۔ مولانا جامیؔ نے معشوق کی علوی صفات کی تعریف میں ایک شعر کہا ہے۔

؎ ہر غنچہ کہ گل گشت، دگر غنچہ نہ گردد
قربان دہنِ یار، گہے غنچہ گہے گل

پہلے مصرع میں تو ایک قدرتی مَنظر کی تشریح کی ہے کہ ہر چیز نیچے کی طرف جا رہی ہے۔ غنچہ گل بن جاتا ہے۔ پھل پک کر نیچے گر جاتا ہے۔ دریا کا بہاؤ نشیب کی طرف ہوتا ہے۔ ان تمام اعمال کو الٹا نہیں جا سکتا ہے۔ بچہ اپنی لوح سبق پر اسے ی تک پڑھتا ہے اس کا جی چاہے تو ی سے ا کی طرف پڑھنا شروع کر دے۔ مگر قدرت میں یہ نہیں ہوتا۔ نہ پھول پھر غنچہ بن سکتا ہے۔ نہ پکے ہوئے پھل کو میوۂ نارس کی شکل دی جا سکتی ہے۔ نہ ۲۵ برس کی ڈھلتی ہوئی جوانی ۱۴ برس کا سن تیرا لاکھوں برس کا سن کی شکل اختیار کر سکتی ہے

نہ دریا از خود سربلندی کی طرف رُخ کرکے بہ سکتا ہے۔

مگر مولانا جامی فرماتے ہیں کہ میرے معشوق نے نظامِ قدرت کو الٹ دیا ہے۔ قدرت کی طاقتوں کی حدود سے اس کا حسن بلند تر ہو گیا ہے۔ دیکھئے کیا نکتہ پیدا کیا ہے۔

"قربانِ لبِ یار، گہے غنچہ گہے گُل" میں اپنے یار کے مسکراتے ہوئے ہونٹوں کے قربان جاؤں کہ کبھی غنچہ سے گل بن جاتا ہے اور کبھی گل سے غنچہ کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔

وادی گلگت کا موسم اپنی عشوہ طرازی میں جامی کے معشوق سے کم نہیں۔ ابھی دھوپ ہے تو گرمی محسوس ہوتی ہے جون جولائی میں خفیف سا پسینہ بھی آجاتا ہے۔ مگر بدلی کا سایہ آسمان پر آیا اور آپ کو موٹا کپڑا پہننے کی ضرورت ہوئی۔ اگر خدانخواستہ آسمان رو دیا اور زمین تر ہو گئی تو ہوا ناراضگی میں اتنی سرد ہو جاتی ہے کہ ان کپڑوں میں ٹھنڈ محسوس ہونے لگتی ہے۔ اس لئے خاک گلگت کے اربابِ بصیرت یہ کہتے ہیں کہ اگر ہوا گرم محسوس ہو اور تم گھر کے باہر یا کہیں سفر میں جا رہے ہو تو اپنا کپڑا پیچھے مت چھوڑ جاؤ۔ بلکہ اپنے ساتھ لے کر جاؤ۔

محاورے کے دوسرے حصے میں روٹی کا ذکر کیا گیا ہے۔ اگر اس وقت پیٹ بھرا ہوا ہے تو اپنے آذوقہ کو فراموش نہ کرو بلکہ جب سفر میں جاؤ۔ تو کھانے پینے کا سامان ساتھ لے کر جاؤ۔ یہاں ایک تو اشیائے خوردنی کم ہیں۔ دوسرے مطلب کی چیز نہیں ملتی۔

لوگ صفتِ مہمان نوازی میں کچھ ایسے تنگ دل نہیں مگر چیز موجود ہی نہ ہو تو مجبوری کا نام تنگ نظری ہے۔

محاورہ نمبر ۲۰

جوٗنٛ ژٕتھ کٲشرٕ مٔریٖہ

سانپ چھوڑکر کشمیری (کو) مارو

مٔریٖہ سے یہاں مطلب ہے۔ جان سے مارنا۔ یوں سانپ زہریلا جانور ہے۔ اور انسان کا دشمن۔ بہت سے ایسے سانپ ہیں جو زہریلے نہیں مگر چشم آدم ان سے اسی طرح ہراساں ہے۔ پھٹیریا سنگ چوڑ۔ سانپ کی شکل نظر آئی اور انسان کے حواس گم ہوگئے۔ نام سُنا اور کہانیاں شروع ہوئیں۔ بزرگ کہتے آئے ہیں کہ سانپ کا قصہ ایک دفعہ شروع ہو جائے تو پورے ایک پہر قائم رہتا ہے۔ خواب میں نظر آئے تو۔ تو اس کی تعبیر دشمن ہے خواب میں سانپ مارنا دشمن کو مارنا ہے۔

محاورتاً سانپ اور شیطان بنی نوع انسان کے سب سے بڑے دشمن مانے گئے ہیں۔ ہمارا محاورہ یہ کہتا ہے۔ کہ آپ کے سامنے بیک وقت دو چیزیں نظر آتی ہیں۔ ایک طرف سانپ اور دوسری طرف کشمیری۔ سانپ تو بنی آدم کا مسلّمہ دشمن ہے۔ اور اس کو جان سے ہلاک کرنا لازم۔ ثواب کا کام۔ قوم کی خدمت اور دل کی تسکین اکثر حکومتوں کے قانون میں سانپ کے مارنے کا انعام مقرر ہے۔

گلگت کے سانپ کچھ زیادہ زہریلے نہیں لیکن پھر بھی سانپ تو ہیں۔ اقبالؔ ایک جگہ لکھتے ہیں۔ جاوید نامے میں۔ جہاں وہ جہنم اسفل کا نظارا دیکھنے کو جاتے ہیں۔ وہ مقام جس میں اقوام کے غدار جمع ہیں اور جہنم کی آگ نے بھی ان کو جلانے سے انکار کردیا۔ وہ ایسے عذاب الیم میں گرفتار ہیں کہ نہ بچنے کا چارہ نہ مرنے کی طاقت اُبلتے ہوئے خون کے سمندر میں ژولیدہ مو خاک بسر ڈوبتے ابھرتے تیر رہے ہیں۔

اس کا ایک شعر ہے۔

(شعر) جعفر از بنگال و صادق از دکن
ننگِ ملت، ننگِ دیں، ننگِ وطن

جو بات ہمارے زیرِ نظر تھی وہ اس سے آگے مرقوم ہے۔ اِن کے حُلیہ کے بیان میں لکھتے ہیں

خندہ خنداں است و باکس یار نیست
مار گر خنداں بود جز مار نیست

استاد نے سانپ کی کیا تعریف کر دی ہے۔ کہ مار سے آگے شیطانی بدنامی اور دشمنی کا کوئی درجہ ہی نہیں۔ اس لئے گلگت والے اگر یہاں کے بے زہر سانپوں سے بھی ڈریں تو کچھ عجب نہیں میں نے یہاں کبھی نہیں سُنا کہ کسی کو سانپ نے کاٹا ہو اور وہ مر گیا ہو۔ اول تو سانپ کاٹتا ہی نہیں اگر خدا نخواستہ کاٹ لے تو دو تین دن تکلیف ہوتی ہے۔ درد محسوس ہوتا ہے بدن ٹوٹتا ہے اور معمولی علاج کرنے سے آدمی اچھا ہو جاتا ہے۔ حراموش ایک پہاڑی علاقہ ہے گلگت سے بلند تر جو یہاں سے مشرق کی طرف واقع ہے۔ نگر اور اسکردو کے درمیان۔ وہاں کے سانپ سُنا ہے زہریلے ہیں اور ان کے کاٹنے سے آدمی مرجاتا ہے۔ ساری گلگت ایجنسی میں، سانپ کم و بیش موجود تو ہے۔ لیکن جتنا بلندی کی طرف ہم جاتے ہیں تو ان کی تعداد کم ہوتی جاتی ہے۔

؎ کشمیر جنت نظیر تیرے قصّے کہاں کہاں موجود نہیں۔
گرچہ ہے کس کس برائی سے ولے با ایں ہمہ
ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اس محفل میں ہے۔ (غالبؔ)

کشمیر تو: ہر سوختہ جانے کہ بہ کشمیر در آید
گر مرغ کباب است پر و بال بر آید (عرفیؔ)

خوبصورت اس قدر ہر نقش ہے تصویر کا
سُن لیا ہے ذکر مانی نے کہیں کشمیر کا (ناموسؔ)

مگر دیکھئے اہالیانِ کشمیر کے قصیدے کس کس رنگ میں کہاں کہاں موجود ہیں۔ اس میں اگرچہ شائبۂ تقدیر بھی موجود ہے۔ گلگت نواسی کہتا ہے "سانپ کو چھوڑ دو وہ مسلمہ دشمن ہے کچھ پرواہ

نہیں۔ مگر اس سے بڑھ کر ایک بڑا دشمن یہاں موجود ہے اور وہ کشمیری ہے۔ شاید اس کی چرب زبانی اور وعدہ خلافی اس امر کا موجب ہوئی ہو یا اس کی چابک دستی اور معاملہ فہمی دماغ گلگت سے بازی لے گئی ہو۔ اس لئے اس کا اخراج لازمی ہے۔ تاکہ ماحول کاملاً مقامی کارندوں کے ہاتھ میں رہے۔

قلب گلگت کے عمیق پردوں میں حُبّ ماحول شفق صبح کی طرح کئی رنگ بدل کر رقص میں مصروف رہتی ہے۔ ایک رنگ آپ کے سامنے ہے کہ کشمیری کو اس فضا سے خارج کر دیا جائے تاکہ وہ مقامی آدمیوں پر بالادست نہ ہو جائے۔ کشمیر سے تعلقات قدیم اور پیوستہ ہیں۔ وہ ایک ہی راستہ ہے۔ جو گلگت سے کسی تہذیب یافتہ وطن کو جاتا ہے۔ گلگت سے بانڈی پور بارہ دن کا راستہ ہے۔ بعض لوگ ڈبل چل کر دس دن میں بھی ختم کر لیتے ہیں بانڈی پور وادی کشمیر کا وہ پہلا بڑا شہر ہے جو گلگت کے رُخ پر واقع ہے۔ یہاں سے خطے کا ہموار مرتفع علاقہ شروع ہوتا ہے۔ آج کل موٹریں اور لاریاں چلتی ہیں۔ صبح سے شام تک سری نگر۔ اگر لدا ہوا گدھا چلے تو تین دن لے گا۔ کشمیر کے لوگ گلگت میں تجارت اور صنعت کے لئے آتے اور جم جاتے۔ آج بازار میں جاؤ تو دکانداروں میں سے تیسرا حصہ کشمیری ہیں۔ تیسرے حصے سے کچھ کم کاشغر کے سوداگر ہیں۔ جن کی مستقل سکونت یہاں ہے اور تیسرے حصہ سے کچھ زیادہ صوبہ سرحد کے رہنے والے ہیں۔ بیشتر ضلع ہزارہ۔ چونکہ ان کا راستہ بھی وادیٔ کاغان میں سے ہو کر بابوسر کے درّے میں سے پہلے چلاس پہنچتا ہے۔ اور چلاس سے گلگت ۴ منزلیں۔

یہ قومی جذبہ کشمیری کو ماحول سے خارج کرنا چاہتا ہے۔ مگر اربابِ رنگ و بو یہ تصور نہ کرلیں کہ یہ فقط کشمیری تک ہی محدود رہتا ہے کشمیری یہاں ابتداء میں آئے اور ان پر اس محاورے کو چسپاں کیا گیا۔ آج کل اس کے میدانِ اطلاق کو بڑھا دیا گیا ہے۔ محاورہ اصل تو یوں ہے "سانپ چھوڑ کر کشمیری کو مارو"

اس کی شکل بدل کر کوچہ و بازار میں یوں بھی مروج ہے۔ "سانپ چھوڑ کر پنجابی کو مارو"

خانانِ سرحد نواز یہ خیال نہ کریں کہ ہم ناوکِ ناز کی مشق سے بچ گئے ؎

لبوں پہ مہرِ خاموشی دلوں میں یاد کرتے ہیں۔

قلوب تو ان کے خلاف بھی لبریز ہیں مگر چشمہ ابلتا اس وقت ہے جب جگہ مل جائے۔

عجب دردیست جانم را، اگر گویم زباں سوزد — وگر دم درکشم ترسم کہ مغزِ استخواں سوزد

پٹھان حضرات اپنی پرزور طبیعت کی بناء پر یہاں زیادہ خطرناک خیال کئے جاتے ہیں۔

۱۲۱ دُنَاتْ مَکَرے سَاں تی کھَہ — ڈبل روٹی شُکرے ساں تی کھَہ

دنیا کو مکر کے ساتھ کھا — ڈبل روٹی شکر کے ساتھ کھا

محاورہ تو یہ پرانا ہے اردو میں بھی کہتے ہیں "دنیا کھائے مکر سے روٹی کھائے شکر سے" شکر تو ہم سب جانتے ہیں۔ لفظ دونو طرح جائز ہے شَکَرْ ش مفتوح ک مفتوح ر ساکن اور شکّر ش مفتوح ک مفتوح مشدّد ر ساکن یہی لفظ یورپ میں پہنچا تو ان کی زبان پر چڑھ کر SUGAR بن گیا اس میں مٹھاس بھی ہے جیسے حلاوت کہتے ہیں اور لوگوں کی مرغوب غذا ہے جب کچھ اور کھانے کو سالن نہ ملے تو شکر کے ساتھ روٹی کھانا آسان ہے اور بچوں کے بہلانے کے لئے تو دن رات کا کھیل ہے۔

اب رہا محاورے کا پہلا حصہ تو مکر کا لفظ اس میں تشریح طلب ہے۔ دنیا کا کونسا وطن ہے جہاں مکر مروج نہ ہو اور کونسا طبقہ ہے جس کی فضا میں مکر کا بہروپ کوئی نہ کوئی نئی شکل اختیار کر کے میدان میں موجود نہ ہو۔ مگر گلگت کی وادی میں مکر کے رنگ کچھ نرالے ہیں عہد قدیم میں جب استبداد اور ظلم زوروں پر تھا۔ تو مجبور کے لئے مختار کے مقابل میں اس حربے کا استعمال لازمی تھا۔ پرانی تاریخ کو اُلٹ پھیر کر دیکھو تو باپ بیٹے کو اور بیٹا باپ کو، بھائی بھائی کو اقارب اپنے عزیزوں کو مکر کے پردے میں دنیا سے غارت کر دیتے ہیں۔ آج کل

فضاء کچھ کشادہ ہو گئی ہے۔ لوگوں کو اپنی جان و مال کے محفوظ ہونے کا ایک حد تک اطمینان ہے اس سلسلے میں اس حربے کا استعمال کم کرتے ہیں مگر دلوں میں وہی پرانی عادت موجود ہے وقتی طور پر مسئلے کو حل کرنے کے لئے بات اپنے دل سے بنا کر کہہ دینا۔ اگر آپ کی کتاب اخلاق میں مکر لکھا ہُوا ہو تو یہاں اسے حرفِ مکرّر سمجھا جاتا ہے آپ اپنی کتاب کی تصحیح کریں۔

ہر کم تہذیب یافتہ ملک میں قوت اور شمشیر کو سلام کیا جاتا ہے۔ جہاں ذرائع آمدنی محدود اور ہر قدم پر حصول ضروریات کے مشکلات موجود ہوں۔ وہاں یہ جذبہ شدت اختیار کر لیتا ہے وادیٔ گلگت میں صاحب حکومت کا احترام اور ارباب اقتدار کا ہراس، ایک زمانے میں فضاء پر طاری تھے۔ مگر اسلامی حکومت کے آجانے سے وہ بھی پگل کر دریائے گلگت کے پانی کے ساتھ بہہ گیا ہے۔ اس لئے فضاء میں اگر ایسے مکر و فریب اور انتظاماتِ دروغ موجود ہوں۔ جو قانون کے شکنجے میں نہ آسکیں تو کچھ عجب نہیں۔ آپ کو ان کے ساتھ چلنا ہوگا۔

مغربی قانون سازوں نے ہمارے ملک کا عدالتی قانون کچھ اس طرح تجویز کیا ہے کہ اس میں بسیار رخنے ہیں۔ اور نمایاں استقام۔ فریب پرور اور مکر افروز مزاج ان سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ چور اپنا فعل پورا کرتا ہے۔ وہ گھر کا نوکر ہے۔ تنہائی میں چابی لگا کر دروازہ کھولتا ہے۔ بکس کی چابی لگا کر روپے نکال لیتا ہے۔ نوٹ اس کے پاس ہیں۔ صاحب خانہ شور مچاتا ہے۔ اور نوکر ایک رنگ میں تسلیم بھی کرتا ہے۔ مگر قانون اس کو نہیں پکڑتا۔ یہ ایک مثال ہے۔ سینکڑوں اس طرح کی مثالیں آسانی سے مل جاتی ہیں گلگت کے کہنہ مشق استاد ان فنون سے واقف ہیں۔ میدان کارزار میں سب بازیگروں سے بازی لے جاتے ہیں۔ آپ جب بیرون جات وادیوں میں گھوم رہے ہوں تو آپ کو بہت محتاط رہنا چاہیئے۔ اگر حکومت کے کسی منصب کا زور آپ کا پشت پناہ ہے تو شاید مرکز پر واپس پہنچ جانا۔ آپ کے نوشتۂ تقدیر میں مرقوم ہے۔ اگر یہ نہیں تو آپ ایسا تصور نہ کریں تو بہتر ہے۔

محاورہ نمبر

۲۲ مَنُوپُروَلَش بَے نَے مِری جُئی جُوں نَرَئے گَے نَے مِری جُئی

انسان شرم ہو کر نہیں مریگا　　جوں گر کر نہیں مرے گی

جوں سخت جان چیز ہے۔ جب اِسے مارنا ہوتا ہے تو پتھر پہ پتھر رکھ کر دباتے ہیں۔ زیچ میں جوں۔ اسی طرح ناخن کے اوپر رکھکر دوسرے ناخن سے مارتے ہیں۔ خون کا ایک دھبا بن بن جاتا ہے۔ وہی انسان کا چوسا ہوا خون۔ جوں سخت جان ہے اور بے حیاؤں کی طرح سخت جان ہے۔ گرنے سے اسے چوٹ نہیں لگتی۔ مرنا تو درکنار وہ چل کر کہیں اور ٹھکانہ بنالیتی ہے۔ ہمارا محاورہ یہ کہتا ہے کہ انسان بے حیا ہے اور اپنی بے حیائی کے بہاؤ میں اتنا دور نکل جاتا ہے کہ دنیا سے لاپرواہ ہوجاتا ہے۔ خدا کے متعلق تو وہ پہلے ہی مان لیتا ہے کہ ڈنڈا نزدیک ہے اور خدا دور۔ اب وہ اس ڈنڈے کی بھی پرواہ نہیں کرتا۔ لوگوں کے طعنے اور پھبتیاں سن کر وہ اور خوش ہوتا ہے۔ کہ جیسے بہت بڑا معرکہ سر کر رہا ہو۔ وہ خود اس بات کو سمجھتا ہے اور دنیا بھی اسے یہی کہتی ہے کہ انسان تلوار کے وار یا بندوق کی گولی سے ہلاک ہوتا ہے۔ شرم کا پہاڑ اس کے سر پر رکھ دیا جائے۔ تو وہ بوجھ سے نہیں دبتا لیجئے بے شرمی کی انتہا ہو گئی۔ جب ایک کام کرنا ہی ہے اور خدائے پاک کا ڈر دل سے نکال دیا جائے۔ تو پھر نگاہِ آدم خاکی سے کیا ڈرنا۔

اس خاک میں گھٹیا طبقے کے گھرانوں میں جنسی تعلقات کا پیدا کر لینا ایک شغل ہے۔ آمدنی ناپید کے برابر اور اخراجات امیرانہ ٹھاٹھ کے مطابق۔ نتیجہ ناجائز ذرائع سے آمدنی پیدا کرنا کسبِ معاش کا حکم رکھتا ہے۔ اسی طرح کے چند گھرانے ماحول میں بکھرے ہوئے ہیں۔ صاحبِ خانہ چشم پوشی کرتا ہے اور یہ روزگار چلتا رہتا ہے۔ محلے والے بعض محلوں میں ایسے ہیں کہ وہ بھی دم سادھ لیتے ہیں۔ اگرچہ وہ کبھی کبھی زبان سے کہہ دیتے ہیں۔

مَنُو پُرُولَش لبَ نے مِری جیٔے جُوں نَرئے گے نے مِری جیٔے

یہ کام صرف چند گھروں میں ہو سکتا ہے۔ سب میں نہیں۔ گلگت کے باہر ہر وادی اپنا الگ ماحول رکھتی ہے۔ مگر ان میں مشترک خاصیت یہی ہے کہ جنسی تعلقات میں اس لئے آب وگیاہ پہاڑی فضاء کا اثر موجود ہے۔ یہاں وہ تزویج کی قیود کی پابندی اس درجہ جابر نہیں جتنی کہ میدانوں کی فضاء میں ہے۔ عورت کی آزادی اور انتخاب کا حق بہت بڑا عنصر ہے۔ جو رزم وبزم جلوت و خلوت میں کام آتا ہے۔

۲۳ گوٗ آکوٗ کَار چاَرِ یئٔن پالے کار نَے چاَرِ یئٔن

گائے اپنے لئے چرتی ہے بچے کیلئے نہیں چرتی

اولاد دنیا میں بہت عزیز چیز ہے۔ فطرت انسانی اپنی اپنی کیفیت میں دنیا کے ہر گوشے میں اظہار کرتی ہے۔ یہاں بھی لوگوں کو اپنی اولاد سے محبت ہے لیکن گلگت کی مختلف وادیوں میں جاؤ تو اس محبت کے ظہور کے پیرائے میں اختلاف ہے۔ ہونزہ میں بچہ ۸ - ۱۰ سال کا ہوا اور انہوں نے کام پر لگا دیا۔ بلکہ باہر بھیج دیا۔ کہ جاؤ اپنی روٹی کماؤ۔ چونکہ یہاں زرعی آمدنی بہت قلیل ہے نگر اور پونیال میں اولاد کی حیثیت مختلف ہے۔ تاہم والدین اولاد کو آسائش پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔

ہماری مثل یہ کہتی ہے کہ گائے چرتی ہے تو گھاس اس کے پیٹ میں جاتا ہے۔ اس کا کچھ حصہ گائے کے بچے کے پیٹ میں نہیں جاتا۔ دوسرا مقصود یہ ہوا کہ انسان جو کام کرتا ہے اس کے زیر نظر اس کی اپنی منفعت ہوتی ہے وہ کسی کی خدمت کرتا ہے۔ کسی کے کام آتا ہے۔ تو ہر وقت اس کے زیر نظر یہ ہوتا ہے کہ یہ شخص بھی کبھی میرے کام آئے گا۔ جب موقع پر اس کو اپنا مقصود حل ہوتا نظر نہیں آتا تو وہ یہ محاورہ استعمال کرتا ہے۔

محاورہ نمبر ۲۴

توِی اُونٹ گہ نے پشِی جئی جگو جوُل پشِی جئی

اپنا اونٹ بھی نہ دیکھا جائیگا لوگوں کی جوں دیکھی جائے گی

اس کارگہ ہستی میں کردگار کارساز نے بنی نوع آدم کو طبقات میں تقسیم کیا ہے مال و دولت کے لحاظ سے آپ نے اکثر دیکھا ہوگا۔ کہ بہت کم حالتوں میں علم۔ دولت۔ شہرت اور اولاد ایک فرد سے وابستہ ہوں۔ اگر ایک ہے تو دوسرا موجود نہیں۔ وہ کوئی نہایت ہی خوش نصیب شخص ہوگا جسے قدرت اپنی سب عنائیتوں سے سرفراز کرے۔

وادی گلگت میں عہد قدیم میں شخصی حکومت تھی۔ جس کی کامیابی کے لئے استبداد حکمت عملی اور بعض اوقات زور اور ستم کو بھی استعمال کرنا پڑتا تھا۔ اب وہ دور بدل گیا ہے۔ مگر سواد دل کے پردوں میں وہ قدیم ذہنیت اب بھی موجیں مارتی رہتی ہے۔ جہاں اختیار اور حکومت مرکوز ہے۔ وہاں منطق اور استدلال کو راہ نہیں۔ تاج و تخت کا اصول ہمیشہ سے یہی رہا ہے اپنا مقصد حل کرو یہ کامیابی کا تصور صاحب اقتدار کے تخت سے نیچے کی طرف رجوع کرتا ہے اور حصہ بقدر قوت سب طبقات پر چھا جاتا ہے۔ محاورہ یہ کہتا ہے کہ اپنا اونٹ بھی نہ دیکھا جائیگا۔ دوسروں کی جوں بھی دیکھی جائے گی۔ مطلب یہ ہوا کہ صاحب حکومت اور اہل ثروت اپنے عیب و ثواب پر نظر نہیں کرتے جو اونٹ کے برابر ہے۔ مگر دوسروں کی نکتہ چینی کرنے میں وہ اتنی باریک بینی پر اتر آتے ہیں کہ جوں بھی ہو تو تلاش کر لیتے ہیں۔

حقیقت یوں ہے کہ ہم میں سے عام آدمی اپنے لئے ایک معیار استعمال کرتا ہے اور دوسروں کے لئے جب اسی کام کا موازنہ کرتا ہو تو دوسرا معیار استعمال کرتا ہے۔ یہاں کی دور افتادہ وادیوں میں "جس کی لاٹھی اس کی بھینس" صاحب اختیار اپنے متعلق نکتہ چینی سننے کو تیار نہیں ہوتا۔۔۔۔ مگر دوسروں کی عیب جوئی وہ اظہارِ استبداد کے لئے کرتا ہے۔ اور مجبور مختار کے سامنے خاموش رہتا ہے۔

محاورہ نمبر

۲۵ بیول جے ساں تی گا تو موز کھیری گال ساں نی گا تو چھینگے

باز کیساتھ گیا تو گوشت کھلائیگا کوے کیساتھ گیا تو ٹٹی

ہر فرد کا ایک نظریۂ حیات ہے اور ہر شخص اپنی طبیعت کی افتاد کے مطابق کام کرتا ہے۔ دولت علم اور تربیت۔ مزاج میں تبدیلی تو پیدا کرتے ہیں۔ مگر اس کے اساس کو نہیں بدل سکتے۔ باز گوشت کھانے کا عادی ہے۔ وہ گندم کے دانے کھا کر کبوتر کی طرح اپنا پیٹ نہیں بھر سکتا۔ کوّا فطرتاً نااہل جنس ہے۔ اس کی خوشی یہ ہے کہ شرارت کرے اور گندگی سے کھیلے۔

گلگت میں بھی ہر طرح کے لوگ موجود ہیں۔ ان کے مزاج میں اختلاف ہے۔ اگرچہ وہ ہر کام کو بڑی احتیاط کے ساتھ کرتے ہیں۔ کہ کسی کے دام فریب میں نہ آجائیں۔ ان کی طبیعت کی جولانی کا بہاؤ دوسرے کے فریب کو بہا کر لے جاتا ہے۔ مگر یہاں مزاج کی کاریگری کا سوال نہیں۔ باز کے گھر میں گوشت ہوگا۔ چونکہ اس کے گھر میں یہی چیز موجود ہونی چاہیئے۔ کوّا نجاست میں چونچ مارتا ہے اس کی صحبت میں بیٹھنے کا اتفاق ہو تو وہ صرف اپنی کائنات کا ماحصل ہی پیش کر سکتا ہے وادیٔ گلگت میں بعض شکرے اور عقاب موجود ہیں۔ متمول افراد ان کو پالتے ہیں۔ اور ان سے شکار کھیلتے ہیں۔ کوّا دو قسم کا ہے ایک میدانی کوّا، دوسرا پہاڑی کوّا۔ یہاں پہاڑی کوّا تو ان پہاڑوں کا اصلی باشندہ ہے۔ سردی میں یہ شہر گلگت کے گرد و نواح میں آجاتا ہے اور دس بیس مل کر ایک جھنڈ بنا لیتے ہیں۔ بعض لوگ کمسرٹی یا کشکری گندم یہاں سردی کے آغاز سے پہلے بو دیتے ہیں۔ اکتوبر کے آخری ہفتہ میں وہ تمام موسم سرما زمین کے نیچے پڑی رہتی ہے اس میں سے کچھ شگوفے نکل آتے ہیں اور دانہ پودے میں تبدیل ہو جاتا ہے مگر یہ رہتی زمین کے نیچے ہے اور پھر پودا خراب نہیں ہوتا۔ جہاں بہار کی گلابی گرمی نے دانۂ گندم کو پیغام عمل سنایا۔ اس میں روئیدگی کے جذبات نے کروٹ لی۔ گلگت میں میدانی پنجابی گندم کو مارچ کے وسط میں بھی بوتے ہیں۔ جب سردی گذر جاتی ہے۔ زمین کے

اندر جو پانی ہے وہ پگھل کر برف سے پانی بن جاتا ہے۔ اور ہل چل سکتا ہے۔ یہ پہاڑی کوّا ان گندم کے کھیتوں میں سردی کا سارا موسم منڈلاتا رہتا ہے۔ اور دانے نکال نکال کر کھاتا ہے۔ مگر اس کا من بھاتا کھاجا غلاظت اور گندگی ہے۔ جہاں اسے اپنی غذا نظر آئی۔ اس نے خوشی سے ناچنا شروع کیا۔ اس کو شِنا زبان میں کَاں کہتے ہیں۔ پنجابی میں بھی کوے کو کاں کہتے ہیں۔ مگر اس کوے کو جو وہاں میدانوں میں ہوتا ہے اور دیسی کوا کہلاتا ہے۔ یعنی میدانوں کا باشندہ ہے۔ کالا کوّا جس کو پہاڑی کوّا کہتے ہیں گرمی سے بہت بیتاب ہو جاتا ہے۔ جب گلگت میں جون جولائی کے دنوں میں ہوا میں تمازت آجاتی ہے تو یہ اپنا منہ کھول دیتا ہے اور ہانپتا ہے۔ بعض دفعہ مر بھی جاتا ہے۔ شِنا زبان میں دیسی یعنی میدانی کوّے کو کنگلی کہتے ہیں۔ گویا ان کو دو مختلف پرندے مانا گیا ہے۔ یہ دیسی کوّا حقیقت میں میدانوں کا رہنے والا ہے کبھی گرمی کے دنوں میں چند کوّے گلگت میں آنکلتے ہیں اور چند روز اقامت کے بعد پھر میدانوں میں لوٹ جاتے ہیں

ہمارے محاورے میں مقصود پہاڑی کوّا ہے جو یہاں کا اصلی باشندہ ہے محاورہ یہ کہتا ہے کہ صحبت کے اختیار کرنے میں اپنے انتخاب کا استعمال کرو۔ صاحبِ اخلاق صاحبِ ہمت صاحبِ عقل لوگوں کے پاس جاکر بیٹھوگے تو وہاں سے باز کی طرح گوشت دستیاب ہوگا۔ ذلیل، پست ہمت اور کم مایہ افراد سے ارتباط پیدا کروگے تو کوّے کی طرح ذلت اور رسوائی نصیب ہوگی۔ ان اصولوں کا اطلاق تو ساری دنیا پر ہوتا ہے مگر چونکہ گلگت میں حلقہ احباب بہت محدود ہے اور آبادی قلیل ہے اس لئے انتخاب کے لیٔے زیادہ توجہ کی ضرورت ہے۔

محاورہ نمبر ۲۶

ایک ہنیئے تیل نے نکھائی

ایک گری کا تیل نہیں نکلیگا

ے زِ اتفاقِ مگس شہد میشود پیدا   خدا چہ لذتِ شیریں در اتفاق نہاد

اتفاق کی برکت مُسلّم اور اس کے واسطے کامیابی کا حصول ایک قائم اور دائم حقیقت ہے گلگت کے سارے علاقہ کی آبادی ایک لاکھ آٹھ ہزار کے قریب ہے اس میں شامل ہیں ریاست نگر ۱۸،۰۰۰۔ ریاست ہونزہ ۱۶،۰۰۰۔ چلاس ۱۶،۰۰۰۔ گلگت سب ڈویژن ۲۴،۰۰۰۔ اس سے آگے بڑھیں تو اشکومن ۵،۰۰۰۔ یاسین ۹،۰۰۰۔ گوپس ۸،۰۰۰ داریل تانگیر ۲،۰۰۰ باقی کچھ متفرق۔ کل مجموعہ ہوگیا ایک لاکھ آٹھ ہزار۔ یہ لاہور کا ایک محلہ نہیں تو اور کیا ہے۔ لاہور کی ساری آبادی اس وقت سولہ لاکھ سے اوپر ہے۔ پنجاب میں ایک معقول قصبہ یا چھوٹا سا شہر ایک لاکھ کی آبادی کا ہوتا ہے۔ علاقہ جس میں اتنے نفوس منتشر ہیں۔ بہت وسیع ہے۔ آبادی صرف دریا کے کنارے کنارے فلک شگاف پہاڑوں کے پیندے میں واقع ہے۔

اگر کوئی کام بڑے پیمانے پر کرنا ہو تو اس کی تکمیل کے لئے بڑی جماعت کی ضرورت ہے۔ گلگت کی بستی یہاں سب سے بڑا شہر ہے۔ گھر منتشر ہیں۔ کہیں دس کہیں بیس اور اس پانچ میل لمبے علاقے میں لمبائی میں مشرق کی طرف جوٹیال۔ خومر۔ سونیکوٹ۔ نگرل کشروٹ اور گلگت کا مرکزی بازار۔ اس کے مغرب کی طرف۔ برمس۔ کھرُو۔ نوپورہ بسین گل دس چھوٹے گاؤں آباد ہیں۔ اور آبادی سب کی ملاکر پانچ ہزار۔ اب اگر آپ کو کسی کار خیر کے لئے ۵۰۰ تنومند جوان چاہئیں تو اس سارے علاقے میں سے نصف گھروں سے ایک ایک آدمی آئے تو ۵۰۰ بنے گا۔ عام طور پہ پانچ نفوس میں ایک انسان جوان اور صاحب فہم ہوتا ہے جو باقی چار کی پرورش کا کفیل بنتا ہے۔ اگر آپ نے کوئی نہر بنانی ہے

یا پشتہ بنانا ہے یا راستے کی مرمت کی ضرورت ہے تو جوان آدمیوں کی ایک جماعت اس کو مکمل کر سکے گی۔ اس کے لئے اتفاق اور باہمی مراسم کا موجود ہونا ضروری ہے تاکہ وقت پر یہ سب لوگ اکٹھے ہو سکیں۔ ہمارا محاورہ یہ کہتا ہے کہ "ایک گری سے تیل نہیں نکلے گا" بلکہ بہت سی گریوں سے تیل نکلیگا۔ ایک آدمی کسی بڑے کام کے کرنے میں کامیاب نہیں ہوگا۔ اس کی محنت اسی طرح سے رائیگاں جائے گی جس طرح سے ایک گری کا تیل سِل پر چپک کر رہ جاتا ہے۔ ان مجبوریوں کے تحت یہاں کے لوگ یک جہتی سے کام لیتے ہیں اور امداد باہمی کے اصول پر ایک دوسرے کی امداد کرتے ہیں۔

گری سے تیل نکالنا یہاں کا روزانہ عمل ہے۔ گریاں خوبانی کی اور کبھی کبھی بادام کی۔ ان گریوں کو پہلے بھون لیتے ہیں۔ پھر چھیلتے ہیں۔ پھر سل پر خوب رگڑ کر باریک کر لیتے ہیں اس طرح سے گری کی پسائی کا خمیر بن جاتا ہے۔ سل کو گرم کیا جاتا ہے اور خمیر کو اس پر نیچے اوپر ہلاتے ہیں۔ سل تو گرم ہوتی ہے اس پر گرم پانی جو کہ نمکین کیا ہوا ہوتا ہے کا چھینٹا دے کر خمیر کو ملاتے ہیں۔ تو تیل الگ ہو جاتا ہے اور سل کی ڈھلوان پر نیچے کی طرف بہنا شروع کرتا ہے۔ بادام کی گریوں سے بادام روغن بھی اسی طرح نکالا جاتا ہے۔ سل کو ایک طرف اونچا رکھا جاتا ہے

خوبانی کی گریوں کے روغن کی تعریف تو میں نے بہت سنی تھی۔ برف کے موسم میں کھاؤ تو آدمی گرم رہتا ہے۔ ساری سردی میں ایک پاؤ بھر کھالو تو جوانی واپس آجاتی ہے۔ سر میں ڈالو تو بال لمبے اور سیاہ ہو جاتے ہیں۔ بلتستان میں بہت نکالا جاتا ہے۔ چونکہ وہاں خوبانی بہت ہے۔ اس پر اپنے گنڈے کے زیر اثر میں نے بھی خوبانی روغن سر میں ڈالا نتیجہ یہ ہوا کہ بال گرنے لگے سر کے بالوں میں سفیدی پیدا ہو گئی۔ جب پوچھا تو سبب یہ بتایا گیا کہ کسی بے وقوف نے اس میں نمک ملا دیا ہوگا۔ تاکہ خراب نہ ہو۔ پھر بادام روغن خاص طور پر نکلوا کر استعمال کیا۔ روغن بیضہ مرغ اس میں ملا دیا۔ تو بال واپس آ گئے۔ اور سیاہی کی طرف رجوع کرنے لگے۔ اس دیس میں پہاڑ گرتے ہیں کہیں پشتہ لگانا پڑتا ہے۔

کہیں کھیت کاٹنے کی ضرورت ہے۔ ان سب کاموں کے لئے اتفاق اور باہمی موانست کی حاجت ہے۔ یہ محاورہ جذبۂ اتفاق کو اُبھارنے کے لئے بہت کام دیتا ہے۔

۲۷ مَامَا لو ہِیؤ دِی پُتھؤج   دی پُتھؤ ہِیوبَٹ کاٹُوج

والدین کا دل اولادوں پر   اولادوں کا دل پتھر اور لکڑیوں پر

والدین کی اولاد سے محبت یہ ایک فطری چیز ہے۔ اس کے جواب میں اولاد کی طرف سے ہموزن محبت یا بقدر کمی، خدمت کی مقدار ملا کر، پورا کرنا اصول میں تو لکھا ہے۔ مگر عمل میں کسی حکیم نے اس کو پورا ہوتے نہیں دیکھا۔ چند مثالیں ہر اصول کو ثابت کرنے کے لئے اس مضمون کے خلاف بھی مل جاتی ہیں۔ اور آجکل کی دُنیا کارخانے کی مشینوں اور ہوائی جہاز کی گڑ گڑاہٹ کے زیر اثر کچھ ایسی میکانی ہو گئی ہے کہ نہ بزرگوں کا ادب نہ زیردستوں کا لحاظ بس دماغ اپنے مطلب کی بات سوچتا ہے۔ اور اس پر ڈٹ کر کاربند ہوتا ہے۔

محاورہ یہ کہتا ہے کہ والدین کا دل ہر حال میں اولاد کی محبت سے لبریز رہتا ہے اور وہ اولاد کی سرپرستی میں مصروف رہتے ہیں۔ مگر اولاد اس درجہ خدمت گذار اور نیک طبیعت نہیں ہوتی کہ وہ بزرگوں کے ادب کو ملحوظ رکھے۔ اولاد نگاہ رکھتی ہے پتھر پر لکڑی پر مقصود یہ کہ ان دو چیزوں سے عمارتیں جو تیار کی ہوئی ہیں ان پر۔ اسی طرح سے اس حریص دُنیا کی دیگر مادی اشیاء زمین، دولت، مویشی۔ یہ سب اولاد کی نگاہ میں رہتے ہیں۔ کہ کب ہمارا موقع آئے انہیں استعمال کریں۔ یعنی وہ بزرگوں کی درازیٔ عمر کی دعا نہیں کرتے بلکہ کوتاہیٔ عمر کی۔

اس سرزمین میں زیر کاشت رقبہ محدود اور ذرائع آمدنی مسدود۔ بڈھا جب طول کھینچیگا اور جوان بیٹے کو اپنی تازگی کہولت میں منتقل ہوتی نظر آئے گی تو وہ خواہ مخواہ باپ کو اپنے راستے سے ایک طرف ہٹانے کی کوشش کرے گا۔ تاکہ عیش و آرام کی جنت میں چند روز وہ بھی

تو گزارے۔ یہ اصول جو ضروریات زندگی کی کمی کے سبب ایجاد ہؤا۔ یہیں پر ختم نہیں ہوتا۔ بلکہ بعض دفعہ اُلٹے رُخ بھی کرنڈیا سانپ کی طرح چلتا ہے۔ یعنی باپ یا اور کوئی بزرگ کسی طرار خورد کی ناقابل برداشت جولانیوں کو دیکھ کر۔ اُسے راستے سے صاف کر دیتا ہے۔ اس طرح کی مثالیں یہاں کے حکمران خاندانوں میں اکثر ملتی ہیں۔

محاورہ نمبر ۲۸

کرَے سنئیْ دور کرَے خَنئیْ دور

کبھی دریا کا دَور کبھی پہاڑ کا دَور

زمانہ ہر آن بدلتا رہتا ہے۔ نہ رہا ہے اس طرح سے نہ رہیگا اس طرح سے۔ زمین و آسمان گردش میں ہیں۔ کتاب لیل و نہار اپنے ورق اُلٹ اُلٹ کر نت نئے واقعات کو قلمبند کرتی رہتی ہے۔ ایک کا کام دوسرے سے پڑتا ہے۔ کبھی ایک غالب کبھی دوسرا بالا دست۔ گلگت کی مختصر سی دُنیا میں خاندانی رقابتیں عہد قدیم سے اسی طرح سے وراثت میں چلی آتی ہیں جیسے ان کے مکان اور زمین۔ منہ سے تو اکثر نرم الفاظ نکلتے ہیں۔ مگر دل عناد میں گرم رہتا ہے۔ موقع پایا اور ہاتھ بڑھایا۔

جب ایک شخص دوسرے سے مغلوب ہو جاتا ہے اور وہ اس پر چیرہ دستی کی مشق بھی کر لیتا ہے تو مغلوب منہ سے کہتا ہے "کرے سِنَئِ دور کرے خَنَئِ دور"۔ کبھی دریا کی باری ہے تو کبھی پہاڑ کی باری۔ مطلب یہ کہ آج تمہارا دور دورہ ہے۔ تو کل میری نوبت ہوگی۔ دُنیا کا چکر بدلتا رہتا ہے ایک زمانہ آئیگا کہ میں تم پر غالب ہو جاؤں گا۔ تو پھر ان زور آزمائیوں کا جواب دوں گا۔ دریا کا دور کس طرح ہوتا ہے۔ تابستان میں جب ہوا گرم ہوتی ہے تو پہاڑوں کی برف زیادہ مقدار میں پگھلتی ہے۔ یہ پانی نالوں کے راستے سے ہوتا ہؤا دریا میں چلا جاتا ہے۔ پانی کی فراوانی اور سرنشیبی کی زیادتی

دریا کا جلال بڑھ جاتا ہے پانی کی مقدار زیادہ اور بہاؤ تیز۔ یہ دریا کا دور ہے۔ جو چیز اس کے سامنے آتی ہے۔ انسان۔ حیوان۔ سنگ وخشت۔ درخت وکشت سب کو اپنے زور میں بہا کر نیچے کو لے جاتا ہے۔ دیکھنے والے دریا کی عظمت اور اس کے استبداد کی ہیبت سے کانپتے ہیں۔

مگر اس عالم فانی میں استقلال اگر کسی چیز کو ہے تو انقلاب کو۔ قیام و دوام صرف اللہ کے نام کو۔ انقلاب کی عمل صورت یہ ہر لحظہ کائنات کا ذرہ ذرہ اپنے ظاہر و باطن میں تبدیلی پیدا کرتا رہتا ہے۔ زمانے کا رنگ بدلتا ہے۔ بہار کے بعد تابستان آیا۔ تو دریا اپنی جوانی مستانی میں مست ہاتھی کی طرح جھومتا چلا جاتا تھا۔ رُت بدلی۔ خزاں آگئی۔ پہلے پتے چہرۂ مدقوق کی طرح زرد نظر آنے لگے۔ گرے اور ہوا اڑا کر لے گئی۔ جلیل القدر چنار کے درخت گنجی شاخیں نظر آنے لگے۔ سردی بڑھی۔ پست پہاڑوں پر بھی نورانی برف نے اپنا دربار قائم کر لیا قدرت کے چوبدار جیسے سر پہ روپہلی تاج پہنے میدان میں کھڑے ہوں۔ زمستان نے دنیا کو گھیر لیا۔ ہر طرف کہر اور سرد ہوائیں۔ سورج کی کرن ہفتوں نظر نہیں آتی اب دیکھو تو بلند پہاڑوں پر برف کے تودے بلکہ ٹیلے نظر آتے ہیں۔ ویرانے میں ایک نیا شہر آباد ہو گیا۔ یہ پہاڑوں کا دور ہے۔ سردی کے موسم میں پہاڑ اپنے جلال پر ہوتا ہے اور انسانوں کی نگاہیں اس کی خدمت میں احترام تقدیم کرتی ہیں۔ کبھی دریا کا دور تھا زمانہ بدلتا ہے تو پھر پہاڑ کا دور آجاتا ہے۔

مظلوم اپنے دل کو تسلی دینے کے لئے ظالم کو کہتا ہے کہ آج دریا کا دور ہے۔ اور تمہاری باری ہے۔ کل پہاڑ کا دور ہو گا۔ اور میری باری آئے گی اگر میں نہیں تو میری اولاد اس چیرہ دستی کا بدلے کر رہے گی۔ اس لئے میں اور تم دونوں زمانہ کی نیرنگیوں پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اور اس وقت تسلی سے اپنی زندگی گزارتے ہیں۔

ترجمے کی مشقیں

باب ۱۹

۱۔ رشنا سے اردو میں ترجمہ

باب ۱۹- شِنا سے اردو میں ترجمہ

(نمبر کتاب کے صفحات ظاہر کرتے ہیں)

چاٹی کی کہانی

چاٹئی چکّا (چڑی کہتی ہے)

مُلائے بُوشی مُرُوڈتا[1]۔ مُوْلائیں رَئیگیے بوہ دفا بے۔ چاٹئی سے رَئیگی
لڑکیو۔ اس بلی کو پریشان کرو۔ لڑکیوں نے کہا جا دفعہ ہو جا چڑی نے کہا

تَرْوْ کارْو تھے اوْشی وَلُم۔ تَرئی کوم فَت تھرئی۔ مُوْلائیں رَئیگیے
تمہارے لئے ہوا لاؤں میں۔ تمہارا کام چھڑا دے گی۔ لڑکیوں نے کہا

بوہ دفا تے۔ چاٹئی اوْشی کُچْ گے رَئیگی۔ وَلی اوْشی۔ اَنی مُوْلایُوْ کوم
جا دفعہ ہو جا۔ چڑی ہوا کے پاس جا کر بولی۔ آؤ ہوا ۔ ان لڑکیوں کا کام

فَت تھریئہ۔ اوْشی وَتی مُوْلایُوْ کوم فَت بُو۔ مُوْلائیں وَئی بُوشی مُرُوڈے گے
چھڑاؤ۔ ہوا آئی لڑکیوں کا کام چھٹا۔ لڑکیوں نے آکر بلی کو پریشان کیا

بُوشس مُوْریٔ کھئیگی۔ مُوْرِش بِنِیْچئے رَنگ چرائیگیے۔ بِنیچش دوْنوْ کھے گوْ
بلی چوہے کو کھا گئی۔ چوہے نے جولاہے کا پٹو کاٹا۔ جولاہے نے بیل کو کھایا۔

دوْنس وَئی پیگوْ۔ وَئی سے آگار نِشے گوْ
بیل نے پانی پیا۔ پانی نے آگ بجھائی

آگار سے کوْ تو دَیگوْ۔
آگ نے کانٹا جلایا

فیس
ختم

[1] مرُوڈوْئیک۔ اس فعل کو کہتے ہیں کہ بچے جب کسی چھوٹے جانور کو ہاتھوں سے دبا کر اذیت دیتے ہیں یا شیر چیتا وغیرہ اپنے پنجے سے کسی شکار کو دبا کر پریشان کرتا ہے۔

گلتیٔ بازار (گلگت کا بازار)

گلیٔت۔ گلتیٔ صوبائے پائے تخت تے انے دِشئٔ بُٹِّی نجو بُڑی شہر ہُئن۔ انے دِشئر
گلگت۔ صوبہ گلگت کا صدر مقام اور یہاں کا سب سے بڑا شہر ہے۔ یہاں

ہر کو کمیٔ آبادِی جلِی جی ہُئن۔ کوٹی ایک اکیجو دُور ہن۔ گلتے مجا کچاکک ہیٹِی ہن
ہر قصبے کی آبادی بکھری ہوئی ہے۔ مکانات ایک دوسرے سے دور ہیں۔ گلگت میں چند ایک محلے ہیں

نے رِہ ایک ایکے جو کافی دُور ہن۔ مغرِ تے وار بسین شے میلج نے بنیور
اور وہ ایک دوسرے سے کافی دور ہیں۔ مغرب کی طرف بسین تین میل پر اور بنیور

مغرِبے دار شے میلج اجیٹ۔ گوپسیٔ سٹرکج سنیٔ بلے سال تی آمغری ایک میلج
مغرب کی طرف تین میل پر اوپر۔ گوپس روڈ پر دریا کے کنارے آمغری ایک میل پر

نے جنوب وار برمس ترِتنگ میلج۔ نے مشرِ تے وار وتئ تو اوّل چھپر مجینی پھری
اور جنوب کی طرف برمس ½ میل پر۔ پھر مشرق کی طرف آئیں تو پہلے مجینی پھری

ترِتنگ میلج۔ نے کشروٹ ایک میلج خومر ۲ میلج جوٹیال ۳ میلج واقع ہن۔
½ میل۔ پھر کشروٹ ایک میل پر خومر ۲ میل پر جوٹیال ۳ میل پر واقع ہے۔

انِی بُٹے ہیٹو آبادی گہ بازارئ بُٹی آبادی سال تی جمع تھگیس تو بُٹے گہ بُٹے
ان سب مواضعات کی آبادی بازار کی ساری آبادی کے ساتھ جمع کریں تو سب کے سب

پونی ہزار انسانے بیئن۔ گلتیٔ بازار سال تی گلتیٔ سِن شھا تھوکے کارو ایک
پانچ ہزار نفوس بنتے ہیں۔ گلگت کے بازار کے ساتھ گلگت کے دریا کو عبور کرنے کے لئے ایک

سوک وِی گیئن۔ انے سوٗ تاروج کری جی ہُئن۔
پُل بنا ہوا ہے۔ یہ پُل (لوہے کے) تاروں کے بل محکم ہے۔

آنسیٔ رِگار پونی شل گہ نو فٹ ہُئن۔ گلتیٔ اُتھلٹا رسمندر جو چار ہزار گہ انیس شل گہ چار بی گہ دئ فٹ
اس کی لمبائی ۵۰۹ فٹ ہے۔ گلگت کی بلندی سمندر سے ۴۸۹۰ فٹ

مقابل صفحہ ۳۳۸ (۱۶)


(۵۰) گلگت بازار اور گرد و نواح کا غیر پیمانہ خاکہ

گلگت کا قصبہ سارا ایک جگہ آباد نہیں ۔ چھوٹی چھوٹی بستیاں ہیں جو گرد و نواح میں پھیلی ہوئی ہیں ۔ ان کے مرکز میں بازار ہے جو گلگت کہلاتا ہے ۔ دریا کے نیچے کی طرف خومر اور جٹیال ہے اور اوپر کی طرف نیپورا ۔ ان کے علاوہ کھیتوں میں دو دو چار چار گھر بنالئے گئے ہیں جہاں کسان رہتے ہیں ۔ دریا کے پار جانے کے لئے گلگت بازار کے سامنے پل بنا دیا گیا ہے ۔


❋ ❋ ❋

(۵۱) دریائے گلگت پر غروب آفتاب کا منظر

شام پیغام ہے صبح کے روح پرور نور اور کیف سے معمور سرور کا ۔ چشم بصیرت سنگ مرمر کی چٹان میں لات و منات کی حسین تراشیدہ صورتیں دیکھ سکتی ہے اور آب رواں کی دھار میں سر سبز و شاداب باغ و راغ کی اشکال نظر آتی ہیں ۔ گلگت کا دریا پہاڑی ہے اور تیز بہتا ہے ۔ موجوں پر خورشید کی کرنوں کا رقص اور آسمان پر طلائی نور کا وفور کس درجہ حسین ہے ۔



گلگت بازار اور گرد و نواح کی بستیوں کا غیر پیمانہ خاکہ ۔



دریائے گلگت پر غروب آفتاب کا منظر ۔

ہنی - اَنے گِنی آنے دِشیٔ ہوا ٹِھنڈلی ہنی - آبادی دِیژ بَدِیژ بَشُگو چِھی۔
ہے - اس لئے یہاں کی ہوا سرد ہے۔ آبادی دن بدن بڑھتی

بوجے زبجن -
جا رہی ہے -

مچینی بازار قریباً دُو شَل گزُ کَ رِگی بَی - اَبُو وَژ گے ٹھَلیگو تو ہر قِسمَتیٔ مخلوق
مرکزی بازار قریباً دو سو گز لمبا ہو گا - اس طرف جاکر دیکھا جائے تو ہر قسم کی مخلوق

پِشی جَنَن - گِلگِتیٔ - ہُنزای - نگرَ یَٔ - پیالُ یُٔ یاسِنیٔ گوپیٔ - بلتسانیٔ - اَستورَیٔ
دیکھنے میں آتی ہے - گلگتی - ہنزوی - نگری - پنیال - یاسینی - گوپی - بلتستانی - استوری

چِلاسیٔ - نے آپے رِسنایَک پنجابی گہ
چلاسی - اور تھوڑے بہت پنجابی بھی

مگر گلتیٔ بازارَج دَرِیشِنے جگو قبضہ ہُن - بِڑو باک مالدار دوکاندارے دَرِیشِنے
مگر گلگت بازار پر باہر کے لوگوں کا قبضہ ہے - زیادہ تر مالدار دوکاندار باہر کے

ہُن - کَشگریُٔ دُوکاندارے بُٹی نجو بِڑو دے ہُن - نے مِیٹھے گہ ہُن - اَنی نوجو قتو
ہیں - کاشگری دکاندار سب سے زیادہ ہیں - اور اچھے بھی ہیں - ان کے بعد

ہزارای جَگ ہُن - نِی گہ مالدار جَگ ہُن - کِچاکَک کشیرے گہ ہُن کہ مہاراجے
ہزارہ کے لوگ ہیں - یہ بھی مالدار لوگ ہیں - کچھ کشمیری بھی ہیں جو کہ مہاراجہ کے

کھینئر کشیرے جو وَیٔ آباد بلیگن - کِچاکک چترالیٔ نے سواتیٔ گہ ہُن - خاص
(دوران) حکومت میں کشمیر سے آکر آباد ہو گئے ہیں - کچھ چترالی اور سواتی بھی ہیں - خاص

گلتیٔ جگو تعداد گہ کم ہُن نے حیثیت گہ
گلگت کے لوگوں کی تعداد بھی کم ہے اور حیثیت بھی

بَیس بازارِیٔ جنوب وارو شُروع تھون - اَنیسے سال تی کِھریِیٔ وَلہ ہِمِنی گزیگہ بیٹھہ
ہم بازار کے جنوب کی طرف سے شروع کریں گے - اس کے ساتھ نچلی کوہل ہے - جب ہم

مَشرقے وار بازارڑ یاتَئس تو نَجوم کھِگَیش واری دُکانو ایک لَینگ ہَئیں۔ اَنی
مشرق کی طرف بازار میں چلتے ہیں تو بائیں طرف دوکانوں کی ایک لائن ہے۔ یہ

دُوکانے مؤمن بازارئے مَلکیت ہَئیں۔ اَنی دُکانو ہُٹو بوم جامع مسجد اثنا عشری ہَنی
دُوکانیں مومن بازار کی ملکیت ہیں۔ ان دوکانوں کے پیچھے جامع مسجد اثنا عشری ہے۔

توم شَکل گہ کاری گری مجا شاندار نے نائی نَمونائے ہَئیں۔ اَنِسے مُکھو اَنسَئے تومو
اپنی شکل اور کاری گری میں شاندار اور طرز جدید ہے۔ اس کے سامنے اس کا اپنا

میدان ہَئیں۔ دَچھی بوم کھِنگَنج ایک سرکاری بنگالاک ہَئیں۔ رَئینیر اَجو بلہ گِلتی
میدان ہے۔ دائیں طرف ایک سرکاری بنگلہ ہے۔ اسمیں آجکل گلگت

تحصیلدار ے بے یَئیں۔ مؤمن بازار مجا ایک دُکانَنج بورڈک پَیشی جَن۔ "گلگت ٹریڈرز
کا تحصیلدار رہتا ہے۔ مومن بازار میں ایک دُکان پر بورڈ نظر آتا ہے۔" گلگت ٹریڈرز

گلگت"
گلگت"۔

اَنیہ بازارئے چودھری غلام محمد ٹھیکدارئے دُکان ہَئیں۔
یہ بازار چودھری غلام محمد ٹھیکدار کی دکان ہے۔

اَنو منوپوہ دانا ہَئیں دوستانہ سُلوک ہَئیں۔ مگر کرئے کرئے حَد جو دَرو نکھان
یہ مرد دانا ہے دوستانہ سُلوک کرتا ہے۔ مگر کبھی وقت ضرورت سے زیادہ سوچتا ہے

نجوم کھِنگَنج دُکانو قطار ہَئیں مجی تَئے وَقفئے دُکانو جو فتو جگو توم دُکانے ہَئیں۔ اَنی
بائیں ہاتھ پر دکانوں کی قطار ہے۔ مسجد کے وقف کے دکانوں کے بعد لوگوں کی اپنی دکانیں ہیں۔ یہ

بُٹے دُکانے فتو دِ گئیں۔ اَنِ نُور چُنے چُنے دوکاندارے بے یَئیں۔ دَچھی بوم
سب دکانیں بعد میں تعمیر ہوئی ہیں۔ ان میں چھوٹے چھوٹے دکاندار بیٹھتے ہیں۔ دائیں طرف

کھِنگَنج بنگالی کُٹ فِیس بی جو فتو بَدَم باغئے کُٹ شروع ہَئیں۔ بَدَم باغر ایک
بنگلے کی دیوار ختم ہونے کے بعد بادامی باغ کی دیوار شروع ہوتی ہے۔ بادامی باغ میں ایک

کھنگرہ بَدموتریہ ہیئن ۔ ہُتی کھنگرہ چگونارو توم ہئن۔ اَنی چگونارے بودد ہسزیبار
طرف باداموں کی قطار ہے۔ دوسری طرف شفتالو کے درخت ہیں یہ شفتالو بہت مزے دار

چگونارے ہیئن ۔ اَنُو باغئے چھپر انگریز و قبرے ہیئن۔ انی قبرے قریباً چنے بڑے
شفتالو ہیں۔ اس باغ کے کونے میں اردپائی قبرستان ہے۔ یہ قبریں قریباً چھوٹی بڑی

بٹے بنگہ دیک ہین کریگہ بدم باغئے گٹ فس بلی تو اَجی نو ایک سڑک واءِن۔ انے
سب کے سب تیس تک ہونگی جب بادامی باغ کی دیوار ختم ہوتی ہے تو ادہر سے ایک سڑک آتی ہے۔ یہ

سڑک پی ڈبلیو ڈیئے دفتر-خزانہ- شفاخانہ- افسرمس سے اجنسی دفترٹ بجن
سڑک پی ڈبلیو ڈی کے دفتر- خزانہ- ہسپتال - افسرمس- اور ایجنسی دفتر کو جاتی ہے۔

اُنے سڑکئے جوم نگرئے رائے دوکانے ہیئن۔ دکانو پچھو بوم نگرئے رائے
اس سڑک کے بائیں طرف نگر کے راجہ کی دوکانیں ہیں۔ دکانوں کے پیچھے نگر کے راجہ کا

بنگلہ ہیئن۔ اَنے سڑکے مچھو شاہی شوارن ہنو۔
بنگلہ ہے۔ اس سڑک کے سامنے شاہی پولو گراؤنڈ ہے۔

آرنجو مچھوٹ مشرقے وار گلتئے رائے بازارے ہیئن۔ اَنی بٹے دکانے گلتئے رائے
اس سے آگے مشرق کی طرف گلگت کے راجے کی دوکانیں ہیں۔ یہ سب دوکانیں گلگت کے

توم ہیئن۔ دیسی بوم کرایہ دارو دوکانے ہیئن۔ اَنی نومجا کنجو سیئر مشہور تورلائے دوکان
راجے کی اپنی ہیں۔ دائیں طرف کرایہ داروں کی دوکانیں ہیں۔ انہیں کنجوسی میں مشہور تورلالی کی دوکان

ہیئن ۔ لیکن مُتے دوکاندارو ٹ تھکال کمک سستہ دین اَنے گنی خریدارے زیسکج
ہے۔ لیکن اور دوکانداروں کی نسبت کچھ سستا دیتا ہے۔ اس لئے خریدار اس کے پاس

بودے واءِن۔
زیادہ آتے ہیں۔

غیوم یعنی غمالے وار کچاکُک سے بُوزِئے ٹاٹے کھری دِی سوداگاچ دیئن۔ اَنی
بائیں یعنی شمال کی طرف چند ایک آدمی بوریوں کے ٹاٹ بچھا کر سودا بیچتے ہیں۔ یہ

چھُنے پچھنے دُو کاندارے ہَنُ - اَنی نوساں تی ساں تی گنچ پیسے پھُسرو ویٔ ڈوکورے ہَنُ.
چھوٹے چھوٹے دوکاندار ہیں۔ ان کے ساتھ ساتھ دیوار سے ملے ہوئے سرکنڈوں کی جھونپڑیاں ہیں

اَنی نور ہوٹلیچی گہ کوم تھینَن نے سوداگہ گاخ دیَنَن سوعِک گہ آل بیتَنَن -
ان میں ہوٹل کا کام بھی چلاتے ہیں سودا بھی بیچتے ہیں اور سونا بھی وہاں سوتے ہیں۔ (وہیں سوتے ہیں)

تِیَن بَیہ بازاریٔ مجاو تیتَس - نجوم بڑی مجت ہَنُ - اَنے مجت سُنو ہَنُ۔ اَنسیٔ دُو امامے
اب ہم بازار کے مرکز پر پہنچ گئے - بائیں طرف بڑی مسجد ہے - یہ مسجد سُنیوں کی ہے۔ اس کے دو امام

ہَنُ - رِیی نوت سرکاریٔ طرفو ماہوار تنخواہ لیی جن - مجوتیٔ چھیچو ایک بازار کُر شمالے
ہیں۔ ان کو سرکار کی طرف سے ماہوار تنخواہ ملتی ہے۔ مسجد کے کونے سے ایک بازار شمال

واری بجن - اَنسیٔ نوم جامع مسجد بازار ہنی - اَنی نور بودوباک کشگریٔ دوکاندارے بیتَنَن
کی طرف جاتا ہے اس کا نام جامع مسجد بازار ہے۔ ان میں زیادہ تر کاشغری دوکاندار بیٹھے ہیں۔

چھیلے - باڑ کاؤ - پچھنے سامان گاخ دیَنَن - نے عقل گِنی کوم تھینَن - اَنے بازاریٔ آخری
کپڑا - برتن - پنساری بیچتے ہیں - اور عقل سے کام کرتے ہیں۔ اس بازار کے آخر میں

پرُ سوٗ ہَنُ - اَنے سوٗ جوترِی جی نگر ہونزہ گہنے کشگر ٹ بجوک بینُ - بڑی بازار
پل ہے۔ اس پل سے گذر کر نگر ہونزہ اور کاشغر کو جاتے ہیں۔ بڑے بازار

مجا حاجی خلیفہ اے دُکان ہَنُ - اَنو مشا چترالیٔ ہَنُ - کشگر گہ ختنے مجا قریب پنیریٔ
میں حاجی خلیفہ کی دوکان ہے : یہ شخص چترال کا رہنے والا ہے۔ کاشغر اور ختن میں تقریباً پندرہ

سال بیتی - فارسی پہچی شوین - عادت گہ پچھی ہَنُ - مال گہ پچھی طریقاج گاخ دین نے
سال رہا ہے۔ فارسی خوب جانتا ہے - با اخلاق ہے۔ مال بھی عمدہ طریقے سے بیچتا ہے۔ اور

قیمت گہ اَیزے لیی وصول تھین اَنو چھیچو سِنے واری مُک تھیگیئس تو اوّل پچھی دُکان
قیمت بھی اسی طرح وصول کرتا ہے۔ اس کونے سے دریا کی طرف منہ کریں۔ تو سب سے پہلی دکان

منشی عبدالجباریٔ ہَنُ - اُخلو درجانے - انگریزی جوگہ واقف - دُنات پرشیتو - تمام
منشی عبدالجبار کی ہے۔ صاحب منزلت انگریزی سے واقف ہے۔ جہاں دیدہ - تمام

سرکاری محکمو مجا منشی عبدالجبارئ نوم ہئن۔ کچاگک رئیسئ رسوخ ہئن ایاگک خوبی گہ ہئن
سرکاری محکموں میں منشی عبدالجبار کا نام ہے۔ جتنا اس کا رسوخ ہے اتنی خوبیاں بھی ہیں۔

آنوٗ سڑک دوٗ ترنگ ہئن۔ ایک، ویوکئ ایک بجوکئ۔ خبوم کھئین وار حاجی
یہاں سڑک دو نصف ہو جاتی ہے۔ ایک آنے کی (اور) ایک جانے کی۔ بائیں طرف حاجی

غلام محمد کاشغرئ مشہور دکان ہئن۔ نوا کِ تو راولپنڈی مجا بےین کیہ تھگا تو آل رئیسئ
غلام محمد کاشغری کی مشہور دکان ہے۔ یہ خود تو راولپنڈی میں بیٹھتا ہے کیونکہ وہاں اس کا

جرابے تھوگئ کارخانہ ہئن۔ رئیسئ طرف جو منوپش آعِن کوم تھینن۔ انیہ دکانز ہر
جرابیں بنانے کا کارخانہ ہے۔ اس کی طرف سے کارندے یہاں کام کرتے ہیں۔ اس دوکان میں ہر

چیزک ہتٹ وان۔ دولت گہ بو دی ہئن انےگنی ایک نلا سوداگہ گاخ دین۔
ایک چیز ہاتھ آتی ہے۔ دولت بھی بہت ہے۔ اس لئے تھوک سودا بھی بیچتا ہے۔

انسے سانتی اکی ایک دکانک فت ننے محمد جو دکاندارئ دکان ہئن۔ ایک
اسکے ساتھ ہی ایک دکان چھوڑ کر محمد جو دکاندار کی دکان ہے۔ ایک

دقتگر تمام گلتے مجا انسئ شہرت اشِ۔ انگریزی ولا تیجو کتابے ولرتے سِچی لن ولایتے
دقت تمام گلگت میں اس کی شہرت تھی۔ انگریزی ولایت سے کتابیں منگا کر سیکھی ہے۔ ولایت

جو مِشٹے کتابے گہ مِشٹے کپڑئ ورکگو۔ بڑے بڑے خریدارے توم قبضار تھیگو
سے عمدہ کتابیں اور عمدہ کپڑے منگایا۔ بڑے بڑے خریداروں کو اپنے قبضے میں کیا۔

کریگہ محمد جوس خریدارے توم قبضار تھوک بگو تو پرتھے انگریزی تھوکی شروع
جب محمد جو خریدار کو اپنے قبضے کرنا چاہتا ہے تو پہلے انگریزی بولنا شروع

تھین۔ درزی تو بو دو مِشٹو ہن۔ لیکن اچو جیک چیزک بیوکیٹ دِگا تو نے پھر بے انے
کرتا ہے۔ درزی تو بہت اچھا ہے۔ لیکن آج کچھ چیز سینے کے لئے دوگے تو دسال گذر کر پھر اسی

کھئین لاٸے۔
تاریخ کو ملے گی۔

دَہیی بوم کِھنگَنئ تھانا جو کِھری نی کِھگَنڑ نیاز محمد سلطان محمدئی دکان ہَیں۔ بَنیِہ پَراَے
دائیں طرف تھانے سے نیچے کی طرف نیاز محمد سلطان محمد کی دکان ہے۔ دو بھائی

جوانے گہ ہَن نے داناگہ۔ شرافَت گِنی کوم تھئیَن۔ صدر بازارئی پِٹّو بوم ایک مُتی
جوان بھی ہیں اور سمجھدار بھی۔ شرافت سے کام کرتے ہیں۔ صدر بازار کے پیچھے ایک اور

بازارک ہِنی اَنسرٹ کَشیرو بازار تھئیَن۔ اَنے بازار مجا کَشیریَں سوداگاخ دَیئَن زرگری
دبوار ہے۔ اس کو کشمیری بازار کہتے ہیں۔ اس بازار میں کشیری سودا بیچتے ہیں۔ زرگر

گہ درزِیئَں کوم تھئیَن اَنسَے جو مُحشُو دَہیی بوم ڈاکخانائے اِحاطہ ہَیُن انسے سال تی وزیر
اور درزی کام کرتے ہیں۔ اس سے آگے دائیں طرف ڈاکخانے کا احاطہ ہے۔ اس کے ساتھ ہی وزیر

وزارتیئ پُرونی بنگلہ ہَیُں۔ نے اَنسے سال تی اَکی وزیر وزارتئی عدالت ہَیُں۔ انے
وزارت کا پرانا بنگلہ ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی وزیر وزارت کی عدالت ہے۔ اس

اِحاطا مجا تحصیلدارئ عدالت۔ نائب تحصیلدارئ عدالت۔ نے مالئ دفتری ہَیُن۔
احاطے میں تحصیلدار کی عدالت۔ نائب تحصیلدار کی عدالت۔ اور مال کے دفاتر ہیں۔

سڑکئ مُتی کِھگیں وار ہائی سکولئی احاطہ ہَن۔ دہیی بوم اے۔ پی۔ اَئی عدالت
سڑک کے دوسری طرف ہائی سکول کا احاطہ ہے۔ دائیں طرف اے۔ پی کی عدالت۔

مُحشوٹ بورڈنگ۔ بورڈنگ ہوس جو مُحشو۔ خبوم گھڑی بازار ہَیُں۔ اَنیئر چُھنے چُھنے دکاندارے
آگے بورڈنگ ہاؤس۔ بورڈنگ ہاؤس سے آگے بائیں طرف گھڑی بازار ہے۔ اس میں چھوٹے چھوٹے دکاندار

نگرگہ ہونزائے بَے ئیَن۔ گھڑی بازارئی اَشتکال چودھری محمد کیثر انگریزو زمانا جو مٹھائی
نگر اور ہونزہ کے رہتے ہیں۔ گھڑی بازار کا عمر رسیدہ چودھری محمد کیثر انگریزی عہد سے مٹھائی

تھوکے مجا مشہور ہَن۔ لیکن تین مغیر بوک سبب گِنی دُکانئ کوم سُست تھگَن انے سے
بنانے میں مشہور ہے۔ لیکن اب بڑھاپے کی وجہ سے دکان کا کام سست ہوگیا ہے۔ اس کے

سال تی طالب ہوٹلئ ہمگامہ ہَیُن۔
ساتھ ہی طالب ہوٹل کا مخترستان ہے۔

گھڑی بازارئے شمالر ایک بورو بڑو اِحاطاک ہئں۔ اَنسر پُرونی زمانائے ڈاک بنگلہ
گھڑی بازار کے شمال میں ایک بہت بڑا احاطہ ہے۔ اس میں قدیم زمانے کا ریسٹ ہاؤس
ہئں۔ اَنو انگریزو یادگار ہئں۔
ہے۔ یہ انگریزوں کی یادگار ہے۔

گھڑی بازارئے شمالے وار ایک گندہ پونگ گنی گیش تو بارکشاپ ہئن۔ ہائی سکولئے
گھڑی بازار کے شمال کی طرف ایک گندہ راستے میں سے جائیں تو پی۔ڈبلیو ڈی کا ورکشاپ ہے۔ ہائی سکول
ڈیبی بوم سنے ورکشابے مجا۔ ایک قبرستانگ ہئں۔ آنئن او بزرگ (ولی) دفن ہئں
کے دائیں طرف اور ورکشاپ کے درمیان ایک قبرستان ہے۔ یہاں وہ بزرگ دفن ہیں
کہ کوس آئن اسلام جاری تھو کے کار حصہ گنی گس۔ مدرسہ گہ بارکشابے فتو گلتئے
کہ جنہوں نے یہاں اسلام پھیلانے میں حصہ لیا تھا۔ سکول اور ورکشاپ کے پیچھے گلگت
رکن یائین۔
کا دریا بہتا ہے۔

بورڈنگ ہوس نتھو گلتئے لین ہئن۔ اَنسر فوج بے ین۔ تین بیہ بازار جو نکھئی مشرقے
بورڈنگ ہاؤس کے سامنے گلگت کی چھاؤنی ہے۔ اس میں فوج رہتی ہے۔ اب ہم بازار سے نکل کر مشرق کی
وار گیشتو کچاگگ دُکانے مچھو دائن۔ اَنی نوٹ بنی بازار تھینن۔ اَنی بنی ئے توم بازارے
طرف جائیں تو چند ایک دکانیں سامنے نظر آتی ہیں۔ ان کو بنی بازار کہتے ہیں۔ یہ بنی کے اپنے (رنگ) بازار
ہئن۔ آنو سڑک سوں تی جہازئے میدانٹ بجن۔
ہیں۔ یہاں سے سڑک سیدھی جہاز کے میدان تک جاتی ہے۔


بورڈ گین پتو بوم ایک سٹرگک بجن۔ اَنسے وریز گیش تو مُغلیو احاطہ دائی جماعت خانہ
بورڈنگ (ہاؤس) کے پیچھے کی طرف ایک سڑک جاتی ہے۔ اس پر چلیں تو اسمعیلیوں کا احاطہ آتا ہے۔ جماعت خانہ
ہئن۔ کچاگگ دُکانیگہ ہئن۔ کہ کرایاٹ دیئن۔ نئے ایک ہوٹلگ ہئن۔
ہے۔ چند ایک دوکانیں بھی ہیں۔ کہ کرایہ پر دیتے ہیں۔ اور ایک ہوٹل بھی ہے۔

کھیکا اَنیَہ گِلتیٔ تمام بازار و قصہ ہئن۔ گِلتیٔ تر نگ جا گجاکُک مخلوق بے ئِن


دیکھیے۔ یہ گلگت کے تمام بازار کا قصہ ہے۔ گلگت کے مرکز میں جسقدر لوگ رہتے ہیں

اَئینو تعداد قریباً ثےٗ ہزارک بئ۔

ان کی تعداد قریباً تین ہزار ہوگی۔



گلگت قصبہ
کے مرکزی علاقے کا غیر پیمانہ خاکہ



باب۔ ۲۰

اُردو سے پشتو میں ترجمہ

باب ۲۰- اردو سے پشتو میں ترجمہ

(نمبرات کتاب کے صفحے ظاہر کرتے ہیں)

مندرجات

اقبال — ستاروں سے آگے — غزل

ستارہ

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں — ابھی عشق کے امتحان اور بھی ہیں
تارو جو مُخوپُٹ دِہاتے مُتے گہ ہَن — دَروم عشقئی اِمتحانے مُتے گہ ہَن

تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں — یہاں سینکڑوں کارواں اور بھی ہیں
خالی زندگی جو نُش اَپنہ دُہاآت — آءِپن شَتنگ بپنال مُتے گہ ہَن

قناعت نہ کر عالم رنگ و بو پر — چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں
قناعت نے تھجبہ دُناتیچ ہواگہ ہَو تَنَر — پھُونرد زگیگہ حَلُولی مُتے گہ ہَن

اگر کھو گیا اِک نشیمن تو کیا غم — مقامات آہ و فغاں اور بھی ہیں
اَتھا نُوچُو تو ایک حَلُونگ بَجیک غم — دِشے بیٹیپے گہ فریادئی مُتے گہ ہَن

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا — تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں
تُو شاہِن بنو تھَردِک ہَن کوم تھئی ۔ تُو — تُو مَخو آسمانے مُتے گہ ہَن

اسی روز و شب میں الجھ کر نہ رہ جا — کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں
اَپنہ سُونرگہ راتُمر پپچی جی نے بَجیٔ — کہ تَھئی وَقتی گہ دِشے مُتے گہ ہن

گئے دن کہ تنہا تھا میں انجمن میں — یہاں اب مرے رازداں اور بھی ہیں
گے دِیْنَرے کہ تنہا اکشش بہ مجلِسر — آءِرن تَین مَیْن سِری سُون یگنگ مُتے گہ ہَن

(ترجمہ: ہمایوں بیگ صاحب - ہیڈ کلرک ایجنسی دفتر
گلگت

۱۵ جولائی ۱۹۵۵ء

شمس العلماء مولوی محمد حسین آزاد

دربار اکبری — راجہ مان سنگھ

دوسرے دن صبح کا وقت تھا کہ فریدون خان مرزا کا ماموں پھر فوج لے کر نمودار ہوا مان سنگھ ہی کی
ڈُوموڈ دینزیٔ صُبیٔ وقت اَشِی کہ فریدون خان مرزائی مول سے نے سِین گِنی ثلاء گُو - مانِ سنگھیٔن

فوج دھرے پر تھی - تلواریں میان سے نکلیں - اور تیر کمانوں سے چلے - بندوقوں نے آگ اُگلی
فوج پَہرہ اَشِی - کھنگشری اگلو جو نِکھتے - نے کونے دانو جو نِکھتے - تُمتو جواگار بیتیڈو -

اور توپیں دل میں ارمان لئے کھڑی تھیں - کہ پہاڑی سرزمین تھی - غرض جا بجا لڑائی
نے توپیٔش ہِیَرٔ ارمان گِنی تیار بے اَسِپَہ - چھینپیٔ زمین اَشِی - غرض ڈِق دِشَو ر جنگ

پڑ گئی - کابلی بہادر شیر تھے - مگر یہ بھی منہ کا نوالہ تو نہ تھے - کہ نگل جاتے ریل پیل
شُرُوِبگی - کابُلیٔ بہادر اَسِپَہ - مگرنی گہ آعن یٔش لَپ نے اَسِپَہ کہ گریٹ ھَقَش سِنِیک -

ہو رہی تھی - کہیں یہ چڑھ جاتے تھے کہیں وہ بڑھ آتے تھے - مان سنگھ ایک پہاڑی
اَجی کہری بَیشَن - کوئل نِیَپہ اَچِینَش کوُن رۂ - مان سنگھ سے ایک چھینپیکنج

پر کھڑا دیکھ رہا تھا - جدھر بڑھنے کا موقع دیکھتا تھا - ادھر فوج کو آگے بڑھاتا تھا
ڈکوم اُھٹی ٹمکیش - کیو ڈِپَر گھُوٹ بجوگیٔ موقع پاشس - اَیو ڈِپَر گھُوٹ (فوج) ہَرَش

جدھر جگہ نہیں پاتا تھا ہٹاتا تھا - مشکل یہ تھی کہ زمین کی ناہمواری انتظام جمنے نہیں دیتی
کوُنِ دِش نے لاییش فتُوٹ نِکھاس - مُشکل اَنے اَشی کہ زمین ناہموار بوکی گِنی انتظام نے کُرے رٔیش

تھی - دفعتہً غنیم زور دے کر آیا - ہراول کی فوج سینہ سپر کر کے آگے ہوئی - مگر لڑائی
ایک نُو دشمن سے زور دے اُٹھاتُو - ہراولیٔ سِیَش تِیَتِرو کھیشی تے گھُوبگی - مگر جنگ

دست و گریبان تھی - بعض نے جان دے کر نیک نامی حاصل کی - بعض نے ہٹنا مصلحت
شُروع اَشِی - چاکگ سے رِجِل دَتے نوم نِکھَلیگے - چاکگ سے فتُوٹ نِکھوک مصلحت

سمجھا۔ سپہ سالار تاڑ گیا کہ میری سپہ کا رنگ بدلا۔ تڑپ اٹھا۔ بھائی کو پہلو
گلی گے۔ پیرون سردار ے ییل تختیگو کہ ہیس ہیوں رنگ بدل گو۔ پریشان گو۔ پا کھیگیں

سے جدا کیا۔ سورما سردار تلوار لئے راجپوت آس پاس جمع ہوئے تھے۔ انہیں بھی حکم
جولانگ تھگو۔ بہادر سردار پر کھنگنڑی گنی راجپوتے تو ڈیر رو ڈیڑ جمع گیے۔ ریئوٹ گہ حکم

دیا اور موقع دیکھکر فوج فوج کمک بھیجنی شروع کر دی۔ گجنائیں بھری تیار تھی۔
ویگو تو فاٹ تھگے فوج فوج امداد تھنوءِ ک شروع تھیگو۔

بادشاہی ہاتھی حلقہ خاصہ کے تھے شیروں کے شکار پر لگے ہوئے تھے۔ بادلوں کی طرح
بادشاہے ہتنے خاص حلقائے اسپہ شیرو شکارج پسا کتس۔ بر گگو تھری پھیپو ج

پہاڑیوں پر آڑنے لگے۔ یہ آفت، دیکھ کر افغانوں کے بڑھے ہوئے دل پیچھے ہٹے
تھر دوک شروع تھگے۔ انیہ آفت پشی پٹھانو تشلے ہے اشاتے بگے۔

تھوڑی دیر میں قدم اکھڑ گئے۔ نشانچی نے نشان پھینکا اور سب میدان چھوڑ کر بھاگ گئے
ڈو تنگٹ پائے نتو پھریگے۔ علمدار سے علم نت تھیگو نے بوٹیس میدان فت تھے اٹھوتے

مرزا نے چاہا تھا اگر فوج نے جان بچائی ہے۔ تو میں اپنی جان کو ننگ و نام پر قربان کردوں
مرزس خیال تھیگس اخا فوج سے جیل بچگن تو مس توہی جیل غیرتے کارو قربان تھم۔

مگر چند جان نثاروں نے آکر گھیر لیا۔ مرزا نے جھنجلا کر انہیں ہٹایا تو حملے پر مستعد ہوا۔ محمد علی
مگر کچاگگ جان نثار ئیں د ئی مجاو بگے۔ مرزس جل بے رہ لانگ تھر یگو۔ محمد علیش

باگ پکڑ کر گھوڑے سے لپٹ گیا اور کہا کہ پہلے مجھے مار لو۔ پھر اختیار ہے۔ خلاصہ
گیچ لی انشٹ پلیدو نے رٹیگو کہ پڑے تھے بہ مر پشہ نے (ذ تھی) اختیار ہنوع۔ مختصر

یہ کہ مرزا بھی بھاگ گئے۔
انے کہ مرزہ گہ اُتھو تو۔

قوم کا جنم اور زندگی

(کتاب:۔ آزاد قوم کی تعمیر اور پاکستان۔ مقالہ ۳، صفحہ ۳۳۔ از ڈاکٹر ایم۔ ایس۔ ناموس)

قوم کا نصب العین ہونا چاہیئے

کہا جاتا ہے کہ ہر قوم کے سامنے ایک نصب العین ہونا چاہیئے۔ نہیں تو قومی جذبہ تدریجاً
ربوکِ بنین کہ ہر قومکے محتو ایک مقصدِک بوءِکِ اوا جنی۔ نے تو تو موجال چھوت چھوت

کمزور ہو جاتا ہے۔ اور قوم یا تو پوری صحتمند نہیں رہتی یا ناپید ہو جاتی ہے۔ نصب العین
کمزور بڑجا دالی نے قوم یا تو پوری صحت مند نے بنے یا نشی۔ مقصد

کئی طرح کا ہو سکتا ہے۔ مثلاً دُنیا کی تہذیب کی ترقی، یہ ایسا مقصد ہے جس کی کوئی زمانی یا
کہاکک طریقیح بنینچ۔ مثلاً دناتی تہذیب گ ترقی، ان ای مقصدک بنن زینی و قتی یا

مکانی حد نہیں اس لیئے قوم اس نصب العین کو سامنے رکھکر ہمیشہ ترقی کرتی رہتی ہے
وشی حدکِ نش انے گی قوم سے انے مقصد محتو چھرے بیشہ ترقی خیننچ

مگر یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جب کوئی قوم وجود میں آتی ہے تو اس کے ذہن
مگ او ہو یاد پھروکِ قابل بنن کہ جب کئے قومک وجودِ مجا وابِن۔ تو انیمی ذہنے

میں قبل از وقت کوئی مخصوص نصب العین نہیں ہوتا۔
مجا وقتے جو محتو بکیک مخصوص مقصدک نے بنن۔

قوم اپنی ذات کا اظہار کرنے کے لیئے اپنی شخصیت کی ضروریات کو پورا کرنے
قوم ایئے قوم ذات ظاہر تفوءکِ کارد ہتے قوم ذاتی ضروریاتے پورے تفوءکِ

کے لیئے وجود میں آتی ہے۔ لیکن اس وقت پوری قوت اور جوش کے ساتھ نشو و نما
کارد ہتے وجودِ مجا دابن۔ لیکن اتے وشتر و پورِ قوت گ جوشے سال نی ترقی

پاتی اور بڑھتی پھولتی ہے۔ جب کہ اس کے سامنے کوئی نصب العین موجود ہو۔ مثلاً
خیننگن نے نی نی بیتن - کرینگہ رئیئی مخنو جینگ مقصدک موجود بن تو۔ مثلاً

فتوحات۔ علم نوازی۔ تہذیب کی ترقی۔ گویا وجود میں آنے سے تھوڑے عرصہ کے
فتوحاتے گہ علم رشخرذکِ تہذیبئ ترقی - گویا وُجودِ مجا ویوکِ جو آپ مُدت

بعد قوم منظم دنیا کی سماجی ضروریات میں سے کسی نہ کسی کو اپنا نصب العین بنا لیتی ہے
پھٹو قوم ترتیبِ دنیاء جماعتِ ضروریاتِ مجا کوئہ کو قوم مقصدک تھئے بیتن۔

تاریخ یہ بتاتی ہے کہ موجودہ اقوام میں سے تقریباً ہر ایک نے کسی نہ کسی مقصد کو اپنا نصب العین
تاریخ سنے اپنہ پشرین کہ موجودہ قوتو مجا تقریباً ہر اک سنے کئے نہ کئے مقصدک قوم مقصد

بنایا ہے۔ بعض نے اپنی زبان بعض نے قومی ادب بعض نے نسل اور بعض نے وطن۔ کوئی چیز
قرار دئے بیتنے۔ کوس قوم زبان کوس قومو ادب کوس نسل نے کوس وطن کیئگہ چیزک

بھی جس کو اس قدر اشاعت دی جائے اور اس کی اہمیت کو اس درجہ بلند کر دیا جائے
جنیک ذکیئن بارئیگا نے رئیئی ضرورت اچاک درجہ بوسگننط انخلو تخفی

کہ اس کے بغیر قوم زندہ نہیں رہ سکتی۔ قوم کا نصب العین بن سکتی ہے۔ یہ نصب العین قوم
کہ ریسے جو بغیر قوم زندہ نے بیئے - قومی مقصد بتیئی - اپنہ مقصدسے قومٹ

کو مخصوص شخصیت بخشتا ہے۔ اور دوسری قوموں سے امتیاز کرنے کا سبب بنتا ہے۔
مخصوص شخصیت کیا زیئن - نے مُچہ تے قومو جو فرق تخوگئی سبب بتیئن

عہد قدیم میں قوم پہلے وجود میں آتی تھی اور نصب العین اس کے بعد پیدا
مُہ قونی ذکانار قوم مُچو بے پیدا بختش - نے مقصد رئیئے فتو پیدا

ہوتا تھا۔ مگر دورِ جدید میں نصب العین پہلے وجود میں آتا ہے۔ اور قوم اس کے
بخش - مگر تانی ذکانا مجا مقصد مُچوبے وُجودِ مجا وان نے قوم رئیئے

بعد اپنی شخصیت کو معین کرتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ قوم بننے کی خواہش
پچھٹو قوم شخصیت مقرر تخیئن - اُسٹیہ اپنہ مطلب ہِلی کہ قوم بوئہ کئیئی خواہش

جماعت کے دل میں موجود ہوتی ہے
جماعتی ہیئر موجود ہَئین

جو نصب العین کی شکل اختیار کرنے کے بعد میدان عمل میں آجاتی ہے۔ گویا ایک قوم وجود
کنین مقصدی شکل اختیار شئوءِ ک جونتو۔ عملیٔ میدان مجا دَاتِن۔ گویا ایک قوم نک

میں آجاتی ہے۔
وُجود ءِ مجا دَاتِن۔

قوم کب جنم لیتی ہے

قوم اس وقت جنم لیتی ہے۔ جب عوام قومی عصبیت، قومی محبت اور
قوم اَنے وَقتر زندہ مبئین کرگہ بجگ سے قومی عدد ، قومی محبت نے

قومی عقیدت سے معمور ہو جائیں۔ اور جب وہ اپنی تمام مادی یا ذہنی ملکیت کو قوم کے لئے نثار
